گنجینۂ معنی کا طلسم

[اشاریۂ دیوانِ غالبؔ]

(جلد اوّل)

مرتب:
رشید حسن خاں

غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی

گنجینۂ معنی کا طلسم

[اشاریۂ دیوانِ غالبؔ]

(جلد اوّل)

گنجینۂ معنی کا طلسم

[اشاریۂ دیوانِ غالبؔ]

(جلد اوّل)

مرتّب:

رشید حسن خاں

غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی

فہرست

پیش لفظ

غالب انسٹی ٹیوٹ سے رشید حسن خاں کا بہت گہرا تعلق رہا ہے۔ انہیں جب بھی کسی علمی محفل میں شریک ہونے کی دعوت دی گئی اپنی تمام مصروفیتوں کے باوجود وہ شریک ہوئے۔ ان کی زندگی کا اہم ترین حصہ کلاسیکی متون کی تصحیح، ترتیب اور تدوین میں صرف ہوا اور یہ بات اردو دنیا کے لئے بہت اطمینان کی ہے۔ یوں تو کئی اہم محققین سامنے آئے جنہوں نے اپنی تحقیقی کاوشوں سے تحقیق کو ثروت مند بنایا اور اسے ایک سمت عطا کی۔ مگر متن کی تصحیح اور ترتیب کا معاملہ بڑی حد تک رشید حسن خاں سے وابستہ رہا۔ انہوں نے اپنی مرتبہ کتابوں کے اخیر میں فرہنگ کا بھی اہتمام کیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان کے ذہن میں متن کے ساتھ مشکل الفاظ بھی گردش کرتے رہے ہیں۔ یہ الفاظ رشید حسن خاں کے لئے مشکل نہیں تھے مگر انہیں اپنے وقت اور آنے والے وقت کے قارئین کا ہمیشہ خیال رہا۔ ان کی ایک کتاب کلاسیکی ادب کی فرہنگ ہے جسے 2003 میں انجمن ترقی اردو، ہند نے شائع کیا۔ اس کتاب پر بطور مرتب ان کا نام شامل ہے لیکن یہ وہ مرتب ہے جس نے الفاظ اور تراکیب کے معنی اور مفاہیم کو یکجا کرنے اور ان پر غور کرنے اور انہیں مرتب کرنے میں ایک طویل مدت گزاری ہے ورنہ تو ادھر ادھر سے چیزوں کو جمع کر کے بہت آسانی کے ساتھ مرتب ہوا جا سکتا ہے۔ رشید حسن خاں نے ایک مرتب کی حیثیت سے ترتیب اور تدوین کے کام کو جو وقار بخشا ہے اس کی اہمیت وقت کے ساتھ بڑھتی جاتی ہے۔

''گنجینۂ معنی کا طلسم'' کو شائع کرتے ہوئے مجھے فخر کا احساس ہو رہا ہے۔ اس کتاب میں غالب کی شاعری کے الفاظ و تراکیب کی ایک دنیا ہے جسے دیوان غالب سے الگ کر کے پڑھنا ایک نئے تجربے سے گزرنا ہے اور ان تراکیب کے ساتھ اشعار بھی درج کئے گئے ہیں جن میں یہ ترکیبیں آئی ہیں۔ رشید حسن خاں نے اس کتاب کی تیاری میں عمر کا عزیز ترین حصہ صرف کیا ہے اور انہیں آج کی طرح وہ سہولتیں بھی حاصل نہیں تھیں۔ اپنے وسائل کو استعمال کر کے انہوں نے جو یہ کارنامہ انجام دیا ہے وہ عملی ادبی کام کرنے والوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگا۔ اس کتاب سے واضح ہے کہ رشید حسن خاں نے دیوان غالب کی ایک خاص انداز سے قرأت کی ہے اور قرأت کا یہ انداز عام تنقیدی مطالعے سے بہت مختلف ہے۔ اسے تنقیدی مطالعہ کے بجائے تحقیقی مطالعہ کہنا چاہئے۔ اندازہ کیجئے کہ تحقیقی مطالعہ تنقیدی مطالعے سے کبھی کس قدر اہم ہو جاتا ہے رشید حسن خاں نے دیوان غالب کا جتنی بار مطالعہ کیا ہے وہ ایک واقعہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کتاب کی اشاعت سے مطالعہ غالب ایک نئی منزل میں داخل ہو جاتی ہے جو غالب کے قارئین کو نئی سمتوں کی طرف لے جائے گی۔ رشید حسن خاں آج ہمارے درمیان موجود نہیں لیکن ان کی یہ کاوش ان کی موجودگی کا ہمیشہ احساس دلاتی رہے گی۔

صدیق الرحمٰن قدوائی

حرفِ آغاز

رشید حسن خاں صاحب مرحوم کی یہ کتاب نہ جانے کتنے حادثات سے گزری بالآخر شائع ہو رہی ہے۔ یہ کتاب تقریباً 13 برس تک کیوں شائع نہ ہوئی اس کی کہانی نہایت پُراسرار ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ کتاب اس عبرت ناک انجام کو نہ پہنچی جو حشر میکش اکبرآبادی کی انجمن ترقی اردو (ہند) کی دعوت پر تیار کردہ فرہنگِ نظیر اکبرآبادی کا ہوا تھا۔ یہ اُس زمانے کی بات ہے جب انجمن علی گڑھ میں پناہ گزیں تھی۔ اس کی اشاعت کسی نہ کسی بہانے سے موخر ہوتی رہی اور آخر میں کہا گیا کہ کتاب کا مسودہ ہی ضائع ہو گیا۔

رشید حسن خاں صاحب کے مزاج کی سخت گیری اور لوگوں کو ناراض کرنے کے ان کے شوق کے باوجود ان کے نیاز مندوں کا ایک ایسا حلقہ بھی تھا جسے ان کے جاں نثاروں سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ انجمن میں بھی ایسے لوگ تھے جو رشید صاحب سے بے لوث اور بے پناہ محبت کرتے تھے۔ انھوں نے ہی اس کتاب کو ضائع ہونے سے بچایا۔

میں اپنا شمار بھی رشید صاحب کے نیاز مندوں میں کرتا ہوں۔ رشید صاحب کا طریقہ یہ تھا کہ وہ اپنے پاس آنے والے خطوط فوراً ہی ضائع کر دیا کرتے تھے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی کہ وہ جن لوگوں کے ساتھ بے تکلف تھے ان سے وہ کسی قسم کی رازداری نہیں رکھتے تھے۔ میں نے بھی اس طریقے کو اختیار کیا مگر جانے کیسے ان کے میرے نام لکھے ہوئے خطوط کی ایک بڑی تعداد جو نہایت ذاتی نوعیت کے تھے اور جن میں خود میری زندگی کے کئی برہنہ باب بھی تھے، محفوظ رہ گئے اور یہ تمام خطوط جناب ٹی۔ آر۔ رینا کی کتاب ''رشید حسن خاں کے خطوط'' میں شامل ہیں۔ ان خطوط کو پڑھ کر یہ احساسِ تفاخر ضرور ہوتا ہے کہ اردو کے ایک عہد ساز محقق کی مجھ پر کیسی بے پایاں نوازشات تھیں۔

بہر کیف یہ کتاب رشید حسن خاں صاحب کی دیگر کتابوں کی طرح اردو ادب میں بیش بہا اضافہ ثابت ہوگی۔

کتاب کے بار بار پروف پڑھنے کی ذمے داری ڈاکٹر ارجمند آرا صاحبہ نے اپنے ذمے لی۔ یہ ایک نہایت مشکل کام تھا جو اُن کی توجہ سے پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ کتاب کا آخری پروف جس میں خصوصاً اشعار کی قرأت پر توجہ دی گئی تھی، ڈاکٹر سرورالہدیٰ صاحب نے نہایت دیدہ ریزی کے ساتھ پڑھا۔ انجمن ترقی اردو (ہند) اور میں ذاتی طور پر ڈاکٹر ارجمند آرا صاحبہ اور ڈاکٹر سرورالہدیٰ صاحب کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جب اس کتاب کی اشاعت کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی تھی تو میں نے غالب انسٹی ٹیوٹ سے درخواست کی تھی کہ وہ کسی طرح اس کتاب کو شائع کر دیں جسے انسٹی ٹیوٹ نے قبول فرما لیا تھا۔ اب یہ کتاب غالب انسٹی ٹیوٹ اور انجمن ترقی اردو (ہند) کی مشترکہ اشاعت (تین جلدوں میں) ہے جس کے لیے میں خصوصاً انسٹی ٹیوٹ کے جواں سال ڈائرکٹر ڈاکٹر رضا حیدر صاحب کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی صاحب تو انجمن کے صدر بھی ہیں اور رشید صاحب کے بے تکلف دوست بھی، اس لیے، ان کی فراخ دلی کا شکریہ ادا کرنا کس حد تک صحیح ہے، یہ بات تو رشید صاحب ہی بتا سکتے تھے۔ یہ کتاب تین جلدوں میں شائع ہوگی۔

ڈاکٹر اطہر فاروقی
جنرل سکریٹری
انجمن ترقی اردو (ہند)

مئی 2017

مقدّمہ

کسی لفظ کو ہم کاغذ پر لکھیں تو وہ محض ایک نقش معلوم ہوگا، ایک شکل ہوگی غیر متحرّک۔ اُس وقت ہم صرف اُس کے متعارف معنی سے واقف ہوں گے۔ اُسی لفظ کو جب ہم کسی شعر میں پڑھتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اُس کے باطن میں چھپی ہوئی معنویت نمایاں ہونے لگی ہے۔ اِس کی وجہ شاید یہ ہوتی ہے کہ شعر میں وہ لفظ ایک خاص انداز سے، کسی طرح کی مناسبت رکھنے والے کئی لفظوں کے ساتھ مل کر آیا ہے۔ بار ہا ایسا ہوا کہ کسی اچھے شعر کا کوئی ایک لفظ یادداشت میں محفوظ نہیں رہا۔ مفہوم اور وزنِ شعر کی مناسبت سے دوسرا لفظ شامل کر کے شعر مکمل کرلیا گیا؛ مگر ایک نامعلوم سی عدمِ مناسبت کا احساس خلش پیدا کرتا رہا۔ جب اصل لفظ یاد آگیا تو یہ محسوس ہوا جیسے روشنی کی ایک کرن شاملِ مفہوم ہوگئی ہے۔ اصل لفظ کی جگہ ایک اجنبی لفظ کے آجانے سے جو مناسبتیں بگڑ گئی تھیں، اُن کا رشتہ بحال ہوگیا ہے۔

بہت سے اشعار پہلی خواندگی میں اپنی تہ داری کو ذہن کی سطح پر پوری طرح نمایاں نہیں کرتے۔ کبھی دوبار اور کبھی کئی بار پڑھنے پر معنویت کی تہیں کھُلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ شاید اسی بات کو غالبؔ نے اپنے انداز میں کہا ہے:

گنجینۂ معنی کا طلسم اُس کو سمجھیے　　جو لفظ کہ غالبؔ مرے اشعار میں آوے

کسی بڑے شاعر [یہاں ''بڑے'' حقیقی معنی میں استعمال کیا گیا ہے] کے مجموعۂ کلام میں کتنے لفظ ہیں؟ اُن کا اشاریہ بنانا بھی دل چسپ کام ہے؛ لیکن یہ دیکھنا اِس سے بھی زیادہ دل چسپ اور ضروری ہے کہ مختلف الفاظ نے کیسی کیسی نسبتوں کی تشکیل کی ہے۔ ایک لفظ بیس بار آیا ہے، کیا ہر جگہ ایک ہی معنی اور ایک ہی مفہوم میں آیا ہے یا معنویت نے نئے نئے انداز سے بھی خود کو نمایاں کیا ہے؟ ایسے مقامات کون سے ہیں؟ اِس طرح لفظ شماری کا سادہ عمل وسیلہ بن سکتا ہے رنگارنگ معنویت کی بازیافت اور دریافت کا۔ یہ اُسی صورت میں ہوسکتا ہے جب نگاہیں لفظوں کی صرف ظاہری شکل صورت کو نہ دیکھیں، اُس کے متعلقات کے ساتھ اُسے پڑھیں بھی۔ اِس کے لیے یہ ضروری ہوگا کہ ہر لفظ کے ساتھ متعلقہ شعر بھی نظر کے سامنے رہے۔ میں اپنی بات کی کچھ وضاحت کرنا چاہوں گا۔

(۱) بیان کی وسعت بھی مرزا صاحب کی شاعری کا ایک وصف ہے۔ اِس صفت کی کارفرمائی نے مرکّبات کی شکل میں ایک خاص طرزِ ادا کی صورت گری کی ہے۔ مثلاً ''یک'' اور ''دو'' سادہ سے لفظ ہیں۔ ترکیبی صورت میں اِن لفظوں سے ایسے ٹکڑوں کی تشکیل ہوئی ہے جن میں بے کراں وسعت سما گئی ہے۔ اِن مرکّبات کو دیکھیے:

> یک بختِ اوج، یک بیاباں بیضۂ قمری، یک بیاباں تپشِ بالِ شرر۔ یک بیاباں جلوۂ گل، یک بیاباں حسرتِ تعمیر، یک بیاباں ماندگی، یک جہاں اُمید، یک جہاں چینِ جبیں، یک جہاں زانو تامّل، یک جہاں تماشِ ہوس، یک جہاں ہنگامہ، یک چمن جلوۂ یوسف، ماتمِ یک شہر آرزو، یک عالم چراغاں، یک گلستاں دل، یک نیستاں عالم، یک عالم افسردگاں، یک عالم گریباں چاکیِ گل، یک عالم گلستاں۔

دو جہاں ابر، دو جہاں خوابِ پریشاں، دو جہاں ریگِ رواں، دو جہاں کیفیت، دو جہاں لالہ زار، دو جہاں ناز و نیاز، دو جہاں وسعت، دو عالم آداب، دو عالم آگہی، دو عالم اوہام، دو عالم دشت، دو عالم شورِ محشر، دو عالم فتنہ، دو عالم نیرنگ۔

اب اِن (چند) مصرعوں کو پڑھیے:

ع: اسدؔ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام۔

ع: دو عالم آگہی: سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے

ع: اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہر آرزو۔

ع: ہر بیاباں، یک بیاباں حسرتِ تعمیر ہے

ع: یک جہاں گل تختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ

ع: یک چمن جلوۂ یوسف ہے بہ چشمِ یعقوب

ع: ہوائے صبح یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے

اِن مصرعوں میں [اور ایسے دوسرے مصرعوں میں] جس بے کرانی کا عکس اُتر آیا ہے، وہ بیان کے ایک خاص انداز کی نشان دہی کر رہا ہے۔ ''یک'' اور ''دو'' کے ساتھ ایسے سب مرکبات بھی بہ یک نظر سامنے ہوں اور وہ شعر بھی جن میں یہ آئے ہیں تو ایسے مرکبات کی معنویت کا بھرپور احساس غالبؔ کے اندازِ فکر کو اور اُن کے ذہن کو (خاص کر اُن کی شاعری کے دورِ اوّل کو) سمجھنے میں کس قدر معاون ثابت ہوگا!۔

(۲) مرزا صاحب کے بہت سے اشعار میں روشنی اور رنگ کی رنگارنگ کیفیات تہ نشیں ہیں، مثلاً:

ع: چمن کا جلوہ باعث ہے مری رنگیں نوائی کا

ع: جلوۂ گل نے کیا تھا وھاں چراغاں آبجو

ع: فرش سے تا عرش وھاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا

ع: پرِ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی ہیں تصویریں

ع: آج رنگِ رفتہ دورِ گردشِ ساغر ہوا

ع: رنگِ شکستہ صبحِ بہارِ نظارہ ہے

ع: باندھتا ہے رنگِ گل آئینہ تا چاکِ قفس

ع: بہارِ نالہ و رنگینیِ فغاں تجھ سے

جلوہ، گل، غنچہ، بہار، رنگ جیسے لفظ اِس صفت کی آئینہ داری کرتے ہیں۔ مثلاً ''جلوہ'' ایک عام لفظ ہے؛ یہ دیوانِ غالبؔ میں ایک سو اُنتالیس (۱۳۹) بار آیا ہے۔ بہ طورِ مفرد صرف اکیس (۲۱) بار اور بہ طورِ مرکب ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) بار۔ یہ لفظ مفرد اور مرکب

صورتوں میں، خاص کر مرکّب طور پر اشعار میں جس طرح آیا ہے اگر یہ سب معنوی جہتیں بہ یک نظر سامنے آجائیں تو کیا اِس خاص صفت کو اچّھی طرح سمجھنے میں مدد نہیں ملے گی؟

(۳) متداول دیوانِ غالبؔ کے پہلے شعر [نقش فریادی ہے...] کی تشریح میں اہلِ نظر نے بہت کچھ خیال آرائی کی ہے۔ مرزا صاحب نے ''فریادؔ'' اور'' کاغذ'' کے تلازموں کے ساتھ کئی اشعار میں اِس خیال کو الگ الگ انداز سے نظم کیا ہے۔ ایسے جتنے اشعار ہیں وہ سب لفظِ'' کاغذ'' کے تحت نظر کے سامنے ہوں تو کیا اِس خیال کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد نہیں ملے گی؟ یہاں ایسے صرف دو شعر نقل کرتا ہوں:

پہنے ہے پیرہنِ کاغذِ ابری، نیساں یہ تنک مایہ ہے فریادیِ جوشِ ایثار (ص۴)

داد خواہِ تپش و مُہرِ خموشی بر لب کاغذِ سرمہ ہے جامہ ترے بیماروں کا (ص۲۸)

(۴) مرزا صاحب کا معروف شعر ہے:

نہ گُلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز میں ہوں اپنی شکست کی آواز (ص۱۷۲)

''گُلِ نغمہ'' تشبیہی مرکّب ہے یا موسیقی کی اصطلاح ہے، اِس پر کئی صاحبوں نے اظہارِ خیال کیا ہے؛ لیکن کسی نے یہ معلوم کرنا ضروری نہیں سمجھا کہ یہ مرکّب اِسی شعر میں آیا ہے یا اُن کے کسی اور شعر میں بھی ملتا ہے؟ لفظِ ''گُل'' کے تحت اُس کے جملہ مرکّبات بھی نظر کے سامنے ہوں تو بہ آسانی معلوم ہوجائے گا کہ یہ مرکّب مرزا صاحب کے ایک اور شعر میں موجود ہے:

شغلِ ہوس در نظر، لیک حیا بے خبر شاخِ گُلِ نغمہ ہے نالۂ بلبل ہنوز (ص۴۴)

اگر یہ شعر بھی سامنے ہو تو کیا ''گُلِ نغمہ'' کی معنویت[1] روشن نہیں ہوگی؟

---

[1] ''گُلِ نغمہ سے مراد نغمے کا بہترین جُزو ہے۔ دوسری ترکیب ''شاخِ گُل'' ہے، غالبؔ نے دونوں کو ملا کر ایک کر دیا ہے۔ شاخِ گُلِ نغمہ: وہ ٹہنی جس میں بہترین نغمہ موجود ہو، یعنی خود نغمہ'' [گیان چند جین: تفسیرِ غالب، ص۲۱۷]۔ اِسی سلسلے میں یہ بھی نظر میں رہنا چاہیے کہ غالبؔ نے ایک شعر میں ''شاخِ گُلِ نقشِ پا'' بھی لکھا ہے:

آ اے بہارِ ناز! کہ تیرے خرام سے دستار گردِ شاخِ گُلِ نقشِ پا کروں [ص۵۶]

اِس بحث میں اِس طرف بھی توجّہ نہیں کی گئی کہ یہ ترکیب کسی اور شاعر کے یہاں بھی ملتی ہے؟ میری ناتمام معلومات کے مطابق غالبؔ سے پہلے میر حسنؔ نے سحر البیان میں اِس مرکّب کو نظم کیا ہے:

بجاتی وہ جوگن جہاں جوگیا تو وھاں بیٹھتی خلق دھونی رما
گُلِ نغمہ جو اُس سے گرتے ہزار تو لیتا اُنھیں دشت دامن پسار
گُلِ نغمۂ تر کی تھی یہ بہار کہ صحرا کے گُل اُس کے آگے تھے خار

[سحر البیان مرتّبۂ راقم الحروف، ص۲۴۳]

جو حضرات اِس پر اصرار کرتے ہیں کہ ''گُلِ نغمہ'' موسیقی کی اصطلاح ہے، اُنھیں اِن سب اشعار کو ایک بار غور سے پڑھ لینا چاہیے، تب محسوس ہوگا کہ اُن کا یہ اصرار بے جا ہے۔ یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ فارسی اور اردو میں جو کتابیں ہندستانی اور ایرانی موسیقی پر لکھی گئی ہیں، کسی میں بھی ''گُلِ نغمہ'' بہ طورِ اصطلاحِ موسیقی موجود نہیں۔ میر حسنؔ کے پہلے شعر میں ''دشت اپنے دامن میں نغموں کے پھول بھر لیتا تھا'' سامنے کی بات ہے؛ پھر ''گُلِ نغمہ'' کو موسیقی کی اصطلاح کہنا، اِس کو خیال آرائی کے سوا اور کیا کہا جائے!

غالب صدی کے سلسلے میں فروری ۱۹۷۰ء میں شعبۂ اردو دہلی یونی ورسٹی کی طرف سے ایک کتاب اشاریۂ کلامِ غالب شائع ہوئی تھی جس میں غالب کے اردو فارسی کلام کے منتخب مرکّبات کو یک جا کیا گیا تھا۔ اِس کے پیش لفظ میں لکھا گیا تھا:

"غالب کے ذہن کے نقش و نگار بغیر اُن کی شاعرانہ ترکیبوں کے سمجھ میں نہیں آسکتے۔ اُن میں جو ندرت اور طرفگی ہے، وہ ہمارے ادب کی دولت اور شاعری میں اُن کی وسعتِ فکر کی دلیل ہے"۔

اِس مجموعے کے تین مرتّبین میں میرا نام بھی شامل تھا۔ یہ ناتمام کام تھا، مگر اپنے انداز کی منفرد کتاب تھی۔ اُس وقت تک ایسا کوئی جائزہ کتابی شکل میں سامنے نہیں آیا تھا۔ یہ ناتمام کام ایک مکمل کام کا اشاریہ نما ضرور تھا۔

میرے ذہن میں یہ خیال اُسی وقت بیٹھ گیا تھا کہ یہ کام بھی کرنے کا ہے؛ لیکن دوسرے ضروری کاموں نے مہلت نہیں دی۔ اِس پر تیس بتیس سال گزر گئے۔ زندگی کی محدود مدّت میں سب ضروری کاموں کی تکمیل کون کرسکا ہے؛ یہ سوچ کر، اب سے دو سال پہلے میں نے اِس کام کا ڈول ڈالا۔ یہ بات عام ہے کہ ایسے کاموں میں بہت سی اُلجھنیں سامنے آتی رہتی ہیں، ایسا ہی ہوا۔ بہ ہر طور، زورقِ اندیشہ بہ ساحل رسید۔

اِس کام کا جو خاکہ بنایا گیا تھا، اُس کے مطابق دیوانِ غالب نسخۂ عرشی کے جملہ مفرد اور مرکّب الفاظ اور کلیاتِ نظمِ فارسی کے صرف مرکّبات کو شاملِ کتاب کیا جانا تھا۔ قواعد کی پُرانی کتابوں میں [یعنی اُس زمانے کی کتابوں میں جو زمانہ مرزا غالب کا ہے، بل کہ اُس کے کچھ بعد تک کی کتابوں میں] لفظ کی تین قسمیں بتائی گئی ہیں: اسم، فعل، حرف۔ اِس تقسیم کے مطابق یہ خیال کیا گیا تھا کہ پہلے حصّے میں اسموں کے مفردات اور مرکّبات ہوں اور دوسرے حصّے میں افعال، حروف اور فارسی مرکّبات۔ ہر مفرد اور مرکّب اسم کے ساتھ متعلقہ شعر بھی لکھا جائے تاکہ دو فائدے ایک ساتھ حاصل ہوسکیں: الفاظ شماری کی بھی تکمیل ہوجائے اور لفظی شمار کے ساتھ ساتھ لفظوں کی معنوی وسعت بھی نگاہوں کے سامنے آجائے۔ آنکھیں لفظوں کو دیکھیں بھی اور پڑھیں بھی ــــــــ لیکن ہوا یہ کہ اسموں کا احاطہ کرنے میں زیادہ صفحات مرتب ہوگئے، دو جلدیں بن گئیں۔ اِس کے نتیجے میں افعال اور حروف کو بعد کے لیے اُٹھا رکھا گیا اور فارسی مرکّبات کو بھی۔ اُس تیسری جلد میں افعال اور حروف کے ساتھ متعلقہ شعر نہیں لکھے جائیں گے۔ اشعار تو سب اسما کے تحت آ ہی گئے ہیں؛ بس اشعار کا صفحہ نمبر لکھ دیا جائے گا۔ اِس طرح متعلقہ شعر کو تلاش کرنے میں کسی طرح کی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ اندراجات کی تکمیل بھی ہوجائے گی اور ضخامت بھی کم رہے گی۔ ہاں، فارسی مرکّبات کے ساتھ اشعار ضرور نقل کیے جائیں گے۔ چوں کہ فارسی کے مفردات شامل نہیں ہوں گے، یوں سارے اندراجات ایک جلد میں بہ آسانی سما سکیں گے۔

بُنیادی ماخذ

میں نے دیوانِ غالب نسخۂ عرشی کو اپنے کام کی بُنیاد بنایا ہے۔ اِس نسخے کی دو اشاعتیں ہیں: طبعِ اوّل ۱۹۵۸ء، طبعِ ثانی ۱۹۸۲ء۔ بُنیادی نسخے کے طور پر اشاعتِ اوّل کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے، اشاعتِ ثانی کو صرف معاون نسخے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ طبعِ ثانی میں نو دریافت دیوانِ غالب کے وہ اشعار بھی شامل ہیں جو طبعِ اوّل میں موجود نہیں؛ ایسے اشعار اشاعتِ ثانی سے

منقول ہیں۔ میں نے اپنی کتاب املاے غالب میں لکھا تھا:

''اردو اشعار کے لیے بہ طورِ عموم دیوانِ غالب نسخۂ عرشی...... کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ یہ وضاحت کردی جائے کہ اشاعتِ اوّل کے حوالے دیے گئے ہیں؛ ایک دوضمنی حوالوں سے قطعِ نظر، اِس نسخے کی اشاعتِ ثانی کو بہ طورِ کتابِ حوالہ استعمال نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اِس اشاعت کے سرورق پر بہ طورِ مرتّب نام تو عرشی صاحب ہی کا چھپا ہوا ہے، مگر یہ مجھے معلوم ہے کہ اشاعتِ اوّل پر نظرِ ثانی کا کام اُن کی طویل علالت کے دوران ہوتا رہا جو مکمل طور پر اُن کا کام نہیں۔ اِس نسخے میں کچھ اضافے بھی ہیں اور اُن کے ذمّے دار بھی وہ نہیں۔ بعض کمیوں اور کچھ فروگذاشتوں کے باوجود کتابِ حوالہ کی حیثیت نسخۂ اشاعتِ اوّل کو حاصل ہے جو مکمل طور پر عرشی صاحب کا مرتّب کیا ہوا ہے'' [ص ۱۹]۔

دیوانِ غالب نسخۂ عرشی کی اشاعتِ ثانی میں ''گزارش'' کے تحت عرشی زادہ [اکبر علی خاں فرزندِ عرشی صاحب] نے جو کچھ لکھا ہے، اُس سے صورتِ حال کسی حد تک سامنے آجاتی ہے۔ اِس تحریر کے آخر میں اُنھوں نے یہ بھی لکھا ہے:

''یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ طباعتِ دیوان کا بڑا حصّہ مولانا عرشی کی موجودہ علالت کے دوران میں انجام پایا ہے اور اِس کے پروف میں نے پڑھے ہیں۔ اُس زمانے میں ڈاکٹروں کی ہدایت کی وجہ سے میں بعض دریافت طلب مقامات کے بارے میں مولانا عرشی سے ہدایت بھی نہ لے سکا تھا، اِس لیے کچھ غلطیاں میری وجہ سے بھی راہ پا گئیں'' [ص ۴۶۷]۔

نسخۂ عرشی طبعِ ثانی کا مقدمہ ایک بار پڑھ لیا جائے تو واضح طور پر معلوم ہوجائے گا کہ اِس نسخے میں عرشی زادہ نے کس قدر دخل اندازی کی ہے۔ یہ بات کم لوگوں کو معلوم ہوگی کہ نسخۂ عرشی کا جو مسوّدہ طبعِ ثانی کے لیے آیا تھا؛ اُس کے سرورق پر عرشی صاحب کے نام کے نیچے عرشی زادہ نے اپنا نام بھی لکھا تھا۔ انجمن ترقیِ اردو (ہند) کے ناظم ڈاکٹر خلیق انجم اور صدر مالک رام (مرحوم) نے اِس پر اعتراض کیا۔ دونوں کی متفقہ راے تھی کہ سرورق پر بہ حیثیتِ مرتّب صرف عرشی صاحب کا نام ہونا چاہیے۔ اِس جھگڑے نے طول کھینچا۔ اِس نسخے (طبعِ ثانی) کی خرابی میں اِس کا بھی کچھ نہ کچھ دخل رہا ہے۔

نقلِ اشعار کے لیے میں نے بنیادی نسخے کے طور پر نسخۂ عرشی طبعِ اوّل کو سامنے رکھا؛ البتہ اِس کا التزام کیا کہ ہر شعر کا طبعِ ثانی کے متن سے مقابلہ کرلیا جائے۔ اِن دونوں نسخوں کے ساتھ ساتھ تفسیرِ غالب کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے [کچھ اشعار کے متن کے تحت اِس کتاب کے مندرجات کو بھی سامنے رکھا جانا چاہیے]۔ نسخۂ عرشی طبعِ اوّل اور طبعِ ثانی کے تقابلی مطالعے سے معلوم ہوا کہ دونوں نسخوں کے بہت سے اشعار کا متن باہم مختلف ہے اور کچھ اختلافات بہت پریشان کُن ہیں۔ اِس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ایسے مقامات پر وہ وضاحتی حواشی موجود نہیں جن سے ایسے اختلافات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے [اور جو تدوین کے طریقۂ کار کا ضروری حصّہ ہے] یوں قاری یہ فیصلہ نہیں کرپاتا کہ وہ اُس اختلاف کو تبدیلیِ متن مانے یا غلطیِ کتابت۔ [طبعِ ثانی میں ایسے اغلاطِ متن اچھی خاصی تعداد میں ہیں جن سے غلط نامہ اور استدراک کا حصّہ خالی ہے]۔ میں دو مثالوں سے اِس کی وضاحت کرنا چاہوں گا۔ طبعِ ثانی میں

ص ۴۵۲ پر ایک شعر یوں چھپا ہوا ہے:

نقشِ سطرِ صد تبسم ہے بر آبِ زیرِ گاہ　　حُسن کا خط پر نہاں خندیدنی انداز ہے

یہ شعر نو دریافت خود نوشت دیوانِ غالب میں ہے [جس کا عکس نقوش (لاہور) میں بھی شائع ہوا تھا]۔ ڈاکٹر گیان چند جین نے اپنی کتاب تفسیرِ غالب میں پہلے مصرعے کو اِس طرح لکھا ہے: نقشِ صد سطرِ تبسم ہے بر آبِ زیرِ کاہ [ص ۵۵۱]۔ نقوش کا مذکورہ نسخہ میرے سامنے نہیں؛ میرے استفسار پر ڈاکٹر حنیف نقوی نے مطلع کیا کہ اُس میں پہلا مصرع اُسی طرح ہے جس طرح تفسیرِ غالب میں ہے۔

دیوانِ غالب نسخۂ گپتا رضا میں پہلا مصرع طبعِ ثانی کے مطابق ہے، مرتب نے پہلے مصرعے کے حوالے سے یہ ضرور لکھا ہے: ''نخ: صد سطرِ تبسم (شاید سہوِ کتابت)'' ص ۲۳۹۔ ''نخ'' سے مراد ہے: ''نسخۂ بھوپال قدیم بہ خطِ غالب'' (ایضاً ص ۱۳)۔ یہاں یہ الجھن پیدا ہوتی ہے کہ سہوِ کتابت کہاں ہے؟ اگر مراد یہ ہے کہ نسخۂ عرشی طبعِ ثانی میں سہوِ کتابت ہے اور صحیح متن ''نقشِ صد سطرِ تبسم'' ہے [جس طرح نخ میں ہے] تو اُسے متن میں لکھا جانا چاہیے تھا، حاشیے میں کیوں لکھا گیا؟ اگر مراد یہ ہے کہ اصل ماخذ ''نخ'' میں سہوِ کتابت ہے (یعنی صحیح متن وہی ہے جو نسخۂ عرشی طبعِ ثانی میں ہے) تو یہ کیسے معلوم ہوا؟ اِس کا ماخذ کیا ہے؟ مرتب نے دوسرے مصرعے کے ''آبِ زیرِ گاہ'' کے متعلق کچھ نہیں لکھا (یعنی یہی صحیح متن ہے) تو پھر خود اُنھوں نے ''آبِ زیرِ کاہ'' کیوں لکھا؟ آپ نے دیکھا، نسخۂ عرشی طبعِ ثانی کی ایک غلطیِ کتابت نے کیا گل کھلائے ہیں!!

(۲)　　انجم چرخ: گوہر آگیں فرش　نور ے، ماہ ساغرِ سیمیں

یہ ایک قصیدے کا شعر ہے۔ طبعِ ثانی میں یہی ہے [ص ۳۸۲]۔ طبعِ اوّل میں ''انجمیں چرخ'' ہے [ص ۲۸۰]۔ طبعِ اوّل کے متن میں اِس قصیدے کو رسالہ کمال (دہلی) کے حوالے سے درج کیا گیا ہے۔ اِسی اشاعت کے حصۂ ''شرح غالب'' سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ اِس قصیدے کا ماخذِ اوّل یہی رسالہ ہے اور یہ کہ دیوانِ غالب نسخۂ نظامی (بدایوں) میں اِسے وہیں سے نقل کیا گیا ہے [ص ۲۷۹]۔ پھر ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں اِس قصیدے کے اختلافِ متن کے لیے کمال، البلاغ، دیوانِ غالب نسخۂ نظامی اور دیوانِ غالب طاہر اڈیشن کا حوالہ دیا گیا ہے اور متعلقہ شعر کے تحت لکھا گیا ہے کہ ماخذِ اوّل کمال (دہلی) میں اِس شعر میں ''انجمِ چرخ'' ہے اور البلاغ اور نسخۂ نظامی میں بھی ''انجمِ چرخ'' ہے [ص ۴۶۸]۔ اگر ماخذِ اوّل کمال میں ''انجمِ چرخ'' ہے تو پھر طبعِ اوّل کے متن میں ''انجمیں چرخ'' کیوں لکھا گیا؟ یہ کہاں سے منقول ہے؟ یہ بہت اُلجھن میں ڈالنے والی بات ہے۔

تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ''انجمیں چرخ'' ہے۔ اِس کی تشریح اِس طرح کی گئی ہے: ''نواب کی بزم کا موتیوں سے ٹنکا ہوا فرش تاروں بھرے آسمان کی طرح ہے'' [ص ۳۸۲]۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''انجم چرخ'' ہے [ص ۴۸۴]۔ طبعِ ثانی کے حواشیِ اختلافِ نسخ میں اِس شعر میں کسی طرح کے اختلافِ متن کا حوالہ نہیں دیا گیا، اِس کا مطلب یہی ہوا کہ چاروں مذکورۂ بالا ماخذ میں ''انجم چرخ'' ہے۔ اِس صورت میں طبعِ اوّل کے متن اور ضمیمۂ اختلافِ نسخ کے منقولہ اندراج کے متعلق کیا کہا جائے گا؟ یہاں وضاحتی حاشیہ از بس ضروری ہے۔ اِس کے بغیر قاری اور ناقل، دونوں مبتلائے اُلجھن رہیں گے۔ میں

نے اِس کتاب میں اِس شعر میں ''انجمِ چرخ'' لکھا ہے لیکن میں پوری طرح مطمئن نہیں۔ ضروری وضاحت کے بغیر میری طرح دوسرے لوگ بھی اِسی الجھن میں مبتلا رہیں گے۔

نہایت ضروری وضاحتی حواشی کے نہ ہونے سے بہت سے مقامات پر یہی صورتِ حال سامنے آتی ہے۔ میں مزید وضاحت کے لیے ایسی اَور چند مثالیں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ طبعِ اوّل میں ص ۳۰۵ پر یہ شعر ہے:

طرزِ بیدلؔ میں ریختہ کہنا
اسداللہؔ خاں! قیامت ہے

اِسی نسخے میں ص ۳۲۰ پر بھی یہ شعر ملتا ہے اور وہاں اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' ہے؛ مگر اِس کے متعلق غلط نامے میں یہ ہدایت ملتی ہے کہ اُس سطر کو جس میں یہ شعر لکھا ہوا ہے، اُس سے پہلے کی سطر کے ساتھ یہاں سے قلم زد کردیا جائے۔ اِس سے بہ ظاہر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مرتب نے ''ریختہ کہنا'' کو برقرار رکھا ہے۔ طبعِ ثانی میں ''ریختہ کہنا'' ہے [ص ۴۲۷]۔

طبعِ اوّل نیز طبعِ ثانی کے دیباچۂ مرتب میں بھی یہ شعر آیا ہے [طبعِ اوّل ص ۲۳۔ طبعِ ثانی ص ۲۴]۔ اور وہاں بھی اِس شعر میں ''ریختہ کہنا'' ہے۔ اِس طرح بہ ظاہر یہ مسلّم ہوجاتا ہے کہ مرتب نے ''ریختہ کہنا'' کو درست قرار دیا ہے ــــــــــ طبعِ اوّل میں ص ۳۲۰ پر اِس شعر کے ذیل میں یہ بھی لکھا گیا ہے: ''اِس مقطعے کو میرزا صاحب نے اپنے ایک مکتوب بہ نامِ مولوی عبدالرزّاق شاکرؔ میں اِس تمہید کے ساتھ نقل کیا ہے: قبلہ! ابتداے فکرِ سخن میں بیدلؔ و اسیرؔ و شوکتؔ کی طرز پر ریختہ لکھتا تھا، چناں چہ ایک غزل کا مقطع یہ تھا''۔ اِس خط کے لیے حوالہ دیا ہے: ''عود: ۱۵۹''۔ یہی عبارت طبعِ ثانی میں بھی ہے [ص ۴۲۷]۔ اِس طرح یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اِس شعر کا واحد ماخذ مرزا صاحب کا محوّلۂ بالا خط بہ نامِ شاکرؔ ہے اور یہ کہ مرزا صاحب کا یہ خط عودِ ہندی میں ہے۔ اِس کتاب کا پہلا اڈیشن میرے پاس نہیں تھا۔ میرے دریافت کرنے پر حنیف نقوی صاحب نے مطّلع کیا کہ عودِ ہندی کی اشاعتِ اوّل میں اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' ہے۔

مرزا صاحب کا یہ خط خطوطِ غالب [مرتبۂ ڈاکٹر خلیق انجم] میں شامل ہے۔ مرتب کی وضاحت کے مطابق یہ عودِ ہندی طبعِ اوّل سے ماخوذ ہے؛ اِس میں بھی اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' ہے [جلدِ دوم، ص ۸۴۶]۔

اِس طرح یہ ثابت ہوجاتا ہے کہ اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' درست ہے اور ''ریختہ کہنا'' قابلِ قبول نہیں۔ [میں نے اسی بنا پر اِس کتاب میں اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' لکھا ہے]۔

ایک ضمنی بات ـــــــ: مرزا صاحب نے اِس خط میں ایک جگہ ''ریختہ لکھتا تھا'' لکھا ہے: ''بیدلؔ ...... کی طرز پر ریختہ لکھتا تھا''؛ پھر زیرِ بحث شعر لکھا ہے اور اُس کے بعد لکھا ہے:: ''پندرہ برس کی عمر سے پچیس برس کی عمر تک مضامینِ خیالی لکھا کیا''۔ یعنی مرزا صاحب نے اپنے قلم سے نثر میں ریختہ کہنا کے مفہوم میں ''لکھتا تھا'' اور ''لکھا کیا'' لکھا ہے۔ یہ بھی تائید مزید کے ذیل میں آتا ہے۔

جب تک مکتوبِ غالبؔ بہ نامِ شاکرؔ کے مقابلے میں کوئی ایسی مضبوط سند نہ پیش کی جائے جس سے اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا''

کے بجاے ''ریختہ کہنا'' کا ثبوت ملے، اُس وقت تک اِس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' کو درست مانا جائے گا اور ''ریختہ کہنا'' کو نادرست کہا جائے گا۔

نسخۂ رضا میں بھی ''ریختہ کہنا'' ہے [ص ۱۳۸]۔ اُنھوں نے بھی اِس کے لیے اِسی مکتوبِ غالب بہ نامِ شاکر کا حوالہ دیا ہے، اِس طرح: ''دیکھیے مکتوب بہ نامِ عبدالرزّاق شاکر۔ عودِ ہندی ص ۱۵۹''۔ یعنی اُنھوں نے عودِ ہندی میں اِس خط کو پڑھا نہیں، نسخۂ عرشی سے حوالہ نقل کر لیا۔

(۲) چمن زارِ تمنّا ہو گیا صرفِ خزاں لیکن بہارِ نیم رنگِ آہِ حسرتناک باقی ہے

طبعِ اوّل میں اسی طرح ہے [ص ۱۰۷]۔ طبعِ ثانی میں ''چمن زارِ تمنّا ہو گئی'' ہے۔ اِس نسخے کے غلط نامے یا کسی ضمیمے میں یہ حوالہ نہیں ملتا کہ طبعِ اوّل کے ''ہو گیا'' کو ''ہو گئی'' بنایا گیا ہے۔ اِس صورت میں لامحالہ اِسے کتابت کی غلطی مانا جائے گا۔ میں نے طبعِ اوّل کے مطابق ''ہو گیا'' لکھا ہے۔

نسخۂ رضا میں ''ہو گئی'' ہے [ص ۲۳۴]۔ اور یہ محض طبعِ ثانی کی نقل ہے۔ ہاں تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ''ہو گیا'' ہے [ص ۴۵۳]۔ شان الحق حقّی نے اپنے قابلِ قدر مضمون ''کلامِ غالب کا لسانی تجزیہ'' میں اِس شعر میں ''چمن زارِ تمنّا ہو گئی'' لکھا ہے۔ یہ بھی لکھا ہے: ''ممکن ہے کتابت میں ''ہو گئے''، ''ہو گئی'' بن گیا ہو'' [غالب۔ جدید تنقیدی تناظرات، مرتبۂ اسلوب احمد انصاری، ص ۱۳۹]۔ غالباً حقّی صاحب نے طبعِ ثانی یا نسخۂ رضا سے شعر نقل کیا، یوں متن کی یہ غلطی بھی نقل ہو گئی۔

(۳) اُن کے دیکھے سے جو آ جاتی ہے مُنہ پر رونق وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے

طبعِ اوّل میں ''رونق منہ پر'' ہے [ص ۲۳۹]۔ یہی طبعِ ثانی میں ہے [ص ۳۱۸]۔ رضا میں ''منہ پر رونق'' ہے [ص ۴۰۲]۔ اِس غزل کے متعلق عرشی صاحب نے لکھا ہے کہ یہ غزل ''آخرِ ما'' سے ماخوذ ہے۔ ''ما'' سے مراد ہے دیوانِ غالب طبعِ دوم، مطبوعۂ ۱۸۴۸ء۔ رضا لائبریری میں موجود اِس کے ایک نسخے کا تعارف کراتے ہوئے لکھا ہے: ''اِس کے آخری سادہ اوراق پر مرزا صاحب کا وہ کلام نقل کیا گیا ہے جو اُنھوں نے اِس دیوان کی اشاعت کے بعد کہا تھا'' [طبعِ اوّل، ص ۹۷]۔ اُنھوں نے اِس کلام کی تفصیل پیش کی ہے، اُس میں یہ غزل [کمال اچھا ہے ــــ جمال اچھا ہے] بھی شامل ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ یہ کلام مطبوعہ دیوان کے آخر میں شامل سادہ اوراق پر کسی دوسرے شخص کا لکھا ہوا ہے، یہ غالب کے قلم کا لکھا ہوا نہیں؛ اِس بات کو پیشِ نظر رہنا چاہیے۔

عرشی صاحب نے طبعِ اوّل کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں اِس غزل کے پانچویں شعر (اُن کے دیکھے سے ......) کے تحت لکھا ہے کہ دیوانِ غالب کے تیسرے اور چوتھے مطبوعہ اڈیشن میں اِس شعر میں ''منہ پر رونق'' ہے (ص ۴۶۱)۔

اب صورتِ حال یہ ہے کہ ''رونق منہ پر'' صرف دیوانِ غالب طبعِ دوم کے ایک نسخے کے آخر میں شامل سادہ اوراق پر کسی مجہول الاحوال شخص کے قلم کی لکھی ہوئی اِس غزل میں ہے۔ اِس کے مقابلے میں دیوانِ غالب کے تیسرے اور چوتھے مطبوعہ اڈیشن میں، جو غالب کی تصحیح کے ساتھ چھپے ہیں، ''منہ پر رونق'' ہے۔ اِن دو نسخوں کے مقابلے میں ایک نامعلوم الاحوال شخص کی تحریر کو کسی

معقول وجہ کے بغیر ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ اس لحاظ سے نسخۂ رضا کا متن مرجّح حیثیت رکھتا ہے اور کسی دوسرے معتبر ماخذ کی عدم موجودگی میں اُسی کو اختیار کیا جانا چاہیے۔ میں نے اِسی بنا پر اِس شعر میں ''منہ پر رونق'' لکھا ہے۔

(۴) جامِ ہر ذرّہ ہے سرشارِ تمنّا مجھ سے کس کا دل ہوں کہ دوعالم سے لگایا ہے مجھے

طبعِ اوّل میں ''دوعالم میں'' ہے (ص ۱۰۸)۔ طبعِ ثانی میں ''دوعالم سے'' ہے (ص ۱۱۵)۔ دونوں نسخوں میں اِس شعر کے دوسرے مصرعے میں کسی طرح کے اختلافِ نسخ کا حوالہ نہیں ملتا؛ اِس صورت میں کسی وضاحت کے بغیر طبعِ ثانی کے متن کو کس بنا پر قبول کیا جاسکتا ہے؟ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''دوعالم سے'' ہے (ص ۲۵۳)۔ ڈاکٹر نقوی نے مطلع کیا کہ نسخۂ خودنوشت (نسخۂ بھوپال قدیم) میں ''دوعالم سے'' ہے۔ میں نے اِسی بنا پر طبعِ ثانی کے مطابق ''دوعالم سے'' لکھا ہے۔ عدمِ وضاحت نے خواہ مخواہ پریشانی کا سامان پیدا کر دیا ہے۔

(۵) سبحہ گرداں ہے اُسی کے کفِ اُمید کا ابر بیم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زُنّار

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۴]۔ طبعِ ثانی میں ''اُسی کی'' ہے [ص ۴]۔ اِس سلسلے میں یہ بات توجہ طلب ہے کہ ''چکنی ڈلی'' والے قطعے میں ''صاحب کے کفِ دست'' آیا ہے۔ طبعِ اوّل اور طبعِ ثانی، دونوں میں یہی ہے۔ اِس طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ طبعِ ثانی میں ''اُسی کی کفِ اُمید'' میں ''کی'' غلطیِ کتابت ہے۔ نسخۂ رضا میں ''اُسی کی'' ہے [ص ۳۰۷] اور یہ نتیجہ ہے طبعِ ثانی کی نقل کا۔ اگر طبعِ اوّل سے مقابلہ کرلیا جاتا تو معلوم ہو جاتا کہ ''اُسی کے'' ہونا چاہیے۔ ہاں، ''چکنی ڈالی'' والے قطعے میں نسخۂ رضا میں بھی ''صاحب کے کفِ دست'' ہے [ص ۳۷۸]۔

(۶) نظارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۵۱]۔ طبعِ ثانی میں ''جوہرِ برگِ دعا'' ہے [ص ۵۴]۔ ''برگِ حنا'' کو حاشیے میں اختلافِ نسخ کے ذیل میں لکھا گیا ہے۔ طبعِ اوّل کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں ''برگِ دعا'' ہے [ص ۴۰۸]، یعنی عرشی صاحب نے ''برگِ حنا'' کو مرجّح قرار دیا تھا۔ طبعِ ثانی میں یہ نہیں لکھا گیا کہ اب ''برگِ دعا'' کو کس بنا پر ترجیح دی گئی ہے اور اس کے بغیر اس تبدیلی کو کس بنا پر مان لیا جائے؟ پہلے مصرعے کے ''خونیں نفس'' کی رعایت اور مناسبت سے برگِ حنا مناسب تر معلوم ہوتا ہے۔ نسخۂ رضا میں یہاں طبعِ اوّل کے مطابق ''برگِ حنا'' ہے [ص ۱۹۴]۔ تفسیرِ غالب میں بھی ''برگِ حنا'' ہے۔ جیَن صاحب نے لکھا ہے: ''جوہرِ برگِ حنا سرخ رنگ یعنی خون ہے ...... نسخۂ شیرانی میں ''حنا'' کی جگہ ''دعا'' بنادیا گیا ہے۔ میرے نزدیک ''برگِ دعا'' کا کوئی محل نہیں۔ میں اِس موقعے پر نسخۂ شیرانی کی ترمیم کو سہو قرار دوں گا'' [۲۴۱]۔ یہ ایسی صورتِ حال ہے کہ وضاحتی حاشیے کے بغیر ذہن کو روشنی نہیں ملے گی۔ میں نے یہاں طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۷) آتشِ رنگِ رُخِ ہرگل کو بخشے ہے فروغ ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازارِ باغ

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۴۸]۔ طبعِ ثانی میں ''دلِ سردِ صبا'' ہے [ص ۵۱]۔ اِس کے غلط نامے یا ضمیمۂ استدراک میں اِس کا کوئی حوالہ نہیں ملتا۔ ''صبا'' کی نسبت سے واضح طور پر ''دم'' کا محل ہے۔ بہ ظاہر اسے غلطیِ کتابت مانا جائے گا۔ نسخۂ رضا میں یہاں طبعِ

اوّل کے مطابق ''دمِ سردِ صبا'' ہے [ص ۱۹۲]۔ تفسیرِ غالب میں بھی ''دمِ سرد'' ہے۔ اُس میں لکھا گیا ہے: ''ٹھنڈی ہوا سے باغ میں رونق ہے...... دمِ سرد اور گرمیِ بازار میں تضاد ہے'' [ص ۲۳۴]۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۸) مگر آتش ہمارا کوکبِ اقبال چمکا دے وگرنہ مثلِ خارِ خشک مردودِ گلستاں ہیں

طبعِ اوّل میں واضح طور پر ''چمکادے'' ہے [ص ۶۲]۔ طبعِ ثانی میں ''چمکاوے'' ہے [ص ۶۷]۔ اِس تبدیلی سے متعلق حواشی میں کسی طرح کی صراحت نہیں ملتی۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''چمکاوے'' ہے [ص ۳۳۷]۔ تفسیرِ غالب میں ''چمکادے'' ہے [ص ۲۸۴]۔ طبعِ اول کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ کے مطابق اِس شعر میں متن کا کوئی اختلاف نہیں؛ اِس بنا پر میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت میں ''چمکادے'' لکھا ہے۔

(۹) دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۱۷۵]۔ طبعِ ثانی میں ''صد گامِ نہنگ'' ہے [ص ۲۱۳]۔ اِس کے حاشیے میں [بہ خیالِ غالب عرشی زادہ نے] لکھا ہے: قا، گل، قب، نج، م، مد، ح، لط: کام۔ مگر اِن میں سے اکثر میں گاف کے دونوں مرکزوں کے لکھنے کا التزام نہیں''۔ اِس صراحت کے مطابق آٹھ نسخوں میں ''کام'' ہے۔ مگر یہ نہیں لکھا گیا کہ ''گام'' کس نسخے میں ہے؟ اور یہ کہ کیا اُس نسخے میں التزام کے ساتھ گ پر دونوں مرکز لگائے گئے ہیں؟ اِن دونوں صراحتوں کے بغیر ''گام'' کو کس بنیاد پر قبول کیا جائے گا؟ نہیں قبول کیا جاسکتا۔ نسخۂ رضا میں طبعِ اوّل کے مطابق ''کام'' ہے۔ میں نے بھی طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۰) کچھ نہ کی اپنے جنونِ نارسا نے ورنہ یہاں ذرہ ذرہ روکشِ خرشیدِ عالم تاب تھا

طبعِ اوّل میں ''اپنے جنونِ نارسا'' ہے [ص ۱۴۵]۔ اِس کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں اِس شعر کے حوالے سے لکھا گیا ہے: ''مد: اپنی''۔ ''مد'' سے مراد ہے دیوانِ غالب کا پانچواں اڈیشن [نسخۂ شیونرائن، مطبوعۂ مابعدِ ۱۸۶۳ء]۔ یعنی عرشی صاحب نے ''اپنی'' کو متن میں جگہ نہیں دی اور بجا طور پر۔ یہ دراصل غلطیِ کتابت ہے۔

طبعِ ثانی میں ''اپنی جنونِ نارسا'' ہے [ص ۱۶۵]۔ اِس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے: ''ح، لط: اپنے (سہوِ کاتب)'' یعنی نسخۂ حمیدیہ مطبوعۂ ۱۹۲۱ء اور لطیف اڈیشن ۱۹۳۸ء میں ''اپنے'' ہے، مگر اِسے سہوِ کاتب مانا گیا ہے۔ بہ ظاہر یہ اضافہ عرشی زادہ نے کیا ہے۔ عرشی صاحب نے تو ''اپنی'' کو ناقابلِ قبول مانا تھا۔ یہ نہیں لکھا گیا کہ اب ''اپنے'' کو کس بنا پر سہوِ کاتب مانا گیا ہے؟ ''اپنے'' اور ''اپنی'' محض قرائت کا مسئلہ ہے یوں کہ اب سے پہلے آخرِ لفظ میں شامل یَ کے لکھنے میں آج کل کی طرح امتیازِ صورت کو ملحوظ نہیں رکھا جاتا تھا۔ نسخۂ رضا میں ''اپنی جنونِ نارسا'' ہے [ص ۱۶۰] یہ طبعِ ثانی کی نقل ہے۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۱) بہ عجز آبادِ وہمِ مدعا تسلیم شوخی ہے تغافل کو نہ کر مغرور تمکیں آزمائی کا

طبعِ اوّل ص ۱۶ ـــــ طبعِ ثانی میں ''تسلیمِ شوخی'' (معِ اضافت) ہے [ص ۱۶]۔ نسخۂ رضا میں طبعِ اوّل کے مطابق ہے۔ میں نے بھی طبعِ اوّل کی مطابقت میں ''تسلیم'' کو بغیر کسرۂ اضافت لکھا ہے۔

(۱۲) بے دماغی شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہیں — یار تیرا جامِ مے، خمیازہ میرا آشنا
شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہ رہنا چاہیے — میرا زانو مونس اور آئینہ تیرا آشنا

طبعِ اوّل میں یہ دونوں شعر دو الگ الگ غزلوں میں ملتے ہیں [ص۱۹ — ص۱۳۹]۔ طبعِ ثانی میں بھی یہ دونوں غزلیں الگ الگ ملتی ہیں [ص۲۰ — ص۱۷۱]۔ لیکن پہلے شعر کو، جو طبعِ اوّل میں پہلی غزل میں تھا [ص۱۹ پر] اِس غزل میں شامل نہیں کیا گیا، اُس کو دوسری غزل کے تحت حاشیے میں اختلافِ نسخ کے ذیل میں لکھا گیا ہے [ص۱۷۱]۔ نسخۂ رضا میں طبعِ اوّل کے مطابق اِن دونوں شعروں کو شاملِ غزل کیا گیا ہے۔ میں نے بھی طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۳) مفت کا کس کو بُرا ہے بدرقہ — رہبری میں پردۂ رہبر کھلا

طبعِ اوّل میں ''رہ روی'' ہے: رہ روی میں پردۂ رہبر کُھلا [ص۱۴۰]۔ طبعِ ثانی میں مصرع یوں ہے: رہبری میں پردۂ رہبر کھلا [ص۱۵۷]۔ طبعِ اوّل کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس شعر میں کوئی اختلافِ متن موجود نہیں، طبعِ ثانی میں بھی حاشیے میں یا کہیں اور کسی اختلاف کا حوالہ نہیں ملتا؛ ہاں متن میں طبعِ اوّل کے ''رہ روی'' کے بجائے ''رہبری'' ہے۔ حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ یہ (خ) یعنی انتخابِ غالب سے منقول ہے، محض اِس کی بنیاد پر یہ، مان لیا گیا ہے کہ (غالباً) انتخابِ غالب میں مرزا صاحب نے ''رہ روی'' کو ''رہبری'' بنا دیا ہے۔ میں نے یہ یہاں طبعِ ثانی کی مطابقت اختیار کی ہے، لیکن یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ وضاحتی حاشیے کے بغیر بہت سے لوگ الجھن میں مبتلا رہیں گے اور میں بھی پوری طرح مطمئن نہیں۔

(۱۴) ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں — جوں شانہ پُشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں

اوّل میں یہی ہے [ص۶۱]۔ ثانی میں دوسرا مصرع یوں ہے: خارِ الم سے پُشت بہ دنداں گزیدہ ہوں [ص۶۵]۔ اِس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے: ''ق، ح، قا: جوں شانہ پشتِ دست۔ موجودہ متن دیوانِ غالب حسرتؔ اڈیشن سے نقل کیا گیا ہے جو گلِ رعنا پر مبنی ہے'' [ص۶۵]۔

مالک رام صاحب کے لکھنے کے مطابق گلِ رعنا کے نسخۂ لاہور میں [جو غالبؔ کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے] یہ مصرع اُسی طرح ہے جس طرح نسخۂ عرشی طبعِ اوّل میں ہے [گلِ رعنا مرتبۂ مالک رام، ص۱۷۳]۔ نیز نسخۂ حمیدیہ اور نسخۂ شیرانی میں بھی یہی متن ہے۔ ایسی صورت میں یہ کہنا کہ ''موجودہ متن دیوانِ حسرتؔ سے نقل کیا گیا ہے جو گلِ رعنا پر مبنی ہے'' کس طرح قابلِ قبول ہو سکتا ہے؟ جب گلِ رعنا کے اصل نسخے (بہ خطِ غالبؔ) میں ''جوں شانہ پُشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں'' لکھا ہوا ہے، تب نسخۂ حسرتؔ کا حوالہ قابلِ قبول نہیں رہتا؛ اِس بنا پر کہ یہ معلوم نہیں کہ حسرتؔ کے پاس جو نسخۂ گلِ رعنا تھا، اُس کا احوال کیا تھا؟ غالبؔ کے خودنوشت نسخۂ گلِ رعنا کے متن پر اُس مجہول الاحوال نسخے کے متن کو ترجیح نہیں دی جا سکتی [گلِ رعنا کا نسخۂ لاہور چھپ چکا ہے، ہاں فی الوقت یہ میرے سامنے نہیں]۔ میں نے اِسی بنا پر اِس شعر میں نسخۂ عرشی طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

تفسیرِ غالبؔ میں بھی طبعِ اوّل کے مطابق ہے [ص۲۷۹]۔ رضا میں ثانی کے مطابق ہے [ص۲۱۱]۔ یہاں وضاحتی حاشیہ از بس ضروری تھا اور ضروری ہے۔

(۱۵) برق سامانِ نظر ہے جلوۂ بیباکِ حُسن شمعِ خلوت خانہ کیجیے، ہرچہ باداباد، گُل

طبعِ اوّل میں اسی طرح ہے [ص ۵۲]۔ طبعِ ثانی میں ''برقِ سامانِ نظر'' ہے [ص ۵۶]۔ ''برق'' میں اضافت کا زیر بہ ظاہر کرشمۂ کتابت معلوم ہوتا ہے، یوں کہ حواشی میں کہیں بھی اس کی وضاحت نہیں ملتی۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''برقِ سامانِ نظر'' ہے [ص ۱۹۷]۔ تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ''برق'' بغیر کسرۂ اضافت ہے [ص ۲۴۸]۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۶) اضطرابِ عمر بے مطلب نہیں آخر، کہ ہے جستجوے فرصتِ ربطِ سر و زانو مجھے

طبعِ اوّل میں ''فرصتِ ربطِ سرِ زانو'' ہے [ص ۸۷]۔ طبعِ ثانی میں بھی یہی ہے [ص ۸۴]؛ لیکن اس کے ضمیمۂ استدراک میں نسخۂ نودریافتِ دیوانِ غالبؔ کے حوالے سے ''سروزانو'' کو صحیح بتایا گیا ہے [ص ۴۸۸]۔ نسخۂ رضا کے متن میں ''سرِزانو'' ہے [ص ۲۳۶] اور حاشیے میں اسی نسخۂ نودریافتِ دیوانِ غالبؔ کے حوالے سے ''سروزانو'' لکھا گیا ہے۔ یعنی مرتب نے طبعِ ثانی کے استدراک کو دیکھا تو، مانا نہیں۔ بہ ظاہر اس کی وجہ مجھے یہ معلوم ہوتی ہے کہ تفسیرِ غالب میں ''سرِزانو'' ہے اور مرتب نے اُس کو بہتر سمجھا ہے۔

> تفسیرِ غالب کے متنِ شعر میں ''سرِزانو'' ہے اور جینؔ صاحب نے یہاں معنی آفرینی کا کمال دکھایا ہے، لکھا ہے:
>
> ''ربطِ سرِزانو: دونوں زانوؤں کے سروں کا ملانا جو قیام کے وقت ہی ممکن ہے۔ چلنے میں دونوں زانو الگ الگ رہتے ہیں، زانوؤں کا مستقل ربط مرنے ہی پر ممکن ہے۔ شاعر کہتا ہے کہ میری زندگی کے بے چینی بے مطلب نہیں، کیوں کہ میں ایسی فرصت چاہتا ہوں کہ دونوں زانوؤں کو ملائے رہوں۔ 'ربطِ سروزانو' ہوتا تو معنی کچھ اور ہوتے'' [ص ۳۴۸]۔

جینؔ صاحب نے طبعِ ثانی کے ضمیمۂ استدراک کو دیکھ لیا ہوتا تو اُن کو معلوم ہوجاتا کہ اصلاً متن میں ''سروزانو'' ہی ہے اور اُن کو اِس دوراز کار معنی آفرینی کی ضرورت نہیں محسوس ہوتی۔ میں نے استدراک کے مطابق ''ربطِ سروزانو'' لکھا ہے۔

(۱۷) صبا! لگا وہ تپانچہ طرف سے بلبل کے کہ روے غنچۂ گُل سوے آشیاں پھر جائے

طبعِ اوّل کے متن میں مصرع یوں ہے: صبا، لگا وہ طمانچہ طرف سے بلبل کی [ص ۳۰۵]؛ لیکن اِس کے غلط نامے میں لکھا گیا ہے کہ ''بلبل کی'' غلط ہے، صحیح ''بلبل کے'' ہے۔ طبعِ ثانی کے متن میں یہ مصرع یوں لکھا ہوا ہے: صبا، لگا وہ طپانچے طرف سے بلبل کی [ص ۴۲۷]۔ اِس نسخے کے استدراک میں یا متعلقہ حاشیے میں یہ نہیں لکھا گیا کہ طبعِ اوّل کے غلط نامے میں ''بلبل کے'' کو صحیح لکھا گیا ہے اور یہ کہ اُسے نہ ماننے کی وجہ کیا ہے۔ یہ بھی نہیں بتایا گیا کہ طبعِ اوّل میں ''طپانچہ'' ہے، اُسے ''طپانچے'' کیوں بنایا گیا۔

عرشیؔ صاحب نے مقدمۂ مکاتیبِ غالب میں لکھا ہے: ''بیتابؔ نے ''طمانچہ'' لکھا تھا، میرزا صاحب نے ''طمانچہ'' کو تپانچہ بنادیا'' [مکاتیبِ غالب، طبعِ ششم ص ۲۲۳]۔ یہ مرزا صاحب کا وہی نقطۂ نظر ہے کہ فارسی الفاظ میں ت لکھنا چاہیے، ط نہیں لکھنا چاہیے۔ مرزا صاحب کی اِس اصلاح کے بعد متعلقہ شعر میں ''طپانچہ'' یا ''طپانچے'' نہیں لکھا جاسکتا۔ ''تپانچہ'' لکھا جائے یا ''تپانچے''

لکھا جائے۔ میں نے اِسی بنا پر ''تپانچہ'' اور طبعِ اوّل کی اصلاحِ غلط نامہ کے مطابق ''بلبل کے'' لکھا ہے۔ نسخۂ رضا کا متن طبعِ ثانی کے مطابق ہے [ص ۱۳۸]۔ یہاں وضاحتی حاشیہ ازبس ضروری ہے۔

(۱۸) علم ہی سے قدر ہے انسان کی ہے وہی انسان جو جاہل نہیں

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۲۷۵]۔ طبعِ ثانی میں ''علم سے ہی'' ہے [ص ۳۷۴]۔ اِس نسخے کے حواشی میں اِس شعر میں اختلافِ متن کی نشان دہی نہیں کی گئی، اِس صورت میں طبعِ اوّل کے متن کو درست مانا جائے گا۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''علم سے ہی'' ہے [ص ۴۶۸]۔

(۱۹) فریبِ بہرِ تسکینِ ہوس درکار ہے، ورنہ یہ وہم زرگرہ میں باندھتے ہیں برق حاصل ہا

طبعِ اوّل میں ''غریبی بہرِ تسکینِ ہوس'' ہے [ص ۲۳]۔ طبعِ ثانی میں بھی یہی ہے [ص ۲۴]؛ مگر اِس کے ضمیمۂ استدراک میں اِس شعر کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ صحیح ''فریب'' ہے [ص ۴۷۱]۔ تفسیرِ غالب میں لکھا گیا ہے: ''نسخۂ عرشی میں پہلا لفظ ''غریبی'' ہے، لیکن خودنوشت دیوان میں ''فریب'' ہے اور یہی صحیح ہے'' [۱۲۶]۔ نسخۂ رضا میں پہلا لفظ ''غریبی'' ہے، یہ طبعِ ثانی کے متن کی نقل ہے۔ میں نے استدراک کے مطابق ''فریب'' لکھا ہے۔ دوسرے مصرعے میں تفسیرِ غالب اور نسخۂ رضا دونوں میں ''برقِ حاصل ہا'' ہے۔ تفسیرِ غالب میں اِس کے معنی لکھے گئے ہیں: ''برقِ حاصل: وہ بجلی جو خرمن کو جلادے''۔ ''برق حاصل'' اور ''برقِ حاصل'' دونوں بامعنی ٹکڑے ہیں، یوں میں نے طبعِ اوّل وثانی کے مطابق ''برق حاصل ہا'' لکھا ہے۔

(۲۰) زلف، تحریرِ پریشانِ تقاضا ہے مگر شانہ ساں مو بہ زباں خامۂ مانی مانگے

طبعِ اوّل [ص ۸۷] میں ''زلف'' کے بعد کاما لگا ہوا ہے اور ''تحریر'' کے نیچے اضافت کا زیر لگا ہوا ہے۔ طبعِ ثانی میں پہلا مصرع یوں ہے: زلفِ تحریرِ پریشانِ تقاضا ہے، مگر [ص ۸۴]؛ مگر اِس نسخے کے کسی اندراج سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ طبعِ اوّل میں درج مصرعے کی قرائت کو بدلا گیا ہے [یہ قرائت کی تبدیلی ہے، متن کی تبدیلی نہیں]۔ وضاحت کے بغیر یہ بات کیسے معلوم ہوگی اور اُسے کس بُنیاد پر مانا جائے گا؟

رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ہے، تفسیر میں طبعِ اوّل کے مطابق ہے۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

ایسے سب الفاظ کا احاطہ کرنا مقصود نہیں، بس اِس طرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ضروری حذف اور اضافوں کے ساتھ نسخۂ عرشی کا نیا اڈیشن شائع کیا جانا ازبس ضروری ہے۔ اِس کے بغیر مجھ جیسے بہت سے کام کرنے والوں کو نقلِ اشعار میں طرح طرح کی اُلجھنوں سے دوچار ہوتا رہنا پڑے گا اور بہت سے مقامات پر اعتماد کے ساتھ یہ نہیں کہا جاسکے گا کہ نقل کردہ متن واقعتاً درست ہے۔

طبعِ ثانی میں بہت سے مقامات پر متن طبعِ اوّل کے متن سے مختلف ہے اور حواشی میں حوالہ دیا گیا ہے؛ میں نے یہ فرض کرلیا ہے کہ یہ تبدیلیاں عرشی صاحب کی ہدایت کے مطابق کی گئی ہوں گی [یوں کہ ضروری توضیحات نہ ہونے کی صورت میں فرض کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں] اِس بنا پر ایسے مقامات پر طبعِ ثانی کی مطابقت اختیار کی ہے۔ ہاں، جہاں صاف طور پر وہ تبدیلی

ناقابلِ قبول معلوم ہوتی ہے، وہاں طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔ انجمن ترقیِ اردو کے ناظمِ اعلا نے مطلع کیا ہے کہ انجمن کی طرف سے نسخۂ عرشی کا نیا اڈیشن جلد ہی شائع ہوگا اور اُس میں ضروری وضاحتوں پر مبنی ایک ضمیمہ آخر میں شامل ہوگا۔ اگر ایسا ہوسکا تو یہ مناسب اور بہتر صورت ہوگی۔

ایک وضاحت: یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ بنیادی لفظ [مفرد ہو یا مرکّب] اگر شعر کا پہلا حصّہ ہے، ایسی صورت میں اُس لفظ کے آگے بیانیہ کا نشان (:) بنانے کے بجائے تیر کا نشان بنایا گیا ہے تاکہ بہ یک نظر معلوم ہوجائے کہ زیرِ نظر لفظ اُس شعر کا پہلا جزو ہے۔ مثلاً ''ہ م ع ل'' کے ذیل میں ''ہلاکِ بےخبری'':

ہلاکِ بےخبری   نغمۂ وجود و عدم   جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد

اِس سے بہ یک نظر یہ معلوم ہوجائے گا کہ ''ہلاکِ بےخبری'' [یا ایسے ہی دوسرے ٹکڑے] متعلقہ مصرعِ اوّل کا شروع کا حصّہ ہیں۔

املا

اِسی سلسلے کا ایک مسئلہ الفاظ کی شکل صورت (املا) کا بھی ہے۔ طبعِ اوّل کا اگر نیا اڈیشن تیار کیا جائے تو اِس طرف توجّہ کرنا ازبس ضروری ہے۔ میں محض بہ طورِ مثال دو لفظوں کے اختلافاتِ املا کی نشان دہی کرتا ہوں، اِسی سے صورتِ حال کا بہ خوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

(۱)   مراشمول ہر اک دل کے پیچ وتاب میں ہے   میں مدّعا ہوں تپش نامۂ تمنّا کا

طبعِ اوّل میں ''پیچ وتاب'' ہے [ص ۱۷]۔ طبعِ ثانی میں ''پیچ تاب'' ہے [ص ۱۷]۔ اِس کے حاشیے میں اختلافِ نسخ کے تحت ''پیچ و تاب'' لکھا گیا ہے، اِس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مرتب کے نزدیک مرجّح صورت ''پیچ تاب'' ہے! لیکن آگے بڑھ کر اِس کی تردید ہوجاتی ہے، یوں کہ اِس اشاعت میں پانچ اشعار کے متن میں ''پیچ وتاب'' ملتا ہے۔

یہ لفظ طبعِ اوّل میں شامل پندرہ اشعار میں ملتا ہے۔ اِن میں سے گیارہ اشعار میں ''پیچ وتاب'' لکھا ہوا ہے: مراشمول ہر اک دل کے پیچ وتاب میں ہے [ص ۱۷]، جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ وتاب آئینے پر [ص ۴۰]، پیچ وتابِ جادہ ہے خطِ کفِ افسوس و بس [ص ۴۶]، پیچ وتابِ جادہ ہے بہاں جوہرِ تیغِ عسس [ص ۵]، پیچ وتابِ دل نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے [ص ۹۳]، ڈالا ہے تم کو وہم نے کس پیچ وتاب میں [۱۸۹]، جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ وتاب میں [ص ۱۸۹]، بہ پیچ وتابِ ہوس سلکِ عافیت مت توڑ [ص ۲۱۴]، دل نے سن کر، کانپ کر، کھا پیچ وتاب [ص ۲۶۶]، معافِ پیچ وتابِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے [ص ۸۵]، ہے دلِ شوریدۂ غالبؔ طلسمِ پیچ وتاب [ص ۲۳۲]۔

چار اشعار میں ''پیچتاب'' لکھا ہوا ہے: ہے پیچتابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی [ص ۷۶]، مبادا اے پیچتابِ طبع! نقشِ مدّعا گم ہو [ص ۶۸]، اسدؔ کو پیچتابِ طبعِ برق آہنگ مسکن سے [ص ۲۲]، تدبیرِ پیچتابِ نفس کیا کرے کوئی [ص ۸۸]۔

طبعِ ثانی کا احوال یہ ہے کہ اُس میں منقولۂ بالا پندرہ مصرعوں میں سے چھے مصرعوں میں ''پیچ وتاب'' ہے، پانچ مصرعوں میں

''پیچ تاب'' ہے اور چار مصرعوں میں ''پیچتاب'' لکھا ہوا ہے۔ طبعِ ثانی میں شامل حصۂ ''بادآورد'' [یا نو دریافت نسخۂ دیوانِ غالب] کے ایک مصرعے میں یہ لفظ آیا ہے اور اُس میں ''پیچتاب'' لکھا گیا ہے [جورِ زلف کی تقریرِ پیچتاب خاموشی، ص ۴۵۳]۔ اس طرح طبعِ ثانی میں چھے جگہ ''پیچ وتاب'' ہے، پانچ مصرعوں میں ''پیچ تاب'' ہے اور پانچ مصرعوں میں ''پیچتاب'' ملتا ہے: ایک لفظ کی تین شکلیں۔

اِس الجھن میں یوں اور اضافہ ہوتا ہے کہ طبعِ اوّل کے ص ۱۷ پر جس شعر میں ''پیچ وتاب'' لکھا ہوا ہے، اُس کے حوالے سے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں بتایا گیا ہے کہ ق (نسخۂ بھوپال قدیم) میں یہاں ''پیچتاب'' ہے۔ اِس کے بعد لکھا گیا ہے: ''یہی غالب کا پسندیدہ لفظ ہے'' (ص ۴۰۲)۔ اگر ''پیچتاب'' غالب کا پسندیدہ لفظ ہے تو متن میں اِسی کو لکھا جانا چاہیے تھا، اِسے متن میں نہ لکھنے کی وجہ کیا ہے؟ یہ معلوم نہیں ہوتا۔ پھر یہ کیسے معلوم ہوا کہ لفظ کی یہ شکل غالب کی پسندیدہ صورتِ املا ہے؟ جب تک اِس کی وضاحت نہ کی جائے، اِس قول کو کس بنا پر مانا جائے گا؟ نسخۂ لاہور بہ قولِ عرشی صاحب نواب فخر الدین محمد خاں دہلوی کا لکھا ہوا ہے جو میرزا صاحب کے مشہور کاتب تھے (مقدمۂ طبعِ اوّل، ص ۸۴) اِس نسخے کا عکس شائع ہو چکا ہے، اِس میں چار اشعار میں یہ لفظ آیا ہے اور ہر جگہ ''پیچ وتاب'' لکھا گیا ہے: ص ۱۳۲، ۱۳۲، ۱۸۲، ۲۲۸۔ بہ خوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ عدمِ تعیّن، عدمِ یکسانی اور عدمِ وضاحت نے کس قدر الجھن کا سامان فراہم کر دیا ہے اشعار نقل کرنے والوں کے لیے!۔

اصل لفظ ''پیچ وتاب'' ہے [پیچ وخم کی طرح] اور طبعِ اوّل میں بھی بیش تر یہی ملتا ہے، یوں میں نے اِس لفظ کے اِسی املا کو ترجیح دی ہے۔

(۲) رام پور ایک بڑا باغ ہے از روے مثال دل کش و تازہ و شاداب و وسیع و خوڑم

یہ ایک قطعے کا شعر ہے اور طبعِ اوّل میں اِس شعر میں ''خرّم'' لکھا ہوا ہے [ص ۲۶۵]۔ یہی طبعِ ثانی میں ہے [ص ۳۶۰]۔ یہ قطعہ مرزا صاحب نے نواب کلبِ علی خاں کی خدمت میں بھیجا تھا اور یہ بہ خطِ غالب ملتا ہے۔ اِس کا عکس مرقعِ غالب میں شامل ہے [ص ۱۸۱] اور اِس میں مرزا صاحب نے اپنے قلم سے ''خوڑم'' لکھا ہے۔ مکاتیبِ غالب میں عرشی صاحب نے اِسے شامل کیا ہے اور اُس میں بھی اصل کے مطابق ''خوڑم'' لکھا ہوا ہے [طبعِ ششم، ص ۷۶]۔ املا کا یہ اختلاف اُلجھن پیدا کرے گا۔ اِسے ''خوڑم'' لکھا جانا چاہیے تھا۔ میں نے اِس کتاب میں متعلقہ شعر میں اصل کے مطابق ''خوڑم'' ہی لکھا ہے [اِس لفظ کے سلسلے میں مزید تفصیل کے لیے دیکھیے املاے غالب، ص ۸۵]۔

مرزا صاحب نے املا سے متعلق بھی بہت کچھ لکھا ہے، خطوں میں اُن کے ایسے اقوال بکھرے ہوئے ہیں۔ اصلاحِ کلام کے ذیل میں املا کی غلطیوں کی طرف شاگردوں کی توجہ مبذول کراتے رہتے تھے۔ لفظوں کی جن املائی شکلوں کو درست سمجھتے تھے، اُن کی بھی نشان دہی کرتے رہتے تھے اور بار بار ٹوکتے تھے۔ املا کی صحت کے اہتمام کو ملحوظ رکھنا تو ویسے بھی ضروری ہے، مگر جس مصنف کی نظر اور ذہن میں املا کی یہ اہمیت ہو، اُس کے کلام میں تو ازبس ضروری ہے۔ مرزا صاحب کے قلم کی لکھی ہوئی بہت سی تحریریں موجود ہیں اور خطوطِ غالب میں اُن کے اقوال بھی محفوظ ہیں۔

اِس خیال کے پیشِ نظر کہ مرزا صاحب کے کلام میں اُن کے منشا کے خلاف املائی صورتیں جگہ نہ پاسکیں، میں نے املاے غالب کے نام سے ایک کتاب مرتّب کی تھی جو چھپ چکی ہے [دہلی میں اِسے غالب انسٹی ٹیوٹ نے چھاپا ہے اور کراچی میں ادارۂ یادگارِ غالب نے]۔ مقصود یہ تھا کہ مرزا صاحب کے اردو فارسی کلام کے مرتّبین اور ناقلین جن مشکلات اور مسائل سے دوچار ہوسکتے ہیں، اُن کی نشان دہی کی جائے۔ یہ بھی واضح کیا جائے کہ مرزا صاحب نے اپنے قلم سے کس لفظ کو کس طرح لکھا ہے یا کس طرح لکھنے کی ہدایت کی ہے۔ میں نے اپنی اِس کتاب میں املاے غالب کے مندرجات کی پابندی کی ہے۔ اِس کتاب میں شامل اشعارِ غالب کے کسی لفظ کے املا سے متعلق کوئی بات دریافت طلب ہو تو املاے غالب کو دیکھا جائے۔ یہاں املاے الفاظ (جیسے: آدر، تراز، تڑپھنا، زرا، یھاں، وھاں وغیرہ) سے متعلق تفصیلات لکھنا بے محل ہوگا۔ نیز اُن سے متعلق تفصیلات یہاں سما بھی نہیں پائیں گی، اِتنی گنجایش نہیں۔

تدوین میں توقیف نگاری (پنکچویشن) کی بھی اہمیت ہے اور ضروری مقامات پر اُس سے متعلق وضاحت کی بھی۔ دیوانِ غالب میں تو اِس کی بہت اہمیّت ہے۔ میں اِس کی بس ایک مثال پیش کروں گا۔

طبعِ اوّل میں ص ۷۰ پر یہ شعر ہے:

حیرت ہجوم، لذّتِ غلطانیِ تپش　　سیماب بالش و کمرِ دل ہے آئنہ

طبعِ ثانی میں پہلے مصرعے کی صورت یہ ہے:

حیرت، ہجومِ لذّتِ غلطانیِ تپش (ص ۷۵)۔

اِس کے حاشیے میں یا استدراک میں یہ نہیں بتایا گیا کہ طبعِ اوّل کے برخلاف ''حیرت'' کے بعد کاما کیوں لگایا گیا؟ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ہے (ص ۲۲۳)۔ تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ہے۔ اُس میں تفسیرِ شعر کے ذیل میں یہ بھی لکھا گیا ہے: ''دل میں حیرت کا ہجوم ہے...... آئینہ، حیرت ہجوم ہوتا ہے، اِس لیے دل بھی حیرت ہجوم ہے......'' (ص ۳۱۴)۔ کامے کی جگہ بدلے گی تو معنی بھی بدل جائیں گے۔ سوال یہ ہے کہ طبعِ ثانی میں اِس مصرعے کے کیا معنی متعیّن کر کے کامے کی جگہ بدلی گئی ہے؟ ہاں، طبعِ اوّل اور طبعِ ثانی میں ''غلطانی'' ہے۔ میں نے اِس کتاب میں اِس مصرعے میں ''غلتانی'' لکھا ہے (فرمودۂ غالب کے مطابق)۔ تفصیل کے لیے املاے غالب کو دیکھا جاسکتا ہے۔ جب تک اِس کی وضاحت نہیں کی جائے گی، طبعِ ثانی کے مصرعے کو مرجّح نہیں کہا جاسکتا۔ مرجّح حیثیت طبعِ اوّل کے مصرعے کو حاصل رہے گی۔ یہ بھی سوال پیدا ہوگا کہ یہ تبدیلی کس نے کی ہے، عرشی صاحب نے یا عرشی زادہ نے؟

ترتیبِ الفاظ

پہلے مفرد لفظوں کو حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق لکھا گیا ہے۔ ہر لفظ کے ساتھ نمبر شمار بھی لکھا گیا ہے۔ مقابل میں وہ شعر لکھا گیا ہے جس میں وہ لفظ آیا ہے اور ہر شعر کے آخر میں صفحہ نمبر درج کیا گیا ہے۔ یہ پہلا حصّہ ہوا۔

مرکّبات کو دو حصّوں میں بانٹا گیا ہے: (۱) وہ مرکّب جن میں متعلّقہ لفظ مرکّب کا جُزوِ اوّل ہے؛ جیسے ''اشک'' کے تحت ''اشکِ چشمِ سرمہ آلود''۔ (۲) وہ مرکّب جن میں متعلّقہ لفظ درمیان میں آیا ہے یا آخر میں؛ جیسے: بارانِ اشک، نازِ گراں مایگیِ اشک اور قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق۔ ہر مرکّب کے ساتھ دائرے میں نمبر شمار لکھا گیا ہے؛ لیکن متعلّقہ شعر نہیں لکھا گیا، یوں کہ ہر مرکّب کے حرفِ اوّل کے تحت اُس شعر کو بہ آسانی اپنی جگہ دیکھا جاسکتا ہے۔ شعر بھی لکھا جاتا تو محض تکرار ہوتی۔ یہ دوسرا حصّہ ہوا۔ تیسرے حصّے میں وہ مرکّبات ہیں جن میں متعلّقہ لفظ مرکّب کا پہلا جُز ہے۔ ایسے ہر مرکّب کے ساتھ وہ شعر بھی لکھا گیا ہے جس میں وہ مرکّب آیا ہے۔ ہر شعر کے ساتھ صفحہ نمبر کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ چوں کہ نسخۂ عرشی طبعِ اوّل کو بُنیادی نسخہ مانا گیا ہے [اِس کی وضاحت کی جاچکی ہے] اِس لیے سب اشعار کے ساتھ صفحات نمبر بھی طبعِ اوّل کے ہیں۔ ہاں جن اشعار کا طبعِ ثانی میں اضافہ کیا گیا ہے، وہ طبعِ ثانی سے منقول ہیں اور اُن کے آگے ''ثانی'' یا ''طبعِ ثانی'' لکھا گیا ہے۔

جیسا کہ لکھا جاچکا ہے، لفظ شماری بھی مقصود ہے۔ اِس خیال سے کہ شمارِ الفاظ میں کسی طرح کی خرابی پیدا نہ ہو، یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ ہر حرف کے تحت حصّۂ اوّل کے مفرد الفاظ کو اور تیسرے حصّے کے مرکّبات کے پہلے لفظ کو (جو شمار میں آئے گا) جلی لکھا جائے۔ دوسرے حصّے کے مرکّبات میں شمار کے لیے، نمبر شمار کے دائرے کو اور اُس میں مندرج نمبر شمار کو جلی لکھا جائے گا۔ اِس طرح سب لفظوں کو بہ آسانی شمار کیا جاسکتا ہے۔ مزید یہ کہ حاشیے میں ہر لفظ کے متعلّق یہ لکھا گیا ہے کہ وہ کُل کتنی بار آیا ہے۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کتنی بار بہ طورِ مفرد آیا ہے اور کتنی بار بہ طورِ مرکّب۔ مثلاً الف ممدودہ کے تحت پہلا لفظ ''آب'' ہے۔ اِس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ یہ لفظ کُل باون بار آیا ہے؛ بہ طورِ مفرد نو بار اور بہ طورِ مرکّب تینتالیس بار ——— اِس طرح یہ بات بھی سامنے آسکے گی کہ مرزا صاحب کے کلام میں مفرد اور مرکّب الفاظ کا عمومی تناسب کیا ہے۔ یہ معلوم ہوسکے گا کہ مفردات کے مقابلے میں مرکّبات کا اوسط زیادہ اور بہت زیادہ ہے۔ اِس تناسب کو نظر میں رکھ کر مرزا صاحب کی شاعری میں خیال اور اظہار کے کئی اہم پہلوؤں پر گفتگو کی جاسکتی ہے۔ اِس سلسلے میں اِس کا لحاظ رکھا جانا چاہیے کہ جن الفاظ کے ساتھ مفرد یا مرکّب نہ لکھا ہو، اُنھیں مفرد سمجھا جائے۔

ایک وضاحت ———: مفردات اور مرکّبات کے شمار سے متعلّق ایک ضروری وضاحت کی جاتی ہے۔ جیسا کہ لکھا جاچکا ہے، اِس جلد میں حروف (حروفِ جار، حروفِ عطف، حروفِ ربط وغیرہ) کو شامل نہیں کیا گیا۔ کسی لفظ کا پہلا جُز کوئی حرف ہو جیسے: تا قیامت، برزمیں، بہ دل (وغیرہ) تو اصولاً وہ مرکّب لفظ ہے؛ مگر مشکل یہ ہے کہ اُس کو مرکّبات کے تحت درج نہیں کیا جاسکتا؛ اِس لیے یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ جن اشعار میں ایسے لفظ آئیں، اُن کو مفردات کے حصّے میں لکھا جائے؛ مگر شمارِ الفاظ کے تحت اُن کو مرکّبات کی گنتی میں شامل رکھا جائے۔ دو مثالوں سے اِس کی وضاحت کی جاتی ہے۔

(۱) حرفِ فَ کے تحت لفظِ ''فانوس'' کے حصّۂ مفردات میں کُل دو شعر ہیں، جن میں سے ایک شعر میں ''بہ فانوس'' آیا ہے۔ حصّۂ مرکّبات میں کُل چار شعر ہیں۔ اِس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ ''فانوس'' بہ طورِ مفرد ایک بار آیا ہے اور بہ طورِ مرکّب پانچ بار۔

(۲) حرفِ قَ کے تحت لفظِ ''قیامت'' کے حصّۂ مفردات کے دو شعروں میں ''تا قیامت'' آیا ہے [تا قیامت شبِ فرقت میں گزر جائے گی عمر ـــ رہا گر کوئی تا قیامت سلامت]۔ اِس لفظ (قیامت) کے حصّۂ مفردات میں کل پچیس شعر ہیں اور حصّۂ

مرکّبات میں پانچ شعر ہیں۔ حاشیے میں شمار کے تحت لکھا گیا ہے کہ لفظِ "قیامت" مفرد طور پر تیئیس بار آیا ہے اور مرکّب طور پر سات بار۔ لفظِ "جوں"، "سار" اور "ساں" کو ایسے حروف کی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا۔

بہ سلسلۂ مرکّبات

(۱) ایسے الفاظ بہت ہیں جو دو یا زیادہ اجزا سے مل کر بنے ہیں، لیکن ایک کلمے کے طور پر استعمال میں آتے ہیں۔ ایسے لفظ جو کسی اسم اور فارسی کے فعلِ امرِ حاضر سے مل کر بنے ہیں، جنھیں قواعد کی زبان میں اسمِ فاعل سماعی کہا جاتا تھا، جیسے: دل کش، راہ رَو، رہ نما، خوں فشاں، نامہ رساں، شانہ کش، غاشیہ بردار، دل نواز، محفل آرا، مے پرست، بُت پرست، غریب نواز، ستار نواز، ذائقہ شناس (وغیرہ)۔

ایسے مرکّبات میں یاے مصدری (ی۔ئی) کا لاحقہ شامل کرلیا گیا ہو، جیسے: بت پرستی، دل نوازی، رہ نمائی، صبا خرامی، خوں فشانی، دل ربائی (وغیرہ)۔ یا حروفِ جمع کا لاحقہ آیا ہو، جیسے: مے پرستاں، بت پرستوں، دل نوازوں (وغیرہ)؛ ایسے سبھی کلموں کو، جو اصلاً مرکّب ہیں لیکن استعمال میں ایک کلمے کے طور پر آتے ہیں، ایک کلمہ مان کر (مفرد لفظ کی طرح) جلی لکھا گیا ہے۔

(۲) اِسی فہرست میں ایسے مرکّبات بھی آتے ہیں جو دو یا زیادہ لفظوں سے مل کر بنے ہوں۔ خواہ دو اسموں سے مل کر بنے ہوں، یا اسم اور فارسی کے کسی مصدر سے مل کر بنے ہوں، جیسے: سیہ مست، کم سخن، جاں پناہ، سرخوش، ضبط آشنا، سردمہر، سخن گفتن (وغیرہ)۔ یا ایسے مرکّبات میں یاے مصدری یا حروفِ جمع کے لاحقے شامل ہوگئے ہوں، جیسے: اضطراب انجامی، تغافل مشربی، غفلت نگاہی، تنگ پیرہنی، بے پروا نگاہاں، خونیں نگاہاں، چمن رویاں، نازک خیالی، سردمہری، قطرہ سامانی، کم فرصتی (وغیرہ)۔ یہ اور اِسی انداز کے دوسرے مرکّبات مرزا صاحب کے کلام میں بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ ایسے لفظوں نے کلام کی معنویت اور بیان کی رنگا رنگی میں بہت اضافہ کیا ہے۔ یہ سب بہ لحاظِ اصل مرکّب الفاظ ہیں؛ مگر اِن کی ساخت ایسی ہے کہ یہ ایک کلمے کے طور پر استعمال میں آتے ہیں اور اِسی طرح اشعار میں آئے ہیں۔ ایسے سبھی مرکّب ٹکڑوں کو، جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، ایک کلمے کے طور پر جلی لکھا گیا ہے مگر شمار میں اِن سب کو مرکّب کلمے مانا گیا ہے۔

چند وضاحتیں

(۱) اصل لفظ اور اُس کی مخفف شکل کو دو مستقل الفاظ مانا گیا ہے اور مستقل لفظوں کے طور پر درج کیا گیا ہے، جیسے: راہ، رہ؛ شاہ، شہ؛ ماہ، مہ؛ راہگزر، رہگزر (وغیرہ)۔

(۲) اسماے جمع کو بھی مستقل الفاظ کے طور پر درج کیا گیا ہے، جیسے: لالہ ہا، گل ہا، سخنوراں، راتیں، باتیں، فرشتوں، لوگوں (وغیرہ)۔

(۳) اسماے اعداد [جیسے: ایک، اک، یک، دو، دوسرا، دونوں، چار، چاروں، اوّل، اوّلیں، سَو، صد، ہزار، لاکھوں، کروڑ،

سینکڑوں، دگر، دیگر (وغیرہ)] کوشامل کیا گیا ہے۔ ''ہر'' اور ''ہمہ'' کو بھی اِسی ذیل میں رکھا گیا ہے۔

(۴) کلماتِ تحسین و تعجب [جیسے: خوشا، اے خوشا، حبذا، مرحبا، واہ واہ، ہائے ہائے (وغیرہ) کوشامل کیا گیا ہے۔ اِسی طرح کلماتِ تاسف [جیسے: دریغ، دریغا، اے دریغا، وائے، اے وائے، حیف، ہدا، ہائے، ہائے ہائے] کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ ''ہائے'' اور ''ہائے ہائے'' بہ طور کلماتِ تاسف بھی آتے ہیں اور بہ طور کلماتِ تحسین و تعجب بھی۔ مرزا صاحب کے یہاں ''ہائے ہائے'' دونوں کلمات کے طور پر آیا ہے [دیکھیے یہ غزل: درد سے میرے، ہے تجھ کو بے قراری، ہائے ہائے! ص ۲۰۴، اور یہ غزل: وہ بادہ ہائے ناب گوارا کہ ہائے ہائے! ص ۱۲۳]۔

(۵) دوسرے شاعروں کے جن مصرعوں یا اشعار کو تضمین کیا گیا ہے، اُن کو الفاظ شماری کے تحت نہیں لایا گیا۔

(۶) قادر نامہ نصابی رسالہ ہے، اِس بنا پر اُس کے الفاظ کو شمار میں شامل نہیں کیا گیا؛ البتہ اُس میں شامل دو غزلوں کے اشعار کو شاملِ لفظ شماری کر لیا گیا ہے۔

(۷) جن اشعار کے صفحات نمبر ۴۴۴ سے ۴۵۷ تک ہیں، وہ سب اشعار طبعِ ثانی سے منقول ہیں۔ یہ صفحات نو دریافت نسخۂ دیوانِ غالبؔ کے متن کے ہیں جو طبعِ اوّل میں شامل نہیں تھا، طبعِ ثانی میں اُسے شامل کیا گیا ہے۔

(۸) میں نے اِس کا التزام کیا ہے کہ متن میں کسی طرح کی تبدیلی نہ کی جائے، طبعِ اوّل یا پھر طبعِ ثانی کی مطابقت کو لازماً ملحوظ رکھا جائے۔ ہاں ایک مقام ایسا ہے جہاں قرائت کی ایک غلطی کی تصحیح کی ہے۔ طبعِ اوّل میں ص ۳۱۳ پر یہ رباعی ہے:

اے منشیِ خیرہ سر! سخن ساز نہ ہو — عصفور ہے تو، مقابلِ باز نہ ہو

آواز تری نکلی اور آواز کے ساتھ — لاٹھی وہ لگی کہ جس میں آواز نہ ہو

طبعِ ثانی میں بھی یہی ہے (ص ۴۴۱)۔ ''آواز نہ ہو'' پر نظر رکھی جائے تو واضح طور پر معلوم ہوگا کہ ''آواز تری نکلے'' اور ''لاٹھی وہ لگے'' ہونا چاہیے۔ یہ متن کی تبدیلی نہیں، یہ محض قرائت کا معاملہ ہے۔ ''لگی'' اور ''لگے''، اِسی طرح ''نکلی'' اور ''نکلے'' کی کتابت میں اُس زمانے میں آخرِ لفظ میں شامل یائے معروف و مجہول کی صورت نگاری میں آج کل کی طرح امتیاز نہیں کیا جاتا تھا۔ لکھا کسی طرح جائے، پڑھا جاتا تھا صحیح طور پر لفظ و معنی کی مطابقت کو ملحوظ رکھتے ہوئے۔ اِسی بنا پر یہاں ''نکلے'' اور ''لگے'' لکھا گیا ہے۔

(۹) ''بے'' کلمۂ نفی ہے۔ یہ بہت سے لفظوں کے ساتھ اِس طرح آیا ہے کہ جزوِ لفظ بن گیا ہے، جوڑ نمایاں نہیں، جیسے: بیباک، بیدرد، بےخواب، بےفیض وغیرہ؛ ایسے لفظوں کو ایک لفظ مانا گیا ہے اور ایک لفظ کے طور پر درج کیا گیا ہے۔ جن لفظوں کے ساتھ اِس طرح آیا ہے کہ جزوِ لفظ نہیں معلوم ہوتا، جیسے یہ مصرع: بے مَے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی؛ ایسے مقامات پر صرف اصل لفظ کو اُس کے مقام پر لکھا گیا ہے۔ مثلاً ''بے مَے'' میں ''مَے'' کو میم مع یٖ کے تحت لکھا گیا ہے، اوّل الذکر الفاظ کی تعداد دو سو ترانوے[۲۹۳] ہے۔

(۱۰) کبھی مصرعے کے دو مستقل بالمعنی ٹکڑوں (جملوں) کے درمیان واو حرفِ عطف کے طور پر آتا ہے، اُسی طرح جس طرح

دو جملوں کے درمیان آتا ہے؛ اور کبھی دو لفظوں کے درمیان آتا ہے، جسے مرکّب عطفی کہتے ہیں۔ مثلاً یہ دو مصرعے: دشتِ اُلفت چمن و آبلہ مہماں پرور (ص ۴)۔ کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے (ص ۴۸)۔ پہلے مصرعے میں عطف کا واو اُسی طرح آیا ہے جس طرح دو جملوں کے درمیان آتا ہے اور دوسرے مصرعے میں ''ضعف و خاموشیِ بلبل'' مرکّبِ عطفی ہے۔ پہلی صورت میں واوِ عطف کو شاملِ شمار نہیں کیا گیا۔

(۱۱) متعدّد لفظ ہیں جو کہیں ایک معنی میں بہ طورِ حرف آئے ہیں اور کہیں بہ طورِ اسم۔ جیسے: پَے نذرِ کرم تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا (ص ۱۴۶) یہاں ''پَے'' لیے، واسطے کے معنی میں آیا ہے اور مثلاً یہ مصرع: ضعف سے نقشِ پَےِ مور ہے طوقِ گردن (ص ۱۹۵)۔ یہاں یہ لفظ پیر کے معنی میں آیا ہے۔ ایسے لفظ جہاں حرف کے طور پر آئے ہیں، اُنھیں شامل نہیں کیا گیا۔ جہاں کسی دوسرے معنی میں آئے ہیں، اُنھیں شامل کرلیا گیا ہے۔ ایسے قابلِ ذکر الفاظ یہ ہیں:

آپ: ع: آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا، اِس مصرعے میں ''آپ'' بہ طورِ ضمیر کے ''تم'' کے مفہوم میں آیا ہے۔ اور مثلاً یہ شعر:

پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہوگئے (ص ۲۲۸)

اِس میں یہ لفظ خود، اپنے آپ کے مفہوم میں آیا ہے۔ یا جیسے یہ شعر:

گر جوہرِ امتیاز ہوتا ہم میں رُسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں

یعنی اپنے آپ کو۔ جہاں جہاں ''آپ'' اِن معنوں میں آیا ہے، اُسے شامل کیا گیا ہے۔

اَور ــــ: ایک معنی میں یہ کلمۂ عطف ہے، جیسے: دین اور دُنیا۔ یا جیسے ع: اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لیے۔ اور کہیں یہ مزید، دیگر کے معنوں میں آیا ہے، جیسے: بنیں گے اَور ستارے اب آسماں کے لیے۔ یا جیسے: اَور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا۔ جہاں یہ اِن معنوں میں آیا ہے اِسے شامل کیا گیا ہے۔ اِس لفظ کی اِسی معنوی نسبت سے ''اَوروں'' کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

سوا ــــ: جب یہ لفظ زیادہ کے معنی میں آیا ہے، تو اِسے شامل کیا گیا ہے، جیسے:

رنج طاقت سے سوا ہو تو نہ پیٹوں کیوں کر ذہن میں خوبیِ تسلیم و رضا ہے تو سہی (ص ۳۱۱)

جب یہ بجز کے معنی میں آیا ہے، جیسے:

سوا ناج کے، جو ہے مقلوبِ جاں نہ وھاں آم پائیں، نہ انگور پائیں (ص ۲۶۴)

اِن معنوں میں اِسے شامل نہیں کیا گیا۔

گویا ــــ: یہ لفظ بہ طورِ حرفِ تشبیہ کئی جگہ آیا ہے جیسے کے معنی میں، مثلاً:

طبع کی واشد نے رنگِ یک گلستاں گل کیا یہ دلِ وابستہ گویا بیضۂ طاؤس تھا (ص ۲۳)

اور ایک جگہ کہنے والا کے معنی میں آیا ہے ع: نے زبانِ غنچہ گویا، نے زبانِ خارِ باغ۔ اِس معنی میں اِسے شامل کیا گیا ہے۔

استثنا

از، اور اِس کی مخفف صورت زِ، با، بر، براے، بہ در؛ یہ سب حرفِ جار ہیں۔ یہ بہ کثرت آئے ہیں۔ عام صورتوں میں اِن کو شمار میں شامل نہیں کیا گیا؛ لیکن کچھ ایسے لفظ ہیں جو اِن حرفوں سے مل کر ایک کلمے کے طور پر اِس طرح استعمال میں آتے ہیں جیسے ایک کلمے کے سانچے میں ڈھل گئے ہوں۔ ایسے لفظوں کو مستثنا لفظوں کے طور پر شاملِ شمار کرلیا گیا ہے:

از ــــــ: صرف دو لفظوں میں اِسے جزوِ لفظ مانا گیا ہے: از روے [تین بار]۔ از سر (تین بار)۔ بہ طورِ مثال ایسے چار شعر:

گرچہ از روے ننگِ بے ہُنری ہوں خود اپنی نظر میں اتنا خوار ص(۱۲۵)
اُس بزمِ پُر فروغ میں اِس تیرہ بخت کو لبریز ملا نشیب میں از روے اہتمام ص(۲۸۲)
کیا کس شوخ نے ناز از سرِ تمکیں نشستن کا کہ شاخِ گُل کا خم، انداز ہے بالیں شکستن کا (ص۲۷)
دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی میرزا یوسف، ہے غالبؔ یوسفِ ثانی مجھے (ص۲۳۲)

ایسے دوسرے کلمے ہیں: باوجود، باوصف، باہم، بجاے خود، بخود [بخود بالیدنی، بخود لرزیدن]۔ برآر، برانداختنی، برافگندہ، برجستہ. برچیدن، برخاستن، برخود غلط [برخود غلطِ شوخیِ تاثیر]، برخود غلطی [برخود غلطی ہاے تحمل، برخود غلطی ہاے عزیزاں]، برسبیل [برسبیلِ دوام، برسبیلِ شکایت]، برگردیدنی، برگزیدہ، برمحل، بروے [بروے زمیں، بروے سفرہ، بروے کار، بروے گردوں]، بدستور، بقدر [بقدرِ لفظ و معنی، بقدرِ مصلحت وغیرہ]۔ در پردہ، درپے [درپَیِ حصولِ شرف، درپَیِ دیوار و در]، درمیاں۔

"از" سے مرکّب جو دوسرے کلمے ہیں جن میں ترکیبی صورت نمایاں ہے، جیسے: از خود رفتگاں از خود رفتگی، از خود گزشتن، زخود رفتۂ بیداے خیال، از خویش بیروں آمدن؛ ایسے کلمات کو حرفِ خ کے تحت درج کیا گیا ہے۔ متعلقہ شعر اِن کے ساتھ ضرور لکھا گیا ہے، جس سے معلوم ہوجاتا ہے کہ اصل کلمہ کیا تھا۔ اِسی طرح "زپا افتادگی" کو پ کے تحت لکھا گیا ہے۔

غیر معتبر کلام

نسخۂ عرشی طبعِ اوّل میں کچھ غیر معتبر کلام شامل ہوگیا تھا۔ طبعِ ثانی میں یہ اہتمام کیا گیا کہ ایسے کلام کو شامل نہ کیا جائے۔ اِس اہتمام کے باوجود کچھ غیر معتبر اشعار طبعِ ثانی میں باقی رہ گئے۔ طبعِ ثانی کے غلط نامے اور استدراک میں اور نسخۂ رضا کے مقدمے میں "حرفِ نامعتبر" کے عنوان سے اِس کی نشان دہی کی گئی ہے (ص۵۱)۔ میں نے اِس غیر معتبر کلام کو اِس کتاب میں شامل نہیں کیا۔ ذیل میں اِس کی تفصیل لکھی جاتی ہے۔

(۱) ایک قطعہ۔ کُل سات شعر، مصرعِ اوّل: اُٹھا اک دن بگولا سا جو کچھ میں جوشِ وحشت میں (ص۳۵۱)

(۲) ایک قطعہ۔ کُل دو شعر، پہلا مصرع: ایک اہلِ درد نے سنسان جو دیکھا قفس (ص۳۵۲)۔ [رضا نے لکھا ہے کہ یہ قطعہ غالبؔ کے شاگرد ذاکر کا ہے اور اُن کے دیوان میں موجود ہے]۔

(۳) ص ۴۰۳ پر چار شعر۔ مصرع ہاے اوّل: [۱] دو رنگیاں یہ زمانے کی جیتے جی ہیں سب۔ [۲] پیری میں بھی کمی نہ ہوئی تاک جھانک کی۔ [۳] وہ مرغ ہے خزاں کی صعوبت سے بے خبر۔ [۴] وصل میں ہجر کا ڈر یاد آیا۔

(۴) ص ۴۱۱ — ۴۱۴: ایک غزل کے چار شعر، مصرعِ اوّل: اِس قدر ضبط کہاں ہے کبھی آ بھی نہ سکوں۔

(۵) ص ۴۱۹: ایک شعر۔ پہلا مصرع: جو معشوق زلفِ دوتا باندھتے ہیں۔

(۶) ص ۴۲۰: ایک غزل کے پانچ شعر اور چار مصرعے۔ مصرعِ اوّل: نسخۂ سوزشِ دل درخورِ عتاب نہیں۔ یہ غزل تفسیرِ غالب میں بھی شامل ہوگئی ہے [ص ۵۱۵]۔

(۷) ص ۴۲۲: ایک شعر۔ مصرعِ اوّل: نتیجہ اپنی آہوں کا ہے شکلِ مستوی پورا۔

(۸) ص ۴۲۹: ایک شعر۔ پہلا مصرع: جو حدِ تقویٰ ادا نہ ہووے تو اپنا مذہب یہی ہے غالبؔ۔

(۹) ص ۴۳۰: چھے شعر۔ مصرع ہائے اوّل: [۱] مزہ تو جب ہے کہ اے آہِ نارسا ہم سے۔ [۲] حالت ترے عاشق کی یہ اب آن بنی ہے۔ [۳] گھر سے نکالنا ہے اگر ہاں نکالیے۔ [۴] لیں بوسہ یا مصیبتِ ہجراں بیاں کریں۔ [۵] زرا کر زور سینے پر کہ تیرِ پُرستم نکلے۔ [۶] اگر ہوتا تو کیا ہوتا، یہ کہیے۔

(۱۰) ص ۴۵۳: ایک شعر۔ پہلا مصرع: کرتا ہے گل جنونِ تماشا کہیں جسے۔

(۱۱) ص ۴۵۶: نو شعر کی ایک غزل۔ پہلا مصرع: سمجھا دو اسے یہ وضع چھوڑے۔ یہ نو دریافت نسخۂ دیوانِ غالبؔ کی غزل ہے۔ اس کے حاشیے میں یہ لکھا گیا ہے: ''یہ غزل مخطوطے کے حاشیے پر بہ خطِ غیر نقل ہوئی ہے''۔ نسخۂ رضا میں اِس کے متعلق حاشیے میں لکھا گیا ہے: ''غزل کا اسلوب غالبؔ کے اسلوب سے میل نہیں کھاتا'' (ص ۲۹۶)۔ اِس طرح یہ غزل شک کے دائرے میں آجاتی ہے۔ میں نے اِسے مشکوک کلام میں رکھا ہے۔ ہاں، تفسیرِ غالب میں یہ شامل ہے (ص ۵۵۴)۔

یہ کام صبر آزما ثابت ہوا، بارے، اتمام کو پہنچا۔ میں محبّ مکرّم الحاج عبدالوہاب خاں سلیم کا خاص طور پر شکر گزار ہوں جن کے پیہم تقاضوں نے اور اصرار نے کام کی رفتار کو سست نہیں ہونے دیا۔ دراصل اِس موضوع پر اِس انداز کی کتاب مرتّب کرنے کی فرمایش اُنھی نے کی تھی۔ میں اُن کی بات ٹالتا نہیں، یوں ہامی بھر لی تھی۔ عبدالوہاب خاں صاحب میرے مخلص کرم فرما اور غم گسار ہیں۔ یہ اُن کے پیہم اصرار کا فیضان ہے کہ درمیان میں کام رُکا نہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ خاں صاحب کی کتاب دوستی اور اُن کا بے مثال خلوص شاملِ حال نہ رہتا تو میں موجودہ حالات میں اِس کام کو شاید نہ کر پاتا۔

کتاب کا نام برادرِ عزیز ڈاکٹر اسلم پرویز کا تجویز کیا ہوا ہے۔ اگر یہ کتاب چھپ بھی گئی، تو یہ لطفِ خاص ہوگا ڈاکٹر خلیق انجم کا، ورنہ اتنی ضخیم کتاب اِس زمانے میں اور کون چھاپ سکتا تھا۔ خلیق صاحب کی کرم فرمائی میرے شاملِ حال رہتی ہے اور اِس طرح کام کرنے کا حوصلہ بڑھتا رہتا ہے اور یقین رہتا ہے کہ ہر کتاب چھپے گی ضرور اور قاعدے قرینے کے ساتھ چھپے گی۔

توقّع کرتا ہوں کہ نقد و نظر سے تعلّقِ خاطر رکھنے والے اصحاب اِسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے اور کلامِ غالبؔ سے متعلق بعض تنقیدی مباحث کو اِس کے مندرجات سے نئی روشنی ملے گی۔

رشید حسن خاں

۱۶/اپریل ۲۰۰۵ء

آ

آب[1]: (۱) بازگشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں — غافلاں غش جان کر چھڑکے ہیں آب آئینے پر — ص۳۹

(۲) شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا — شعلۂ جوّالہ، ہر یک حلقۂ گرداب تھا — ص۱۳۵

(۳) ہوئی ہیں آب شرمِ کوششِ بیجا سے تدبیریں — عرق ریزِ تپش ہیں موج کے مانند زنجیریں — ص۶۴

(۴) آب ہوجاتے ہیں ننگِ ہمّتِ باطل سے مرد — اشک پیدا کر اسدؔ، گر آہ بے تاثیر ہے — ص۹۶

(۵) تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں — تو آگ سے گر دفع کرے تابِ شرارت — ص۱۲۷

(۶) زہرہ گر ایسا ہی شامِ ہجر میں ہوتا ہے آب — پرتوِ مہتاب سیلِ خانماں ہوجائے گا — ص۱۵۰

(۷) کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رُو دینا — تری طرح کوئی تیغ نگہ کو آب تو دے — ص۲۲۳

(۸) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے — زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا — ص۲۶۰

(۹) چھڑکے ہے شبنم آئینۂ برگِ گل پہ آب — اے عندلیب! وقتِ وداعِ بہار ہے — ص۲۱۷

دیکھیے ____: (۱۰) آتش و آب و باد و خاک۔ (۱۱) آسیائے آب۔ (۱۲) آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب۔
(۱۳) بروئے آب۔ (۱۴) خواہشِ آب۔ (۱۵) روئے آب۔ (۱۶) سازِ صدائے آب۔ (۱۷) محیطِ آب۔
(۱۸) مشتِ آب۔ (۱۹)، (۲۰)، (۲۱) موجِ آب [تین بار]۔ (۲۲)، (۲۳)، (۲۴) نقش بر آب [تین بار]۔
(۲۵) نمد در آب۔ [نیز دیکھیے: میر آب۔ بے آب]۔

آبِ آئنہ: (۱) در آبِ آئنہ از جوشِ عکسِ گیسوئے مشکیں — بہارِ سنبلستاں جلوہ گر ہے آں سوئے دریا — ص۳۴۷

(۲) ضبط سے مطلب بجز وارستگی دیگر نہیں — دامنِ تمثال آبِ آئنہ سے تر نہیں — ص۶۶

---

[1] آب : باون بار [مفرد: نو بار، مرکب: تینتالیس بار]۔   آبے : ایک بار۔

آبِ بخشیدن زِ دریا: اسدؔ! جز آب بخشیدن زِ دریا، خضرؔ کو کیا تھا — ڈبوتا چشمۂ حیواں میں گر کشتی سکندرؔ کی — ص۷۷

آبِ برجاماندہ: صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر — تغیّر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر — ص۱۲۸

آبِ بقا: (۱) مجھ کو وہ دو کہ جسے کھا کے نہ پانی مانگوں — زہر کچھ اور سہی، آبِ بقا اور سہی — ص۳۱۱

(۲) دیکھیے: دمِ آبِ بقا۔ (۳) چشمۂ آبِ بقا۔

آبِ تیغِ ناز: زخم ہائے کہنۂ دل رکھتے ہیں جوں مُردگی — اے خوشا! گر آبِ تیغِ ناز تیزابی کرے — ص۱۰۰

آبِ تیغِ نگاہ: نہ پوچھ سینۂ عاشق سے آبِ تیغِ نگاہ — کہ زخمِ روزنِ در سے ہوا نکلتی ہے — ص۲۱۸

آبِ چشمۂ آئینہ: اسدؔ! تاثیرِ صافی ہائے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکس زنگی کا — ص۲۶

آبِ حیات: (۱) لبِ نگار میں آئینہ، دیکھ آبِ حیات — بہ گمرہیٔ سکندرؔ ہے محوِ حیرانی — ص۹۶

(۲) یا خضرؔ نے لگا کے شاخِ نبات — مدّتوں تک دیا ہے آبِ حیات — ص۱۳۱ [آم کے لیے

آبِ حیواں: دیکھیے: نسخۂ آبِ حیواں۔

آبِ دمِ شمشیرِ ابرو: زخم میں ستم کوشوں کے ہے سامانِ خوں ریزی — سرشکِ چشمِ یار آبِ دمِ شمشیرِ ابرو ہے — ص۹۸

آبِ رفتہ درجو: نہیں ہے بازگشتِ سیل غیر از جانبِ دریا — ہمیشہ دیدۂ گریاں کو آبِ رفتہ درجو تھا — ص۲۲

آبِ روانِ اشک: دل خستگاں کو ہے طربِ صد چمن بہار — باغ بہ خوں تپیدن و آبِ روانِ اشک — ص۵۰

آبِ روئے کار: (۱) شرر ہے رنگ بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں — کرے ہے سنگ پر خرشید آبِ روئے کار آتش — ص۴۷

(۲) دیکھیے: فروغ افزائے آبِ روئے کار۔

آبِ زندگانیٔ شمع: رخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیٔ شمع — ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگانیٔ شمع — ص۱۷۴

آبِ زیرِ کاہ: نقشِ صد سطرِ تبسّم ہے برآبِ زیرِ کاہ — حُسن کا خط پر نہاں خندیدنی انداز ہے — ص۳۵۲

آبِ طراوت: بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے — ریشے سے ہر تخم کا دلو اندرونِ چاہ ہے — ص۹۲

آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ: دیکھیے: عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ۔

آب گردیدن: شرم، آئینہ تراشِ جبہۂ طوفان ہے — آب گردیدن روا لیکن چکیدن منع ہے — ص۱۱۲

آبِ گل: وہ نہا کر آبِ گل سے سایۂ گل کے تلے — بال کس گرمی سے سُکھلاتا تھا سنبل کے تلے — ص۳۵۴

آبِ گہر: (۱) صاف آتی ہیں نظر آبِ گہر کی لہریں — جنبشِ بادِ سحر نے جو ہلایا سہرا — ص ۲۸۸

(۲) نہ رکھ چشمِ حصولِ نفع صحبت ہائے مُمسک سے — لبِ خشکِ صدف آبِ گہر سے تر نہیں ہوتا — ص ۴۴۵

آبِ ہفت دریا: بقدرِ حسرتِ دل چاہیے ذوقِ معاصی بھی — بھروں یک گوشۂ دامن گر آبِ ہفت دریا ہو — ص ۱۹۴

آبے بروے کار آوردن: دیکھیے: حسرتِ آبے بروے کار آوردن۔

آب وتاب[1]: اِس کتابِ طرب نصاب نے جب — آب و تاب انطباع کی پائی — ص ۲۶۲

آب ودانہ[2]: (۱) یہاں آب و دانہ موسمِ گل میں حرام ہے — زُنّارِ واگسستہ ہے موجِ صبا مجھے — ص ۷۶

(۲) سرشکِ بر زمیں اُفتادہ آسا — اُٹھا یہاں سے نہ میرا آب و دانہ — ص ۳۵۱

آب ورنگِ[3] گُل: حسرت سے دیکھ رہتے ہیں ہم آب و رنگِ گُل — مانندِ شبنم اشک ہیں مژگانِ خار کے — ص ۸۰

آب و گِل[4]: (۱) جلوہ زارِ آتشِ دوزخ ہمارا دل سہی — فتنۂ شورِ قیامت کس کی آب و گِل میں ہے — ص ۴۳۳

(۲) دیکھیے: طوفانِ آب و گِل۔

آب وہوا[5]: (۱) کوئی دُنیا میں مگر باغ نہیں ہے زاہد؟ — خلد بھی باغ ہے، خیر، آب و ہوا اَور سہی — ص ۳۱۱

(۲) یہاں اشک جدا گرم ہے اور آہ جدا گرم — حسرت کدۂ عشق کی ہے آب و ہوا گرم — ص ۴۴۸

دیکھیے ـــــ: (۳) دعوتِ آب وہوا۔ (۴) نازشِ دودمانِ آب وہوا۔

آب وہواے زندگی: زہر لگتی ہے مجھے آب و ہواے زندگی — یعنی تجھ سے تھی اِسے ناسازگاری، ہاے ہاے! — ص ۲۰۴

آبی[6] پیرہن: کی ہیں کس پانی سے یہاں یعقوبؑ نے آنکھیں سفید — ہے جو آبی پیرہن ہر موجِ رُودِ نیل کی — ص ۹۱

آبا[7]: دیکھیے: پیشۂ آبا۔

آباد[8]: (۱) اے اسدؔ! آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری — خامہ میرا، تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے — ص ۱۰۴

(۲) کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے بہشت — یہی نقشا ہے، ولے اِس قدر آباد نہیں — ص ۱۸۶

---

۱ آب وتاب : ایک بار۔
۲ آب ودانہ : دوبار۔
۳ آب ورنگ : ایک بار [مرکب]۔
۴ آب و گل : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
۵ آب وہوا : پانچ بار [مفرد: دوبار، مرکب: تین بار]۔
۶ آبی : ایک بار [مرکب]۔
۷ آبا : ایک بار [مرکب]۔
۸ آباد : تیئیس بار [مفرد: چار بار، مرکب: اُنیس بار]۔

(۳) رہا آباد عالم اہلِ ہمّت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، مے خانہ خالی ہے — ص۲۰۹

(۴) یہ کون کہوے ہے آباد کر ہمیں لیکن — کبھی زمانہ مرادِ دلِ خراب تو دے — ص۳۲۰

دیکھیے ـــــ: (۵) الم آبادِ جہاں۔(۶) انتظار آبادِ حیرانی۔(۷) تپش آبادِ شوق۔(۸) تعزیت آبادِ عشق۔(۹) حسرت آبادِ جہاں۔(۱۰) حیرت آبادِ تغافل ہائے شوق۔(۱۱) حیرت آبادِ جنوں۔(۱۲) حیرت آبادِ غربت۔(۱۳) خضر آباد۔(۱۴) خیال آباد۔(۱۵) شرر آبادِ رستخیز۔(۱۶) شمعِ خیال آباد۔(۱۷) عجز آباد۔(۱۸) عزلت آبادِ صدف۔(۱۹) فضائے حیرت آبادِ تمنا۔(۲۰) گلشن آباد۔(۲۱) نقص آبادِ گیتی۔(۲۲) وحشت آباد۔(۲۳) وحشت آبادِ تسلّی۔

آبادی[۱]: (۱) نگہِ معمارِ حسرت ہا، چہ آبادی چہ ویرانی؟ — کہ مژگاں جس طرف وا ہو، بہ کف دامانِ صحرا ہے — ص۸۴

(۲) نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی — ہمیشہ روتے ہیں ہم دیکھ کر در و دیوار — ص۱۶۷

(۳) اسدؔ! از بس کہ فوجِ درد و غم سرگرمِ جولاں ہے — غبارِ راہِ ویرانی ہے ملکِ دل کی آبادی — ص۴۵۱

(۴) دیکھیے: آرزوے خانہ آبادی۔

آبادیِ صحرا: پریشانی اسدؔ! در پردہ ہے سامانِ جمعیت — کہ ہے آبادیِ صحرا ہجومِ خانہ بردوشاں — ص۴۴۹

آبجو[۲]: جلوۂ گل نے کیا تھا وھاں چراغاں آبجوٗ — یھاں رواں مژگانِ چشمِ تر سے خونِ ناب تھا — ص۱۳۵

آبدار[۳]: (۱) قاتل بہ عزمِ ناز و دل از زخم در گداز — شمشیر آبدار و نگہِ آبدار تر — ص۴۰

(۲) موجِ سرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال — ہر ذرہ مثلِ جوہرِ تیغ آبدار تھا — ص۱۵۴

آبدار تر: دیکھیے: آبدار (۱)۔

آبداریِ[۴] صمصام: مرحبا! موشگافیِ ناوک — آفریں! آبداریِ صمصام — ص۱۳۸

آبرو[۵]: (۱) نہ وفا کو آبرو ہے، نہ جفا تمیز جوٗ ہے — چہ حسابِ جاں فشانی! چہ غرورِ دل ستانی! — ص۹

(۲) خشکیِ مَے نے تلف کی مے کدے کی آبرو — کاسۂ دریوزہ ہے پیمانۂ دستِ سبو — ص۶۸

---

[۱] آبادی : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دو بار]۔
[۲] آبجو : ایک بار۔
[۳] آبدار : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔
[۴] آبداری : ایک بار [مرکّب]۔
[۵] آبرو : دس بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: پانچ بار]۔

(۳) تم نے مجھ کو جو آبرو بخشی — ہوئی میری وہ گرمیِ بازار — ص ۱۲۵

(۴) آبرو کیا خاک اُس گل کی کہ گلشن میں نہیں — ہے گریباں ننگِ پیراہن جو دامن میں نہیں — ص ۱۸۴

(۵) ہوا ہے شہ کا مصاحب، پھرے ہے اتراتا — وگرنہ شہر میں غالبؔ کی آبرو کیا ہے! — ص ۲۳۲

دیکھیے ـــــــ: (۶) پاسِ آبرو۔ (۷) پاسِ ضبطِ آبرو۔

آبروے زر: دیکھیے: عیارِ آبروے زر۔

آبروے شیوۂ اہلِ نظر: ہر بلہوس نے حُسن پرستی شعار کی — اب آبروے شیوۂ اہلِ نظر گئی — ص ۲۳۲

آبروے عشق: کیا آبروے عشق جہاں عام ہو جفا — رُکتا ہوں، تم کو بے سبب آزار دیکھ کر — ص ۱۶۸

آبستیِ تیر:[۱] مثلِ گُل زخم ہے میرا بھی سناں سے توأم — تیرا ترکش ہی کچھ آبستیِ تیر نہیں — ص ۵۷

آبشارِ نغمہ:[۲] دیکھیے: کوکِ صداے آبشارِ نغمہ۔

آبگینہ:[۳] (۱) ہے شکستن سے بھی دل نومید، یارب! کب تلک — آبگینہ کوہ پر عرضِ گراں جانی کرے — ص ۲۱۱

(۲) ہاتھ دھو دل سے، یہی گرمی گر اندیشے میں ہے — آبگینہ تُندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے — ص ۲۲۱

آبگینہ فام: دیکھیے: فلکِ آبگینہ فام۔

آبگینہ گداز: ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے — کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز — ص ۴۳

آبلوں: (۱) بہ وقتِ سرنگونی ہے تصور انتظارستاں — نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا — ص ۱۹

(۲) اِن آبلوں سے پانْو کے گھبرا گیا تھا میں — جی خوش ہوا ہے راہ کو پُرخار دیکھ کر — ص ۱۶۹

(۳) اہلِ تدبیر کی واماندگیاں! — آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں — ص ۱۸۱

(۴) نہیں گرداب جُز سرگشتگی ہاے طلب ہرگز — حبابِ بحر کے ہے آبلوں میں خارِ ماہی کا — ص ۲۶

(۵) نہ سُووے آبلوں میں گر، سرشکِ دیدۂ نم سے — بہ جَولاں گاہِ نومیدی نگاہِ عاجزاں پا ہے — ص ۸۵

---

۱ آبستی : ایک بار [مرکب]۔
۲ آبشار : ایک بار [مرکب]۔
۳ آبگینہ : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

آبلہ[1]: (۱) وحشتِ اُلفت چمن و آبلہ مہماں پرور — دلِ جبریل کفِ پا پہ مَلے ہے رخسار — ص۴

(۲) عزلت گزینِ بزم ہیں واماندگانِ دید — مینائے مے ہے آبلہ پائے نگاہ کا — ص۱۹

(۳) آبلہ پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا — اے دماغِ نارسا! خُم خانۂ منزل نہ پوچھ — ص۷۲

(۴) دی لطفِ ہَوا نے بہ جنوں طرفہ نزاکت — تا آبلہ دعوائے تنک پیرہنی ہے — ص۱۱۱

(۵) اے ہرزہ دوی! منّتِ تمکینِ جنوں کھینچ — تا آبلہ محمل کشِ موجِ گہر آوے — ص۱۱۴

(۶) ہرگام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم — کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا — ص۱۹

(۷) اے آبلے! کرم کر، یہاں رنجہ یک قدم کر — اے نورِ چشمِ وحشت! اے یادگارِ صحرا! — ص۲۶

(۸) رفتار سے شیرازۂ اجزائے قدم باندھ — اے آبلے! محمل پئے صحرائے عدم باندھ — ص۷۱

دیکھیے ______: (۹) اثرِ آبلہ۔ (۱۰) چشمِ آبلہ۔ (۱۱) خلوتِ آبلہ۔ (۱۲) شیرازۂ صد آبلہ۔ (۱۳) گہرِ آبلہ۔

آبلہ پا: (۱) وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سرِ خاک — گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہربار ہنوز — ص۱۷۲

(۲) عشق کی راہ میں ہے چرخِ مکوکب کی وہ چال — سُست رَو جیسے کوئی آبلہ پا ہوتا ہے — ص۲۴۰

(۳) ہووے ہے جادۂ رہ رشتۂ گوہر ہرگام — جس گزرگاہ سے میں آبلہ پا جاتا ہوں — ص۲۹۷

(۴) دیکھیے: اک آبلہ پا۔

آبلہ پایانِ صحرائے نظر بازی: عجب اے آبلہ پایانِ صحرائے نظر بازی! — کہ تارِ جادۂ رہ رشتۂ گوہر نہیں ہوتا — ص۳۳۵

آبلہ دار: دیکھیے: کفِ آبلہ دار۔

آبلہ منزل: دیکھیے: بارِ یک قافلۂ آبلہ منزل۔

آبلۂ پا: (۱) ہے تنگ زِ واماندہ شدن حوصلۂ پا — جو اشک گرا خاک میں، ہے آبلۂ پا — ص۲۹

(۲) آیا نہ بیانِ طلبِ کام، زباں تک — تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا — ص۲۹

(۳) واماندگی بہانہ و دل بستگی فریب — دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے — ص۱۰۶

دیکھیے ______: (۴) جرسِ آبلۂ پا۔ (۵) خلوتِ آبلۂ پا۔ (۶) طرفِ آبلۂ پا۔

---

[1] آبلہ : ستائیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: بیس بار]۔ آبلے : دوبار [بطورِ جمع]۔ آبلوں : پانچ بار [بطورِ جمع]۔

آبلۂ نادمیدہ: یک مُشتِ خوں ہے پرتوِ خور سے تمام دشت — دردِ طلب بہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ — ص۳۶

آبلے: (۱) گو بیابانِ تمنّا و کجا جولانِ عجز؟ — آبلے پا کے ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز — ص۴۳

(۲) عروجِ نشۂ واماندگی پیمانہ محمل تر — بہ رنگِ ریشۂ تاک آبلے جادے میں پنہاں ہیں — ص۶۲

آبنوسی[۱] شانہ: بس کہ سودائے خیالِ زلف وحشت ناک ہے — تا دلِ شب آبنوسی شانہ آسا چاک ہے — ص۱۰۶

آبیارتر[۲]: بینش بہ سعیِ ضبطِ جنوں نوبہار تر — دل در گدازِ نالہ، نگہ آبیار تر — ص۴۰

آبیارِ صد تمنّا: اسدؔ! یاسِ تمنّا سے نہ رکھ اُمیدِ آزادی — گدازِ ہر تمنّا: آبیارِ صد تمنّا ہے — ص۸۵

آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ: دیکھیے: برق آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ۔

آبیارِ نغمہ: شوخیِ مضرابِ جولاں: آبیارِ نغمہ ہے — برگ ریزِ ناخنِ مطرب: بہارِ نغمہ ہے — ص۸۶

آپ[۳]: (۱) بہ فریبِ آشنائی، بہ خیالِ بے وفائی — نہ رکھ آپ سے تعلق مگر ایک بدگمانی — ص۹

(۲) رہا نظارہ وقتِ بے نقابی آپ پر لرزاں — سرشک آگیں مژہ سے دست از جاں شستہ بر رو تھا — ص۴۲

(۳) گر جوہرِ امتیاز ہوتا ہم میں — رُسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں — ص۱۱۸

(۴)،(۵) وائے دیوانگیِ شوق! کہ ہر دم مجھ کو — آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا — ص۱۵۰

(۶) لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنّائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا — ص۱۵۰

(۷) یہ غزل اپنی، مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ — ہے ردیفِ شعر میں غالبؔ ز بس تکرارِ دوست — ص۱۶۵

(۸) جب وہ جمالِ دل فروز، صورتِ مہرِ نیم روز — آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں مُنہ چھپائے کیوں؟ — ص۱۹۳

(۹) پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا؟ — آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہو گئے — ص۲۲۸

(۱۰) دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آجائے ہے — میں اُسے دیکھوں، بھلا کب مجھ سے دیکھا جائے ہے — ص۲۲۱

(۱۱) کہتے ہیں: کہیں خدا سے، اللہ اللہ! — وہ آپ ہیں صبح و شام کرنے والے — ص۲۵۴

(۱۲)،(۱۳) اَور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے — فقط اک، شعر میں اندازِ رسا رکھتے تھے

اُس کا یہ حال کہ کوئی نہ ادا سنج ملا — آپ لکھتے تھے ہم اور آپ اُٹھا رکھتے تھے — ص۳۲۷ [طبع ثانی]

---

۱ آبنوسی : ایک بار [مرکّب]۔ ۲ آبیار : چار بار [مرکّب]۔ ۳ آپ : سولہ بار۔

(۱۴) میں آپ سے جاچکا ہوں، اب بھی — اے بے خبری! اُسے خبر کر — ص۴۴۸

(۱۵) اے دل! بہ خیالِ عارضِ یار — یہ شامِ غم آپ پر سحر کر — ص۴۴۸

(۱۶) پوچھے ہے کیا معاشِ جگر تفتگانِ عشق — جوں شمع آپ اپنی وہ خوراک ہوگئے — ص۱۲۳ [طبع ثانی]

آپ سے[1]: آپ سے وہ مرا احوال نہ پوچھے تو اسدؔ! — حسبِ حال اپنے پھر اشعار کہوں یا نہ کہوں؟ — ص۲۹۸

آپس[2]: رشک سے لڑتی ہیں آپس میں اُلجھ کر لڑیاں — باندھنے کے لیے جب سر پہ، اُٹھایا سہرا — ص۲۸۸

آتش[3]: (۱) لذّتِ ایجادِ ناز افسونِ عرضِ ذوقِ قتل — نعل آتش میں ہے تیغِ یار سے نخچیر کا — ص۱۱

(۲) زِبس آتش نے فصلِ رنگ میں رنگِ دگر پایا — چراغِ گل سے ڈھونڈھے ہے چمن میں شمع خار اپنا — ص۱۵

(۳) مگر آتش ہمارا کوکبِ اقبال چمکا دے — وگرنہ مثلِ خارِ خشک مردودِ گلستاں ہیں — ص۶۲

(۴) طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد — اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! — ص۱۹

(۵) مجھے اب، دیکھ کر ابرِ شفق آلودہ، یاد آیا — کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر — ص۱۶۷

(۶) عشق پر زور نہیں، ہے یہ وہ آتش غالبؔ! — کہ لگائے نہ لگے اور بُجھائے نہ بنے — ص۲۳۶

(۷) شعلہ رُخسارا! تحیّر سے تری رفتار کے — خارِ شمعِ آئنہ آتش میں جوہر ہوگیا — ص۳۰

(۸) کیا ضعف میں اُمید کو دل تنگ نکالوں — میں خار ہوں، آتش میں چھبوں، رنگ نکالوں — ص۶۰

[آٹھ بار بہ طورِ ردیف، ص۴۶]:

(۹)،(۱۰) ہوئی ہے بس کہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار آتش — بہ اندازِ حنا ہے رونقِ دستِ چنار آتش

(۱۱) شرر ہے رنگ، بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں — کرے ہے سنگ پر خرشیدِ آبِ روے کار آتش

(۱۲) گدازِ موم ہے افسونِ ربطِ پیکر آرائی — نکالے کب نہالِ شمع بے تخمِ شرار آتش

(۱۳) خیالِ دود تھا سر جوشِ سودائے غلط فہمی — اگر رکھتی نہ خاکسترنشینی کا غبار آتش

(۱۴) ہوائے پرفشانی برقِ خرمن ہائے خاطر ہے — بہ بالِ شعلۂ بیتاب ہے پروانہ زار آتش

---

[1] آپ سے : ایک بار۔

[2] آپس : ایک بار۔

[3] آتش : اُنتّر بار [مفرد: چوبیس بار، مرکّب: پینتالیس بار]۔

آتش خانہ : ایک بار۔

آتش کدہ : پانچ بار [مرکّب: ایک بار]۔

آتشیں : چار بار [مرکّب]۔

(۱۵) نہیں برق و شرر جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا — بلا گردانِ بے پروا خرامی ہائے یار آتش

(۱٦) دھویں سے آگ کے اک ابرِ دریا بار ہو پیدا — اسدؔ! حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش

[چھے بار بہ طورِ ردیف، ص ۴۷]:

(۱۷)، (۱۸) بہ اقلیمِ سخن ہے جلوۂ گردِ سواد آتش — کہ ہے دودِ چراغاں سے ہیولائے مداد آتش

(۱۹) اگر مضمونِ خاکستر کرے دیباچہ آرائی — نہ باندھے شعلۂ جوّالہ غیر از گرد باد، آتش

(۲۰) کرے ہے لطفِ اندازِ برہنہ گوُ خوباں — بہ تقریبِ نگارش ہائے سطرِ شعلہ یاد آتش

(۲۱) دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا — نہ ہو بالیدہ غیر از جُنبشِ دامانِ باد آتش

(۲۲) اسدؔ! قدرت سے حیدر کی ہوئی ہر گبرو ترسا کو — شرارِ سنگِ بت ہی، بر بنائے اعتقاد، آتش

[دو بار بہ طورِ ردیف، ص ۱۷۳]:

(۲۳) نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے — لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش

(۲۴) فروغِ حُسن سے ہوتی ہے حلِ مشکلِ عاشق — نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار آتش

دیکھیے ـــــــ: (۲۵) دلِ پُر آتش۔ (۲٦)، (۲۷) شعلۂ آتش [دو بار]۔ (۲۸) صحبتِ خس و آتش۔ (۲۹) نعل در آتش۔

آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما: آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما تجھ سے — چشمک آرائیِ صد شہر چراغاں مجھ سے — ص ۸۳

آتش افشانی: سخن میں خامۂ غالبؔ کی آتش افشانی — یقیں ہے ہم کو بھی لیکن اب اُس میں دم کیا ہے — ص ۲۵۱

آتش انگیزِ تپش: ہے مساسِ دستِ افسوس آتش انگیزِ تپش — بے تکلف آپ پیدا کر کے تَف، جلتا ہوں میں — ص ۹۳

آتش بار: جی جلے ذوقِ فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں؟ — ہم نہیں جلتے، نفس ہر چند آتش بار ہے — ص ۲۱۲

آتش بجاں: (۱) سایہ میرا مجھ سے مثلِ دود بھاگے ہے اسدؔ! — پاس مجھ آتش بجاں کے کس سے ٹھہرا جائے ہے — ص ۲۲۲

(۲) دیکھیے: بیتابیِ تجلیِ آتش بجاں۔

آتش پرست: آتش پرست کہتے ہیں اہلِ جہاں مجھے — سرگرمِ نالہ ہائے شرر بار دیکھ کر — ص ۱٦۸

آتشِ پنہاں: دیکھیے: صہبائے آتشِ پنہاں۔

آتشِ خاموش: (۱) دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا — آتشِ خاموش کے مانند گویا جل گیا — ص۱۵۱

(۲) غیروں سے اُسے گرمِ سخن دیکھ کے غالبؔ! — میں رشک سے جوں آتشِ خاموش رہا گرم — ص۲۲۸

آتش خانہ: رہتے ہیں افسردگی سے سخت بیدردانہ ہم — شعلہ ہا نذرِ سمندر بلکہ آتش خانہ ہم — ص۵۴

آتش خیز: کس نے دیکھا نفسِ اہلِ وفا آتش خیز؟ — کس نے پایا اثرِ نالۂ دل ہائے حزیں؟ — ص۱۳۴

آتشِ داغ تمنّا: دیکھیے: سوزِ آتشِ داغِ تمنّا۔

آتشِ دل: (۱) شب دراز و آتشِ دل تیز، یعنی مثلِ شمع — مہ ز سر تا ناخنِ پا رزقِ یک شبگیر ہے — ص۹۶

(۲) دیکھیے: وحشتِ آتشِ دل۔

آتشِ دوزخ: آتشِ دوزخ میں یہ گرمی کہاں! — سوزِ غم ہائے نہانی اَور ہے — ص۲۲۷

(۲) دیکھیے: جلوہ زارِ آتشِ دوزخ۔

آتش دیدہ: دیکھیے: موے آتش دیدہ۔

آتشِ رُخسار: دیکھیے: سوزِ عشقِ آتشِ رخسار۔

آتشِ رنگِ حنا: بیتابِ سیرِ دل ہے سرِ ناخنِ نگار — یعنی نعل ہے بہ آتشِ رنگِ حنا گرو — ص۷۹

آتشِ رنگِ رُخِ ہر گل: آتشِ رنگِ رُخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ — ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازارِ باغ — ص۳۸

آتش زبانی: چارسوے عشق میں صاحب دُکانی مفت ہے — نقد ہے داغِ دل اور آتش زبانی مفت ہے — ص۱۱۴

آتش زدہ: دیکھیے ـــــ: (۱) رنگِ کاغذِ آتش زدہ۔ (۲) حیرتِ کاغذِ آتش زدہ۔ (۳) دامِ ہر کاغذِ آتش زدہ۔ (۴)، (۵) کاغذِ آتش زدہ [دوبار]۔

آتش زنِ نامِ نکو: گرمیِ دولت ہوئی آتش زنِ نامِ نکو — خانۂ خاتم میں یاقوتِ نگیں، اخگر ہوا — ص۲۰

آتش زیرِ پا: بس کہ ہوں غالبؔ اسیری میں بھی آتش زیرِ پا — موے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا — ص۱۴۲

آتشِ سوزاں: ڈھونڈھے نہ ملے موجۂ دریا میں روانی — باقی نہ رہے آتشِ سوزاں میں حرارت — ص۱۲۷

آتشِ غم: بہ یادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم — ہر ایک داغِ جگر آفتابِ محشر ہو — ص۶۷

آتش فگن: برق بہ جانِ حوصلہ آتش فگن اسدؔ! — اے دل فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں — ص۵۷

آتش کدہ: (۱) ہے بہاراں میں خزاں حاصل خیالِ عندلیب — رنگِ گل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب — ص ۳۲

(۲) جاری تھی اسدؔ! داغِ جگر سے مری تحصیل — آتش کدہ جاگیرِ سمندر نہ ہوا تھا — ص ۱۵۳

(۳) ہے تنگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو — ہے عارِ دل، نفَس اگر آذر فشاں نہیں — ص ۱۸۸

(۴) آتش کدہ ہے سینہ مرا رازِ نہاں سے — اے وائے! اگر معرضِ اظہار میں آوے — ص ۲۳۴

آتش کدۂ صدتب: نالہ ہا حاصلِ اندیشہ کہ جوں کشتِ سپند — دلِ ناسوختہ آتش کدۂ صد تب تھا — ص ۲۴

آتشِ گل: آتشِ گل پہ قند کا ہے قوام — شیرے کے تار کا ہے ریشہ نام — ص ۱۳۱ [آم کے لیے]

(۲) رُخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع — ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگانیِ شمع — ص ۱۷۴

(۳) دیکھیے: ذوقِ آتشِ گل۔

آتش موے دماغِ شوق: آتش موے دماغِ شوق ہے تیرا تپاک — ورنہ ہم کس کے ہیں اے داغِ تمنا! آشنا — ص ۱۹

آتشِ مے: (۱) لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے اسدؔ! — آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست — ص ۳۳

(۲) کہوں کیا گرم جوشی مے کشی میں شعلہ رویاں کی — کہ شمعِ خانۂ دل آتشِ مے سے فروزاں کی — ص ۷۶

آتش نفَس: دیکھیے: مغنیِ آتش نفَس۔

آتش و آب و باد و خاک: آتش و آب و باد و خاک نے لی — وضعِ سوز و نم و رم و آرام — ص ۱۳۸

آتشِ ہمسایہ: یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلادے — کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم — ص ۳۳۸

آتشیں: دیکھیے ــــــ: (۱) شیشۂ آتشیں۔ (۲) آہِ آتشیں۔

آتشیں پائی: دیکھیے: عرضِ آتشیں پائی۔

آتشیں رخ: دیکھیے: نگارِ آتشیں رخ۔

آتش باز[۱]: دیکھیے: دکانِ آتشباز۔

آتش بازی[۲]: آتش بازی ہے جیسے شغلِ اطفال — ہے سوزِ جگر کا بھی اسی طور کا حال — ص ۲۵۳

آثار[۳]: دیکھیے ــــــ: (۱) باغِ ہمایونِ تقدس آثار۔ (۲) جہاں دارِ آفتاب آثار۔ (۳) خطِ قدرت آثار۔

---

۱ آتشباز : ایک بار۔
۲ آتشبازی : ایک بار۔
۳ آثار : چھے بار [مرکب]۔

آثارِ جلالی وجمالی: ہیں شہ میں صفاتِ ذوالجلالی باہم — آثار جلالی و جمالی باہم — ص۲۵۳

آثارِ زخمِ دنداں: دیکھیے: جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں۔

آثارِ ظہورِ شام: صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام ہے — غافلاں! آغازِ کار آئینۂ انجام ہے — ص۱۰۱

آج[1]: (۱) نشّے میں گم کردہ رہ آیا وہ مستِ فتنہ خو — آج رنگِ رفتہ، دورِ گردشِ ساغر ہوا — ص۲۰

(۲) دُود کو آج اُس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی — وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتم خانہ تھا — ص۲۵

(۳) صورتِ دیبا تپش سے میری غرقِ خوں ہے آج — خارِ پیراہن، رگِ بستر کو نشتر ہوگیا — ص۲۹

(۴) اے اسدؔ! ہے مستعدِّ شانۂ گیسو شدن — پنجۂ مژگاں بخود بالیدنی رکھتا ہے آج — ص۳۵

[چھے بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۳۴]:

(۵) معزولیِ تپش ہوئی افراطِ انتظار — چشمِ کشودہ حلقۂ بیرونِ در ہے آج

(۶) حیرت فروشِ صد نگرانی ہے اضطرار — ہر رشتہ چاکِ جَیب کا تارِ نظر ہے آج

(۷) ہوں داغِ نیم رنگیِ شامِ وصالِ یار — نورِ چراغِ بزم سے جوشِ سحر ہے آج

(۸) کرتی ہے عاجزی سفرِ سوختن تمام — پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج

(۹) تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی — دُودِ چراغِ خانہ غبارِ سفر ہے آج

(۱۰) دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ — مرغِ خیال بلبلِ بے بال و پر ہے آج

[چار بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۱۶۵]:

(۱۱)،(۱۲) گلشن میں بندوبست بہ رنگِ دگر ہے آج — قمری کا طوق حلقۂ بیرونِ در ہے آج

(۱۳) آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ — تارِ نَفَس، کمندِ شکارِ اثر ہے آج

(۱۴) اے عافیت! کنارہ کر، اے انتظام! چل — سیلابِ گریہ درپئے دیوار و در ہے آج

[تین بار بہ طورِ جزوِ ردیفِ رباعی، ص۴۵۷]:

(۱۵)،(۱۶)،(۱۷) گلخن، شررِ اہتمام بستر ہے آج — یعنی تبِ عشق شعلہ پرور ہے آج

---

[1] آج : پینسٹھ بار۔

ہوں دردِ ہلاکِ نامہ بر سے بیمار — قارورہ مرا خونِ کبوتر ہے آج

[تین بار بہ طورِ جزوِ ردیفِ رباعی، ص۱۱۸]:

(۱۸)،(۱۹)،(۲۰) دل، سوزِ جنوں سے جلوہ منظر ہے آج — نیرنگِ زمانہ فتنہ پرور ہے آج

یک تارِ نفس میں جوں طنابِ صبّاغ — ہر پارۂ دل بہ رنگِ دیگر ہے آج

(۲۱) شوقِ بے پروا کے ہاتھوں مثلِ سازِ نادرست — کھنچتا ہے آج نالے خارج از آہنگِ دل — ص۵۳

(۲۲) چربیِ پہلوے خیال، رزقِ دو عالم احتمال — کل ہے جو وعدۂ وصال، آج بھی اے خدا! سمجھ — ص۷۳

(۲۳) مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید — یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی — ص۷۷

(۲۴) عرش پر تیرے قدم سے ہے دماغِ گردِ راہ — آج تنخواہِ شکستن ہے کُلہِ جبریل کی — ص۹۱

(۲۵) ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کوئے کہ آج — آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں ہے مجھے — ص۱۰۰

(۲۶) عجز و نیاز سے تو نہ آیا وہ راہ پر — دامن کو اُس کے آج حریفانہ کھینچیے — ص۱۰۵

(۲۷) اسدؔ! ہے آج مژگانِ تماشا کی حنا بندی — چراغانِ نگاہ و شوخیِ اشکِ جگر گوں ہے — ص۱۱۲

(۲۸) مژدۂ دیدار سے رُسوائیِ اظہار دور — آج کی شب چشمِ کوکب تک پریدن منع ہے — ص۱۱۳

(۲۹) آج مجھ سا نہیں زمانے میں — شاعرِ نغز گوے، خوش گفتار — ص۱۲۶

(۳۰) جانتا ہوں کہ آج دنیا میں — ایک ہی ہے اُمید گاہِ انام — ص۱۳۶

(۳۱) غنچہ پھر لگا کھلنے، آج ہم نے اپنا دل — خوں کیا ہوا دیکھا، گُم کیا ہوا پایا — ص۱۴۳

(۳۲) نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں — نظارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت — ص۱۴۷

(۳۳) آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ — کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا — ص۱۴۵

(۳۴) بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں، ورنہ — سبب کیا خواب میں آ کر تبسّم ہاے پنہاں کا؟ — ص۱۵۷

(۳۵) مے وہ کیوں بہت پیتے بزمِ غیر میں، یا رب! — آج ہی ہوا منظور اُن کو امتحاں اپنا — ص۱۵۹

(۳۶) کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول — آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھُلا — ص۱۶۱

(۳۷) ہے خبر گرم اُن کے آنے کی — آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا — ص۱۶۴

(۳۸) کچھ تو پڑھیے کہ لوگ کہتے ہیں — آج غالبؔ غزل سرا نہ ہوا — ص۱۶۲

(۳۹) آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں؟ — مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اَور — ص۱۷۰

(۴۰) تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک — بے اختیار دوڑے ہے گل در قفائے گل — ص۱۷۶

(۴۱) شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا؟ کہ آج — گردِ ساحل ہے بہ زخمِ موجۂ دریا، نمک — ص۱۷۵

(۴۲) لے گئی ساقی کی نخوت قلزم آشامی مری — موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں — ص۱۸۵

(۴۳) آج ہم اپنی پریشانیِ خاطر اُن سے — کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھیے کیا کہتے ہیں — ص۱۸۷

(۴۴) کل کے لیے کر آج نہ خسّت شراب میں — یہ سوءِظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں — ص۱۸۹

(۴۵) ہیں آج کیوں ذلیل؟ کہ کل تک نہ تھی پسند — گستاخیِ فرشتہ ہماری جناب میں — ص۱۸۹

(۴۶) کوئی کہے کہ شبِ مہ میں کیا بُرائی ہے! — بلا سے، آج اگر دن کو ابرو باد نہیں — ص۱۹۲

(۴۷) کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں — کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں — ص۱۹۲

(۴۸) شب کو کسی کے خواب میں آیا نہ ہو کہیں — دُکھتے ہیں آج اُس بُتِ نازک بدن کے پاؤں — ص۱۹۶

(۴۹) دل و مژگاں کا جو مقدمہ تھا — آج پھر اُس کی روبکاری ہے — ص۲۲۳

(۵۰) ساقی گری کی شرم کرو آج، ورنہ ہم — ہر شب پیا ہی کرتے ہیں مَے جس قدر ملے — ص۲۳۶

(۵۱) رکھیو غالبؔ مجھے اِس تلخ نوائی میں معاف — آج کچھ درد مرے دل میں سِوا ہوتا ہے — ص۲۴۱

(۵۲) یہ ضد کہ آج نہ آوے اور آئے بِن نہ رہے — قضا سے شکوہ ہمیں کس قدر ہے، کیا کہیے! — ص۲۴۷

(۵۳) بس کہ فَعّالِ مایُرید ہے آج — ہر سلحشور انگلستاں کا — ص۲۶۰

(۵۴) رام پور آج ہے وہ بُقعۂ معمور کہ ہے — مرجع و مجمعِ اشرافِ نژادِ عالم — ص۲۶۵

(۵۵) آج یہ قدر دانِ معنی ہے — بادشاہِ جہانِ معنی ہے — ص۲۶۸

(۵۶) پایا قادر نامے نے آج اختتام — اک غزل تم اَور پڑھ لو وَالسّلام — ص۲۷۵

(۵۷) میری سنو کہ آج تم اِس سرزمین پر — حق کے تفضلات سے ہو مرجعِ انام — ص۲۸۲

(۵۸) خوش ہو اے بخت! کہ ہے آج ترے سر سہرا — باندھ شہ زادہ جواں بخت کے سر پر سہرا — ص۲۸۷

(۵۹) خراجِ بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج | کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پُرشکن، تکیہ | ص ۳۰۳
(۶۰) تحریر ہے یہ غالبِ یزداں پرست کی | تاریخ اِس کی: آج نویں ہے اگست کی | ص ۳۱۲
(۶۱) دیدہ خوں بار ہے مدت سے ولے آج ندیم! | دل کے ٹکڑے بھی کئی،خون کے شامل آئے | ص ۳۱۲
(۶۲) آج یک شنبے کا دن ہے، آؤ گے؟ | یا فقط رستا ہمیں بتلاؤ گے | ص ۳۱۲
(۶۳) شہر میں چھڑیوں کے میلے کی ہے بھیڑ | آج عالم اور ہی بازار کا | [قادرنامہ]
(۶۴) لال ڈگی پر کرے گا جا کے کیا؟ | پُل پہ چل، ہے آج دن اتوار کا | [قادرنامہ]
(۶۵) کیا کہیں کھائی ہے حافظ جی کی مار | آج ہنستے آپ جو کِھل کِھل نہیں | [قادرنامہ]

آخر[1]:
(۱) جوشِ بیدادِ تپش سے ہوئی عریاں آخر | شاخِ گلبن پہ صبا، چھوڑ کے پیراہنِ خار | ص ۳
(۲) شوخیِ رنگِ حنا خونِ وفا سے کب تک؟ | آخر اے عہد شکن! تو بھی پشیماں نکلا | ص ۱۳
(۳) کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں لیکن آخر | جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا | ص ۱۳
(۴) ضبطِ گریہ گہرِ آبلہ لایا آخر | پاے صد موج بہ طوفاں کدۂ دل باندھا | ص ۱۴
(۵) نہ بھولا اضطرابِ دم شماری انتظار اپنا | کہ آخر شیشۂ ساعت کے کام آیا غبار اپنا | ص ۱۵
(۶) اُگی اک پنبۂ روزن سے تھی چشمِ سفید آخر | حیا کو انتظارِ جلوہ ریزی کے کمیں پایا | ص ۲۲
(۷) دیدار طلب ہے دلِ وامانده کہ آخر | نوکِ سرِ مژگاں سے رقم ہو گلۂ پا | ص ۲۹

[پانچ بار بہ طورِ ردیف، ص ۴۰]:
(۸) خطِ نوخیز: نیلِ چشم زخمِ صافیِ عارض | لیا آئینے نے حرزِ پرِ طوطی بہ چنگ آخر
(۹) ہلال آسا تہی رہ گر کُشادن ہاے دل چاہے | ہوا مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر
(۱۰) تڑپ کر مرگیا وہ صیدِ بال افشاں کہ مضطر تھا | ہوا ناسورِ چشمِ تعزیت زخمِ خدنگ آخر
(۱۱) لکھی یاروں کی بدمستی نے مے خانے کی پامالی | ہوئی قطرہ فشانی ہاے مے بارانِ سنگ آخر
(۱۲) اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے | نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہاے چنگ آخر

---

[1] آخر : اڑتالیس بار [مفرد: سینتالیس بار، مرکب: ایک بار]۔ آخرِ کار : ایک بار۔

[چھے بار بہ طور ردیف، ص ۴۱، ۱۶۸]:

(۱۳)، (۱۴) دیا یاروں نے بے ہوشی میں درماں کا فریب آخر   ہوا سکتے سے میں آئینۂ دستِ طبیب آخر

(۱۵) رگِ گُل، جادۂ تارِ نگہ سے حد موافق ہے   ملیں گے منزلِ الفت میں ہم اور عندلیب آخر

(۱۶) غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری سے   نیازِ پرفشانی ہوگیا صبر و شکیب آخر

(۱۷) اسدؔ کی طرح میری بھی، بغیر از صبحِ رُخساراں   ہوئی شامِ جوانی اے دلِ حسرت نصیب! آخر

(۱۸) ستم کش مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں   تکلف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر   ص ۱۶۸

[تین بار بہ طور ردیف، ص ۱۶۸]:

(۱۹)، (۲۰) صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر   تغیّر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر

(۲۱) نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی   ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر

(۲۲) ہم غلط سمجھے تھے، لیکن زخمِ دل پر رحم کر   آخر اِس پردے میں تو ہنستی تھی اے صبحِ وصال!   ص ۵۲

(۲۳) ڈر نالہ ہائے زار سے میرے، خدا کو مان   آخر نوائے مرغِ گرفتار بھی نہیں   ص ۱۸۴

(۲۴) بوسہ نہیں، نہ دیجیے، دشنام ہی سہی   آخر زباں تو رکھتے ہو تم، گر دہاں نہیں   ص ۱۸۸

(۲۵) حد چاہیے سزا میں عقوبت کے واسطے   آخر گناہگار ہوں، کافر نہیں ہوں میں   ص ۱۹۰

(۲۶) بیدادِ وفا دیکھ کہ جاتی رہی آخر   ہرچند مری جان کو تھا ربط لبوں سے   ص ۲۰۱

(۲۷) ولا! یہ درد و الم بھی تو مغتنم ہے کہ آخر   نہ گریۂ سحری ہے نہ آہِ نیم شبی ہے   ص ۲۰۵

(۲۸) رونے سے اے ندیم! ملامت نہ کر مجھے   آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کرے کوئی   ص ۲۱۵

(۲۹) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر   آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے   ص ۲۱۹

(۳۰) ہستی ہے نہ کچھ عدم ہے غالبؔ!   آخر تو کیا ہے اے نہیں ہے!   ص ۲۲۹

(۳۱) دلِ ناداں! تجھے ہوا کیا ہے؟   آخر اِس درد کی دوا کیا ہے؟   ص ۲۳۸

(۳۲) کریں گے کوہکن کے حوصلے کا امتحاں آخر   ابھی اُس خستہ کے نیروے تن کی آزمایش ہے   ص ۲۴۴

(۳۳) اب تو مل جائے گی تیری ان سے سانٹھ   لیکن آخر کو پڑے گی ایسی گانٹھ   ص ۲۶۶

(۳۴) اُلفتِ زر ہمہ نقصاں ہے کہ آخر قاروں — زیرِ بارِ غمِ دام و درم چند رہا — ص۳۳۶
(۳۵) روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر — فانوس، کفن بہرِ چراغِ سحری ہے — ص۳۵۳
(۳۶) ہوا شرمِ تہی دستی سے وہ بھی سرنگوں آخر — بس اے زخمِ جگر! اب دیکھ لی شورش نمک داں کی — ص۷۷
(۳۷) اضطرابِ عمر بے مطلب نہیں آخر کہ ہے — جستجوے فرصتِ ربطِ سرِ زانو مجھے — ص۷۸
(۳۸) ہے دلِ افسردہ، داغِ شوخیِ مطلب اسدؔ! — شعلہ آخر فالِ مقصودِ چراغِ کشتہ ہے — ص۸۰
(۳۹) رہا بے قدر دل در پردۂ جوشِ ظہور آخر — گل و نرگس بہم، آئینہ و اقلیمِ کوراں ہے — ص۸۱
(۴۰) جس طرف سے آئے ہیں آخر اُدھر ہی جائیں گے — مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم بیہودہ ہے — ص۱۰۳
(۴۱) عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت معلوم! — عیسیٰ آخر بہ کفِ آئینۂ تصویر آوے — ص۱۱۳
(۴۲) کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار — ص۱۲۶
(۴۳) فائدہ کیا، سوچ، آخر تو بھی دانا ہے اسدؔ! — دوستی ناداں کی ہے، جی کا زیاں ہوجائے گا — ص۱۵۱
(۴۴) ذکر اُس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا — بن گیا رقیب آخر، تھا جو رازداں اپنا — ص۱۵۹
(۴۵) ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا نہ سہی — آخر اُس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا! — ص۱۵۹
(۴۶) عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے — کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمارِ دوست — ص۱۶۳
(۴۷) نہ لڑ ناصح سے غالبؔ! کیا ہوا گر اُس نے شدّت کی — ہمارا بھی تو آخر زور چلتا ہے گریباں پر — ص۱۶۷

آخرِ کار: آخرِ کار گرفتارِ سرِ زلف ہوا — دلِ دیوانہ کہ وارستۂ ہر مذہب تھا — ص۲۴

آخرِ ماہِ صفر: ہے چار شنبہ آخرِ ماہِ صفر، چلو — رکھ دیں چمن میں، بھر کے مئے مشک بو کی ناند — ص۱۲۸

آداب[۱]: دیکھیے: (۱) گردابِ دو عالم آداب۔ (۲) رہ و رسمِ طرحِ آداب۔

آدابِ وقار و تمکیں: دیکھیے: خارجِ آدابِ وقار و تمکیں۔

آدرفشاں[۲]: ہے تنگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو — ہے عارِ دل، نفس اگر آدر فشاں نہیں — ص۱۸۸

آدم[۳]: (۱) چاہے گر جنّت، جُز آدم وارثِ آدم نہیں — شوخیِ ایمانِ زاہد سستیِ تدبیر ہے — ص۹۵

---

۱ آداب : تین بار [مرکّب]۔
۲ آدر : ایک بار [مرکّب]۔
۳ آدم : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔

(۲) نہ کھاتے گیہوں، نکلتے نہ خلد سے باہر — جو کھاتے حضرتِ آدم یہ بیسنی روٹی — ص ۱۲۳

(۳) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن — بہت بے آبرو ہوکر ترے کوچے سے ہم نکلے — ص ۲۲۹

(۴) دیکھیے: مرجع و مجمعِ اشرافِ نژادِ آدم۔

آدم[۱]: (۱) دیکھیے: آدم[۱]۔ (۲) دیکھیے: یک قدِّ آدم۔

آدمی[۲]: (۱) یقیں ہے آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو — دمِ تیغِ توکّل سے اگر پائے سبب کاٹے — ص ۹۸

(۲) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا — ص ۱۵۰

(۳) پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق — آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا؟ — ص ۱۵۹

(۴) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں — موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں! — ص ۱۹۳

(۵) ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال — ہم انجمن سمجھتے ہیں، خلوت ہی کیوں نہ ہو — ص ۱۹۴

(۶) یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے — ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو — ص ۲۰۰

(۷) عشق نے غالبؔ! نکمّا کردیا — ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے — ص ۲۵۰

(۸) کوئی وھاں سے نہ آسکے یھاں تک — آدمی وھاں نہ جاسکے یھاں کا — ص ۲۶۰

(۹) سب سے یہ گوشہ کنارے ہے، گلے لگ جا مرے — آدمی کو کیوں پکارے ہے، گلے لگ جا مرے — ص ۲۹۱

(۱۰) تو نے دیکھا، مجھ پہ کیسی بن گئی اے رازدار! — خواب و بیداری پہ کب ہے آدمی کو اختیار — ص ۲۸۹

آدھی[۳]: [تین بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۲۸۹ (تضمین)]:

(۱)، (۲)، (۳) گھستے گھستے پانْو میں زنجیر آدھی رہ گئی — مرگئے، پر قبر کی تعمیر آدھی رہ گئی

سب ہی پڑھتا کاش! کیوں تکبیر آدھی رہ گئی۔

آدینہ[۴]: دیکھیے: خونِ آدینہ۔

آراستہ[۵]: بزمِ سلطانی ہوئی آراستہ — کعبۂ امن و اماں کا در کھلا — ص ۱۳۹

آرام[۶]: (۱) عکسِ رُخِ افروختہ تھا تصویر بہ پُشتِ آئینہ — شوخ نے وقتِ حُسن ترازی تمکیں سے آرام کیا — ص ۲۶

---

۱ آدم : دوبار [مرکّب]۔

۲ آدمی : دس بار۔

۳ آدھی : تین بار۔

۴ آدینہ : ایک بار [مرکّب]۔

۵ آراستہ : ایک بار۔

۶ آرام : دس بار [مفرد: چھے بار، مرکّب: چار بار]۔

(۲) آتش و آب و باد و خاک نے لی وضعِ سوز و نم و رم و آرام ص۱۳۸

(۳) حُسن، غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد ص۱۶۶

(۴) ہوسِ گل کا تصور میں بھی کھٹکا نہ رہا عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے ص۲۲۲

(۵) اپنا وہ نہیں شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں اُس در پہ نہیں بار تو کعبے ہی کو ہو آئے ص۲۳۹

(۶) نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے ص۲۴۵

(۷) سامانِ خور و خواب کہاں سے لاؤں آرام کے اسباب کہاں سے لاؤں ص۲۵۴

(۸) دیکھیے: فرصتِ آرام۔

آرامِ جان وتن: دیکھیے: موجبِ آرامِ جان وتن۔

آرامِ فنا: قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ رفتار، نہیں بیش تر از لغزشِ پا، ہیچ ص۳۶

آرامیدگی: دیکھیے: محوِ آرامیدگی۔

آرامیدن[1]: دیکھیے: تہمتِ آرامیدن۔

آرامیدنی: خوشا مستی! کہ جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل سے نگہ شمشیر میں جوں جوہر آرامیدنی جانے ص۱۱۵

آرامیدہ: دیکھیے: دلِ آرامیدہ۔

آرایش[2]: (۱) تیری آرایش کا استقبال کرتی ہے بہار جوہرِ آئینہ ہے یھاں نقشِ احضارِ چمن ص۵۹

(۲) خطِ نوخیز کی آئینے میں دی کس نے آرایش کہ ہے تہ بندیِ پرہائے طوطی رنگ جوہر کا ص۳۳۴

(۳) نہیں ہے خالی آرایش سے بے سامانیِ عاشق شکستِ حال، اندازِ آفرینِ کج کلاہی ہے ص۴۵۵

دیکھیے ———: (۴) وقتِ آرایش۔ (۵) محوِ آرایش۔

آرایشِ بزمِ وصال: رہنِ خاموشی میں ہے آرایشِ بزمِ وصال ہے پرِ پروازِ رنگِ رفتۂ خوں، گفتگو ص۷۹

آرایشِ بیداد: ہے ترحّم آفریں آرایشِ بیداد یھاں اشکِ چشمِ دام ہے ہر دانۂ صیاد یھاں ص۵۷

آرایشِ جمال: آرایشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں ص۱۸۹

---

[1] آرامیدن : ایک بار[مرکّب]۔ آرامیدہ : ایک بار[مرکّب]۔
آرامیدگی : ایک بار[مرکّب]۔ آرامیدنی : ایک بار۔ [2] آرایش : بارہ بار[مفرد: تین بار، مرکّب: نوبار]۔

آرایشِ خمِ کاکل: تو اور آرایشِ خمِ کاکل — میں اور اندیشہ ہائے دور دراز! — ص ۱۷۲

آرایشِ سرو دستار: پیر و مرشد! اگرچہ مجھ کو نہیں — ذوقِ آرایشِ سر و دستار — ص ۱۲۶

آرایشِ فردوسِ بریں: کس سے ہو سکتی ہے مدّاحیِ ممدوحِ خدا؟ — کس سے ہو سکتی ہے آرایشِ فردوسِ بریں؟ — ص ۱۳۵

آرایشِ وصل: بہ تحیّر کدۂ فرصتِ آرایشِ وصل — دلِ شب آئنہ دارِ تپشِ کوکب تھا — ص ۲۴

آرزو[1]: (۱) اگر آرزو ہے راحت، تو عبث بہ خوں تپیدن — کہ خیال ہو تعب کش بہ ہوائے کامرانی — ص ۱۰

(۲) اگر آرزو رسا ہو، پئے دردِ دل دوا ہو — وہ اجل کہ خوں بہا ہو بہ شہیدِ ناتوانی — ص ۱۰

(۳) گر شہادت آرزو ہے، نشّے میں گستاخ ہو — بالِ شیشے کا، رگِ سنگِ فساں ہو جائے گا — ص ۲۰

(۴) مژہ فرشِ رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر — بہ پائے خفتہ سیرِ وادیِ پُر خار بستر ہے — ص ۸۵

(۵) میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالبؔ! کہ دل — دیکھ کر طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا جل گیا — ص ۱۵۱

(۶) غالبؔ! مجھے ہے اُس سے ہم آغوشی آرزو — جس کا خیال ہے گلِ جَیبِ قبائے گل — ص ۱۷۶

(۷) دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں — ورنہ یہاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے — ص ۲۱۰

(۸) مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائے گی — وائے ناکامی! کہ اُس قاتل کا خنجر تیز ہے — ص ۲۱۳

(۹) طبع ہے مشتاقِ لذّت ہائے حسرت، کیا کروں! — آرزو سے ہے شکستِ آرزو مطلب مجھے — ص ۲۱۴

(۱۰) جُز زخمِ تیغِ ناز، نہیں دل میں آرزو — جَیبِ خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے — ص ۲۱۶

(۱۱) چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو — سرمے سے تیز دشنۂ مژگاں کیے ہوئے — ص ۲۲۶

(۱۲) مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی — موت آتی ہے، پر نہیں آتی — ص ۲۳۸

(۱۳) رہی نہ طاقتِ گفتار، اور اگر ہو بھی — تو کس اُمید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے — ص ۲۴۲

(۱۴) ہے بندے کو اعادۂ عزّت کی آرزو — چاہیں اگر حضور تو مشکل نہیں یہ کام — ص ۲۸۳

دیکھیے ____: (۱۵) انجمنِ آرزو۔ (۱۶) اوّلِ درسِ آرزو۔ (۱۷) پست فطرتیِ طبعِ آرزو۔ (۱۸) تپشِ نبضِ آرزو۔ (۱۹) جوشِ خونِ آرزو۔ (۲۰) جَیبِ آرزو۔ (۲۱) خارِ پیرہنِ آرزو۔ (۲۲) دستِ آرزو۔ (۲۳) ساغر

---

[1] آرزو : چونتیس بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: بیس بار]۔ — آرزوئیں : ایک بار۔
آرزوہا : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

کشِ خونِ آرزو۔(۲۴) سلسلۂ آرزو۔(۲۵) سرو برگِ آرزو۔(۲۶)،(۲۷)،(۲۸) شکستِ آرزو [تین بار]۔
(۲۹) شر و شورِ آرزو۔(۳۰) فریبِ آرزو۔(۳۱) قافلۂ آرزو۔(۳۲) ماتمِ یک شہر آرزو۔(۳۳) نازکیِ طبعِ
آرزو۔(۳۴) وبالِ ہزار آرزو۔

آرزو تاویل: دیکھیے: جُرمِ آرزو تاویل۔

آرزوخرامی: حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزوخرامی! دل جوشِ گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی ص۲۰۳

آرزوشہیدِ وفا: اے آرزو شہیدِ وفا! خوںبہا نہ مانگ جُز بہرِ دست و بازوے قاتل دعا نہ مانگ ص۵۰

آرزوہا: سرنوشتِ خلق ہے طغراے عجزِ اختیار آرزوہا خار خارِ چینِ پیشانی عبث ص۴۴

آرزوئیں: دیکھیے: لاکھوں آرزوئیں۔

آرزوے بخششِ خاص: ہے مجھے آرزوے بخششِ خاص گر تجھے ہے اُمیدِ رحمتِ عام ص۱۳۶

آرزوے بوسہ: دیکھیے: داغِ آرزوے بوسہ۔

آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں: ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کوئے کہ آج آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں ہے مجھے ص۱۰۰

آرزوے خانہ آبادی: آرزوے خانہ آبادی نے ویراں تر کیا کیا کروں، گر سایۂ دیوار سیلابی کرے ص۱۰۰

آرزوے دوست: نہیں گر ہمدمی آساں، نہ ہو، یہ رشک کیا کم ہے نہ دی ہوتی خدایا! آرزوے دوست، دشمن کو ص۱۹۸

آرزوے گلچینی: مے کدے میں ہو اگر آرزوے گلچینی بھول جا یک قدحِ بادہ بہ طاقِ گلزار ص۱۳۲

آرزوے مرگِ غالبؔ: تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اِس طرف مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالبؔ! مژدہ باد! ص۳۸

آرمیدگی: (۱) ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے صبحِ وطن ہے خندۂ دنداں نما مجھے ص۲۰۶
(۲) دیکھیے: ہوسِ آرمیدگی۔

آرمیدن[۱]: حکمِ بیتابی نہیں اور آرمیدن منع ہے باوجودِ مشقِ وحشت ہا رمیدن منع ہے ص۱۱۲

آرمیدہ: (۱) ممکن نہیں کہ بھول کے بھی آرمیدہ ہوں میں دشتِ غم میں آہوے صیاد دیدہ ہوں ص۲۹۹
(۲) دیکھیے: یک نَفَسِ آرمیدہ۔

---

[۱] آرمیدن : ایک بار۔
آرمیدگی : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
آرمیدہ : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

آرے[۱] : کس روز تہمتیں نہ تراشا کیے عدو؟ — کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کیے؟ ص ۲۴۳

آزاد[۲] : (۱) قید میں بھی ہے اسیری، آزاد — چشمِ زنجیر کو وا باندھتے ہیں ص ۵۸

(۲) سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے — پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا ص ۱۵۰

دیکھیے ـــــــ: (۳) خاطرِ آزاد۔ (۴) نشۂ مینا آزاد۔

آزادمرد: یہ لاشِ بے کفن اسدِ خستہ جاں کی ہے — حق مغفرت کرے! عجب آزاد مرد تھا ص ۱۵۵

آزادگی: دیکھیے: سررشتۂ آزادگی۔

آزادوں: غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس — برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم ص ۱۷۷

آزادہ: دیکھیے: دلِ آزادہ۔

آزادہ رَو: آزادہ رو ہوں اور مرا مسلک ہے صُلحِ کُل — ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے ص ۱۲۵

آزادہ وخودبیں: بندگی میں بھی وہ آزادہ وخود بیں ہیں کہ ہم — اُلٹے پھر آئے، درِ کعبہ اگر وا نہ ہوا ص ۱۶۲

آزادی[۳] : (۱) بہ تختی ہاے قیدِ زندگی معلوم آزادی — شرر بھی صیدِ دامِ رشتۂ رگ ہاے خارا ہے ص ۸۵

دیکھیے ـــــ: (۲) اُمیدِ آزادی۔ (۳) باوصفِ آزادی۔ (۴) رہنِ آزادی۔ (۵) سعیِ آزادی۔ (۶) لطفِ آزادی۔

آزادیِ عشق: دیکھیے: دعویِ آزادیِ عشق۔

آزادیِ نسیم: ~~آزادیِ نسیم مبارک~~! کہ ہر طرف — ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہواے گل ص ۱۷۶

آزار[۴] : (۱) یہاں تک انصاف نوازی کہ اگر ریزۂ سنگ — بے خبر، دے بہ کفِ پاے مسافر آزار
یک بیاباں تپشِ بالِ شرر سے، صحرا — مغزِ کہسار میں کرتا ہے فرو نشترِ خار ص ۴

(۲) کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار ص ۱۳۶

(۳) دے مجھ کو شکایت کی اجازت کہ ستمگر! — کچھ تجھ کو مزا بھی مرے آزار میں آوے ص ۲۳۴

دیکھیے ـــــ: (۴) بقدرِ لذّتِ آزار۔ (۵) بے سبب آزار۔ (۶) جگر تشنۂ آزار۔ (۷) حریصِ لذّتِ آزار۔

۱ـ آرے : ایک بار۔

۲ـ آزاد : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکّب: تین بار]۔
آزادگی : ایک بار [مرکّب]۔ آزادوں : ایک بار۔
آزادوں : ایک بار۔
آزادہ : تین بار [مرکّب]۔

۳ـ آزادی : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: سات بار]۔

۴ـ آزار : نو بار [مفرد: تین بار، مرکّب: چھے بار]۔

(۸) حسرتِ لذّتِ آزار۔ (۹) سپاسِ لذّتِ آزار دوست [مزید دیکھیے: کم آزار]۔

آزر[1]: دیکھیے: بُت خانۂ آزر۔

آزردگاں: دیکھیے ــــــــ: (۱) بے موجب آزردگاں۔ (۲) دل آزردگاں۔ (۳) غبارِ خاطرِ آزردگاں۔

آزردگی: ہرچند عمر گزری آزردگی میں لیکن — ہے شرحِ شوق کو بھی جوں شکوہ ناتمامی — ص۷۵

آزردگیِ یار: میں سادہ دل آزردگیِ یار سے خوش ہوں — یعنی سبقِ شوق مکرّر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

آزردہ[2]: (۱) ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے — تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے — ص۲۰۱

(۲) رہے اُس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلّف سے — تکلّف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی — ص۲۰۲

دیکھیے ــــــــ: (۳)، (۴) دلِ آزردہ [دوبار]۔ (۵) عنوانِ بیانِ دلِ آزردہ۔

آزمایش[3]: [بارہ مرتبہ بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۲۴۴]:

(۱)، (۲) حضورِ شاہ میں اہلِ سخن کی آزمایش ہے — چمن میں خوش نوایانِ چمن کی آزمایش ہے

(۳)، (۴) قد و گیسو میں قیس و کوہکن کی آزمایش ہے — جہاں ہم ہیں، وہاں دار و رسن کی آزمایش ہے

(۵) کریں گے کوہکن کے حوصلے کا امتحاں آخر — ابھی اُس خستہ کے نیروے تن کی آزمایش ہے

(۶) نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہَوا خواہی — اُسے یوسف کی بوے پیرہن کی آزمایش ہے

(۷) وہ آیا بزم میں، دیکھو نہ کہیو پھر کہ غافل تھے! — شکیب و صبرِ اہلِ انجمن کی آزمایش ہے

(۸) رہے دل ہی میں تیر، اچھا؛ جگر کے پار ہو، بہتر — غرض شستِ بُتِ ناوک فگن کی آزمایش ہے

(۹) نہیں کچھ سُبحہ و زُنّار کے پھندے میں گیرائی — وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمایش ہے

(۱۰) پڑا رہ اے دلِ وابستہ! بیتابی سے کیا حاصل — مگر پھر تابِ زلفِ پُرشکن کی آزمایش ہے

(۱۱) رگ و پَے میں جب اُترے زہرِ غم تب دیکھیے کیا ہو — ابھی تو تلخیِ کام و دہن کی آزمایش ہے

---

[1] آزر : ایک بار [مرکّب]۔
[2] آزردہ : پانچ بار [مفرد: دوبار، مرکّب: تین بار]۔
آزردگاں : تین بار [مرکّب]۔
آزردگی : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
[3] آزمایش : بارہ بار۔

(۱۲) وہ آویں گے مرے گھر، وعدہ کیسا، دیکھنا غالبؔ — نئے فتنوں میں اب چرخِ کہن کی آزمایش ہے

آس[۱]: سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے — تسکیں کو دے نوید کہ مرنے کی آس ہے — ص ۲۰۴

آسان[۲]: (۱) بہ ہوس دردِ سرِ اہلِ سلامت تا چند! — مشکلِ عشق ہوں، مطلب نہیں آساں میرا — ص ۲۱

(۲) نہیں ہے باوجودِ ضعف سیرِ بے خودی آساں — رہِ خوابیدہ میں افگندنی ہے طرحِ منزل ہا — ص ۲۳

(۳) تکلف برطرف، فرہاؔد اور اتنی سبکدستی — خیال آساں تھا لیکن خوابِ خسروؔ نے گرانی کی — ص ۷۷

(۴) اسدؔ کو زیست تھی مشکل، اگر نہ سُن لیتا — کہ قتلِ عاشقِ دل دادہ تجھ کو آساں ہے — ص ۱۰۲

(۵) بہ فیضِ بے دلی نومیدیِ جاوید آساں ہے — کُشایش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا — ۱۳۳

(۶) تھی نوآموزِ فنا ہمتِ دشوار پسند — سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا — ص ۱۳۴

(۷) تھا گریزاں مژۂ یار سے دل تا دمِ مرگ — دفعِ پیکانِ قضا اِس قدر آساں سمجھا — ص ۱۳۷

(۸) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی مُیسّر نہیں انساں ہونا — ص ۱۵۰

(۳) ہوئی یہ بے خودی چشم و زباں کو تیرے جلوے سے — کہ طوطی، قفلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں — ص۵۸

(۴) کیا آئینہ خانے کا وہ نقشا تیرے جلوے نے — کرے جو پرتوِ خرشید عالم شبنمستاں کا — ص۱۵۶

(۵) خوشا! طوطیؔ و گنجِ آشیانہ — نہاں در زیرِ بال آئینہ خانہ — ص۴۵۱

آئینہ دارِ آہِ بے تاثیر: دلِ آگاہ تسکیں خیزِ بیدردی نہ ہو یارب! — نفَس، آئینہ دارِ آہِ بے تاثیر بہتر ہے — ص۱۰۸

آئینہ دارِ شکستن: دیکھیے: یک آئینہ دارِ شکستن۔

آئینہ داری: تماشا! کہ اے محوِ آئینہ داری! — تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں — ص۱۷۹

آئینہ داں: گرمیِ شوق طلب ہے عینِ تاپاکِ وصال — غافلاں! آئینہ داں ہے نقشِ پائے جستجو — ص۶۹

آئینہ رُخاں: دیکھیے: وصلِ آئینہ رُخاں۔

آئینہ طرب: دیکھیے: دلِ آئینہ طرب۔

آئینہ کارتر: سعیِ خرام، کاوشِ ایجادِ جلوہ ہے — جوشِ چکیدنِ عرق آئینہ کارتر — ص۳۱

آئینہ واقلیمِ کوراں: رہا بے قدر دل در پردۂ جوشِ ظہور آخر — گل و نرگس بہم، آئینہ و اقلیمِ کوراں ہے — ص۸۱

آئینہ وشانہ: آئینہ و شانہ ہمہ دست و ہمہ زانو — اے حُسن! مگر حسرتِ پیماں شکنی ہے؟ — ص۱۱۱

آئینہ ہا: ہرذرّہ خاک: عرضِ تمنائے رفتگاں — آئینہ ہا شکستہ و تمثال ہا گرو — ص۶۹

آئینۂ اخلاقِ بہار: لالہ و گل بہم آئینۂ اخلاقِ بہار — ہوں میں وہ داغ کہ پھولوں میں بسایا ہے مجھے — ص۱۰۸

آئینۂ اظہار: وہ پردہ نشیں اور اسدؔ آئینۂ اظہار — شہرت چمنِ فتنہ و عنقا ارمی ہے — ص۱۰۶

آئینۂ انجام: صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام ہے — غافلاں! آغازِ کار آئینۂ انجام ہے — ص۱۰۱

آئینۂ ایجاد: دیکھیے: مومِ آئینۂ ایجاد۔

آئینۂ بادِ بہاری: لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی / چمن، زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا ص۱۳۸

آئینۂ بختِ بیدار: خاکِ صحرائے نجف: جوہرِ سیرِ عرفا / چشمِ نقشِ قدم: آئینۂ بختِ بیدار ص۳۳۲

آئینۂ بہار: دل سے اُٹھا لطفِ جلوہ ہائے معانی / غیرِ گل، آئینۂ بہار نہیں ہے ص۲۰۸

آئینۂ بے زنگ: دیکھیے: صد آئینۂ بے زنگ۔

آئینۂ بے مہریِ قاتل: ہوائے سیرِ گل: آئینۂ بے مہریِ قاتل / کہ اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا ص۱۳۲

آئینۂ پردازِ معانی: گر ملے حضرتِ بیدلؔ کا خطِ لوحِ مزار / اسدؔ آئینۂ پردازِ معانی مانگے ص۷۸

آئینۂ پیدائیِ استغنا: یاس: آئینۂ پیدائیِ استغنا ہے / نااُمیدی: ہے پرستارِ دلِ رنجیدہ ص۴۲

آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں: یاس: تمثالِ بہار آئنۂ استغنا / وہم: آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں ص۷

آئینۂ تاثیر: دیکھیے: صد آئینۂ تاثیر۔

آئینۂ تصویر: عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت معلوم! / عیسیٰؔ آخر بہ کفِ آئینہ تصویر آوے ص۱۱۳

آئینۂ تصویر نما: معلوم ہوا حالِ شہیدانِ گزشتہ / تیغِ ستم آئینۂ تصویر نما ہے ص۲۱۹

(۲) دیکھیے: بزمِ آئینۂ تصویر نما۔

آئینۂ تعبیر: وحشتِ خوابِ عدم شورِ تماشا ہے اسدؔ / جو مژہ جوہر نہیں آئینۂ تعبیر کا ص۱۱

آئینۂ تکرارِ تمنا: دیر و حرم: آئینۂ تکرارِ تمنا / واماندگیِ شوق تراشے ہے پناہیں ص۵۹

آئینۂ تمثال: خود آرا وحشتِ چشمِ پری سے شب وہ بدخو تھا / کہ موم، آئینۂ تمثال کو تعویذِ بازو تھا ص۳۱

آئینۂ تمیز: ہوا ہے مانعِ عاشق نوازی نازِ خود بینی / تکلف برطرف، آئینۂ تمیز حائل ہے ص۷۷

آئینۂ حیرت پرستی: زبس ہر شمع یہاں آئینۂ حیرت پرستی ہے / کرے ہیں غنچۂ منقارِ طوطی نقش گلگیریں ص۶۴

آئینۂ خُور: ہَوا نے ابر سے کی موسمِ گل میں نمد بانی / کہ تھا آئینۂ خُور پر تصور زنگ بستن کا ص۲۷

آئینۂ خیال: (۱) طرزِ آفرینِ نکتہ سرائیِ طبع ہے / آئینۂ خیال کو طوطی نما کہوں ص۵۶

(۲) تمثالِ جلوہ عرض کر، اے حُسن! کب تلک / آئینۂ خیال کو دیکھا کرے کوئی ص۸۷

آئینۂ دریا: دیکھیے: طوفانیِ آئینۂ دریا۔

آئینۂ دستِ طبیب: دیا یاروں نے بے ہوشی میں درماں کا فریب آخر ؎ ہوا سکتے سے مَیں آئینۂ دستِ طبیب آخر ص۴۱

آئینۂ دل: نہ تمنا، نہ تماشا، نہ تحیّر، نہ نگاہ ؎ گردِ جوہر میں ہے آئینۂ دل پردہ نشیں ص۸

(۲) دیکھیے: وحدت خانۂ آئینۂ دل۔

آئینۂ دیوار: سحر گر باغ میں وہ حیرتِ گلزار ہو پیدا ؎ اُڑے رنگِ گُل اور آئینۂ دیوار ہو پیدا ص۳۱

آئینۂ زانو: دیکھیے ـــــــ: (۱) طوطیِ آئینۂ زانو۔ (۲) جوہرِ آئینۂ زانو۔

آئینۂ سنگ: دیکھیے: جوہرِ آئینۂ سنگ۔

آئینۂ شانِ اظہار: تیرا پیمانۂ مے: نسخۂ ادوارِ ظہور ؎ تیرا نقشِ قدم: آئینۂ شانِ اظہار ص۶

آئینۂ صدرنگ خود آرائی: فرصت: آئینۂ صد رنگ خود آرائی ہے ؎ روز و شب: یک کفِ افسوسِ تماشائی ہے ص۱۰۴

آئینۂ صدرنگ نشاط: پردۂ دردِ دل آئینۂ صد رنگ نشاط ؎ بخیۂ زخمِ جگر خندۂ زیرِ لب تھا ص۲۴

آئینۂ طاقِ ہلال: بدر، ہے آئینۂ طاقِ ہلال ؎ غافلاں! نقصاں سے پیدا ہے کمال ص۵۱

آئینۂ ناز: ذرّہ اُس گرد کا: خرشید کو آئینۂ ناز ؎ گرد اُس دشت کی: اُمید کو احرامِ بہار ص۱۳۳

آئینۂ نازپروں: جلوۂ ریگِ رواں دیکھ کہ گردوں ہر صبح ؎ خاک پر توڑے ہے آئینۂ نازِ پروں ص۸

آئینۂ یک پرتوِشوق: دیدہ تا دل اسدؔ آئینۂ یک پرتوِ شوق ؎ فیضِ معنی سے خطِ ساغرِ راقم سرشار ص۱۳۳

آیت[۱] رحمتِ حق: آیتِ رحمتِ حق بسملۂ مصحفِ ناز ؎ مسطرِ موجۂ دیباچۂ درسِ اسرار ص۶

۱۔ آیت : ایک بار [مرتّب]۔

الف

ابتدا[1] : چشمۂ انطباع جاری ہے ابتدائے ورق شماری ہے ص۲۶۸

ابجد[2] : دیکھیے ـــــــ : (۱) قفلِ ابجد۔ (۲) طلسمِ قفلِ ابجد۔

ابجدی: دیکھیے: اطفالِ ابجدی۔

ابد[3] : (۱) ہے ازل سے روائیِ آغاز ہو ابد تک رسائیِ انجام ص۱۳۸

دیکھیے ـــــــ : (۲) سرِ سلسلہ جُنبانیِ صد عمرِ ابد۔ (۳) عیشِ ابد۔

ابداً : نسبتِ نام سے اُس کے ہے یہ رتبہ کہ رہے ابداً پشتِ فلک خم شدۂ نازِ زمیں ص۱۳۴

ابر[4] : (۱) سبحہ گرداں ہے اُسی کے کفِ اُمید کا ابر بیم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زُنّار ص۴

(۲) جوشِ بہار کلفتِ نظارہ ہے اسدؔ! ہے ابر، پنبہ روزنِ دیوارِ باغ کا ص۱۹

(۳) ہَوا نے ابر سے کی موسمِ گل میں نمد بافی کہ تھا آئینۂ خور پر تصور زنگ بستن کا ص۲۷

(۴) ابر روتا ہے کہ بزمِ طرب آمادہ کرو برق ہنستی ہے کہ فرصت کوئی دم ہے ہم کو ص۷۰

(۵) خوشی کیا، کھیت پر میرے اگر سو بار ابر آوے سمجھتا ہوں کہ ڈھونڈھے ہے ابھی سے برق، خرمن کو ص۱۹۸

(۶) سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں! ابر کیا چیز ہے، ہَوا کیا ہے! ص۲۳۸

(۷) خدا نے تجھ کو عطا کی ہے گوہر افشانی درِ حضور پر اے ابر! بار بار برس ص۲۶۳

(۸) جوں نخلِ ماتم ابر سے مطلب نہیں مجھے رنگِ سیاہِ نیل غبارِ سحاب ہے ص۴۵۲

۱۔ ابتدا : ایک بار [مرکّب]۔
۲۔ ابجد : دو بار [مرکّب]۔
ابجدی : ایک بار [مرکّب]۔
۳۔ ابد : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔
ابداً : ایک بار۔
۴۔ ابر : پینتیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکّب: ستائیس بار]۔

دیکھیے ـــــ: (۹) روزِ ابر۔ (۱۰) زہرۂ ابر۔ (۱۱) سرنوشتِ دو جہاں ابر۔ (۱۲) مستی ابر۔ (۱۳) ہر پارۂ ابر۔

ابرِ بہار: باغ شگفتہ تیرا بساطِ نشاطِ دل — ابرِ بہار خم کدہ کس کے دماغ کا؟ ص۱۵۰

دیکھیے ـــــ: (۲) خلیدۂ رگِ ابرِ بہار۔ (۲) رگِ ابرِ بہار۔

ابرِ بہاری: (۱) سیہ مستی ہے اہلِ خاک کو ابرِ بہاری سے — زمیں جوشِ طرب سے جامِ لبریزِ سفالی ہے ص۷۹

(۲) ہے مجھے، ابرِ بہاری کا برس کر کھلنا — روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہو جانا ص۱۵۶

(۳) دیکھیے: رگِ ابرِ بہاری۔

ابرِ بے پرواخرام: اسدؔ! سودائے سرسبزی سے ہے تسلیم رنگیں تر — کہ کشتِ خشک اُس کا، ابرِ بے پرواخرام اُس کا ص۲۳

ابرِ تگرگ بار: اُنھیں کی سال گرہ کے لیے بناتا ہے — ہوا میں بوند کو ابرِ تگرگ بار، گرہ ص۲۷۹

ابرِ چشمِ گریاں: دیکھیے: برقِ ابرِ چشمِ گریاں۔

ابرِ دریابار: دھوئیں سے آگ کے اک ابرِ دریابار ہو پیدا — اسدؔ! حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش ص۴۷

ابرِ دستِ کرمِ کلبِ علی خاں: ابرِ دستِ کرمِ کلبِ علی خاں سے مدام — دُرِ شہوار ہیں، جو گرتے ہیں قطرے پے ہم ص۲۶۵

ابرِ ستارہ بار: مقامِ شکر ہے اے ساکنانِ خطۂ خاک! — رہا ہے زور سے ابرِ ستارہ بار برس ص۲۶۳

ابرِ سیاہ: دیکھیے: رگِ ابرِ سیاہ۔

ابرِ سیہ مست: بہ سنگِ شیشہ توڑوں ساقیا! پیمانۂ پیماں — اگر ابرِ سیہ مست از سوئے کہسار ہو پیدا ص۳۱

ابرِ شفق آلودہ: مجھے اب، دیکھ کر ابرِ شفق آلودہ، یاد آیا — کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر ص۱۶۷

ابرِ گوہر بار: بزم کا التزام گر کیجے — ہے قلم میری ابرِ گوہر بار ص۱۲۶

ابرِ گہر بار: (۱) وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سرِ خاک — گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز ص۱۷۲

(۲) دیکھیے: رگِ ابرِ گہر بار۔

ابرِ مطیر: کہاں ہے ساقیِ مہ وَش؟ کہاں ہے ابرِ مطیر؟ — بیار: لا مے گلنار گوں، ببار: برس ص۲۶۳

ابرِ مے خانہ: دوست اِس سلسلۂ ناز کے جوں سُنبل و گُل — ابرِ مے خانہ کریں ساغرِ خرشید شکار ص۷

ابرِ نیساں: ابرِ نیساں سے ملے موجِ گہر کا تاواں — خلوتِ آبلہ میں گم کرے گر تو رفتار ص۵

ابر و باد: کوئی کہے کہ شبِ مہ میں کیا بُرائی ہے؟ بلا سے، آج اگر دن کو ابر و باد نہیں ص۱۹۲

ابرام[1]: (۱) عشق میں ہم نے ہی ابرام سے پرہیز کیا ورنہ جو چاہیے اسبابِ تمنّا، سب تھا ص۲۲

(۲) بوسہ دینے میں اُن کو ہے انکار دل کے لینے میں جن کو تھا ابرام ص۱۳۷

(۳) ہے قہر گر اب بھی نہ بنے بات کہ اُن کو انکار نہیں اور مجھے ابرام بہت ہے ص۲۲۵

ابراہیم[2]: دیکھیے: نثرِ مدحت سرائے ابراہیم۔

ابرو[3]: (۱) رکھا غفلت نے دور اُفتادۂ ذوقِ فنا ورنہ اشارت فہم کو ہر ناخنِ بُریدہ، ابرو تھا ص۲۲

(۲) نگاہِ ناز نے جب عرضِ تکلیفِ شرارت کی دیا ابرو کو چھیڑا اور اُس نے فتنے کو اشارت کی ص۹۷

(۳) ہاتھ سے رکھ دی کب ابرو نے کماں کب کمر سے غمزے کی خنجر کُھلا ص۱۴۰

(۴) ابرو سے ہے کیا اُس نگہِ ناز کو پیوند ہے تیر مقرر، مگر اُس کی ہے کماں اور ص۱۷۰

دیکھیے ــــــ: (۵) آبِ دمِ شمشیرِ ابرو۔ (۶) شوخیِ ابرو۔ (۷) گوشۂ ابرو۔ (۸) وسمۂ ابرو۔

ابروے بُت: قبلہ و ابروے بُت: یک رہِ خوابیدۂ شوق کعبہ و بُت کدہ: یک محملِ خوابِ سنگیں ص۷

ابروے قضا: دیکھیے: موجِ ابروے قضا۔

ابروے مہِ نَو: بہ حکمِ عجز، ابروے مہِ نَو حیرت ایما ہے کہ یہاں خم کر جبینِ سجدہ فرسا آستانے میں ص۵۸

ابروے یار: دیکھیے ــــــ: (۱) شہیدِ جُنبشِ ابروے یار۔ (۲) کفِ تغافلِ ابروے یار۔ (۳) محوِ شوخیِ ابروے یار۔

ابری[4]: دیکھیے: پیرہنِ کاغذِ ابری۔

ابریشم[5] ساز: محرومِ صدا رہا بغیر از یک تار ابریشمِ ساز موے چینی ہے مجھے ص۴۵۷

ابنائے[6] زماں: دیکھیے: خوبیِ اوضاعِ ابنائے زماں۔

ابنِ[7] علی: دیکھیے: حسینِ ابنِ علی۔

ابنِ مریم: ابنِ مریم ہوا کرے کوئی میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی ص۲۴۲

اُبھار[8]: دل اُس کا پھوڑ کے نکلے بہ شکل پھوڑے کے خدا کرے کہ کرے اِس طرح اُبھار، گرہ ص۲۷۹

۱۔ ابرام : تین بار۔
۲۔ ابراہیم : ایک بار [مرکّب]۔
۳۔ ابرو : چودہ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: دس بار]۔
۴۔ ابری : ایک بار [مرکّب]۔
۵۔ ابریشم : ایک بار [مرکّب]۔
۶۔ اُبنا : ایک بار [مرکّب]۔
۷۔ اِبن : دو بار [مرکّب]۔
۸۔ اُبھار : ایک بار۔

ابہام[1]:	میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدّق توضیح	میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش تفصیل	ص۱۲۴
اتفاق[2]:	دیکھیے: گلشنِ اتفاق۔		
اتفاقِ چشم:	بہ وحشت گاہِ امکاں اتفاقِ چشم مشکل ہے	مہ و خرشید باہم سازِ یک خوابِ پریشاں ہیں	ص۶۲
اتفاقی[3]:	وفائے دلبراں ہے اتفاقی ورنہ اے ہمدم!	اثر فریادِ دل ہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے	ص۲۲۰
اِتمامِ[4] بزمِ عیدِ اطفال:	بعد از اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال	ایّامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال	
	آپہنچے ہیں تا سوادِ اقلیمِ عدم	اے عمرِ گزشتہ! یک قدم استقبال	ص۲۵۲
اتوار[5]:	لال ڈگّی پر کرے گا جا کے کیا؟	پُل پہ چل، ہے آج دن اتوار کا	[قادرنامہ]
اٹھارہ سو[6]:	(۱) سنینِ عیسوی اٹھارہ سو اور اٹھاون	یہ چاہتے ہیں جہاں آفریں سے شام و پگاہ	
	(۲) یہ جتنے سینکڑے ہیں، سب ہزار ہوجاویں	دراز اِس کی ہو عمر اِس قدر، سخن کوتاہ	ص۲۷۸
اٹھاون:	دیکھیے: اٹھارہ سو۔		
اثبات[7]:	(۱) نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش گویا	دی ہے جائے دہن اُس کو دمِ ایجاد، نہیں	ص۱۸۶
	(۲) ہے رنگِ لالہ و گل و نسریں جدا جدا	ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے	ص۲۲۰
اثباتِ یقیں:	تجھ میں اور غیر میں نسبت ہے ولیکن بہ تضاد	وصیِ ختمِ رُسل تو ہے بہ اثباتِ یقیں	ص۹
اثر[8]:	(۱) اسدؔ! مایوس مت ہو گرچہ رونے میں اثر کم ہے	کہ غالب ہے کہ بعد از زاریِ بسیار ہو پیدا	ص۳۱
	(۲) سبب، وارستگاں کو تنگیِ ہمّت ہے، خداوندا!	اثر سُرمے سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گُم ہو	ص۶۸
	(۳) اثر سوزِ محبّت کا قیامت بے محابا ہے	کہ رگ سے سنگ میں تخمِ شرر کا ریشہ پیدا ہے	ص۸۴
	(۴) اثر میں یہاں تک اے دستِ دعا! دخلِ تصرّف کر	کہ سجدہ، قبضۂ تیغِ خمِ محراب ہوجاوے	ص۱۰۵
	(۵) لطفِ خمارِ مے کو ہے در دلِ ہمدگر اثر	پنبۂ شیشۂ شراب کف بہ لبِ ایاغ ہے	ص۱۱۵
	(۶) آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہوتے تک	کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہوتے تک!	ص۱۷۵
	(۷) آہ کا کس نے اثر دیکھا ہے!	ہم بھی ایک اپنی ہوا باندھتے ہیں	ص۱۸۱

۱۔ ابہام : ایک بار۔
۲۔ اتفاق : دو بار [مرکّب]۔
۳۔ اتفاقی : ایک بار۔
۴۔ اتمام : ایک بار [مرکّب]۔
۵۔ اتوار : ایک بار۔
۶۔ اٹھارہ سو : ایک بار۔
۷۔ اثبات : تین بار [مفرد: دوبار، مرکّب: ایک بار]۔
۸۔ اثر : چوبیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکّب: تیرہ بار)۔

(۸) بھلا اُسے نہ سہی، کچھ مجھی کو رحم آتا | اثر مرے نَفَسِ بے اثر میں خاک نہیں | ص ۱۸۴
(۹) وفاے دلبراں ہے اتفاقی، ورنہ اے ہمدم! | اثر فریادِ دل ہاے حزیں کا کس نے دیکھا ہے | ص ۲۲۰
(۱۰) اک گرم آہ کی تو ہزاروں کے گھر جلے | رکھتے ہیں عشق میں یہ اثر ہم جگر جلے | ص ۳۰۴
(۱۱) ہوئی اک عمر صرفِ مشقِ نالہ | اثر موقوف بر عمرِ دگر ہے | ص ۳۵۵

دیکھیے ــــــ: (۱۲) اندازِ اثر۔ (۱۳) سرشکِ نمک اثر۔ (۱۴) طراوتِ سحر ایجادیِ اثر۔ (۱۵) کمندِ شکارِ اثر۔ (۱۶) گردِ تمناے اثر۔

اثرِ آبلہ: اثرِ آبلہ سے جادۂ صحراے جنوں | صورتِ رشتۂ گوہر ہے چراغاں مجھ سے | ص ۲۱۱

اثرِ انتظار: نگاہِ دیدۂ نقشِ قدم ہے جادۂ راہ | گزشتگاں اثرِ انتظار رکھتے ہیں | ص ۹۳

اثرِ بانگِ حزیں: دیکھیے: دردِ اثرِ بانگِ حزیں۔

اثرِ دیدہ: ہنوز اے اثرِ دیدہ! ننگِ رُسوائی | نگاہ فتنہ خرام و درِ دوعالم باز | ص ۴۳

اثرِ شعلہ و دودِ دوزخ: صرفِ اعدا اثرِ شعلہ و دودِ دوزخ | وقفِ احباب گل و سنبلِ فردوس بریں | ص ۱۳۵

اثرِ کمندیِ فریادِ نارسا: اثر کمندیِ فریادِ نارسا معلوم! | غبارِ نالہ کمیں گاہِ مدّعا معلوم! | ص ۵۳

اثرِ گریہ: کی ہم نفَسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر | اچھے رہے آپ اُس سے، مگر مجھ کو ڈبو آئے | ص ۲۳۹

اثرِ نالۂ دل ہاے حزیں: کس نے دیکھا نَفَسِ اہلِ وفا آتش خیز؟ | کس نے پایا اثرِ نالۂ دل ہاے حزیں؟ | ص ۱۳۴

اجابت[۱]: (۱) دے دعا کو مری وہ مرتبۂ حُسنِ قبول | کہ اجابت کہے ہر حرف پہ سو بار آمیں | ص ۱۳۵
(۲) دیکھیے: یقینِ اجابت۔

اجارا[۲]: غالب! ترا احوال سنادیں گے ہم اُن کو | وہ سن کے بُلالیں، یہ اجارا نہیں کرتے | ص ۲۳۴

اجازت[۳]: دے مجھ کو شکایت کی اجازت کہ ستمگر! | کچھ تجھ کو مزا بھی مرے آزار میں آوے | ص ۲۳۴

اجازتِ تسلیمِ ہوش: مَے نے کیا ہے حُسنِ خود آرا کو بے حجاب | اے شوق! ہاں اجازتِ تسلیمِ ہوش ہے | ص ۲۳۰

اِجتہاد[۴]: (۱) یہ اجتہاد عجب ہے کہ ایک دشمنِ دیں | علی سے آکے لڑے اور خطا کہیں اُس کو | ص ۲۸۵

۱۔ اِجابت : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکّب: ایک بار]۔
۲۔ اجارا : ایک بار۔
۳۔ اجازت : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکّب: ایک بار]۔
۴۔ اجتہاد : دوبار۔

(۲) یزید کو تو نہ تھا اجتہاد کا پایہ — بُرا نہ مانیے گر ہم بُرا کہیں اُس کو — ص۲۸۵

اَجزا[1]: ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام — مہرِ گردوں، ہے چراغِ رہ گزارِ بادِ یہاں — ص۱۷۹

اَجزاے ایماں: ہم موحد ہیں، ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم — ملّتیں جب مٹ گئیں، اجزاے ایماں ہوگئیں — ص۱۹۲

اَجزاے بہار: ربطِ یک شیرازۂ وحشت ہیں اجزاے بہار — سبزہ بیگانہ، صبا آوارہ، گُل نا آشنا — ص۱۹

اَجزاے پریشاں: نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالبؔ! — کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزاے پریشاں کا — ص۱۵۷

اجزاے حواس: دیکھیے: بے ربطیِ شیرازۂ اجزاے حواس۔

اجزاے دو عالم دشت: یک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کُھلا — جادہ، اجزاے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا — ص۱۳۶

اجزاے عالم: تمام اجزاے عالم صیدِ دامِ چشمِ گریاں ہے — طلسمِ شش جہت یک حلقۂ گردابِ طوفاں ہے — ص۸۱

اَجزاے قدم: دیکھیے: شیرازۂ اجزاے قدم۔

اجزاے نالہ: اللہ رے تیری تُندیِ خو! جس کے بیم سے — اجزاے نالہ دل میں مرے رزقِ ہَم ہوئے — ص۲۲۶

اجزاے نگاہِ آفتاب: ہوگئے ہیں جمع اجزاے نگاہِ آفتاب — ذرّے اُس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں — ص۱۸۵

اجل[2]: (۱) اگر آرزو رسا ہو، پَے دردِ دل دوا ہو — وہ اجل کہ خوں بہا ہو بہ شہیدِ ناتوانی — ص۱۰

(۲) دیکھیے: حناے پاے اجل۔

اچھا[3]: (۱) بسمل اس تیغِ دو دستی کا نہیں بچتا اسدؔ! — عافیت بیزار! ذوقِ کشتن اچھا نہیں — ص۶۵

(۲) ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی — زیب دیتا ہے، اِسے جس قدر اچھا کہیے — ص۱۲۲

(۳) گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا یوں سہی — یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جاویں گے کیا؟ — ص۱۵۵

(۴) درد، منّت کشِ دوا نہ ہوا — میں نہ اچھا ہوا، بُرا نہ ہوا — ص۱۶۱

(۵) کم نہیں نازشِ ہم نامیِ چشمِ خوباں — تیرا بیمار، بُرا کیا ہے گر اچھا نہ ہوا — ص۱۶۲

(۶) اُن کو غالبؔ! یہ سال اچھا ہے — جو ائمہ کے ہیں تولائی — ص۲۶۳

---

[1] اجزا : دس بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: نو بار]۔
[2] اجل : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: ایک بار]۔
[3] اچھا : تیس بار۔
اچھوں : دو بار۔
اچھی : تین بار۔
اچھے : دو بار۔

(۷) لو، ہم مریضِ عشق کے بیماردار ہیں	اچھا اگر نہ ہو تو مسیحا کا کیا علاج	ص۱۶۵
(۸) آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں	مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اور	ص۱۷۱
(۹) سر کھجاتا ہے، جہاں زخمِ سر اچھا ہو جائے	لذّتِ سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں	ص۱۸۲
(۱۰) قفس میں ہوں، گر اچھا بھی نہ جانیں میرے شیون کو	مرا ہونا برا کیا ہے نواسنجانِ گلشن کو؟	ص۱۹۸
(۱۱) غالبؔ! بُرا نہ مان جو واعظ بُرا کہے	ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے	ص۲۱۸
(۱۲) غالبؔ! اِن مہ طلعتوں کے واسطے	چاہنے والا بھی اچھا چاہیے	ص۲۲۳
(۱۳) اچھا ہے سر انگشتِ حنائی کا تصور	دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی	ص۲۲۸
(۱۴) یہ باعثِ نومیدیِ اربابِ ہوس ہے	غالبؔ کو بُرا کہتے ہو، اچھا نہیں کرتے	ص۲۳۵
(۱۵)،(۱۶) قطرہ دریا میں جو مل جائے تو دریا ہو جائے	کام اچھا ہے وہ، جس کا کہ مآل اچھا ہے	ص۲۳۹
(۱۷) رہے دل ہی میں تیر، اچھا؛ جگر کے پار ہو، بہتر	غرض شستِ بُتِ ناوک فگن کی آزمائش ہے	ص۲۴۳
(۱۸) ہوگا کوئی ایسا بھی کہ غالبؔ کو نہ جانے؟	شاعر تو وہ اچھا ہے پہ بدنام بہت ہے	ص۲۴۵
(۱۹) ہم پیشہ و ہم مشرب و ہم راز ہے میرا	غالبؔ کو بُرا کیوں کہو، اچھا مرے آگے	ص۲۴۹

[گیارہ بار بہ طور جزوِ ردیف، ص۲۳۹]:

(۲۰)،(۲۱) حُسنِ مہ گرچہ بہ ہنگامِ کمال اچھا ہے	اُس سے میرا مہِ خرشید جمال اچھا ہے
(۲۲) بوسہ دیتے نہیں اور دل پہ ہے ہر لحظہ نگاہ	جی میں کہتے ہیں کہ مفت آئے تو مال اچھا ہے
(۲۳) اَور بازار سے لے آئے، اگر ٹوٹ گیا	ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے
(۲۴) بے طلب دیں تو مزا اُس میں سوا ملتا ہے	وہ گدا جس کو نہ ہو خوے سوال، اچھا ہے
(۲۵) اُن کے دیکھے سے جو آجاتی ہے مُنہ پر رونق	وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے
(۲۶) دیکھیے پاتے ہیں عشاق، بُتوں سے کیا فیض!	اک برہمن نے کہا ہے کہ یہ سال اچھا ہے
(۲۷) ہم سخن تیشے نے فرہاد کو شیریں سے کیا	جس طرح کا کہ کسی میں ہو کمال، اچھا ہے
(۲۸) قطرہ دریا میں جو مل جائے تو دریا ہو جائے	کام اچھا ہے وہ، جس کا کہ مآل اچھا ہے

(۲۹) خضر سلطان کو رکھے خالقِ اکبر سرسبز — شاہ کے باغ میں یہ تازہ نہال اچّھا ہے

(۳۰) ہم کو معلوم ہے جنّت کی حقیقت لیکن — دل کے خوش رکھنے کو غالبؔ یہ خیال اچّھا ہے

اچّھوں: (۱) کی وفا ہم سے تو غیر اُس کو جفا کہتے ہیں — ہوتی آئی ہے کہ اچّھوں کو بُرا کہتے ہیں ص۱۸۷

(۲) چاہیے اچّھوں کو، جتنا چاہیے — یہ اگر چاہیں تو پھر کیا چاہیے ص۲۲۲

اچّھی: (۱) فکر اچّھی، پر ستایش ناتمام — عجزِ اعجازِ ستایش گر کُھلا ص۱۴۱

(۲) ہاں چھپے گھٹنے کی تو ہوتی فرصتِ عیش وطرب — شام سے آتے تو کیا اچھی گزرتی رات سب ص۲۹۱

(۳) واہ بے لڑکے! پڑھی اچّھی غزل — شوق ابھی سے ہے تجھے اشعار کا [قادرنامہ]

اچّھے: (۱) کی ہم نفَسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر — اچّھے رہے آپ اُس سے مگر مجھ کو ڈبو آئے ص۲۳۹

(۲) ہیں اَور بھی دُنیا میں سخنور بہت اچّھے — کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اَور ص۱۷۰

احباب:[۱] احباب چارہ سازیِ وحشت نہ کرسکے — زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا ص۱۵۵

(۲) شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر، ورنہ یھاں — دل، محیطِ گریہ و لب، آشنائے خندہ ہے ص۲۱۵

دیکھیے ــــــ: (۳) بساطِ صحبتِ احباب۔ (۴) خندۂ احباب۔ (۵) خوشنودیِ احباب۔ (۶) دعویِ جمعیّتِ احباب۔ (۷) ذوقِ صحبتِ احباب۔ (۸) غبارِ خاطرِ احباب۔ (۹) گلدستۂ احباب۔ (۱۰) نَفَس گرمیِ احباب۔ (۱۱) وقفِ احباب۔

اِحتیاج:[۲] دیکھیے: رنگِ احتیاج۔

اِحتیاجِ گواہ: ملے گی اِس کو وہ عقلِ نہفتہ داں کہ اِسے — پڑے نہ قطعِ خصومت میں احتیاجِ گواہ ص۲۷۸

اِحترام:[۳] دیکھیے: صد گونہ احترام۔

اِحتشام:[۴] دیکھیے: امیرِ شہ احتشام۔

اِحتمال:[۵] دیکھیے: رزقِ دو عالم احتمال۔

اِحتیاط:[۶] دیکھیے: وضعِ احتیاط۔

۱۔ احباب : گیارہ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دس بار]۔
۲۔ احتیاج : دوبار [مرکّب]۔
۳۔ احترام : ایک بار [مرکّب]۔
۴۔ احتشام : ایک بار [مرکّب]۔
۵۔ احتمال : ایک بار [مرکّب]۔
۶۔ احتیاط : ایک بار [مرکّب]۔

اِحرام[1]: (۱) جلوۂ بینش پناہ بخشے ہے ذوقِ نگاہ — کعبۂ پوشش سیاہ مردمک احرام ہے — ص۹۹

(۲) کعبے میں جا، بجائیں گے ناقوس — اب تو باندھا ہے دَیر میں احرام — ص۱۳۷

دیکھیے ـــــ: (۳) آلودہ بہ مے جامۂ احرام۔ (۴) جامۂ احرام۔

اِحرامِ بہار: ذرّہ اُس گرد کا: خرشید کو آئینۂ ناز — گرد اُس دشت کی: اُمید کو احرامِ بہار — ص۱۳۳

احرامِ تپش: ذوقِ راحت اگر احرامِ تپش ہو جوں شمع — پائے خوابیدہ بہ دل جوئیِ شبگیر آوے — ص۱۱۳

احرامِ فسردن: وہمِ غفلت مگر احرامِ فسردن باندھے — ورنہ ہر سنگ کے باطن میں شرر پنہاں ہے — ص۱۱۰

احرامِ گریباں: دیکھیے: فکرت احرامِ گریباں۔

احرامِ مدعا: ہر نالۂ اسدؔ ہے مضمونِ داد خواہی — یعنی سخن کو کاغذ احرامِ مدعا ہے — ص۹۵

احسان[2]: (۱) طلسمِ منّتِ یک خلق سے رہائی دی — جہاں جہاں مرے قاتل کا مجھ پہ احساں ہے — ص۱۰۲

(۲) سرمۂ مفتِ نظر ہوں، مری قیمت یہ ہے — کہ رہے چشمِ خریدار پہ احساں میرا — ص۱۵۳

(۳) دیوار بارِ منّتِ مزدور سے ہے خم — اے خانماں خراب! نہ احساں اُٹھائیے — ص۲۰۱

(۴) صد جلوہ رو بہ رو ہے جو مژگاں اُٹھائیے — طاقت کہاں کہ دید کا احساں اُٹھائیے — ص۲۰۱

احسانِ صاحب دولتاں: ناگوارا ہے ہمیں احسانِ صاحب دولتاں — ہے زرِ گل بھی نظر میں جوہرِ فولاد یہاں — ص۵۷

احسن اللہ خاں[3]: جس کو منظور ہو کہ زر بھیجے — احسن اللہ خاں کے گھر بھیجے — ص۲۶۸

اِحضارِ[4] باغ: جوشِ گل کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسدؔ — زیرِ مشقِ شعر ہے نقش از پئے اِحضارِ باغ — ص۴۸

اِحضارِ چمن: دیکھیے: نقشِ احضارِ چمن۔

اَحکام[5]: جب ازل میں رقم پذیر ہوئے — صفحہ ہائے لیالی و ایام
اور اُن اوراق میں بہ کلکِ قضا — مجملاً مندرج ہوئے احکام — ص۱۳۸

اَحکامِ پیغمبر: دیکھیے: عقدۂ احکامِ پیغمبر۔

۱۔ احرام : نو بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: آٹھ بار]۔
۲۔ احسان : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: ایک بار]۔
۳۔ احسن اللہ خاں: ایک بار۔
۴۔ اِحضار : دو بار [مرکّب]۔
۵۔ اَحکام : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔

احکامِ طالعِ مولود: لکھا کرے کوئی احکامِ طالعِ مولود — کسے خبر ہے کہ وھاں جُنبشِ قلم کیا ہے — ص ۲۱۱

احمقوں[1]: خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار — کیا پوجتا ہوں اُس بُتِ بیدادگر کو مَیں؟ — ص ۱۹۰

اَحوال[2]: (۱) شوخی تری کہ دیتی ہے احوال ہمارا — رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ درِ انگشت — ص ۳۲

(۲) میرؔ کے شعر کا احوال کہوں کیا غالبؔ — جس کا دیوان کم از گلشنِ کشمیر نہیں — ص ۵۷

(۳) غالبؔ! ترا احوال سنا دیں گے ہم اُن کو — وہ سن کے بلالیں، یہ اجارا نہیں کرتے — ص ۲۳۴

(۴) آپ سے وہ مرا احوال نہ پوچھے تو اسدؔ — حسبِ حال اپنے پھر اشعار کہوں یا نہ کہوں؟ — ص ۲۹۸

اَحوالِ بتاں: خوں ہے دل خاک میں احوالِ بتاں پر، یعنی — اُن کے ناخن ہوئے محتاجِ حنا میرے بعد — ص ۱۶۶

احوالِ بےخوداں: بسانِ سبزہ رگِ خواب ہے زباں ایجاد — کرے ہے خامشی احوالِ بےخوداں پیدا — ص ۴۳۶

احوالِ دل: پوچھا تھا گرچہ یار نے احوالِ دل مگر — کس کو دماغ منّتِ گفت و شنود تھا — ص ۱۲

احوالِ دلِ زار: اپنا احوالِ دلِ زار کہوں یا نہ کہوں — ہے حیا مانعِ اظہار، کہوں یا نہ کہوں — ص ۲۹۸

احوالِ گرفتاریِ دل: اپنے دل ہی سے میں احوالِ گرفتاریِ دل — جب نہ پاؤں کوئی غم خوار، کہوں یا نہ کہوں — ص ۲۹۸

احوالِ واقعی: دیکھیے: گزارشِ احوالِ واقعی۔

اخبارِ لودھیانہ[3]: اخبارِ لودھیانہ میں میری نظر پڑی — تحریر ایک، جس سے ہوا بندہ تلخ کام — ص ۲۸۲

اِختتام[4]: (۱) پایا قادرنامے نے آج اختتام — اِک غزل تم اَور پڑھ لو وَالسّلام — [قادرنامہ]

(۲) دستورِ فنِّ شعر یہی ہے قدیم سے — یعنی دُعا پہ مدح کا کرتے ہیں اختتام — ص ۲۸۳

اختر[5]: (۱) ہے عرق افشاں مشی سے ادہمِ مشکینِ یار — وقتِ شب اختر گنے ہے چشمِ بیدارِ رکاب — ص ۳۱

(۲) اقبالِ کلفتِ دلِ بے مدّعا رسا — اختر کو داغِ سایۂ بالِ ہُما کہوں — ص ۵۶

دیکھیے ــــــ: (۳) تیرگیِ اختر۔ (۴) دیدۂ اختر۔ (۵) سلکِ اختر۔ (۶) شبِ اختر۔ (۷) فروغِ مہ و اختر۔ (۸) مقصدِ نُہ چرخ و ہفت اختر۔ (۹) مہ و اختر۔ (۱۰) ناخنکِ دیدہ ہائے اختر۔ (۱۱) ہر یک اختر۔

۱۔ احمقوں : ایک بار۔
۲۔ احوال : دس بار [مفرد: چار بار، مرکّب: چھے بار]۔
۳۔ اخبارِ لودھیانہ : ایک بار۔
۴۔ اختتام : دوبار۔
۵۔ اختر : سولہ بار [مفرد: دوبار، مرکّب: چودہ بار]۔

اخترِ سوختۂ قیس: اخترِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجے خالِ مشکینِ رُخِ دل کشِ لیلا کہیے ص۱۲۲

اختر شماری: (۱) بہ وقتِ سرنگونی، ہے تصور انتظارستاں نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا ص۱۹

(۲) دیکھیے: خوکردۂ اختر شماری۔

اختر شمری: دیکھیے: کیس گہریِ اختر شمری۔

اختر فشاں: دیکھیے: مہِ اختر فشاں۔

اختراع[1]: دیکھیے: محوِ اختراع۔

اختراعِ جلوہ: دیکھیے: زانوے فکرِ اختراعِ جلوہ۔

اختلاج[2]: جُنبشِ ہر برگ سے ہے گل کے لب کو اختلاج حبِّ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج ص۳۵

اختلاط[3]: چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے رنگ اختلاط کا ہے دل پہ بار نقشِ محبت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳

اختلافِ[4] رنگ و بو: اختلافِ رنگ و بو طرحِ بہارِ بے خودی شُلعِ گل گردِ ادب گاہِ نزاعِ جلوہ ہے ص۸۷

اختیار[5]: (۱) بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش مجبور یاں تلک ہوئے اے اختیار حیف! ص۱۷۳

(۲) گریہ نکالے ہے تری بزم سے مجھ کو ہائے! کہ رونے پہ اختیار نہیں ہے ص۲۰۸

(۳) سُن اے ندیم! برس گانٹھ کے یہ تاگے نے تجھے بتاؤں کہ کیوں کی ہے اختیار گرہ ص۲۷۹

(۴) خواب و بیداری پہ کب ہے آدمی کو اختیار مثلِ زخم آنکھوں کو سی دیتا، جو ہوتا ہوشیار ص۲۸۹

(۵) ہوں دردمند جبر ہو یا اختیار ہو گہ نالۂ کشیدہ، گہہ اشکِ چکیدہ ہوں ص۲۹۹

دیکھیے ــــــ: (۶) ایک اختیار۔ (۷) طغرائے عجزِ اختیار۔

اخذ[6]: (۱) اِس سے اندازِ شوکتِ تحریر اخذ کرتا ہے آسماں کا دبیر ص۲۶۷

(۲) مسیح جس سے کرے اخذ فیضِ جاں بخشی ستم ہے، کشتۂ تیغِ جفا کہیں اُس کو ص۲۸۵

اِخفا[7]: دیکھیے: پیدائی و اخفا۔

۱۔ اختراع : دوبار [مرکّب]۔
۲۔ اختلاج : ایک بار۔
۳۔ اختلاط : ایک بار۔
۴۔ اختلاف : ایک بار [مرکّب]۔
۵۔ اختیار : سات بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: دوبار]۔
۶۔ اخذ : دوبار۔ ۷۔ اخفا : دوبار [مرکّب]۔

اخفاے حال: گر خامشی سے فائدہ اخفاے حال ہے | خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے ص۲۰۵

اخگر[1]: گرمیِ دولت ہوئی آتش زنِ نامِ نکو | خانۂ خاتم میں یاقوتِ نگیں اخگر ہوا ص۲۰

اِخلاص[2]: (۱) رشک کہتا ہے کہ اُس کا غیر سے اخلاص، حیف! | عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا! ص۱۳۹

(۲) جیسا کہ آفتاب نکلتا ہے شرق سے | اخلاص کا ہوا ہے اِسی ملک سے ظہور ص۲۶۳

اخلاقِ[3] بہار: دیکھیے: آئینۂ اخلاقِ بہار۔

ادا[4] [۱]: (۱) صبر اور یہ ادا کہ دل آوے اسیرِ چاک | درد اور یہ کمیں کہ رہِ نالہ وا کروں ص۵۶

(۲) ہے غیرتِ الفت کہ اسدؔ اُس کی ادا پر | گر دیدہ و دل صلح کریں، جنگ نکالوں ص۶۱

(۳) بلاے جاں ہے غالبؔ اُس کی ہر بات | عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا ص۱۵۸

(۴) پُرسشِ طرزِ دلبری کیجیے کیا کہ بن کہے | اُس کے ہر ایک اشارے سے نکلے ہے یہ ادا کہ یوں ص۱۷۸

(۵) شبنم بہ گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے | داغِ دلِ بیدرد نظر گاہِ حیا ہے ص۲۱۸

(۶) رہا بلا میں بھی مَیں مبتلاے آفتِ رشک | بلاے جاں ہے ادا تیری اک جہاں کے لیے ص۲۳۶

(۷) نہ شعلے میں یہ کرشمہ نہ برق میں یہ ادا | کوئی بتاؤ کہ وہ شوخِ تُند خو کیا ہے؟ ص۲۴۱

دیکھیے ـــــــ: (۸) اک ادا۔ (۹) ایک ادا۔ (۱۰) بے حاصلی ادا۔ (۱۱) تماشا ادا۔ (۱۲) تیغِ ادا۔ (۱۳) شیوہ و انداز و ادا۔ (۱۴) مستی ادا۔ (۱۵) معتزولیِ انداز و ادا۔ (۱۶) ناز و ادا۔ (۱۷) ہر ادا۔

ادا سنج: اَور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے | فقط اک، شعر میں اندازِ رسا رکھتے تھے

اُس کا یہ حال کہ کوئی نہ ادا سنج ملا | آپ لکھتے تھے ہم اور آپ اُٹھا رکھتے تھے ص۳۲۷ [طبعِ ثانی]

ادافہماں: اے ادافہماں! صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں | ہے بہ صحراے تحیّر چشمِ قربانی جرس ص۳۸

اداے چمن عارضاں: دیکھیے: بسملِ اداے چمن عارضاں۔

اداے خاص: اداے خاص سے غالبؔ ہوا ہے نکتہ سرا | صلاے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے ص۲۳۶

اداے گل: دیکھیے: رنگِ اداے گل۔

۱۔ اخگر : ایک بار۔
۲۔ اخلاص : دوبار۔
۳۔ اخلاق : ایک بار [مرکب]۔
۴۔ ادا (۱) : تیکیس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: سترہ بار]۔

ادائے ناز: دیکھیے: اک ادائے ناز۔

ادا[۲][ا]: (۱) جان دی، دی ہوئی اُسی کی تھی — حق تو یوں ہے کہ حق ادا نہ ہوا — ص۱۹۲

(۲) بہ نیم غمزہ ادا کر حقِ ودیعتِ ناز — نیامِ پردۂ زخمِ جگر سے خنجر کھینچ — ص۱۹۶

(۳) لوں وام بختِ خفتہ سے یک خوابِ خوش، ولے — غالبؔ یہ خوف ہے کہ کہاں سے ادا کروں — ص۱۷۷

(۴) اے شہنشاہِ کواکب سپہ بہر علَم! — تیرے اکرام کا حق کس سے ادا ہوتا ہے — ص۲۳۱

اُداس[۲]: ہر یک مکان کو ہے مکیں سے شرف اسدؔ — مجنوں جو مرگیا ہے تو جنگل اُداس ہے — ص۲۰۵

ادب[۳]: ادب ہے اور یہی کشمکش تو کیا کیجے؟ — حیا ہے اور یہی گو مگو تو کیوں کر ہو؟ — ص۱۹۷

(۲) نہیں کرنے کا مَیں تقریر ادب سے باہر — میں بھی ہوں محرمِ اسرار، کہوں یا نہ کہوں؟ — ص۲۹۸

(۳) ادب نے سونپی ہمیں سرمہ سائیِ حیرت — زبانِ بستہ و چشمِ کشادہ رکھتے ہیں — ص۴۲۹

(۴) دیکھیے: شمشیرِ ادب۔

ادب گاہ: جس ادب گاہ میں تو آئنۂ شوخی ہو — جلوہ ہے ساقیِ مخموریِ تابِ دیدار — ص۹

ادب گاہِ جلوہ فرمائی: دیکھیے: غبارِ ادب گاہِ جلوہ فرمائی۔

ادب گاہِ نزاعِ جلوہ: دیکھیے: گردِ ادب گاہِ نزاعِ جلوہ۔

اِدبار[۴]: (۱) بُتو! توبہ کرو، تم کیا ہو، جب ادبار آتا ہے — تو یوسف سا حسیں بکنے سرِبازار آتا ہے — ص۳۱۰

(۲) دیکھیے: کلفت خانۂ ادبار۔

ادراک[۵]: دیکھیے: (۱) جلوۂ ادراک۔ (۲) حوصلۂ فرصتِ ادراک۔ (۳) سرحدِ ادراک۔

ادراکِ قدم بوس: ہے مشقِ اسدؔ دستگہِ وصل کی منظور — ہوں خاک نشیں از پئے ادراکِ قدم بوس — ص۴۶

ادراکِ معنی: دیکھیے: سروبرگِ ادراکِ معنی۔

ا۔ ادا (۲) : چار بار۔

۲۔ اداس : ایک بار۔

۳۔ ادب : چار بار [مفرد: تین بار، مرکّب: ایک بار]۔

ادب گاہ : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔

۴۔ ادبار : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: ایک بار]۔

۵۔ ادراک : پانچ بار [مرکّب]۔

اِدغام[1]:	دیکھیے: صورتِ ادغام۔		
ادنی[2]:	اُس بُتِ مغرور کو کیا ہو کسی پر التفات	جس کے حُسنِ روز افزوں کی یہ اک ادنیٰ ہے بات	ص ۲۹۰
اَدوارِ[3] ظہور:	دیکھیے: نسخۂ ادوارِ ظہور۔		
اُدھار[4]:	آپ کا بندہ اور پھروں ننگا!	آپ کا نوکر اور کھاؤں اُدھار!	ص ۱۲۷
اَدہمِ[5] مشکینِ یار:	ہے عرق افشاں مشی سے ادہمِ مشکینِ یار	وقتِ شب اختر گنے ہے چشمِ بیدارِ رکاب	ص ۳۱
ادیبِ[6] یاوگی ہائے ہوس:	بس کہ ہے عبرت ادیبِ یاوگی ہائے ہوس	میرے کام آئی دلِ مایوس! ناکامی تری	ص ۹۳
اذیّت[7]:	شبِ فراق میں یہ حال ہے اذیّت کا	کہ سانپ فرش ہے اور سانپ کا ہے مَن، تکیہ	ص ۳۰۳
ارادت[8]:	(۱) نصرتُ الملک بہادر! مجھے بتلا کہ مجھے	تجھ سے جو اِتنی ارادت ہے تو کس بات سے ہے؟	ص ۱۲۷
	(۲) صرف اظہار ہے ارادت کا	ہے قلم کی جو سجدہ ریز جبیں	ص ۲۸۱
	(۳) دیکھیے: فرقِ ارادت۔		
ارادہ[9]:	(۱) سراپا یک آئینہ دارِ شکستن	ارادہ ہوں یک عالم افسردگاں کا	ص ۱۸
	(۲) اگرچہ تھا یہ ارادہ مگر خدا کا شکر!	اُٹھا سکا نہ نزاکت سے گل بدن، تکیہ	ص ۳۰۳
	(۳) پُل ہی پر سے پھیر لائے ہم کو لوگ	ورنہ تھا اپنا ارادہ پار کا	[قادرنامہ]
اربابِ[10] جہاں:	دیکھیے: گستاخیِ اربابِ جہاں۔		
اربابِ چمن:	دیکھیے: وجہِ سیہ مستیِ اربابِ چمن۔		
اربابِ ریا:	تھی نگہ میری نہاں خانۂ دل کی نقاب	بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد	ص ۳۸
اربابِ عجز:	دیکھیے: ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز۔		
اربابِ غفلت:	دیکھیے: آسایشِ اربابِ غفلت۔		

۱۔ ادغام : ایک بار [مرکّب]۔
۲۔ ادنیٰ : ایک بار۔
۳۔ ادوار : ایک بار [مرکّب]۔
۴۔ اُدھار : ایک بار۔
۵۔ ادہم : ایک بار [مرکّب]۔
۶۔ ادیب : ایک بار [مرکّب]۔
۷۔ اذیّت : ایک بار۔
۸۔ ارادت : تین بار [مفرد: دو بار، مرکّب: ایک بار]۔
۹۔ ارادہ : تین بار۔
۱۰۔ ارباب : تیرہ بار [مرکّب]۔

اربابِ فطرت: اسدؔ! اربابِ فطرت قدر دانِ لفظ و معنی ہیں سخن کا بندہ ہوں لیکن نہیں مشتاقِ تحسیں کا ص۲۹

اربابِ فنا: (۱) بس کہ مے پیتے ہیں اربابِ فنا پوشیدہ خطِّ پیمانۂ مے ہے نفسِ دزدیدہ ص۷۱

(۲) دیکھیے: رامشگرِ اربابِ فنا۔

اربابِ وفا: دیکھیے: دشمنِ اربابِ وفا۔

اربابِ ہمت: دیکھیے: دل و دستِ اربابِ ہمّت۔

اربابِ ہوس: دیکھیے: باعثِ نومیدیِ اربابِ ہوس۔

اربابِ یقیں: دیکھیے ـــــ: (۱) سرمہ کشِ دیدۂ اربابِ یقیں۔ (۲) کعبۂ اربابِ یقیں۔

اُردی[1] : شادی سے گزر کہ غم نہ رہوے اُردی جو نہ ہو تو دے نہیں ہے ص۲۲۹

اَرزاں[2]: (۱) خاص وہ آم جو نہ ارزاں ہو نوبرِ نخلِ باغِ سلطاں ہو ص۱۳۱

(۲) قدرِ سنگِ سرِ رہ رکھتا ہوں سخت ارزاں ہے گرانی میری ص۲۳۱

اَرزانی[3]: (۱) تا تخلّص جامۂ شگرفی ارزانی اسدؔ شاعری جُز سازِ درویشی نہیں، حاصل نہ پوچھ ص۷۲

(۲) مجھ کو ارزانی رہے، تجھ کو مبارک ہو جیو! نالۂ بلبل کا درد اور خندۂ گل کا نمک ص۱۷۵

(۳) سب کو اُس کا سواد ارزانی چشمِ بینش ہو جس سے نورانی ص۲۶۷

ارزانیِ مےِ جلوہ: ہوئی ہے کس قدر ارزانیِ مےِ جلوہ کہ مست ہے ترے کوچے میں ہر در و دیوار ص۱۶۷

ارسالِ[4] زر: ہے یہ القصّہ حاصلِ تحریر کہ نہ ارسالِ زر میں ہو تاخیر ص۲۶۸

ارشاد[5]: کس کو کہتے ہیں غزل؟ ارشاد ہو ہاں غزل پڑھیے، سبق گر یاد ہو [قادر نامہ]

ارقام[6]: دیکھیے: صورتِ ارقام۔

ارم[7]: دیکھیے ـــــ: (۱) خیاباں خیاباں ارم۔ (۲) رشکِ گلستانِ ارم۔ گلستانِ ارم۔

۱۔ اُردی : ایک بار۔

۲۔ ارزاں : دوبار۔

۳۔ ارزانی : چار بار [مفرد: تین بار، مرکّب: ایک بار]۔

۴۔ ارسال : ایک بار [مرکّب]۔

۵۔ ارشاد : ایک بار۔

۶۔ ارقام : ایک بار [مرکّب]۔

۷۔ ارم : تین بار [مرکّب]۔

ارمان[۱]: (۱) تاک کے جی میں کیوں رہے ارمان — آئے، یہ گوے اور یہ میدان! ص۱۳۰
(۲) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے — بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے ص۲۴۹

ارمغاں[۲]: (۱) جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ — مبارک باد اسدؔ! غم خوارِ جانِ دردمند آیا ص۱۴۲
(۲) اِن سیم کے بیجوں کو کوئی کیا جانے — بھیجے ہیں جو ارمغاں شہِ والا نے ص۲۵۴
ازانجا کہ حسرت کشِ یار ہیں ہم — رقیبِ تمنائے دیدار ہیں ہم

ازدحام[۳]: (۱) دہانِ تنگ مجھے کس کا یاد آیا تھا؟ — کہ شب خیال میں بوسوں کا ازدحام رہا ص۳۰
(۲) آیا تھا وقت ریل کے کھلنے کا بھی قریب — تھا بارگاہِ خاص میں خلقت کا ازدحام ص۲۸۳

ازروے[۴] ننگِ بے ہنری: گرچہ از روے ننگِ بے ہنری — ہوں خود اپنی نظر میں اِتنا خوار ص۱۲۵

ازروے اہتمام: اُس بزمِ پُرفروغ میں اِس تیرہ بخت کو — لبریز ملا نشیب میں ازروے اہتمام ص۲۸۲

ازروے مثال: رام پور ایک بڑا باغ ہے از روے مثال — دل کش و تازہ و شاداب و وسیع و خورّم ص۲۶۵

ازسرِ تمکیں: کیا کس شوخ نے ناز ازسرِ تمکیں نشستن کا؟ — کہ شاخِ گل کا خم انداز ہے بالیں شکستن کا ص۲۷

ازسرِ نو[۵]: (۱) بیضہ آسا ننگ بال و پر پہ ہے کنجِ قفس — از سرِ نو زندگی ہو، گر رہا ہوجایئے ص۲۱۶
(۲) دی مرے بھائی کو حق نے ازسرِ نو زندگی — میرزا یوسف، ہے غالبؔ! یوسفِ ثانی مجھے ص۲۳۲

ازل[۶]: (۱) ہے ازل سے روائیِ آغاز — ہو ابد تک رسائیِ انجام ص۱۳۸
جب ازل میں رقم پذیر ہوئے — صفحہ ہاے لیالی و ایّام ۱۳۸
توفیق بہ اندازۂ ہمّت ہے ازل سے — آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا ص۱۵۲

دیکھیے ____: (۴) خطِ لوحِ ازل۔ (۵) دواخانۂ ازل۔ (۶) رشتۂ سازِ ازل۔ (۷) روزِ ازل۔ (۸) نقشۂ ایجادِ ازل۔ (۹) نیازمندِ ازل۔

اسامی[۷]: حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزو خرامی! — دل، جوشِ گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی ص۲۰۳

اسباب[۸]: (۱) سامانِ خور و خواب کہاں سے لاؤں — آرام کے اسباب کہاں سے لاؤں ص۲۵۴

۱۔ ارمان : دوبار۔ ۲۔ ارمغاں : دوبار۔
۳۔ ازدحام : دوبار۔ ۴۔ ازروے: تین بار [مرکّب]۔
۵۔ ازسر : تین بار [مرکّب]۔
۶۔ ازل : نوبار [مفرد: تین بار، مرکّب: چھے بار]۔
۷۔ اسامی : ایک بار۔
۸۔ اسباب : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: سات بار]۔

(۲) دیکھیے: شش جہت اسباب۔

اسبابِ تمنا: (۱) عشق میں ہم نے ہی ابرام سے پرہیز کیا — ورنہ جو چاہیے اسبابِ تمنا، سب تھا — ص۲۴

(۲) دل تو ہو، اچھا نہیں ہے گر دماغ — کچھ تو اسبابِ تمنا چاہیے — ص۳۲۰

اسبابِ گرفتاریِ خاطر: دیکھیے: شرحِ اسبابِ گرفتاریِ خاطر۔

اسبابِ نثار: تیرے در کے کیے اسبابِ نثار آمادہ — خاکیوں کو جو خدا نے دیے جان و دل و دیں — ص۱۳۵

اسبابِ ویرانی: دیکھیے: من جملۂ اسبابِ ویرانی۔

اسبابِ ہوس: دیکھیے: خرمن سوزِ اسبابِ ہوس۔

اسپند[۱]: (۱) جیدن، دل کو سوزِ عشق میں خوابِ فراش ہے — رکھا اسپند نے مجمر میں پہلو گرم تمکیں کا — ص۲۹

(۲) ضبط سے، جوں مردمکِ اسپند اقامت گیر ہے — مجمرِ بزمِ فسردن دیدۂ نخچیر ہے — ص۹۵

اُستاد[۲]: (۱) ریختے کے تمھیں اُستاد نہیں ہو غالب! — کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میر بھی تھا — ص۱۵۹

دیکھیے ــــــ: (۲)، (۳)، (۴) سیلیِ اُستاد [تین بار]۔

(۵) اُستادِ شہ سے ہو مجھے پرخاش کا خیال — یہ تاب، یہ مجال، یہ طاقت نہیں مجھے — ص۱۲۵

اِستادہ[۳]: تھی جنوری مہینے کی تاریخ تیرھویں — استادہ ہوگئے لبِ دریا پہ جب خیام — ص۲۸۲

استخواں[۴]: (۱) دردسے درپردہ دی مژگاں سیاہاں نے شکست — ریزہ ریزہ استخواں کا پوست میں نشتر ہوا — ص۲۰

(۲) محبت ہے نواسازِ فغاں درپردۂ دل ہا — کرے ہے مغز سے، مانندِ نَے کے، استخواں خالی — ص۴۵۵

دیکھیے ــــــ: (۳) حلوائے مغزِ استخواں۔ (۴) مثلِ استخواں۔ (۵) ہر استخواں۔

استخواں ریزۂ موراں: بادِ افسانۂ بیمار ہے عیسیٰ کا نفس — استخواں ریزۂ موراں ہے سلیماں کا نگیں — ص۷

استظہار[۵]: ہم عبادت کو ترا نقشِ قدم: مُہرِ نماز — ہم ریاضت کو ترے حوصلے سے استظہار — ص۱۳۳

استعداد[۶]: دیکھیے: غفلت استعداد۔

۱۔ اسپند : دوبار۔
۲۔ اُستاد : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
۳۔ استادہ : ایک بار۔
۴۔ استخواں : چھے بار [مفرد: دوبار، مرکب: چار بار]۔
۵۔ استظہار : ایک بار۔
۶۔ استعداد : ایک بار [مرکب]۔

اِستغنا[1]: دیکھیے ــــــــ: (۱) آئینۂ پیدائیِ استغنا۔ (۲) تمثالِ بہار آئینۂ استغنا۔ (۳) کنگرِ استغنا۔

اِستغنائے حُسن: دیکھیے: رسوائیِ اندازِ استغنائے حُسن۔

استفہام[2]: دیکھیے: طرزِ استفہام۔

استقبال[3]: (۱) مہِ اختر فشاں کی، بہرِ استقبال، آنکھوں سے | تماشا، کشورِ آئینہ میں آئینہ بند آیا ص۱۱

(۲) تیری آرایش کا استقبال کرتی ہے بہار | جوہرِ آئینہ، ہے یہاں نقشِ احضارِ چمن ص۵۹

(۳) آپہنچے ہیں تا سوادِ اقلیمِ عدم | اے عمرِ گزشتہ یک قدم استقبال! ص۲۵۲

(۴) دیکھیے: بیتابِ استقبال۔

استقبالِ تحریرِ اسدؔ: جوشِ گل کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسدؔ | زیرِ مشقِ شعر، ہے نقش از پےِ احضارِ باغ ص۴۸

استقبالِ رعنائی: جنوں افسردہ وجاں ناتواں، اے جلوہ! شوخی کر | گئی یک عمر خود داری بہ استقبالِ رعنائی ص۹۲

استقبالِ ناز: دیکھیے: ریزش ہائے استقبالِ ناز۔

استماع[4]: دیکھیے: تابِ استماع۔

اُستوار[5]: (۱) فتادگی میں قدم استوار رکھتے ہیں | بہ رنگِ جادہ سرِ کوے یار رکھتے ہیں ص۹۳

(۲) شیشہ شکستِ اعتبار، رنگ بہ گردش استوار | گر نہ مٹیں یہ کوہسار، آپ کو تو صدا سمجھ ص۷۳

(۳) تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بُودا | کبھی تو نہ توڑ سکتا اگر استوار ہوتا ص۱۲۰

(۴) قتل کا میرے کیا ہے عہد تو بارے | واے! اگر عہد استوار نہیں ہے ص۲۰۸

(۵) گرہ کا نام لیا پر نہ کرسکا کچھ بات | زباں تک آکے ہوئی اَور استوار گرہ ص۲۷۹

(۶) پئے دُعاے بقاے جنابِ فیض مآب | لگے گی اِس میں ثوابت کی استوار گرہ ص۲۷۹

(۷) دیکھیے: عہدِ استوار۔

اُستوارتر: اے چرخ! خاک برسرِ تعمیرِ کائنات | لیکن بناے عہدِ وفا اُستوار تر ص۴۱

۱۔ استغنا : چار بار [مرکّب]۔

۲۔ استفہام : ایک بار [مرکّب]۔

۳۔ استقبال : سات بار [مفرد: دو بار، مرکّب: پانچ بار]۔

۴۔ استماع : ایک بار [مرکّب]۔

۵۔ استوار : آٹھ بار [مفرد: چھے بار، مرکّب: دو بار]۔

استواری : ایک بار [مرکّب]۔

اُستواری: دیکھیے: شرطِ اُستواری۔

استہزا[1]: دیکھیے: جاے استہزا۔

اسدؔ[2]:

(۱) وحشتِ خوابِ عدم شورِ تماشا ہے اسدؔ!	جو مژہ جوہر نہیں آئینۂ تعبیر کا	ص۱۱
(۲) اسدؔ! ہر جا سخن نے طرح باغِ تازہ ڈالی ہے	مجھے رنگِ بہار ایجادیِ بیدلؔ پسند آیا	ص۱۲
(۳) خُورِ شبنم آشنا نہ ہوا، ورنہ میں اسدؔ!	سر تا قدم گزارشِ ذوقِ سجود تھا	ص۱۲
(۴) نے اسدؔ جفا سائل، نے ستم جنوں مائل	تجھ کو جس قدر ڈھونڈھا، الفت آزما پایا	ص۱۳
(۵) میں بھی معذورِ جنوں ہوں اسدؔ اے خانہ خراب!	پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا	ص۱۳
(۶) نوکِ ہر خار سے تھا بس کہ سرِ دُزدیِ زخم	جوں نمد ہم نے کفِ پا پہ اسدؔ! دل باندھا	ص۱۴
(۷) وھاں ہجومِ نغمہ ہاے سازِ عشرت تھا اسدؔ!	ناخنِ غم یھاں سرِ تارِ نفس مضراب تھا	ص۱۵
(۸) اسدؔ! وحشت پرستِ گوشۂ تنہائیِ دل ہوں	بہ رنگِ موجِ مَے خمیازۂ ساغر ہے رم میرا	ص۱۶
(۹) اسدؔ! یہ عجز و بے سامانیِ فرعونؔ توأم ہے	جسے تو بندگی کہتا ہے، دعویٰ ہے خدائی کا	ص۱۶
(۱۰) بے نوائی تر صداے نغمۂ شہرت اسدؔ!	بوریا، یک نیستاں عالم بلند آوازہ تھا	ص۱۷
(۱۱) صبحِ قیامت ایک دُمِ گرگ تھی اسدؔ!	جس دشت میں وہ شوخ دوعالم شکار تھا	ص۱۷
(۱۲) بہ صورت تکلّف، بہ معنی تاسّف	اسدؔ! میں تبسّم ہوں پژمردگاں کا	ص۱۸
(۱۳) اسدؔ! ساغر کشِ تسلیم ہو گردش سے گردوں کی	کہ ننگِ فہمِ مستاں ہے گلہ بدروزگاری کا	ص۱۹
(۱۴) جوشِ بہار کلفتِ نظارہ ہے اسدؔ!	ہے ابر، پنبہ روزنِ دیوارِ باغ کا	ص۱۹
(۱۵) اِس چمن میں ریشہ واری جس نے سر کھینچا اسدؔ!	تر زبانِ شکرِ لطفِ ساقیِ کوثرؔ ہوا	ص۲۰
(۱۶) بوے یوسفؔ مجھے گلزار سے آتی تھی اسدؔ!	دَےؔ نے برباد کیا پیرہنستاں میرا	ص۲۱
(۱۷) کل اسدؔ کو ہم نے دیکھا گوشۂ غم خانہ میں	دست برسر، سر بہ زانوے دلِ مایوس تھا	ص۲۱
(۱۸) اسدؔ! خاکِ درِ مَے خانہ اب سر پر اُڑاتا ہوں	گئے وہ دن کہ پانی جامِ مَے سے زانو زانو تھا	ص۲۲

۱۔ استہزا : ایک بار [مرکب]۔

۲۔ اسدؔ : دو سو اڑسٹھ بار [مفرد: دو سو اکیاون بار، مرکب: سترہ بار]۔

(۱۹) اسدؔ کو پیچ و تابِ طبعِ برق آہنگ مسکن سے — حصارِ شعلۂ جوّالہ میں عزلت گزیں پایا — ص۲۲

(۲۰) اسدؔ! ہر اشک ہے یک حلقہ بر زنجیر افزودن — بہ بندِ گریہ ہے نقشِ بر آب اُمیدِ رستن ہا — ص۲۳

(۲۱) اسدؔ! تارِ نفَس ہے ناگزیرِ عقدہ پیرائی — بہ نوکِ ناخنِ شمشیر کیجیے حلِّ مشکل ہا — ص۲۳

(۲۲) اسدؔ کو بت پرستی سے غرض دردِ آشنائی ہے — نہاں ہیں نالۂ ناقوس میں در پردہ یارب ہا — ص۲۳

(۲۳) اسدؔ! سودائے سرسبزی سے، ہے تسلیم رنگیں تر — کہ کشتِ خشک اُس کا، ابرِ بے پروا خرام اُس کا — ص۲۴

(۲۴) جوشِ بے کیفیتی ہے اضطراب آرا اسدؔ! — ورنہ بسمل کا تڑپنا، لغزشِ مستانہ تھا — ص۲۵

(۲۵) اسدؔ! تاثیرِ صافی ہائے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکس زنگی کا — ص۲۶

(۲۶) دیوانگی اسدؔ کی حسرت کشِ طرب ہے — سر میں ہوائے گلشن، دل میں غبارِ صحرا — ص۲۶

(۲۷) شامِ فراقِ یار میں جوشِ خیرہ سری سے ہم نے اسدؔ! — ماہ کو در تسبیحِ کواکب جائے نشینِ امام کیا — ص۲۷

(۲۸) عیادت سے اسدؔ! میں بیش تر بیمار رہتا ہوں — سبب ہے ناخنِ دخلِ عزیزاں سینہ خستن کا — ص۲۷

(۲۹) اے خوشا ذوقِ تمنائے شہادت کہ اسدؔ — بے تکلف بہ سجودِ خمِ شمشیر آیا — ص۲۸

(۳۰) اسدؔ اے ہرزہ درا! نالہ بہ غوغا تا چند — حوصلہ تنگ نہ کر بے سبب آزاروں کا — ص۲۸

(۳۱) اسدؔ! اربابِ فطرت قدردانِ لفظ و معنی ہیں — سخن کا بندہ ہوں لیکن نہیں مشتاقِ تحسیں کا — ص۲۹

(۳۲) عیب کا دریافت کرنا، ہے ہنرمندی اسدؔ! — نقص پر اپنے ہوا جو مطلع، کامل ہوا — ص۲۹

(۳۳) فریاد سے پیدا ہے اسدؔ! گرمیِ وحشت — تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا — ص۲۹

(۳۴) حیرتِ اندازِ رہبر ہے عناں گیر اے اسدؔ! — نقشِ پائے خضر یہاں سدِّ سکندر ہو گیا — ص۳۰

(۳۵) اسدؔ! جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں — جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا — ص۳۰

(۳۶) اسدؔ! مایوس مت ہو، گرچہ رونے میں اثر کم ہے — کہ غالب ہے کہ بعد از زاریِ بسیار ہو پیدا — ص۳۱

(۳۷) شب کہ تھا نظارگی روئے بتاں کا، اے اسدؔ! — گر گیا بامِ فلک سے صبح تشتِ ماہ تاب — ص۳۱

(۳۸) لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے اسدؔ! — آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست — ص۳۳

(۳۹) دستِ برہم سودہ ہے مژگانِ خوابیدہ، اسدؔ! — اے دل از کف دادۂ غفلت! پشیمانی عبث — ص۳۴

(۴۰) اے اسدؔ! بیجا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز	عالمِ تسلیم میں یہ دعویٰ آرائی عبث	ص ۳۴
(۴۱) دور افتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ	مرغِ خیالِ بلبلِ بے بال و پر ہے آج	ص ۳۵
(۴۲) اے اسدؔ! ہے مستعدِّ شانۂ گیسو شدن	پنجۂ مژگاں بہ خود بالیدنی رکھتا ہے آج	ص ۳۵
(۴۳) خمارِ منّتِ ساقی اگر یہی ہے اسدؔ!	دلِ گداختہ کے مے کدے میں ساغر کھینچ	ص ۳۵
(۴۴) دریا، بساطِ دعوتِ سیلاب ہے اسدؔ!	ساغر بہ بارگاہِ دماغ رسیدہ کھینچ	ص ۳۶
(۴۵) زندگانی نہیں بیش از نفَسِ چند اسدؔ!	غفلت آرامیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح	ص ۳۷
(۴۶) بالیدگی، نیازِ قدِ جاں فزا اسدؔ!	در ہر نفَس بقدرِ نفَس ہے قبا بلند	ص ۳۸
(۴۷) اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے	نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہائے چنگ آخر	ص ۴۰
(۴۸) آئینہ، داغِ حیرت و حیرت، شکنجِ یاس	سیماب بے قرار و اسدؔ بے قرار تر	ص ۴۱
(۴۹) کیجے جوں اشک اور قطرہ زنی	اے اسدؔ! ہے ہنوز دلّی دور	ص ۴۲
(۵۰) تھا مجھ کو خار خارِ جنونِ وفا اسدؔ!	سوزن میں تھا نہفتہ گلِ پیرہن ہنوز	ص ۴۲
(۵۱) گو یک شرر؟ کہ سازِ چراغاں کروں اسدؔ!	بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز	ص ۴۲
(۵۲) اسدؔ سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے	کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز	ص ۴۳
(۵۳) ہوں خموشی چمنِ حسرتِ دیدار اسدؔ!	مژہ ہے شانہ کشِ طرّۂ گفتار ہنوز	ص ۴۳
(۵۴) دل کی صدائے شکست، سازِ طرب ہے اسدؔ!	شیشۂ بے بادہ سے چاہے ہے قلقل ہنوز	ص ۴۴
(۵۵) آئینۂ امتحاں نذرِ تغافل اسدؔ!	شش جہت اسباب ہے وہمِ توکّل ہنوز	ص ۴۴
(۵۶) بس کہ بے پایاں ہے صحرائے محبت اے اسدؔ!	گردباد اس راہ کا ہے عقدۂ پیمانِ عجز	ص ۴۴
(۵۷) اے اسدؔ! تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے	نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز	ص ۴۵
(۵۸) اے اسدؔ! ہم خود اسیرِ رنگ و بوے باغ ہیں	ظاہرا، صیّادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس	ص ۴۵
(۵۹) یک جہاں گل تختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ!	غنچۂ خاطر رہا افسردگی مانوس و بس	ص ۴۶
(۶۰) ہے مشق اسدؔ! دستگہِ وصل کی منظور	ہوں خاک نشیں از پئے ادراکِ قدم بوس	ص ۴۶

(۶۱) دھویں سے آگ کے اک ابرِ دریا بار ہو پیدا	اسدؔ! حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش	ص۴۷
(۶۲) اسدؔ! قدرت سے حیدر کی، ہوئی ہر گبر و ترسا کو	شرارِ سنگِ بت، بہرِ بنائے اعتقاد، آتش	ص۴۷
(۶۳) وقتِ خیالِ جلوۂ حُسنِ بتاں اسدؔ!	دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار، داغ	ص۴۸
(۶۴) بنا اسدؔ! میں سرمۂ چشمِ رکابِ یار	آیا نہ میری خاک پہ وہ شہ سوار، حیف!	ص۴۹
(۶۵) یک جانب اے اسدؔ! شبِ فرقت کا بیم ہے	دامِ ہوس ہے زلفِ دل آویز یک طرف	ص۴۹
(۶۶) اِس عمل میں عیش کی لذّت نہیں ملتی اسدؔ!	زُور نسبت مَے سے رکھتا ہے نصارا کا نمک	ص۴۹
(۶۷) ہنگامِ انتظارِ قدومِ بتاں اسدؔ!	ہے برسرِ مژہ نگراں دیدبانِ اشک	ص۵۰
(۶۸) ہے سنگِ ظلمِ چرخ سے مے خانے میں اسدؔ!	صہبا فتادہ خاطر و مینا شکستہ دل	ص۵۱
(۶۹) اُس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے اسدؔ!	مالِ سُنّی کو مباح اور خونِ صوفی کو حلال	ص۵۲
(۷۰) خاک ہے عرضِ بہارِ صد نگارستاں اسدؔ!	حسرتیں کرتی ہے میری خاطرِ آزاد، گل	ص۵۲
(۷۱) اے اسدؔ! خامُش ہے طوطیِّ شکر گفتارِ طبع	ظاہرا، رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگ دل	ص۵۳
(۷۲) اسدؔ فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا	وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم!	ص۵۴
(۷۳) اسدؔ! شکوہ کفر و دعا ناسپاسی	ہجومِ تمنّا سے لاچار ہیں ہم	ص۵۵
(۷۴) کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں اسدؔ!	اب کے بہار کا یونہی گزرا برس تمام	ص۵۵
(۷۵) برق بہ جانِ حوصلہ آتش فگن اسدؔ!	اے دل فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں	ص۵۷
(۷۶) قطرہ ہائے خونِ بسمل زیبِ داماں ہیں اسدؔ!	ہے تماشا کردنی گلچینیِ جلّاد یہاں	ص۵۷
(۷۷) کس کا دل زلف سے بھاگا کہ اسدؔ!	دستِ شانہ بہ قفا باندھتے ہیں	ص۵۸
(۷۸) وحشت افزا گریہ ہا موقوفِ فصلِ گل اسدؔ!	چشمِ دریا بار ہے میر آبِ سرکارِ چمن	ص۵۹
(۷۹) یہ مطلع اسدؔ! جوہرِ افسونِ سخن ہو	گر عرضِ تپاکِ نَفَسِ سوختہ چاہیں	ص۵۹
(۸۰) فریاد اسدؔ! غفلتِ رُسوائیِ دل سے	کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں؟	ص۶۰
(۸۱) ہے غیرتِ الفت کہ اسدؔ! اُس کی ادا پر	گر دیدہ و دل صلح کریں، جنگ نکالوں	ص۶۱

(۸۲) جوں بوئے گل ہوں گرچہ گراں بارِ مُشتِ زر   لیکن اسدؔ! بہ وقتِ گزشتن جریدہ ہوں   ص ۶۱

(۸۳) میرا نیاز و عجز ہے مُفتِ بتاں اسدؔ!   یعنی کہ بندۂ بہ درم ناخریدہ ہوں   ص ۶۲

(۸۴) اسدؔ! بزمِ تماشا میں تغافل، پردہ داری ہے   اگر ڈھانپے تو آنکھیں ڈھانپ، ہم تصویرِ عریاں ہیں   ص ۶۲

(۸۵) مجھ میں اور مجنوںؔ میں وحشت، سازِ دعویٰ ہے اسدؔ!   برگ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں   ص ۶۳

(۸۶) اسد حسرت کشِ یک داغ مشک اندود ہے یارب!   لباسِ شمع پر عطرِ شبِ دیجور مَلتے ہیں   ص ۶۴

(۸۷) اسدؔ! طرزِ عروجِ اضطرابِ دل کو کیا کہیے   سمجھتا ہوں تپش کو اُلفتِ قاتل کی تاثیریں   ص ۶۵

(۸۸) سایۂ اُفتادگی بالین و بستر ہوں اسدؔ!   جوں صنوبر دل سراپا قامت آرائی نہیں   ص ۶۵

(۸۹) بسمل اُس تیغِ دودستی کا نہیں بچتا اسدؔ!   عافیت بیزار! ذوقِ کعبتین اچھا نہیں   ص ۶۵

(۹۰) کب تلک پھیرے اسد لب ہائے تفتہ پر زباں   تابِ عرضِ تشنگی اے ساقیِ کوثرؔ! نہیں   ص ۶۶

(۹۱) خار سے گل سینہ افگارِ جفا ہے اے اسدؔ!   برگ ریزی ہے پر افشانیِ ناوک خوردگاں   ص ۶۷

(۹۲) وھاں پر فشانِ دامِ نظر ہوں جہاں اسدؔ!   صبحِ بہار بھی قفسِ رنگ و بو نہ ہو   ص ۶۹

(۹۳) کریں خوباں جو سیرِ حُسن اسدؔ! یک پردہ نازک تر   دمِ صبحِ قیامت در گریبانِ قبا گم ہو   ص ۶۸

(۹۴) خَویِ شرمِ سرد بازاری ہے سیلِ خانماں   ہے اسدؔ! نقصاں میں مُفت اور صاحبِ سرمایہ تو   ص ۶۹

(۹۵) ہوں سخت جانِ کاوشِ فکرِ سخن اسدؔ!   تیشے کی کوہسار میں ہے یک صدا گرو   ص ۶۹

(۹۶) دل، کارگاہِ فکر و اسدؔ، بے نوائے دل   یھاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئنہ   ص ۷۰

(۹۷) دیباچۂ وحشت ہے اسدؔ! شکوۂ خوباں   خوں کر دلِ اندیشہ و مضمونِ ستم باندھ   ص ۷۱

(۹۸) تا تخلص جامۂ شنگرفی ارزانی اسدؔ!   شاعری جز سازِ درویشی نہیں، حاصل نہ پوچھ   ص ۷۲

(۹۹) نغمۂ بے دلاں اسدؔ! سازِ فسانگی نہیں   بسملِ دردِ خفتہ ہوں، گریے کو ماجرا سمجھ   ص ۷۳

(۱۰۰) لغزشِ پا کو ہے بلد نغمۂ ''یاعلی مدد''   ٹوٹے گر آئنہ اسدؔ! سبحہ کو خوںبہا سمجھ   ۷۳

(۱۰۱) مت پوچھ اسدؔ! غصۂ کم فرصتیِ زیست   دو دن بھی جو کاٹے تو قیامت تعبوں سے   ص ۷۴

(۱۰۲) ہے یاس میں اسدؔ کو ساقی سے بھی فراغت   دریا سے خشک گزری مستوں کی تشنہ کامی   ص ۷۵

(۱۰۳) دلّی کے رہنے والو! اسدؔ کو ستاؤ مت — بے چارہ چند روز کا یہاں میہمان ہے — ص۷۵

(۱۰۴) گر مصیبت تھی تو غربت میں اُٹھا لیتا اسدؔ! — میری دلّی ہی میں ہونی تھی یہ خواری، ہائے ہائے — ثانی: ص۸۰

(۱۰۵) پہلو تہی نہ کر غم و اندوہ سے اسدؔ! — دل وقفِ درد رکھ کہ فقیروں کا مال ہے — ص۷۵

(۱۰۶) میں نے جنوں سے کی جو اسدؔ! التماسِ رنگ — خونِ جگر میں ایک ہی غوطہ دیا مجھے — ص۷۶

(۱۰۷) اسدؔ کو بوریے میں دھر کے پھونکا موجِ ہستی نے — فقیری میں بھی باقی ہے شرارت نوجوانی کی — ص۷۷

(۱۰۸) اسدؔ! بجز آب بخشیدن زِ دریا، خضرؔ کو کیا تھا — ڈبوتا چشمۂ حیواں میں گر کشتی سکندرؔ کی — ص۷۷

(۱۰۹) گر ملے حضرتِ بیدلؔ کا خطِ لوحِ مزار — اسدؔ آئینہ پردازِ معانی مانگے — ص۷۸

(۱۱۰) سازِ ایمائے فنا ہے عالمِ پیری اسدؔ! — قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے — ص۷۸

(۱۱۱) اسدؔ! اُٹھنا قیامت قامتوں کا وقتِ آرائش — لباسِ نظم میں بالیدنِ مضمونِ عالی ہے — ص۷۹

(۱۱۲) اسدؔ! مت رکھ تعجب خر دماغی ہائے منعم کا — کہ یہ نامرد بھی شیر افگنِ میدانِ قالی ہے — ص۷۹

(۱۱۳) ہے دلِ افسردہ داغِ شوخیِ مطلب اسدؔ! — شعلہ آخر فالِ مقصودِ چراغِ کشتہ ہے — ص۸۰

(۱۱۴) ہم مشقِ فکرِ وصل و غمِ ہجر سے اسدؔ! — لائق نہیں رہے ہیں غمِ روزگار کے — ص۸۰

(۱۱۵) اسدؔ! بندِ قبائے یار ہے فردوس کا غنچہ — اگر وا ہو، تو دکھلا دوں کہ یک عالم گلستاں ہے — ص۸۱

(۱۱۶) اسدؔ! جمعیّتِ دل در کنارِ بے خودی خوش تر — دو عالم آگہی، سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے — ص۸۱

(۱۱۷) جادو ہے یار کی روشِ گفتگو اسدؔ! — یہاں جز فسوں نہیں اگر افسانہ چاہیے — ص۸۲

(۱۱۸) وقت اُس اُفتادہ کا خوش جو قناعت سے اسدؔ! — نقشِ پائے مور کو تختِ سلیمانی کرے — ص۸۲

(۱۱۹) شوخیِ اظہار غیر از وحشتِ مجنوںؔ نہیں — لیلیِ معنی اسدؔ! محمل نشینِ راز ہے — ص۸۲

(۱۲۰) اے اسدؔ! دسترسِ وصلِ تمنّا معلوم! — کاش ہو قدرتِ برچیدنِ داماں مجھ سے! — ص۸۳

(۱۲۱) خانماں ہا پائمالِ شوخیِ دعویٰ اسدؔ! — سایۂ دیوار سیلابِ در و دیوار ہے — ص۸۳

(۱۲۲) اسدؔ! گرنامِ والائے علیؔ تعویذِ بازو ہو — غریقِ بحرِ خوں تمثال در آئینہ رہتا ہے — ص۸۴

(۱۲۳) ترے نوکر ترے در پر اسدؔ کو ذبح کرتے ہیں — ستمگر، ناخدا ترس، آشنا کُش! ماجرا کیا ہے؟ — ص۸۴

(۱۲۴) اسدؔ! یاسِ تمنّا سے نہ رکھ اُمیدِ آزادی	گدازِ ہر تمنّا آبیارِ صد تمنّا ہے	ص۸۵
(۱۲۵) ہوں ہیولائے دوعالم صورتِ تقریر اسدؔ!	فکر نے سونپی خموشی کی گریبانی مجھے	ص۸۶
(۱۲۶) اسدؔ! بہارِ تماشائے گلستانِ حیات	وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت ہے	ص۸۶
(۱۲۷) غفلت استعداد ذوق و مدعا غافل اسدؔ	پنبۂ گوشِ حریفاں پود و تارِ نغمہ ہے	ص۸۷
(۱۲۸) جائے استہزا ہے عشرت کوشیِ ہستی اسدؔ!	صبح و شبنم فرصتِ نشوونمائے خندہ ہے	ص۸۷
(۱۲۹) حُسنِ خوباں بس کہ بےقدرِ تماشا ہے اسدؔ!	آئنہ، یک دستِ ردِّ امتناعِ جلوہ ہے	ص۸۷
(۱۳۰) وہ شوخ اپنے حُسن پہ مغرور ہے اسدؔ!	دکھلاکے اُس کو آئنہ توڑا کرے کوئی	ص۸۸
(۱۳۱) حیرتِ فکرِ سخن، سازِ سلامت ہے اسدؔ!	دل پسِ زانوے آئینہ بٹھاتا ہے مجھے	ص۸۸
(۱۳۲) وسعتِ مشرب، نیازِ کلفتِ وحشت اسدؔ!	یک بیاباں سایۂ بالِ ہما ہوجائیے	ص۸۸
(۱۳۳) اے کرم! نہ ہو غافل، ورنہ ہے اسدؔ بے دل	بے گہر صدف، گویا پشتِ چشمِ نیساں ہے	ص۸۹
(۱۳۴) بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ جس کو ہم اسدؔ!	دیکھتے ہیں چشمِ از خوابِ عدم نہ کشادہ سے	ص۸۹
(۱۳۵) کیفیتِ ہجومِ تمنّا رسا اسدؔ!	خمیازہ، ساغرِ مےِ رنجِ خمار ہے	ص۹۰
(۱۳۶) اسدؔ کو حسرتِ عرضِ نیاز تھی دمِ قتل	ہنوز یک سخنِ بے صدا نکلتی ہے	ص۹۰
(۱۳۷) نالہ کھینچا ہے، سراپا داغِ جُرات ہوں اسدؔ!	کیا سزا ہے میرے جُرمِ آرزو تاویل کی؟	ص۹۱
(۱۳۸) اسدؔ قربانِ لطفِ جورِ بے دل	خبر لیتے ہیں، لیکن بے دلی سے	ص۹۱
(۱۳۹) خراباتِ جنوں میں ہے اسدؔ! وقتِ قدح نوشی	بہ عشقِ ساقیِ کوثرؔ بہارِ بادہ پیمائی	ص۹۲
(۱۴۰) رشک ہے آسایشِ اربابِ غفلت پر اسدؔ!	پیچ و تابِ دل نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے	ص۹۲
(۱۴۱) وھاں سے ہے تکلیفِ عرضِ بے دماغی اور اسدؔ!	یھاں صریرِ خامہ مجھ کو نالۂ رنجور ہے	ص۹۳
(۱۴۲) سر بہ زانوے کرم رکھتی ہے شرمِ ناکسی	اے اسدؔ! بیجا نہیں ہے غفلت آرامی تری	ص۹۳
(۱۴۳) بُت خانے میں اسدؔ بھی بندہ تھا گاہ گاہے	حضرت چلے حرم کو، اب آپ کا خدا ہے	ص۹۴
(۱۴۴) جو بہ شامِ غم چراغِ خلوتِ دل تھا اسدؔ!	وصل میں وہ سوزِ شمعِ مجلسِ تقریر ہے	ص۹۵

(۱۴۵) آپ ہو جاتے ہیں ننگِ ہمتِ باطل سے مرد — اشک پیدا کر اسدؔ! گر آہ بے تاثیر ہے — ص۹۶

(۱۴۶) اسدؔ نے کثرتِ دل ہائے خلق سے جانا — کہ زلفِ یار ہے مجموعۂ پریشانی — ص۹۶

(۱۴۷) ہے خامہ فیضِ بیعتِ بیدلؔ بہ کف اسدؔ! — یک نیستاں قلمروِ اعجاز ہے مجھے — ص۹۷

(۱۴۸) ز بس نکلا غبارِ دل بہ وقتِ گریہ آنکھوں سے — اسدؔ! کھائے ہوئے سُرمے نے آنکھوں میں بصارت کی — ص۹۷

(۱۴۹) اسدؔ! مجھ میں ہے اُس کے بوسۂ پا کی کہاں جرأت — کہ میں نے دست و پا باہم بہ شمشیرِ ادب کاٹے — ص۹۸

(۱۵۰) اسدؔ! وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلق ہیں — صنوبر گلستاں میں بادلِ آزادہ آتا ہے — ص۹۸

(۱۵۱) اسدؔ! تا کے طبیعت طاقتِ ضبطِ الم لاوے؟ — فغانِ دل بہ پہلو، نالۂ بیمارِ بدخو ہے — ص۹۸

(۱۵۲) مسیحِ کشتۂ اُلفت ببر علی خاں ہے — کہ جو اسدؔ! تپشِ نبضِ آرزو جانے — ص۹۹

(۱۵۳) گریۂ طوفاں رکاب، نالۂ محشر عناں — بے سروساماں اسدؔ فتنہ سر انجام ہے — ص۹۹

(۱۵۴) غنچگی ہے، بر نفس پیچیدنِ فکر اے اسدؔ! — واشگفتن ہائے دل در رہنِ مضموں ہے مجھے — ص۱۰۰

(۱۵۵) اسدؔ! ہمیشہ پئے کفشِ پائے سیم تناں — شعاعِ مہر سے کرتا ہے چرخ زردوزی — ص۱۰۰

(۱۵۶) ہو جہاں وہ ساقیِ خرشید رو مجلس فروز — وہاں اسدؔ! تارِ شعاعِ مہر، خطِ جام ہے — ص۱۰۱

(۱۵۷) ناتوانی سے نہیں سر در گریبانی اسدؔ! — ہوں سراپا یک خمِ تسلیم، جو مولا کرے — ص۱۰۱

(۱۵۸) اسدؔ! بہ نازکیِ طبعِ آرزو انصاف! — کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دو عالم ہے — ص۱۰۲

(۱۵۹) اسدؔ کو زیست تھی مشکل، اگر نہ سُن لیتا — کہ قتلِ عاشقِ دل دادہ تجھ کو آساں ہے — ص۱۰۲

(۱۶۰) کثرتِ انشائے مضمونِ تحیر سے اسدؔ! — ہر سرِ انگشت، نوکِ خامۂ فرسودہ ہے — ص۱۰۳

(۱۶۱) اے اسدؔ! آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری — خامہ میرا، تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے — ص۱۰۳

(۱۶۲) کثرتِ اندوہ سے حیران و مضطر ہے اسدؔ — یا علیؑ! وقتِ عنایات و دمِ تائید ہے — ص۱۰۳

(۱۶۳) باغِ خاموشیِ دل سے سخنِ عشق اسدؔ! — نفسِ سوختہ رمزِ چمن ایمائی ہے — ص۱۰۴

(۱۶۴) اسدؔ باوصفِ مشقِ بے تکلف خاک گردیدن — غضب ہے، گر غبارِ خاطرِ احباب ہو جاوے — ص۱۰۵

(۱۶۵) ہے ذوقِ گریہ، عزمِ سفر کیجیے اسدؔ! — رختِ جنونِ سیل بہ ویرانہ کھینچیے — ص۱۰۵

(۱۶۶) ہے بے خمار نشۂ خونِ جگر اسدؔ! — دستِ ہوس بہ گردنِ مینا نہ کھینچیے — ص۱۰۶

(۱۶۷) وہ پردہ نشیں اور اسدؔ آئینۂ اظہار — شہرت، چمنِ فتنہ و عنقا ارمی ہے — ص۱۰۶

(۱۶۸) ہے کمندِ موجِ گل فتراکِ بیتابی اسدؔ! — رنگ، یہاں بو سے سوارِ توسنِ چالاک ہے — ص۱۰۷

(۱۶۹) جوشِ فریاد سے لوں گا دیتِ خواب اسدؔ! — شوخیِ نغمۂ بیدلؔ نے جگایا ہے مجھے — ص۱۰۸

(۱۷۰) تمنا ہے اسدؔ! قتلِ رقیب اور شکر کا سجدہ — دعائے دل بہ محرابِ خمِ شمشیر بہتر ہے — ص۱۰۸

(۱۷۱) وحشتِ دل ہے اسدؔ! عالمِ نیرنگِ نشاط — خندۂ گل بہ لبِ زخمِ جگر پنہاں ہے — ص۱۱۰

(۱۷۲) وداعِ حوصلہ، توفیقِ شکوہ، عجزِ وفا — اسدؔ! ہنوز گمانِ غرورِ دانائی! — ۱۱۰

(۱۷۳) فریاد اسدؔ! بے نگہی ہائے بتاں سے — سچ کہتے ہیں وَاللہ کہ اللہ غنی ہے — ص۱۱۱

(۱۷۴) ہے سادگیِ ذہن تمنائے تماشا — جائے کہ اسدؔ! رنگِ چمن باختنی ہے — ص۱۱۱

(۱۷۵) اسدؔ! ہے آج مژگانِ تماشا کی حنا بندی — چراغانِ نگاہ و شوخیِ اشکِ جگر گوں ہے — ص۱۱۲

(۱۷۶) اسدؔ طلسمِ قفس میں رہے، قیامت ہے! — خرام تجھ سے، صبا تجھ سے، گلستاں تجھ سے — ص۱۱۲

(۱۷۷) مانعِ بادہ کشی نادان ہے، لیکن اسدؔ! — بے ولائے ساقیِ کوثرؔ کشیدن منع ہے — ص۱۱۳

(۱۷۸) سرِ معنی بہ گریبانِ شقِ خامہ، اسدؔ! — چاکِ دل شانہ کشِ طرّۂ تحریر آوے — ص۱۱۳

(۱۷۹) ہر غنچہ اسدؔ! بارگہِ شوکتِ گل ہے — دل فرشِ رہِ ناز ہے، بیدلؔ اگر آوے — ص۱۱۴

(۱۸۰) مال و جاہ و دست و پا بے زر خریدہ ہیں اسدؔ! — پس بہ دل ہائے دگر راحت رسانی مفت ہے — ص۱۱۴

(۱۸۱) اسدؔ! جاں نذرِ الطافے کہ ہنگامِ ہم آغوشی — زبانِ ہر سرِ مُو حالِ دل پُرسیدنی جانے — ص۱۱۵

(۱۸۲) شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ — وائے! کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے — ص۱۱۶

(۱۸۳) دیدہ تا دل اسدؔ! آئینۂ یک پرتوِ شوق — فیضِ معنی سے خطِ ساغرِ راقم سرشار — ص۱۳۲

(۱۸۴) جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ — مبارک باد اسدؔ! غم خوارِ جانِ دردمند آیا — ص۱۳۲

(۱۸۵) تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکنؔ، اسدؔ! — سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا — ص۱۳۳

[1] اُمیدوار : چار بار [مفرد: تین بار، مرکّب: ایک بار]۔
امیدوارتر : ایک بار [مرکّب]۔
امیدواری : ایک بار مرکّب]۔
[2] امیر : سات بار [مفرد: تین بار، مرکّب: چار بار]۔
[3] امین : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
[4] انا البحر : ایک بار [مرکّب]۔
[5] اَنام : دوبار [مرکّب]۔
[6] انبساط : ایک بار [مرکّب]۔

انتخاب[1]: (۱) کُھلتا کسی پہ کیوں مرے دل کا معاملہ — شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے — ص۲۰۶

(۲) دیکھیے: ورقِ انتخاب۔

انتخابِ بدگمانی ہائے حُسن: بوسۂ پا: انتخابِ بدگمانی ہائے حُسن — یعنی ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز — ص۴۴

انتخابِ طرزِ جفا: دیکھیے: فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا۔

انتخابِ نقطہ آرائی: سوادِ چشمِ بسمل انتخابِ نقطہ آرائی — خرامِ نازِ بے پروائیِ قاتل پسند آیا — ص۱۲

انتخابِ یک نگاہ: دیکھیے: طرزِ تلاشِ انتخابِ یک نگاہ۔

انتظار[2]: (۱) نہ بھولا اضطرابِ دم شماری انتظار اپنا — کہ آخر شیشۂ ساعت کے کام آیا غبار اپنا — ص۱۵

(۲) جوں چشم، باز ماندہ ہے ہر یک پہ سوے دل — رکھتا ہے داغ تازہ کا یعنی انتظار داغ — ص۴۸

(۳) خاکِ فرصت برسرِ ذوقِ فنا اے انتظار! — ہے غبارِ شیشۂ ساعت رمِ آہو مجھے — ص۷۸

(۴) ہے انتظار سے شرر آبادِ رستخیز — مژگانِ کوہکن، رگِ خارا کہیں جسے — ص۹۰

(۵) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا — اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا — ص۱۵۹

(۶) تجھے بہانۂ راحت ہے انتظار اے دل! — کیا ہے کس نے اشارہ کہ نازِ بستر کھینچ — ص۱۶۵

(۷) تا پھر نہ انتظار میں نیند آئے عُمر بھر — آنے کا عہد کرگئے، آئے جو خواب میں — ص۱۸۸

(۸) بچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے — وہ آئے یا نہ آئے، پہ یاں انتظار ہے — ص۲۱۷

(۸) غفلت کفیلِ عُمرو اسدؔ ضامنِ نشاط — اے مرگِ ناگہاں! تجھے کیا انتظار ہے؟ — ص۲۱۸

(۹) آنکھوں میں انتظار سے جاں پُرشباب ہے — آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے — ص۲۵۳

دیکھیے ــــــ: (۱۰)،(۱۱) آئنۂ انتظار [دو بار]۔ (۱۲) اثرِ انتظار۔ (۱۳) اسدِ فتنہ انتظار۔ (۱۴) افراطِ انتظار۔ (۱۵) افسونِ انتظار۔ (۱۶) بیدادِ انتظار۔ (۱۷) حاملِ طومارِ انتظار۔ (۱۸) خلوتِ فسردگیِ انتظار۔ (۱۹) سرِ سودائے انتظار۔ (۲۰) سرمہ سازِ انتظار۔ (۲۱) سروکارِ انتظار۔ (۲۲) صحرائے انتظار۔ (۲۳) طاقتِ بیدادِ انتظار۔ (۲۴) فرشِ شش جہتِ انتظار۔ (۲۵) گرمِ انتظار۔ (۲۶) لطفِ زخمِ انتظار۔ (۲۷) مژگانِ انتظار۔

---

[1] انتخاب : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: پانچ بار]۔

[2] انتظار : اُنتالیس بار [مفرد: نو بار، مرکّب: تیس بار]۔ — انتظارستان : دو بار۔

(۲۸) یک دلِ داغِ انتظار۔

انتظار آوارۂ دشتِ خیال:	ہوں بہ وحشت انتظار آوارۂ دشتِ خیال	اک سفیدی مارتی ہے دور سے چشمِ غزال	ص۵۲
انتظار آبادِ حیرانی:	تماشا کردنی ہے انتظار آبادِ حیرانی	نہیں غیر از نگہ، جوں نرگستاں، فرشِ محفل ہا	ص۲۳
انتظارِ تماشائے حُسنِ دوست:	رکھتا ہے انتظار تماشائے حُسنِ دوست	مژگانِ باز ماندہ سے، دستِ دعا بلند	ص۳۸
انتظارِ جلوۂ کاکل:	انتظارِ جلوۂ کاکل میں ہر شمشادِ باغ	صورتِ مژگانِ عاشق صرفِ عرضِ شانہ تھا	ص۲۵
انتظارِ جلوہ ریزی:	اُگی اک پنبۂ روزن سے تھی چشم سفید آخر	حیا کو انتظارِ جلوہ ریزی کے کہیں پایا	ص۲۲
انتظارِ خوش خطاں:	بس کہ چشم از انتظارِ خوش خطاں بے نور ہے	یکقلم شاخِ گلِ نرگس عصائے کور ہے	ص۴۳
انتظارِ ساغر:	نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ	اگر شراب نہیں، انتظارِ ساغر کھینچ	ص۱۶۵
انتظارِ صید:	یاد کر وہ دن کہ ہر یک حلقہ تیرے دام کا	انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا	ص۱۳۵
انتظارِ طرفہ:	وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے مگر	فتنہ، تاراجِ تمنّا کے لیے درکار ہے	ص۸۳

انتظارِ قدومِ بتاں: دیکھیے: ہنگامِ انتظارِ قدومِ بتاں۔

انتظارِ مہ وشاں: دیکھیے: شغلِ انتظارِ مہ وشاں۔

انتظارستاں:	بہ وقتِ سرنگونی ہے تصور انتظارستاں	نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا	ص۱۹

(۲) دیکھیے: شب زندہ دارِ انتظارستاں۔

انتظام[1]:	(۱) اے عافیت! کنارہ کر، اے انتظام! چل	سیلابِ گریہ درپئے دیوار و در ہے آج	ص۱۶۵
	(۲) سب صورتیں بدل گئیں ناگاہ یکقلم	لمبر رہا، نہ نذر، نہ خلعت کا انتظام	ص۲۸۲
اِنتعاشِ[2] غم:	مجھے انتعاشِ غم نے پئے عرضِ حال بخشی	ہوسِ غزل سرائی، تپشِ فسانہ خوانی	ص۱۰

اِنتفاع[3]: دیکھیے: خیالِ انتفاع۔

انتقام[4]:	(۱) اِن پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام	قدرتِ حق سے یہی، حوریں اگر وہاں ہوگئیں	ص۱۹۱

---

۱ انتظام : دوبار۔
۲ انتعاش : ایک بار [مرکّب]۔
۳ انتفاع : ایک بار [مرکّب]۔
۴ انتقام : دوبار۔

(۲) تھا ایک گونہ ناز جو اپنے کمال پر　اُس ناز کا فلک نے لیا مجھ سے انتقام　ص۲۸۲

انجاحِ مقاصد:[1] تیری دانش: مری اصلاحِ مفاسد کی رہین　تیری بخشش: مرے انجاحِ مقاصد کی کفیل　ص۱۲۳

انجام:[2] (۱) گر کرے انجام کو آغاز ہی میں یادِ گل　غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریادِ گل　ص۵۲

(۲) ایک میں کیا کہ سب نے جان لیا　تیرا آغاز اور ترا انجام　ص۱۳۶

دیکھیے ـــــ: (۳) آئینۂ انجام۔ (۴) حیرت داغِ انجام۔ (۵) رسائیِ انجام۔

انجامِ جنوں: دیکھیے: حیرت آئینۂ انجامِ جنوں۔

انجامِ خودآرائی: بجز دیوانگی، ہوتا نہ انجامِ خود آرائی　اگر پیدا نہ کرتا آئنہ زنجیر جوہر کی　ص۷۷

انجامِ نشارِغم: انجامِ نشارِ غم نہ پوچھو　یہ مصرف تا کجے نہیں ہے　ص۳۲۰

انجامِ غافل: مت رکھ اے انجام غافل! سازِ ہستی پر غرور　چیونٹی کے پر سرو برگِ خود آرائی نہیں　ص۶۵

انجامِ گل: دیکھیے: محوِ عبرت انجامِ گل۔

انجم:[3] (۱) وہ مہرباں ہو تو انجم کہیں: الٰہی شکر!　وہ خشمگیں ہو تو گردوں کہے: خدا کی پناہ!　ص۲۷۷

دیکھیے: (۲) خسروِ انجم۔ (۳) نقدِ انجم۔

انجمِ چرخ: انجمِ چرخ گوہر آگیں فرش　نور: مَے؛ ماہ: ساغرِ سیمیں　ص۲۸۰

انجمِ رخشندہ: شب ہوئی، پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کُھلا　اِس تکلّف سے کہ گویا بُت کدے کا در کُھلا　ص۱۶۰

انجمن:[4] (۱) رونقِ ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے　انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں　ص۱۸۵

(۲) ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال　ہم انجمن سمجھتے ہیں، خلوت ہی کیوں نہ ہو　ص۱۹۳

دیکھیے ـــــ: (۳) اہلِ انجمن۔ (۴) تپشِ انجمن۔ (۵) چراغِ انجمن۔ (۶) شکیب و صبرِ اہلِ انجمن۔ (۷) وداعِ انجمن۔ (۸) وحشت انجمن۔

انجمنِ آرزو: نَفَس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ　اگر شراب نہیں، انتظارِ ساغر کھینچ　ص۱۶۵

انجمنِ رنگ: دیکھیے: عرضِ انجمنِ رنگ۔

---

[1] انجاح : ایک بار [مرکّب]۔

[2] انجام : دس بار [مفرد: دوبار، مرکّب: آٹھ بار]۔

[3] انجم : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: چار بار]۔

[4] انجمن : تیرہ بار [مفرد: دوبار، مرکّب: گیارہ بار]۔

انجمنِ طوے میرزا جعفر:	دیکھیے: خجستہ انجمن طوے میرزا جعفر۔		
انجمنِ کبریا:	دیکھیے: شمعِ انجمنِ کبریا۔		
انجمنِ ناز:	اُس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے غالبؔ!	ہم بھی گئے وھاں اور تری تقدیر کو رُو آئے	ص۲۳۸
انحصار[1]:	فقط ہزار برس پر کچھ انحصار نہیں	کئی ہزار برس بلکہ بے شمار برس	ص۲۶۴
انجیل[2]:	مدعا در پردہ، یعنی جو کہوں، باطل سمجھ	وہ فرنگی زادہ کھاتا ہے قسم انجیل کی	ص۹۱
انداختنی[3]:	ہے شعلۂ شمشیرِ فنا حوصلہ پرواز	اے داغِ تمنّا! سپر انداختنی ہے	ص۱۱۱
	[نیز دیکھیے: بر انداختنی]۔		
انداز[4]:	(۱) کیا کس شوخ نے ناز از سرِ تمکیں نشستن کا	کہ شاخِ گل کا خَم، انداز ہے بالیں شکستن کا	ص۲۷
	(۲) نہاں ہے مردمک میں شوقِ رخسارِ فروزاں سے	سپندِ شعلہ نادیدہ صفت انداز جَستن کا	ص۲۷
	(۳) اسدؔ بسمل ہے کس انداز کا؟ قاتل سے کہتا تھا	کہ مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم میری گردن پر	ص۱۶۸
	(۴) دو دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح	یہی انداز اور یہی اندام	ص۱۳۵
	(۵) فلک کو دیکھ کے، کرتا ہوں اُس کو یاد اسدؔ	جفا میں اُس کی، ہے انداز کارفرما کا	ص۱۴۸
	(۶) گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا، یوں سہی	یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جاویں گے کیا؟	ص۱۵۵
	(۷) اے ترا غمزہ یکقلم انگیز	اے ترا ظلم سر بسر انداز	ص۱۷۲
	(۸) وعدہ آنے کا وفا کیجے، یہ کیا انداز ہے؟	تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے؟	ص۲۳۲
	(۹) پھر اِس انداز سے بہار آئی	کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی	ص۲۵۱
	(۱۰) سات دریا کے فراہم کیے ہوں گے موتی	تب بنا ہوگا اِس انداز کا گز بھر سہرا	ص۲۸۷
	دیکھیے ـــــ: (۱۱) پامردِ یک انداز۔ (۱۲) خندیدنی انداز۔		
انداز آفرینِ کج کلاہی:	نہیں ہے خالی آرایش سے بے سامانیِ عاشق	شکستِ حال، انداز آفرینِ کج کلاہی ہے	ص۴۵۴

---

[1] انحصار : ایک بار۔

[2] انجیل : ایک بار۔

[3] انداختنی : ایک بار۔

[4] انداز : اڑتالیس بار [مفرد: دس بار، مرکب: اڑتیس بار]۔

اندازِ اثر: نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا — تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بیتاب تھا — ص ۱۲۵

اندازِ استغنائے حُسن: دیکھیے: رسوائیِ اندازِ استغنائے حُسن۔

اندازِ برہنہ گوئیِ خوباں: دیکھیے: لطفِ اندازِ برہنہ گوئیِ خوباں۔

اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل: ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریِ قاتل — کہ اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا — ص ۱۴۳

اندازِ بیاں: ہیں اَور بھی دُنیا میں سخنور بہت اچھے — کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اَور — ص ۱۷۰

اندازِ پرافشانی: دیکھیے: بسملِ اندازِ پرافشانی۔

اندازِ تغافل: (۱) تیرا اقبالِ ترحّم: مرے جینے کی نوید — تیرا اندازِ تغافل: مرے مرنے کی دلیل — ص ۱۲۴

(۲) دیکھیے: موقوفِ اندازِ تغافل۔

اندازِ جنوں: رہے اُس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلّف سے — تکلّف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی — ص ۲۰۲

اندازِ چراغ از چشم جُستن ہا: نزاکت ہے فسونِ دعویِ طاقت شکستن ہا — شرارِ سنگ اندازِ چراغ از چشم جُستن ہا — ص ۲۲

اندازِ چکیدن: بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی — سو رہتا ہے بہ اندازِ چکیدن سرنگوں وہ بھی — ص ۲۰۲

اندازِ چکیدن ہائے خوں: ہے گدازِ موم اندازِ چکیدن ہائے خوں — نیشِ زنبورِ عسل ہے نشترِ فصّاد یہاں — ص ۵۷

اندازِ حباب: دیکھیے: سرشاریِ اندازِ حباب۔

اندازِ حُسن: دیکھیے: صفا و شوخیِ اندازِ حُسن۔

اندازِ حنا: ہوئی ہے بس کہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار آتش — بہ اندازِ حنا ہے رونقِ دستِ چنار آتش — ص ۴۶

اندازِ دگر: لطفِ عشق ہر یک، اندازِ دگر دکھلائے گا — بے تکلّف یک نگاہِ آشنا ہوجایئے — ص ۸۸

اندازِ رسا: اَور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے — فقط اک، شعر میں اندازِ رسا رکھتے تھے — ص ۲۳۷ (طبع ثانی)

اندازِ روانی: دیکھیے: رخصتِ اندازِ روانی۔

اندازِ رہبر: دیکھیے: حیرتِ اندازِ رہبر۔

اندازِ سخن: تیرا اندازِ سخن: شانۂ زلفِ الہام — تیری رفتارِ قلم: جُنبشِ بالِ جبریل — ص ۱۲۴

اندازِ شوکتِ تحریر: اِس سے اندازِ شوکتِ تحریر — اخذ کرتا ہے آسماں کا دبیر — ص۲۶۷

اندازِ شہِ دلدل سوار: دیکھیے: صیدِ اندازِ شہِ دُلدُل سوار۔

اندازِ عتاب: مُنہ نہ دکھلاوے، نہ دکھلا؛ پر بہ اندازِ عتاب — کھول کر پردہ ذرا آنکھیں ہی دکھلا دے مجھے — ص۲۳۵

اندازِ عیادت: پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے — شبِ ماتم، تہِ دامانِ دودِ شمعِ بالیں ہے — ص۸۹

اندازِ فتح الباب: دل کو اظہارِ سخن اندازِ فتح الباب ہے — یہاں صریرِ خامہ، غیر از اصطکاکِ در نہیں — ص۲۶

اندازِ قاتل: دیکھیے: جوشِ حیرت اندازِ قاتل۔

اندازِ گفتگو: ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے؟ — تمھیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے؟ — ص۲۳۱

اندازِ گل: تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق — آئینہ بہ اندازِ گل آغوش کُشا ہے — ص۲۱۹

اندازِ گل افشانیِ گفتار: پھر دیکھیے اندازِ گل افشانیِ گفتار — رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے — ص۲۲۹

اندازِ نقشِ پا: دیکھیے: دل فریبیِ اندازِ نقشِ پا۔

اندازِ نگاہِ شرگیں: دویدن کے کمیں جوں ریشۂ زیرِ زمیں پایا — بہ گردِ سرمہ اندازِ نگاہِ شرگیں پایا — ص۲۲

انداز و ادا: دیکھیے: (۱) شیوہ و انداز و ادا۔ (۲) معزولیِ انداز و ادا۔

اندازِ ہلال: کاٹ کر پھینکیے ناخن تو بہ اندازِ ہلال — قوّتِ نامیہ اُس کو بھی نہ چھوڑے بیکار — ص۱۳۳

اندازِ یادِ حسنِ سبز: دیکھیے: پا اُفتادۂ اندازِ یادِ حسنِ سبز۔

اندازہ[۱]: دیکھیے: زنجیرِ اندازہ۔

اندازۂ تشویش: دیکھیے: پیمانۂ اندازۂ تشویش۔

اندازۂ تقریر: سر کھجاتا ہے، جہاں زخمِ سر اچھا ہوجائے — لذّتِ سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں — ص۱۸۲

اندازۂ خمار: دیتے ہیں جنّت حیاتِ دہر کے بدلے — نشّہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے — ص۲۰۸

اندازۂ ہمّت: توفیق بہ اندازۂ ہمّت ہے ازل سے — آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

اندازے: از بس کہ سکھاتا ہے غم، ضبط کے اندازے — جو داغ نظر آیا، اک چشم نمائی ہے — ص۲۰۱

---

[۱] اندازہ: پانچ بار [مرتّب]۔ اندازے: ایک بار [بہ طورِ جمع]۔

اَندام[1]: دو دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح — یہی انداز اور یہی اندام (مہِ نو کے لیے) ص ۱۳۵

اِندر[2]: راجہ اِندر کا جو اکھاڑا ہے — ہے وہ بالائے سطحِ چرخِ بریں ص ۲۸۰

اَندر[3]: (۱) اللہ رے ذوقِ دشت نوردی! کہ بعدِ مرگ — ہلتے ہیں خود بہ خود مرے اندر کفن کے پانو ص ۱۹۶

(۲) ہے تیوری چڑھی ہوئی اندر نقاب کے — ہے اک شکن پڑی ہوئی طرفِ نقاب میں ص ۱۸۸

(۳) ہے خیالِ حُسن میں حُسنِ عمل کا سا خیال — خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھلا ص ۱۶۱

اندرونِ[4] چاہ: بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے — ریشے سے ہر تخم کا دلو اندرونِ چاہ ہے ص ۹۳

اندوختن[5]: دیکھیے: کشتِ سپندِ صد جگر اندوختن۔

اَندود[6]: دیکھیے: داغ شعلہ اندود۔

اندودہ[7]: دیکھیے ــــــ: (۱) سیم مِس اندودہ۔ (۲)، (۳) مشک اندودہ [دوبار]۔

اندوہ[8]: دیکھیے: (۱) کثرتِ اندوہ۔ (۲) غم واندوہ۔

اندوہ رُبا: اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ، انھیں کچھ نہ کہو — جو مے و نغمہ کو اندوہ رُبا کہتے ہیں ص ۱۸۷

اندوہِ شبِ فرقت: گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہوجائے گا — بے تکلف داغِ مہ مُہرِ دہاں ہوجائے گا ص ۱۵۰

اندوہِ عشق: جاتی ہے کوئی کشمکش اندوہِ عشق کی — دل بھی اگر گیا، تو وہی دل کا درد تھا ص ۱۵۴

اندوہِ وفا: میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں — وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا ص ۱۴۴

اندھے[9]: سر آغازِ موسم میں اندھے ہیں ہم — کہ دلّی کو چھوڑیں، لوہارو کو جائیں ص ۲۶۴

اَندھیر[10]: (۱) کیا کہوں تاریکیِ زندانِ غم، اندھیر ہے — پنبہ نورِ صبح سے کم جس کے روزن میں نہیں ص ۱۸۵

(۲) ہورہا ہے جہان میں اندھیر — زلف کی پھر سرشتہ داری ہے ص ۲۲۴

اندھیری[11]: کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول — آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا ص ۱۶۱

---

۱ اندام : ایک بار۔
۲ اِندر : ایک بار۔
۳ اَندر : تین بار۔
۴ اندروں : ایک بار [مرتّب]۔
۵ اندوختن : ایک بار [مرتّب]۔
۶ اَندود : ایک بار [مرتّب]۔
۷ اندودہ : تین بار [مرتّب]۔
۸ اندوہ : چھے بار [مرتّب]۔
۹ اندھے : ایک بار۔
۱۰ اندھیر : دوبار۔
۱۱ اندھیری : ایک بار۔

اندیشہ[1]: (۱) نَفَس در سینہ ہائے ہدگر رہتا ہے پیوستہ | نہیں ہے رشتۂ الفت کو اندیشہ گسستن کا | ص۲۶

(۲) ہر اشکِ چشم سے یک حلقۂ زنجیر بڑھتا ہے | بہ بندِ گریہ ہے نقشِ بر آب اندیشہ رستن کا | ص۲۷

(۳) طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد | اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! | ص۷۴

(۴) ہاتھ دھو دل سے، یہی گرمی گر اندیشے میں ہے | آبگینہ تندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے | ص۲۲۱

(۵)، (۶)، (۷) اے کثرتِ فہمِ بے شمار اندیشہ | ہے اصلِ خرد سے شرمسار اندیشہ

یک قطرۂ خون و دعوتِ صد نشتر | یک وہم و عبادتِ ہزار اندیشہ | ص۱۱۸

دیکھیے ____: (۸) پہلوے اندیشہ۔ (۹) جوہرِ اندیشہ۔ (۱۰) حاصلِ اندیشہ۔ (۱۱) خارخارِ وحشتِ اندیشہ۔

(۱۲) دلِ اندیشہ۔ (۱۳) شوخیِ اندیشہ۔ (۱۴) غفلت نقدِ اندیشہ۔ (۱۵) مآلِ اندیشہ۔ (۸) وحشتِ اندیشہ۔

اندیشہ ہاے دور دراز: تو اور آرایشِ خمِ کاکل | میں اور اندیشہ ہاے دور دراز! | ص۱۷۲

اندیشۂ ششدر شدن: اسدؔ! اندیشۂ ششدر شدن ہے | نہ پھریے مُہرہ ساں خانہ بہ خانہ | ص۴۵۱

اندیشۂ شوق: دیکھیے: گلبازیِ اندیشۂ شوق۔

اِنس[2]: دیکھیے: جن وانس وملک۔

انسان[3]: (۱) آگ تاپے کہاں تلک انساں | دھوپ کھاوے کہاں تلک جاں دار | ص۱۲۶

(۲) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا | آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا | ص۱۵۰

(۳) کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل | انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں | ص۱۹۰

(۴) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج | مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں | ص۱۹۱

(۵) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے | زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا | ص۲۶۰

(۶)، (۷) علم ہی سے قدر ہے انسان کی | ہے وہی انسان جو جاہل نہیں | [قادرنامہ]

(۸) انساں نیاز مندِ ازل ہے کہ جوں کماں | مطلب ہے ربط سے رگ و پے کی خمیدگی | ص۴۵۴

---

1. اندیشہ : اٹھارہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: تیرہ بار]۔
اندیشہ ہا: ایک بار۔

2. اِنس : ایک بار [مرکب]۔

3. انساں : آٹھ بار۔

انشا[1]: (۱) نہ انشا معنیِ مضموں، نہ املا صورتِ موزوں — عنایت نامہ ہاے اہلِ دُنیا ہرزہ عنواں ہیں — ص۶۲

(۲) وحشت کہاں کہ بے خودی انشا کرے کوئی — ہستی کو لفظِ معنیِ عنقا کرے کوئی — ص۸۷

(۳) گر دکھاؤں صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ کو — دستِ رَد، سطرِ تبسّم یکقلم انشا کرے — ص۱۰۱

(۴) دیکھیے: یک انشا۔

انشاے التفات: دیکھیے: طرب انشاے التفات۔

انشاے مضمونِ تحیّر: دیکھیے: کثرتِ انشاے مضمونِ تحیّر۔

انشراحِ جشنِ جمشید[2]: کہا غالبؔ سے تاریخ اِس کی کیا ہے؟ — تو بولا: "انشراحِ جشنِ جمشید" (۱۲۷۰ھ) — ص۱۲۹

انصاف[3]: (۱) کماں ہم بھی رگ وپَے رکھتے ہیں، انصاف بہتر ہے — نہ کھینچے طاقتِ خمیازہ تہمت ناتوانی کی — ص۷۷

(۲) اسدؔ! بہ نازکیِ طبعِ آرزو انصاف! — کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دوعالم ہے — ص۱۰۲

(۳) واے! گر میرا ترا انصاف محشر میں نہ ہو — اب تلک تو یہ توقّع ہے کہ وھاں ہوجائے گا — ص۱۵۱

دیکھیے ـــــــ: (۴) شب خونِ انصاف۔ (۵) شہ سوارِ طریقۂ انصاف۔

انصاف نوازی: یھاں تک انصاف نوازی کہ اگر ریزۂ سنگ — بے خبر دے بہ کفِ پاے مسافر آزار — ص۳

انطباع[4]: (۱) اِس کتابِ طرب نصاب نے جب — آب و تاب انطباع کی پائی — ص۲۶۲

(۲) دیکھیے: چشمۂ انطباع۔

انعام[5]: (۱) ماہ بن، ماہ تاب بن، میں کون — مجھ کو کیا بانٹ دے گا تو انعام؟ — ص۱۳۶

(۲) اُسے فضائلِ علم و ہنر کی افزایش — ہوئی ہے مبدعِ عالم سے اِس قدر انعام — ص۲۶۳

اَنفاس[6]: دیکھیے: سرِ رشتۂ پاسِ انفاس۔

انفعال[7]: (۱) فلکِ سفلہ بے مُحابا ہے — اِس ستمگر کو انفعال کہاں! — ص۲۶

---

۱ انشا : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکّب: تین بار]۔
۲ انشراح : ایک بار [مرکّب]۔
۳ انصاف : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکّب: تین بار]۔
۴ انطباع : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔ ۵ انعام : دو بار۔
۶ انفاس : ایک بار [مرکّب]۔
۷ انفعال : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔

(۲) ہنگامۂ زبونیِ ہمّت ہے انفعال — حاصل نہ کیجے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو — ص۱۹۳

دیکھیے: عرقِ انفعال۔

انکار:[1] (۱) بوسہ دینے میں ان کو ہے انکار — دل کے لینے میں جن کو تھا ابرام — ص۳۷

(۲) ہے قہر گر اب بھی نہ بنے بات کہ ان کو — انکار نہیں اور مجھے ابرام بہت ہے — ص۲۴۵

(۳) یارانِ رسول، یعنی اصحابِ کبار — ہیں گرچہ بہت، خلیفہ ان میں ہیں چار

اِن چار میں ایک سے ہو جس کو انکار — غالبؔ! وہ مسلمان نہیں ہے زنہار — ص۴۳۹

انگبیں:[2] انگبیں کے، بہ حکمِ ربِّ الناس — بھر کے بھیجے ہیں سر بہ مُہر گلاس — ص۴۳۱ [آم کے لیے]

(۲) دیکھیے: مے و انگبیں۔

انگشت:[3] [سات بار بہ طور ردیف، ص۴۲]:

(۱)، (۲) جاتا ہوں جدھر، سب کی اُٹھے ہے اُدھر انگشت — یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے، مگر انگشت

(۳) میں اُلفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں — لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت

(۴) گرمی ہے زباں کی سببِ سوختنِ جاں — ہر شمعِ شہادت کو ہے یہاں سر بسر انگشت

(۵) خوں دل میں جو میرے نہیں باقی تو پھر اُس کی — جوں ماہیِ بے آب تڑپتی ہے ہر انگشت

(۶) شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا — رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت

(۷) کس رُتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل — آتی نہیں پنجے میں بس اُس کے نظر انگشت

[تین بار بہ طور ردیف، ص۱۹۳]:

(۸) افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے — جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت

(۹) کافی ہے نشانی، ترا چھلّے کا نہ دینا — خالی مجھے دکھلا کے بہ وقتِ سفر انگشت

(۱۰) لکھتا ہوں اسدؔ سوزشِ دل سے سخنِ گرم — تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت

دیکھیے ـــــــ: (۱۱) ناخنِ انگشت۔ (۱۲) ہر سرِ انگشت۔ [مزید دیکھیے: سرانگشت]۔

---

[1] انکار : تین بار۔

[2] انگبیں : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

[3] انگشت : اُنیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: گیارہ بار]۔
انگشت نما : ایک بار۔

انگشت بدنداں: خامہ انگشت بہ دنداں کہ اِسے کیا لکھیے — ناطقہ سر بہ گریباں کہ اِسے کیا کہیے — ص۱۱۴

انگشتِ تحیر: شمع سے ہے بزمِ انگشتِ تحیر در دہن — شعلۂ آوازِ خوباں پر بہ ہنگامِ سماع — ص۲۷

انگشتِ حسابِ اشک: ہجومِ گریہ سوے دل، خوشا! سرمایۂ طوفاں — برانگشتِ حسابِ اشک ناخن، نعلِ واژوں ہے — ص۱۱۱

انگشتِ حنائی: دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال — ہوگیا گوشت سے ناخن کا جدا ہوجانا — ص۱۵٦

انگشتِ حیرت: ہے عجب مُردوں کو غفلت ہاے اہلِ دہر سے — سبزہ جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے — ص۳

انگشتِ خوباں: دیکھیے: ناخنِ انگشتِ خوباں۔

انگشتِ سوزن: تکلف، خار خارِ التماسِ بے قراری ہے — کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر — ص۲۱

انگشت نما: میں الفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں — لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت — ص۳۲

انگلستان[1]: بس کہ فعّالِ مایُرید ہے آج — ہر سلحشور انگلستاں کا — ص۲٦۰

اُنگلی[2]: آمدِ سیلابِ طوفانِ صداے آب ہے — نقشِ پا جو کان میں رکھتا ہے اُنگلی، جادہ سے — ص۲۱۷

اُنگلیاں: دردِ دل لکھوں کب تک، جاؤں اُن کو دکھلادوں — انگلیاں فگار اپنی، خامہ خوں چکاں اپنا — ص۱۵۹

انگور[3]: (۱) موسمِ گل میں مَیِ گلگوں حلالِ مے کشاں — عقدِ وصلِ دُخترِ رز انگور کا ہر دانہ تھا — ص۲۵

(۲) محتسب سے تنگ ہے از بس کہ کارِ مے کشاں — رز میں جو انگور نکلا، عقدۂ مشکل ہوا — ص۲۹

(۳) انگور سعیِ بے سروپائی سے سبز ہے — غالبؔ بہ دوشِ دل خُمِ مستاں اُٹھایئے — ص۷۳

(۴) آم کے آگے پیش جاوے خاک — پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک

نہ چلا جب کسی طرح مقدور — بادۂ ناب بن گیا انگور[3] — ص۳۱

(۵) سوا تاج کے، جو ہے مقلوبِ جاں — نہ وھاں آم پائیں نہ انگور پائیں — ص۲۴۳

(٦) نشۂ مے کے اُتر جانے کے غم سے انگور — صورتِ اشک بہ مژگانِ رگِ تاک چڑھا — ص۲۲۵

دیکھیے: (۷) افشردۂ انگور۔ (۸)، (۹) دانۂ انگور [دوبار]۔ (۱۰) ریشۂ رزِ انگور۔ (۱۱) شیرۂ انگور۔

انگیز[4]: اے ترا غمزہ: یکقلم انگیز — اے ترا ظلم: سر بسر انداز — ص۱۷۲

---

[1] انگلستان: ایک بار۔

[2] اُنگلی: ایک بار۔ انگلیاں: ایک بار۔

[3] انگور: گیارہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: پانچ بار]۔

[4] انگیز: ایک بار۔

انیس[1] پرِ کاہ:	وہ عینِ عدل کہ دہشت سے جس کی پُرسش کی	بنے ہے شعلۂ آتش انیسِ پرِ کاہ	ص ۲۷۷
اوج[2]:	(۱) گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا	کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے!	ص ۲۳۰
	(۲) دیکھیے: یک بخت اوج۔		
اوجِ بنائے عالمِ امکاں:	دیکھیے: غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں۔		
اوجِ حصار:	دیکھیے: یک اوجِ حصار۔		
اوجِ دہِ مرتبۂ معنی ولفظ:	بہ سخن: اوجِ دہِ مرتبۂ معنی و لفظ	بہ کرم: داغِ نہِ ناصیۂ قلزم و نیل	ص ۱۲۴
اوجِ ریزیِ چشمِ حیاپرست:	دیکھیے: قربانِ اوجِ ریزیِ چشمِ حیاپرست۔		
اوجِ طالعِ لعل وگہر:	ترے جواہرِ طرفِ کُلہ کو کیا دیکھیں!	ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں	ص ۱۸۷
اوجِ عرضِ اظہار:	شررِ اسیرِ دل کو ملے اوجِ عرضِ اظہار	جو بہ صورتِ چراغاں کرے شعلہ نردبانی	ص ۱۰
اَور[3]:	(۱) کیجے جوں اشک اَور قطرہ زنی		ص ۴۲
	(۲) دیتا ہے اَور جوں گل و شبنم بہار داغ		ص ۴۸
	(۳) اَور کے لین دین سے کیا کام		ص ۱۳۶
	(۴) مرنے کی اے دل اَور ہی تدبیر کر کہ میں		ص ۱۵۳
	(۵) اپنے پہ اعتماد ہے، اَور کو آزمائے کیوں		ص ۱۹۳
	(۶) امتحاں اَور بھی باقی ہو تو یہ بھی نہ سہی		ص ۲۰۹
	(۷) یھاں نالے کو اَور اُلٹا دعوائے رسائی ہے		ص ۲۱۰
	(۸) کچھ اَور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے		ص ۲۳۶
	(۹) بنیں گے اَور ستارے اب آسماں کے لیے		ص ۲۳۶

---

[1] انیس : ایک بار [مرکّب]۔
[2] اوج : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: سات بار]۔
[3] اور : پینسٹھ بار۔
اوروں : دوبار۔

(۱۰) اَور بازار سے لے آئے، اگر ٹوٹ گیا — ص۲۳۹

(۱۱) زرِ قیمت کا ہوگا اَور حساب — ص۲۶۸

(۱۲) زباں تک آ کے، ہوئی اَور استوار گرہ — ص۲۷۹

(۱۳) اک غزل تم اَور پڑھ لو، وَالسّلام — [قادرنامہ]

(۱۴) کچھ اَور ہی عالم ہے دل وچشم و زباں کا — کچھ اَور ہی نقشا نظر آتا ہے جہاں کا — ص۲۸۴

(۱۵) اَور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے — ص۳۰۵

(۱۶) یہ خبط نہیں تو اَور کیا ہے — ص۳۰۵

(۱۷) ضد کی ہے اَور بات، مگر خو بری نہیں — ص۲۴۳

(۱۸) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اورشخص پر — ص۲۹۱

(۱۹) علاوہ عید کے، ملتی ہے اَور دن بھی شراب — ص۱۹۲

[بارہ بار بہ طورِ ردیف، کُل تیرہ بار، ص۱۷۰]:

(۲۰)، (۲۱) ہے بس کہ ہر اک اُن کے اشارے میں نشاں اَور — کرتے ہیں محبت، تو گزرتا ہے گماں اَور

(۲۲)، (۲۳) دے اَور دل اُن کو، جو نہ دے مجھ کو زباں اَور

(۲۴) ہے تیر مقرّر، مگر اُس کی ہے کماں اَور

(۲۵) لے آئیں گے بازار سے جا کر دل وجاں اَور

(۲۶) ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہے سنگِ گراں اَور

(۲۷) ہوتے جو کئی دیدۂ خونابہ فشاں اَور

(۲۸) جلّاد کو لیکن وہ کہے جائیں کہ ہاں اَور

(۲۹) ہر روز دکھاتا ہوں میں اک داغِ نہاں اَور

(۳۰) کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ وفغاں اَور

(۳۱) رُکتی ہے مری طبع تو ہوتی ہے رواں اَور

(۳۲) کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اَور

(۳۳) [گیارہ بار جزوِ ردیف کے طور پر، ص ۱۷۰]:

(۳۴)، (۳۵) لازم تھا کہ دیکھو مرا رستا کوئی دن اور   تنہا گئے کیوں؟ اب رہو تنہا کوئی دن اَور

(۳۶) ہوں در پہ ترے ناصیہ فرسا کوئی دن اور

(۳۷) مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اور

(۳۸) کیا خوب، قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

(۳۹) کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور

(۴۰) پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور

(۴۱) کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

(۴۲) بچّوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور

(۴۳) کرتا تھا جواں مرگ! گزارا کوئی دن اور

(۴۴) قسمت میں ہے مرنے کی تمنّا کوئی دن اور

[سات بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۲۳۷]:

(۴۵)، (۴۶) کوئی دن گر زندگانی اور ہے   اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے

(۴۷) سوزِ غم ہائے نہانی اور ہے

(۴۸) پر، کچھ اب کے سرگرانی اور ہے

(۴۹) کچھ تو پیغامِ زبانی اور ہے

(۵۰) وہ بلائے آسمانی اور ہے

(۵۱) ایک مرگِ ناگہانی اور ہے

[دس بار بہ طورِ جزوِ ردیف، کُل گیارہ بار، ص ۳۱۱]:

(۵۲)، (۵۳) میں ہوں مشتاقِ جفا، مجھ پہ جفا اور سہی   تم ہو بیداد سے خوش، اس سے سوا اور سہی

(۵۴) ہیں ہوس پیشہ بہت، وہ نہ ہوا اور سہی

(۵۵) تم خداوند ہی کہلاؤ، خدا اور سہی

(۵۶) آپ کا شیوہ و انداز و ادا اور سہی

(۵۷)،(۵۸) کعبہ ایک اور سہی، قبلہ نما اور سہی

(۵۹) خلد بھی باغ ہے، خیر آب و ہوا اور سہی

(۶۰) سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی

(۶۱)،(۶۲) زہر کچھ اور سہی، آبِ بقا اور سہی

(۶۳) ایک بیدادگرِ رنج فزا اور سہی

(۶۴) اگر اَور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا — ص۱۵۹

(۶۵) بجز قیس اَور کوئی نہ آیا بروے کار — ص۱۴۳

اَوروں: (۱) نہ اَوروں کی سنتا، نہ کہتا ہوں اپنی — سرِ خستہ و شورِ وحشت سلامت — ص۳۳

(۲) تو دوست کسی کا بھی ستمگر! نہ ہوا تھا — اَوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

اوراق[۱]: اور اُن اوراق میں بہ کلکِ قضا — مجملاً مندرج ہوئے احکام — ص۱۳۸

اوراقِ لختِ دل: نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد — یادگارِ نالہ یک دیوانِ بے شیرازہ تھا — ص۱۲۷

اورنگ[۲]: (۱) پانْو سے تیرے مَلے فرقِ ارادت اورنگ — فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اکلیل — ص۱۲۳

(۲) دیکھیے: شہنشاہِ آسماں اورنگ۔

اورنگِ سلیماں: اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک — اک بات ہے اعجاز مسیحا مرے آگے — ص۲۲۸

اَورنگزیبی[۳]: نشاں باقی نہیں ہے سلطنت کا — مگر ہاں نام کو اورنگزیبی — ص۲۶۲

اُوستاد[۴]: بزم میں میزبانِ قیصر و جم — رزم میں اوستادِ رستم و سام — ص۱۲۷

---

۱ اوراق : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔

۲ اورنگ : تین بار [مرکّب: دوبار]۔

۳ اورنگ زیبی : ایک بار۔

۴ اُوستاد : ایک بار [مرکّب]۔

اوضاعِ[1] ابنائے زماں: دیکھیے: خوبیِ اوضاعِ ابنائے زماں۔

اُوفتادگی[2]: خوش اوفتادگی کہ بہ صحرائے انتظار — جوں جادہ گردِ رہ سے نگہ سرمہ ساکروں ص ۵۶

اُوفتادگیِ کُشتگانِ عشق: برخاک اوفتادگیِ کُشتگانِ عشق — ہے سجدۂ سپاسِ بہ منزل رسیدگی ص ۳۵۴

اُوفتادہ[3]: (۱) تنِ بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں — دلِ زِ کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں ص ۶۰

(۲) دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ — مرغِ خیال بلبلِ بے بال و پر ہے آج ص ۳۵

اوقات[4]: (۱) اور میں وہ ہوں کہ گر جی میں کبھی غور کروں — غیر کیا، خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے ص ۱۲۸

اوقات[5]: (۲) دیکھیے: سرِ رشتۂ اوقات۔

اُوک[6]: پلادے اوک سے ساقی! جو ہم سے نفرت ہے — پیالہ گر نہیں دیتا نہ دے، شراب تو دے ص ۲۲۳

اوّل[7]: دیکھیے: یوسف بہ قیمتِ اوّل خریدہ۔

اوّلِ درسِ آرزو: ہے خطِ عجزِ ما و تو، اوّلِ درسِ آرزو — ہے یہ سیاقِ گفتگو، کچھ نہ سمجھ فنا سمجھ ص ۴۷

اوّلاً: اوّلاً عمرِ طبیعی بہ دوامِ اقبال — ثانیاً دولتِ دیدارِ شہنشاہِ اُمم ص ۲۶۵

اوّلیں: دیکھیے: نازہائے التفاتِ اوّلیں۔

اوّلیں دورِ امامت: رنگریزِ گل و جامِ دو جہاں ناز و نیاز — اوّلیں دورِ امامت طرب ایجادِ بہار ص ۴

اولاد[8]: تیری اولاد کے غم سے ہے بروئے گردوں — سلکِ اختر میں مہِ نَو، مژۂ گوہر بار ص ۱۳۳

اوہام[9]: دیکھیے ــــــ: (۱) شاہراہِ اوہام۔ (۲) شورِ اوہام۔ (۳) گرفتارِ دو عالم اوہام۔

اہتزاز[10]: ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے — بہ جلوہ ریزیِ بادو بہ پر فشانیِ شمع ص ۱۷۴

اہتمام[11]: (۱) بہ رہنِ شرم ہے باوصفِ شوخی اہتمام اُس کا — نگیں میں جوں شرارِ سنگ ناپیدا ہے نام اُس کا ص ۲۴

۱۔ اوضاع : ایک بار [مرکّب]۔
۲۔ اُوفتادگی : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
۳۔ اُوفتادہ : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
۴۔ اوقات (۱) : ایک بار۔
۵۔ اوقات (۲) : ایک بار [مرکّب]۔
۶۔ اُوک : ایک بار۔
۷۔ اوّل : دوبار [مرکّب]۔
اوّلاً : ایک بار۔ اوّلیں : دوبار [مرکّب]۔
۸۔ اولاد : ایک بار۔
۹۔ اوہام : تین بار [مرکّب]۔
۱۰۔ اہتزاز : ایک بار۔
۱۱۔ اہتمام : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دوبار]۔

(۲) اُس بزمِ پُرفروغ میں اِس تیرہ بخت کو — لبر ملا تشیب میں از روے اہتمام — ص ۲۸۲
(۳) دیکھیے: شرر اہتمام بستر۔

اہلِ انجمن:[1] (۱) یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ، صبح ہوتے تک — رکھو نہ شمع پہ اے اہلِ انجمن! تکیہ — ص ۳۰۳
(۲) دیکھیے: شکیب وصبرِ اہلِ انجمن۔

اہلِ باغ: داغِ ربطِ ہم ہیں اہلِ باغ، گر گُل ہو شہید — لالہ، چشمِ حسرت آلودِ چراغِ کشتہ ہے — ص ۸۰

اہلِ بزم: کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ اہلِ بزم؟ — ہو غم ہی جاں گداز تو غم خوار کیا کریں! — ص ۱۹۱

اہلِ بصارت: نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں — نظارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت — ص ۱۲۷

اہلِ بینش: (۱) نقابِ یار ہے غفلت نگاہیِ اہلِ بینش کی — مژہ پوشیدنی ہا: پردۂ تصویرِ عریاں ہے — ص ۸۱
(۲) اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز — جوہرِ آئنہ کو طوطیِ بسمل باندھا — ص ۱۳۵
(۳) اہلِ بینش کو ہے طوفانِ حوادث، مکتب — لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں — ص ۱۸۶

اہلِ تدبیر: اہلِ تدبیر کی واماندگیاں! — آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں — ص ۱۸۱

اہلِ تسنّن: ہند میں اہلِ تسنّن کی ہیں دو سلطنتیں — حیدر آبادِ دکن رشکِ گلستانِ ارم
رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر — کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم — ص ۲۶۵

اہلِ تمنّا: دیکھیے: عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا۔

اہلِ جفا: حُسن غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد — بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد — ص ۱۲۶

اہلِ جنوں: ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع — چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد — ص ۱۲۶

اہلِ جہاں: (۱) ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم — جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد — ص ۳۷
(۲) آتش پرست کہتے ہیں اہلِ جہاں مجھے — سرگرمِ نالہ ہاے شرر بار دیکھ کر — ص ۱۶۸
(۳) کی ہے وا اہلِ جہاں نے بہ گلستانِ جہاں — چشمِ غفلت نظرِ شبنمِ خور نادیدہ — ص ۷۱
(۴) یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ تو اے اہلِ جہاں! — دیکھنا اِن بستیوں کو تم کہ ویراں ہو گئیں — ص ۱۹۳

---

[1] اہل : باسٹھ بار [مرتّب]۔

(۵) وہ محضِ رحمت و رافت کہ بہرِ اہلِ جہاں نیابتِ دمِ عیسیٰ کرے ہے جس کی نگاہ ص۲۷۷

دیکھیے:(۲) سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں۔(۲)غفلتِ اہلِ جہاں۔

اہلِ خاک: سیہ مستی ہے اہلِ خاک کو ابرِ بہاری سے زمیں جوشِ طرب سے جامِ لبریزِ سفالی ہے ص۷۹

اہلِ خرابات: اِس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار! غالبِ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے ص۱۲۸

اہلِ خرد: ہیں اہلِ خرد کس روشِ خاص پہ نازاں؟ پابستگیِ رسم و رہِ عام بہت ہے ص۲۴۵

اہلِ درد: ہرگام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا ص۲۰

اہلِ دل: ہے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں ص۲۶

اہلِ دُنیا: دیکھیے:(۱) طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا۔(۲)عنایت نامہ ہائے اہلِ دنیا۔

اہلِ دہر: (۱) اپنے پہ کر رہا ہوں قیاس اہلِ دہر کا سمجھا ہوں دل پذیر متاعِ ہُنر کو میں ص۱۹۰

(۲) دیکھیے:غفلت ہائے اہلِ دہر۔

اہلِ ریا: دیکھیے:بے حاصلیِ اہلِ ریا۔

اہلِ زباں: دیکھیے:زبانِ اہلِ زباں۔

اہلِ سخن: (۱) حضورِ شاہ میں اہلِ سخن کی آزمایش ہے چمن میں خوش نوایانِ چمن کی آزمایش ہے ص۲۴۳

(۲) مدح کے بعد دُعا چاہیے اور اہلِ سخن اِس کو کرتے ہیں بہت بڑھ کے بہ اغراق رقم ص۲۶۵

(۳) روا رکھو نہ رکھو، تھا جو لفظِ ''تکیہ کلام'' اب اُس کو کہتے ہیں اہلِ سخن ''سخن تکیہ'' ص۳۰۳

اہلِ سلامت: دیکھیے:دردِ سرِ اہلِ سلامت۔

اہلِ شوق: پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہوگئے ص۲۲۹

اہلِ طلب: ہاں اہلِ طلب! کون سُنے طعنۂ نایافت دیکھا کہ وہ ملتا نہیں، اپنے ہی کو کھو آئے ص۲۳۸

اہلِ عزا: دیکھیے:پریشاں موِ اہلِ عزا۔

اہلِ عناد: امامِ وقت کی یہ قدر ہے کہ اہلِ عناد پیادہ لے چلیں اور ناسزا کہیں اُس کو ص۲۸۵

اہلِ غفلت: عیش، گرمِ اضطراب و اہلِ غفلت سرد مہر دورِ ساغر یک گلستاں برگ ریزِ تاک ہے ص۱۰۷

اہلِ فنا: دیکھیے: طرزِ اہلِ فنا۔

اہلِ کرم: دیکھیے: (۱) تماشائے اہلِ کرم۔ (۲) عاشقِ اہلِ کرم۔

اہلِ کنشت: دیکھیے: حقِ صحبتِ اہلِ کنشت۔

اہلِ نام: عزّت پہ اہلِ نام کی ہستی کی ہے بِنا — عزّت جہاں گئی، تو نہ ہستی رہی نہ نام — ص ۲۸۲

اہلِ نظر: (۱) بازی خورِ فریب ہے اہلِ نظر کا ذوق — ہنگامہ، گرمِ حیرتِ بود و نبود تھا — ص ۱۲

(۲) خدایا! کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے — کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال دیواریں گلستاں کی — ص ۷۶

(۳) ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود — قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں — ص ۱۸۷

(۴) رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر — کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم — ص ۲۶۵

دیکھیے: (۵) آبروئے شیوۂ اہلِ نظر۔ (۶) قبلۂ اہلِ نظر۔

اہلِ نیاز: دیکھیے: تحفۂ اہلِ نیاز۔

اہلِ ورع: اہلِ ورع کے حلقے میں ہر چند ہوں ذلیل — پر عاصیوں کے زُمرے میں مَیں برگزیدہ ہوں — ص ۳۰۰

اہلِ وفا: دیکھیے______: (۱) قتلِ اہلِ وفا۔ (۲) نَفَسِ اہلِ وفا۔

اہلِ وہم و خیال: دیکھیے: نظر گاہِ اہلِ وہم و خیال۔

اہلِ ہمت: رہا آباد عالم اہلِ ہمّت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، مے خانہ خالی ہے — ص ۲۰۹

اہلِ ہوس: (۱) مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید — یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی — ص ۷۷

(۲) اہلِ ہوس کی فتح ہے ترکِ نبردِ عشق — جو پانْو اُٹھ گئے، وہی اُن کے علم ہوئے — ص ۲۲۷

(۳) دیکھیے: سینۂ اہلِ ہوس۔

اہلِ یقیں: (۱) زمامِ ناقہ کفِ اُس کے میں ہے کہ اہلِ یقیں — پس از حُسینِ علی پیشوا کہیں اُس کو — ص ۲۸۵

(۲) دیکھیے: ضیا بخشِ چشمِ اہلِ یقیں۔

اہم[۱]: دل کے خوں کرنے کی کیا وجہ ولیکن ناچار — پاسِ بے رونقیِ دیدہ اہم ہے ہم کو — ص ۱۹۵

ائمہ[۲]: اُن کو غالبؔ یہ سال اچھا ہے — جو ائمہ کے ہیں تولائی — ص ۲۶۳

---

۱ اہم : ایک بار۔ ۲ ائمہ : ایک بار۔

ایاغ[1]: (۱) بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا ص۱۳۹

(۲) دیکھیے: لبِ ایاغ۔

ایام[2]: (۱) ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی سیاہی ہے مرے ایام میں لوحِ دبستاں کی ص۷۶

دیکھیے ـــــ: (۲) صفحہ ہائے لیالی و ایام۔ (۳) فتنۂ ایام۔ (۴) گردشِ ایام۔

ایامِ جوانی: پس از اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال ایامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال ص۲۵۲

ایامِ خاکسترنشینی: نازشِ ایامِ خاکستر نشینی کیا کہوں پہلوے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تھا ص۱۳۵

ایامِ گل: چاک مت کر جیب بے ایامِ گل کچھ اُدھر کا بھی اشارا چاہیے ص۲۲۳

ایاے: دیکھیے: یاد ایاے۔

ایثار[3]: دیکھیے: فریادیِ جوشِ ایثار۔

ایجاد[4]: (۱) بس کہ یک رنگ ہیں دل، کرتی ہے ایجاد نسیم لالے کے داغ سے جوں نقطہ و خط، سنبل زار ص۳

(۲) ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لیے بہار میرا رقیب ہے نفسِ عطر ساے گل ص۱۷۶

دیکھیے ـــــ: (۳) دمِ ایجاد۔ (۴) رقمِ ایجاد۔ (۵) زباں ایجاد۔ (۶) ستم ایجاد۔ (۷) سراسر رویِ عالمِ ایجاد۔ (۸) سرمایۂ ایجاد۔ (۹) سررشتۂ ایجاد۔ (۱۰) شعلہ ایجاد۔ (۱۱) عرضِ خمیازۂ ایجاد۔ (۱۲) فریبِ ایجاد۔ (۱۳) موم آئینۂ ایجاد۔ (۱۴) وحشتِ طبیعتِ ایجاد۔ (۱۵) رنگِ بہار ایجادیِ بیدلؔ۔

ایجادِ ازل: دیکھیے: نشۂ ایجادِ ازل۔

ایجادِ بلبل: دیکھیے: کسوتِ ایجادِ بلبل۔

ایجادِ بہار: دیکھیے: طرب ایجادِ بہار۔

ایجادِ تمنا: دیکھیے: سرمایۂ ایجادِ تمنا۔

ایجادِ صدا: دیکھیے: شوخیِ ایجادِ صدا۔

ایجادِ جلوہ: دیکھیے: کاوشِ ایجادِ جلوہ۔

---

[1] ایاغ : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

[2] ایام : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھے بار]۔

ایاے : ایک بار [مرکب]۔

[3] ایثار : ایک بار [مرکب]۔

[4] ایجاد : بتیس بار [مفرد: دوبار، مرکب: تیس بار]۔

ایجادِ خطِ سبز: دیکھیے: جوہرِ ایجادِ خطِ سبز۔

ایجادِ داغِ تازہ: دیکھیے: گرمِ کوششِ ایجادِ داغِ تازہ۔

ایجادِ درد: دیکھیے: آئنہ ایجادِ درد۔

ایجادِ سیہ مستی: وہمِ طربِ ہستی: ایجادِ سیہ مستی — تسکیں دہِ صد محفل یک ساغرِ خالی ہے — ص۱۱۵

ایجادِ غنا: دیکھیے: عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا۔

ایجادِ کفِ گوہربار: دیکھیے: آئنہ ایجادِ کفِ گوہربار۔

ایجادِ گریباں ہا: دریوزۂ ساماں ہا اے بے سروسامانی! — ایجادِ گریباں ہا در پردۂ عریانی — ص۱۰۸

ایجادِ جنوں: دیکھیے: دماغِ نشۂ ایجادِ جنوں۔

ایجادِ ناز: دیکھیے: لذّتِ ایجادِ ناز۔

ایجادِ یک نگاہ: دیکھیے: کمیں گرِ ایجادِ یک نگاہ۔

ایجادِ یقیں: دیکھیے: کعبۂ ایجادِ یقیں۔

اے خوشا:[1] اے خوشا فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما! — بادہ پُرزور و نفَس مست و مسیحا بیمار — ص۳

(۲) اے خوشا مکتبِ شوق و بلد ستانِ مراد! — سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار — ص۴

(۳) اے خوشا ذوقِ تمنائے شہادت! کہ اسدؔ — بے تکلف بہ سجودِ خمِ شمشیر آیا — ص۲۸

(۴) اے خوشا وقتے! کہ ساقی یک خُمستاں وا کرے — تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے — ص۱۰۱

(۵) زخم ہائے کہنۂ دل رکھتے ہیں جوں مُردگی — اے خوشا! گر آبِ تیغِ ناز تیزابی کرے — ص۱۰۰

(۶) کچھ نہیں حاصل تعلق میں، بغیر از کشمکش — اے خوشا رندے! کہ مرغِ گلشنِ تجرید ہے — ص۱۰۳

اے دریغا:[2] اَسد اللہ خاں تمام ہوا — اے دریغا! وہ رندِ شاہد باز — ص۱۷۲

ایذا:[3] دیکھیے: باعثِ ایذا۔

اِیرا:[4] آئی اگر بلا تو جگہ سے ٹلے نہیں — ایرا ہی دے کے ہم نے بچایا ہے کشت کو — ص۳۲۲[ثانی]

---

[1] اے خوشا : چھے بار۔
[2] اے دریغا : ایک بار۔
[3] ایذا : ایک بار[مرکّب]۔
[4] ایرا : ایک بار۔

ایرج[1]: وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے — ایرج و تور و خسرو و بہرام — ص۱۳۷

ایک[2]: (۱) اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے — ص۱۸۹

(۲)،(۳) لاکھوں لگاو ایک چرانا نگاہ کا — لاکھوں بناو ایک بگڑنا عتاب میں — ص۱۸۹

(۴) ہم بھی ایک اپنی ہَوا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۵) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں — ص۱۹۳

(۶) ایک چکّر ہے مرے پانْو میں زنجیر نہیں — ص۱۸۲

(۷) رسم ہے مُردے کی چھماہی ایک — ص۱۳۵

(۸) تھا ترنجِ زر ایک خسرو پاس — ص۱۳۱

(۹) تو اور ایک وہ نشنیدن کہ کیا کہوں! — ص۱۷۸

(۱۰) ایک فریاد و آہ و زاری ہے — ص۲۲۴

(۱۱) ایک مرگِ ناگہانی اور ہے — ص۲۳۷

(۱۲) عجیب نسخۂ نادر لکھا ہے ایک اُس نے — ص۲۶۳

(۱۳) تحریر ایک جس سے ہوا بندہ تلخ کام — ص۲۸۲

(۱۴) چاہیے پھولوں کا بھی ایک مقرّر سہرا — ص۲۸۷

[بہ طورِ ردیف بارہ بار، کُل ۲۳ بار]:

(۱۵)،(۱۶) دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک — وضع میں گو ہوئی دوسر، تیغ ہے ذوالفقار ایک

(۱۷) ہم سخن اور ہم زباں حضراتِ قاسم و طپاں — ایک طپش کا جانشیں، درد کا یادگار ایک

(۱۸)،(۱۹) نقدِ سخن کے واسطے ایک، عیارِ آگہی — شعر کے فن کے واسطے مایۂ اعتبار ایک

(۲۰)،(۲۱) ایک، وفا و مہر میں تازگیِ بساطِ دہر — لطف و کرم کے باب میں زینتِ روزگار ایک

(۲۲-۲۵) گل کدۂ تلاش کو ایک ہے رنگ، ایک بو — ریختے کے قُماش کو پود ہے ایک، تار ایک

---

[1] ایرج : ایک بار [مرتّب]۔

[2] ایک : ایک سوایک بار۔

(۲۶)،(۲۷) مملکتِ کمال میں ایک، امیرِ نامور عرصۂ قیل و قال میں خسروِ نام دار ایک

(۲۸)،(۲۹) گلشنِ اتفاق میں ایک، بہارِ بے خزاں مے کدۂ وفاق میں بادۂ بے خمار ایک

(۳۰)،(۳۱) زندۂ شوقِ شعر کو ایک، چراغِ انجمن کشتۂ ذوقِ شعر کو شمعِ سرِ مزار ایک

(۳۲)،(۳۳) دونوں کے دل حق آشنا، دونوں رسول پر فدا ایک مُحبِّ چار یار، عاشقِ ہشت و چار ایک

(۳۴)،(۳۵) جانِ وفاپرست کو ایک، شمیمِ نوبہار فرقِ ستیزہ مست کو ابرِ تگرگ بار ایک

(۳۶)،(۳۷) لایا ہے کہہ کے یہ غزل شائبہ ریا سے دور کر کے دل و زبان کو غالبِ خاکسار ایک

[چھے بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۱۷۹]:

(۳۸)،(۳۹) ہم سے کھل جاؤ بہ وقتِ مے پرستی ایک دن ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھ کر عذرِ مستی، ایک دن

(۴۰) غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو اِس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن

(۴۱) قرض کی پیتے تھے مَے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

(۴۲) نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل! غنیمت جانیے بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن

(۴۳) دھول دھپّا اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں ہم ہی کر بیٹھے تھے غالبؔ پیش دستی ایک دن

(۴۴) ایک مرگِ ناگہانی اور ہے ص۲۳۷

(۴۵) اِن چاروں میں ایک سے ہو جس کو انکار ص۳۱۳

(۴۶) میری قسمت کا نہ ایک آدھ گریباں نکلا ص۱۳

(۴۷) میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے ص۱۳۹

(۴۸) ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں ص۹۳

(۴۹) گر ایک ادا ہو تو اُسے اپنی قضا کہوں ص۱۷۸

(۵۰) آگہی غافل! کہ ایک امروز بے فردا نہیں ص۶۵

(۵۱) تکلّف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی ص۲۰۲

(۵۲) کعبہ ایک اَور سہی، قبلہ نما اَور سہی ص۳۱۱

(۵۳) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اَور شخص پر ص۲۹۱

(۵۴)،(۵۵) ایک ایک قطرے کا مجھے دینا پڑا حساب ص۱۵۴

(۵۶) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں ص۱۲۹

(۵۷) رونے نے طاقت اِتنی نہ چھوڑی کہ ایک بار ص۵۰

(۵۸) مجھے کیا بُرا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا ص۱۲۰

(۵۹) گفتۂ غالبؔ ایک بار پڑھ کے اُسے سنا کہ یوں ص۱۷۸

(۶۰) حسرت میں رہے ایک بُتِ عربدہ جو کی ص۲۲۸

(۶۱) جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے ص۲۰۳

(۶۲) ایک بیداد گرِ رنج فزا اور سہی ص۳۱۱

(۶۳) اُبھرا ہوا نقاب میں ہے اُن کے ایک تار ص۱۹۶

(۶۴) لیے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالبؔ ص۱۹۵

(۶۵) ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں ص۱۵۸

(۶۶) آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ ص۱۶۵

(۶۷) یہ ایک پیرہنِ زرنگار رکھتے ہیں ص۹۳

(۶۸) ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا سو بھی مٹ گیا ص۲۱۲

(۶۹) میں تو دیوانہ ہوں اور ایک جہاں ہے غمّاز ص۲۹۸

(۷۰) ہر گلِ تر ایک چشمِ خوں فشاں ہوجائے گا ص۱۵۱

(۷۱) جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز ص۱۷۲

(۷۲) یہ اجتہاد عجب ہے کہ ایک دشمنِ دیں ص۲۸۵

(۷۳) بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی ص۲۰۲

(۷۴) ایک دل تس پر یہ نا اُمیدواری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

(۷۵) ایک دل تھا کہ بہ صد رنگ دکھایا ہے مجھے — ص۱۰۷

(۷۶) صبحِ قیامت ایک دُمِ گرگ تھی اسدؔ! — ص۱۷

(۷۷) جاتا وگرنہ ایک دن اپنی خبر کو میں — ص۱۹۰

(۷۸) ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی، نہ سہی — ص۲۰۹

(۷۹) موت کا ایک دن معیّن ہے — ص۲۳۷

(۸۰) ایک دن مثلِ پتنگِ کاغذی — ص۲۶۶

(۸۱) ایک دن تجھ کو لڑا دیں گے کہیں — ص۲۲۹

(۸۲) جوتم سے،شہر میں ہوں ایک دو،تو کیوں کر ہو — ص۱۹۷

(۸۳) گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد — ص۳۸

(۸۴) کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب — ص۲۴۴

(۸۵) ایک صورت نئی نظر آئی — ص۲۶۲

(۸۶) سنجیدنی ہے ایک طرف رنجِ کوہکن — ص۳۹

(۸۷) ایک عالم پہ ہیں طوفانیِ کیفیتِ فصل — ص۱۹۳

(۸۸) کہ ایک عمر سے حسرت پرستِ بالیں ہے — ص۲۱۳

(۸۹) میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۹۰) ہر سینکڑے کو ایک گرہ فرض کریں — ص۲۵۴

(۹۱) تھا ایک گونہ ناز جو اپنے کمال پر — ص۲۸۲

(۹۲) وہ ایک مشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے — ص۲۱۸

(۹۳) دل وجگر میں پر افشاں جوایک موجۂ خوں ہے — ص۲۲۸

(۹۴) ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا — ص۱۲

(۹۵) کہ ایک وہمِ ضعیف وغمِ دو عالم ہے — ص۱۰۲

(۹۶) ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق ص۲۰۹

(۹۷) ایک ہی ہے اُمید گاہِ انام ص۱۳۶

(۹۸) عُمر بھر ایک ہی پہلو پہ سُلاتا ہے مجھے ص۳۰۴

(۹۹) ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کو مَے کہ آج ص۱۰۰

(۱۰۰) طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا ص۱۵۵

(۱۰۱) کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہوگئے ص۲۲۹

ایلن برون[۱]: ملاذِ کشور و لشکر، پناہِ شہر و سپاہ جنابِ عالیِ ایلن برونِ والا جاہ ص۲۷۷

ایما[۲]: (۱) جوہرِ آئینہ جُز رمزِ سرِ مژگاں نہیں آشنا کی ہمدگر سمجھے ہے ایما آشنا ص۱۹

دیکھیے ــــــــ: (۲) آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما۔ (۳) حیرتِ ایما۔

ایمائے تیرباریدن: نہیں ہے آہ کو ایمائے تیر باریدن وگرنہ ہے خمِ تسلیم سے کماں پیدا ص۳۴۶

ایمائے شعلہ: کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصّہ تمام بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع ص۱۷۴

ایمائے فنا: دیکھیے: سازِ ایمائے فنا۔

ایمان[۳]: (۱) کیونکر اُس بُت سے رکھوں جان عزیز کیا نہیں ہے مجھے ایمان عزیز ص۱۷۳

(۲) ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر کعبہ مرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے ص۲۴۹

(۳) روزہ مرا ایمان ہے غالبؔ! لیکن خسخانہ و برفاب کہاں سے لاؤں ص۲۵۴

(۴) اور بارہ امام ہیں بارہ جن سے ایماں کو ہے توانائی ص۲۶۳

دیکھیے ــــــــ: (۵) اجزائے ایماں۔ (۶) اصلِ ایماں۔ (۷) فروغِ جوہرِ ایماں۔ (۸) شوخیِ ایمانِ زاہد۔

ایمانِ عجز: ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز اے دل وائے جانِ ناز! اے دین وائے ایمانِ عجز! ص۴۴

ایمان و آگہی: دیکھیے: دشمنِ ایمان و آگہی۔

---

۱ ایلن برون : ایک بار۔

۲ ایما : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: پانچ بار۔

۳ ایمان : دس بار [مفرد چار بار، مرکّب: چھے بار]۔

اے وائے:[1] اے وائے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یہاں — ہر پارہ سنگ لختِ دلِ کوہِ طور تھا — ص۱۸

(۲) مژگاں تلک رسائیِ لختِ جگر کہاں — اے وائے! گر نگاہ نہ ہو آشنائے گل — ص۵۳

(۳) جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں رہ گیا — اے وائے! نالۂ لبِ خونیں نوائے گل — ص۱۷۶

(۴) آتش کدہ ہے سینہ مرا رازِ نہاں سے — اے وائے! اگر معرضِ اظہار میں آوے — ص۲۳۴

ایوب:[2] آپ نے مَسَّنِیَ الضُّرّ کہا ہے تو سہی — یہ بھی یا حضرتِ ایّوب! گلا ہے تو سہی — ص۳۱۰

---

[1] اے وائے : چار بار۔ [2] ایّوب : ایک بار [مرتّب]۔

ب

باب[1]: (۱) فرش سے تا عرش وھاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا — یھاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا — ص ۱۳۵

(۲) آج کیوں پروانہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ — کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا — ص ۱۳۵

(۳) جو منکرِ وفا ہو، فریب اُس پہ کیا چلے — کیوں بدگماں ہوں دوست سے دشمن کے باب میں — ص ۱۸۸

(۴) کل کے لیے کر آج نہ خست شراب میں — یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں — ص ۱۸۹

(۵) ایک، وفا و مہر میں تازگیِ بساطِ دہر — لطف و کرم کے باب میں زینتِ روزگار، ایک — ص ۲۹۶

(۶) دیکھیے: اندازِ فتح الباب۔

بابِ نبرد: دھمکی میں مرگیا جو نہ بابِ نبرد تھا — عشقِ نبرد پیشہ طلبگارِ مرد تھا — ص ۱۵۴

بات[2]: (۱) کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا! — سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ — ص ۳۶

(۲)، (۳) وہ بات چاہتے ہو کہ جو بات چاہیے — صاحب کے ہم نشیں کو کرامات چاہیے — ص ۱۱۶

(۴) نصرت الملک بہادر! مجھے بتلا کہ مجھے — تجھ سے جو اتنی ارادت ہے تو کس بات سے ہے؟ — ص ۱۴۷

(۵) تجھ سے، قسمت میں مری، صورتِ قفلِ ابجد — تھا لکھا، بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا — ص ۱۵۶

(۶) بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے تو کیا! — بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا — ص ۱۵۸

(۷) بہرا ہوں میں تو چاہیے دونا ہو التفات — سنتا نہیں ہوں بات مکرر کہے بغیر — ص ۱۶۹

(۸) یارب! وہ نہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے مری بات — دے اَور دل اُن کو، جو نہ دے مجھ کو زباں اَور — ص ۱۷۰

---

[1] باب : سات بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: دو بار]۔
[2] بات : پینتالیس بار۔
باتوں : ایک بار۔
باتیں : چار بار۔

(۹) ذکر میرا بہ بدی بھی اُسے منظور نہیں   غیر کی بات بگڑ جائے تو کچھ دور نہیں   ص۱۸۵

(۱۰) زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ، خاموشی   یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانِ شمع   ص۱۷۴

(۱۱) ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے   بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اُٹھا بھی نہ سکوں   ص۱۸۶

(۱۲) میں اور حظِ وصل! خدا ساز بات ہے   جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں   ص۱۸۹

(۱۳) گئی وہ بات کہ ہو گفتگو تو کیوں کر ہو   کہے سے کچھ نہ ہوا، پھر کہو تو کیوں کر ہو   ص۱۹۷

(۱۴) ہمیں پھر اُن سے اُمید اور اُنھیں ہماری قدر   ہماری بات ہی پوچھیں نہ وہ تو کیوں کر ہو   ص۱۹۷

(۱۵) گر خامشی سے فائدہ اخفائے حال ہے   خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے   ص۲۰۵

(۱۶) نشوونما ہے اصل سے غالبؔ! فروع کو   خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہیے   ص۲۱۹

(۱۷) دَشنے نے کبھی مُنہ نہ لگایا ہو جگر کو   خنجر نے کبھی بات نہ پوچھی ہو گلو کی   ص۲۲۸

(۱۸) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی   اب کسی بات پر نہیں آتی   ص۲۳۷

(۱۹)،(۲۰) ہے کچھ ایسی ہی بات جو چُپ ہوں   ورنہ کیا بات کر نہیں آتی؟   ص۲۳۷

(۲۱) اُس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے غالبؔ!   ہم بھی گئے وھاں اور تری تقدیر کو رُو آئے   ص۲۳۹

(۲۲) بات پر وھاں زبان کٹتی ہے   وہ کہیں اور سنا کرے کوئی   ص۲۴۲

(۲۳) واعظ! نہ تم پیو نہ کسی کو پلا سکو   کیا بات ہے تمھاری شرابِ طہور کی!   ص۲۴۳

(۲۴) گرمی سہی کلام میں لیکن نہ اس قدر   کی جس سے بات، اُس نے شکایت ضرور کی   ص۲۴۴

(۲۵) ہے قہر، گر اب بھی نہ بنے بات کہ اُن کو   انکار نہیں اور مجھے ابرام بہت ہے   ص۲۴۵

(۲۶)،(۲۷) نکتہ چیں ہے، غمِ دل اُس کو سنائے نہ بنے   کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے   ص۲۴۶

(۲۸) گرہ کا نام لیا، پر نہ کر سکا کچھ بات   زباں تک آ کے ہوئی اور اُستوار گرہ   ص۲۷۹

(۲۹) بگڑی ہے بہت بات بنائے نہیں بنتی   اب گھر کو بغیر آگ لگائے نہیں بنتی   ص۲۸۴

(۳۰) عدو کے سمعِ رضا میں جگہ نہ پائے وہ بات   کہ جن و اِنس و ملک سب بجا کہیں اُس کو   ص۲۸۵

(۳۱) کیوں کہا تو نے کہ: کہہ دل کا غم اُس کے روبرو   بات کرنے میں نکلتا ہے دم اُس کے روبرو   ص۲۸۹

(۳۲) اُس بُتِ مغرور کو کیا ہو کسی پر التفات — جس کے حُسن روز افزوں کی یہ اک ادنیٰ ہے بات — ص۹۰

(۳۳) روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر — فانوس، کفن بہرِ چراغِ سحری ہے — ص۴۵۳

[تین بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۲۹۱]:

(۳۶،۳۵،۳۴) ناگہاں یاد آ گئی ہے مجھ کو یارب! کب کی بات — کچھ نہیں کہتا کسی سے، سن رہا ہوں سب کی بات

کس لیے تجھ سے چھپاؤں ہاں وہ پرسوں شب کی بات — ص۲۹۱ [تضمین]

دیکھیے ـــــــ: (۳۷)، (۳۸) اک بات [دو بار]۔ (۳۹) اَور بات۔ (۴۰) سخن گسترانہ بات۔ (۴۱)، (۴۲) ہر بات [دو بار]۔ (۴۳)، (۴۴) ہر یک بات [دو بار]۔ (۴۵) ہر ایک بات۔

باتوں: لے تو لوں سوتے میں اُس کے پاؤں کا بوسہ، مگر — ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہو جائے گا — ص۱۵۱

باتیں: (۱) گو نہ سمجھوں اُس کی باتیں، گو نہ پاؤں اُس کا بھید — پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا — ص۱۶۱

(۲) تم اپنے شکوے کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو — حذر کرو مرے دل سے کہ اِس میں آگ دبی ہے — ص۲۰۵

(۳) جان کی پاؤں اماں، باتیں یہ سب سچ ہیں مگر — ص۲۹۲ [تضمین]

(۴) دیکھیے: لاکھ باتیں۔

باج[1]: (۱) سیرِ ملکِ حُسن کر، مے خانہ ہا نذرِ خُمار — چشمِ مستِ یار سے ہے گردنِ مینا پہ باج — ص۳۵

(۲) برگ ریزی ہائے گل ہے وضعِ زرافشاندنی — باج لیتی ہے گلستاں سے گل اندامی تری — ص۹۳

(۳) بلند رُتبہ وہ حاکم، وہ سرفراز امیر — کہ باج تاج سے لیتا ہے جس کا طرفِ کُلاہ — ص۲۷۷

باج خواہِ تسکیں: کیوں نہ وحشتِ غالبؔ باج خواہِ تسکیں ہو — کُشتۂ تغافل کو خصمِ خوںبہا پایا — ص۱۳

باجا[2]: پُر ہوں میں شکوے سے یوں، راگ سے جیسے باجا — اک ذرا چھیڑیے پھر دیکھیے کیا ہوتا ہے — ص۲۴۰

باختن[3]: دیکھیے: رنگِ تماشا باختن۔

باختنی: ہے سادگیِ ذہن تمنّائے تماشا — جائے کہ اسدؔ رنگِ چمن باختنی ہے — ص۱۱۱

---

[1] باج : چار بار [مفرد: تین بار، مرکّب: ایک بار]۔
[2] باجا : ایک بار۔
[3] باختن : ایک بار۔
باختنی : ایک بار۔
باختہ : ایک بار [مرکّب]۔

باختہ: دیکھیے: رنگِ باختہ۔

باد[۱](۱): (۱) آتش و آب و باد و خاک نے لی — وضعِ سوز و نم و رم و آرام — ص ۱۳۸

(۲) نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد — یادگارِ نالہ یک دیوانِ بے شیرازہ تھا — ص ۱۴۷

دیکھیے: (۳) ابروباد۔ (۴) جلوہ ریزیِ باد۔ (۵) جنبشِ دامانِ باد۔ (۶) چراغانِ سرِ رہگذرِ باد۔
(۷) چراغِ رہگذارِ باد۔ (۸) بہ باددادۂ دعویٰ۔ (۹) صورتِ کاغذِ باد۔ (۱۰) فسانۂ باد۔

بادِ افسانۂ بیمار: بادِ افسانۂ بیمار ہے عیسیٰ کا نفس — استخواں ریزۂ موراں ہے سلیماں کا نگیں — ص ۷

بادِ بہار: شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے — مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل — ص ۱۷۶

بادِ بہاری: (۱) اُس شعلے نے گلگوں کو جو گلشن میں کیا گرم — پھولوں کو ہوئی بادِ بہاری وہ ہوا گرم — ص ۲۲۸

(۲) دیکھیے: آئینۂ بادِ بہاری۔

باد بہ دستِ تسلیم: مثلِ مضمونِ وفا، باد بہ دستِ تسلیم — صورتِ نقشِ قدم، خاک بہ فرقِ تمکیں — ص ۱۳۳

بادپیمائی: ہے ہوا میں شراب کی تاثیر — بادہ نوشی ہے بادپیمائی — ص ۲۵۱

بادِ زمہریر: کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار — ص ۱۲۶

بادِ سحر: دیکھیے: (۱) جنبشِ بادِ سحر۔ (۲) نفَسِ بادِ سحر۔

بادِ صبا: دیکھیے: (۱) مستیِ بادِ صبا۔ (۲) نفَسِ بادِ صبا۔

بادِ صبح: دیکھیے کارِ بادِ صبح۔

بادباں[۲]: خامے سے پائی طبیعت نے مدد — بادباں بھی، اُٹھتے ہی لنگر، کھلا — ص ۱۳۰

بادبانِ کشتیِ مے: پرِ پروانہ شاید بادبانِ کشتیِ مے تھا — ہوئی مجلس کی گرمی سے روانی دورِ ساغر کی — ص ۲۰۶

بادبانی: دیکھیے: سازِ بادبانی۔

باد[۳](۲): (۱،۲) تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اِس طرف — مژدہ باد! اے آرزوے مرگِ غالبؔ مژدہ باد! — ص ۳۸

باداباد: دیکھیے: ہر چہ باداباد۔

---

[۱] باد(۱) : بائیس بار [مرتّب]۔
[۲] بادباں : ایک بار [مرتّب]۔
بادبانی : ایک بار [مرتّب]۔
[۳] باد(۲) : دو بار [مرتّب]۔
باداباد : ایک بار۔

بادام[1]: دیکھیے: پردۂ بادام۔

بادامی: دیکھیے: دستارِ بادامی۔

بادشا[2]: سلام اُسے کہ اگر بادشا کہیں اُس کو — تو پھر کہیں کہ کچھ اِس سے سوا کہیں اُس کو — ص۲۸۵

بادشاہ[3]: (۱) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں — دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں — ص۱۲۹

(۲) غالبؔ بھی گر نہ ہو تو کچھ ایسا ضرر نہیں — دُنیا ہو یارب اور مرا بادشاہ ہو — ص۱۹۷

(۳) جب اُس کے دیکھنے کے لیے آئیں بادشاہ — لوگوں میں کیوں نمود نہ ہو لالہ زار کی — ص۲۵۱

(۴) نہ آفتاب، ولے آفتاب کا ہم چشم — نہ بادشاہ، ولے مرتبے میں ہمسرِ شاہ — ص۲۷۷

(۵) نہ بادشاہ، نہ سلطاں، یہ کیا ستایش ہے؟ — کہو کہ خاصِ آلِ عبا کہیں اُس کو — ص۲۸۵

(۶) دیکھیے: مدحِ بادشاہ۔

بادشاہِ جہانِ معنی: آج یہ قدردانِ معنی ہے — بادشاہِ جہانِ معنی ہے — ص۲۶۷

بادشاہِ دہلی: دیکھیے: مطبعِ بادشاہِ دہلی۔

بادشاہی: بادشاہی کا جہاں یہ حال ہو غالبؔ! تو پھر — کیوں نہ دلّی میں ہر اک ناچیز نوابی کرے — ص۱۰۱

بادشہ[4]: (۱) شاد ہوں لیکن اپنے جی میں کہ ہوں — بادشہ کا غلامِ کار گزار — ص۱۲۵

(۲) مہر کانپا، چرخ چکّر کھا گیا — بادشہ کا رایتِ لشکر کھلا — ص۱۳۰

(۳) بادشہ کا نام لیتا ہے خطیب — اب علوِ پایۂ منبر کھلا — ص۱۳۰

بادشہِ چیں: (۱) یہ ترکتاز سے برہم کرے گا کشورِ روس — یہ لے گا بادشہِ چیں سے چھین تخت و کلاہ — ص۲۷۸

(۲) خراج بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج — کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پُرشکن، تکیہ — ص۳۰۳

بادہ[5]: (۱) اے خوشا فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما! — بادہ پُرزور و نفَس مست و مسیحا بیمار — ص۳

---

[1] بادام : ایک بار [مرکّب]۔
بادامی : ایک بار [مرکّب]۔
[2] بادشا : ایک بار۔
[3] بادشاہ : آٹھ بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: تین بار]۔
بادشاہی : ایک بار۔
[4] بادشہ : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دو بار]۔
[5] بادہ : چالیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: تینتیس بار]۔
بادہ‌ہا : ایک بار۔

(۲) گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی، نہ طور پر   دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر   ص۱۶۹

(۳) صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ   وائے! وہ بادہ کہ افشردۂ انگور نہیں   ص۱۸۶

(۴) جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا   سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں   ص۱۹۲

(۵) کرے ہے بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ   خطِ پیالہ سراسر نگاہِ گلچیں ہے   ص۲۱۳

(۶) دیدار بادہ، حوصلہ ساقی، نگاہ مست   بزمِ خیال مے کدۂ بے خروش ہے   ص۲۳۰

(۷) مے کشی کو نہ سمجھ بے حاصل   بادہ غالبؔ! عرقِ بید نہیں   ص۶۷

دیکھیے ـــــ: (۸)،(۹)،(۱۰) جامِ بادہ [تین بار]۔(۱۱) جوشِ بادہ۔(۱۲) دُردِ بادہ۔(۱۳) کفِ بادہ۔
(۱۴) محیطِ بادہ۔(۱۵)،(۱۶) موجِ بادہ۔(۱۷) شیشۂ بے بادہ۔(۱۸) یک قدحِ بادہ۔

بادہ آشامی: ہوئی اِس دور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی   پھر آیا وہ زمانہ جو جہاں میں جامِ جم نکلے   ص۲۵۰

بادہ پرستوں: دیکھ کر بادہ پرستوں کی دل افسردگیاں   موجِ مے مثلِ خطِ جام ہے برجا ماندہ   ص۷۱

بادہ پیمائی: دیکھیے: بہارِ بادہ پیمائی۔

بادہ خوار: یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالبؔ!   تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا   ص۱۹۰

بادہ کشی: دیکھیے: مانعِ بادہ کشی۔

بادہ نوشی: ہے ہَوا میں شراب کی تاثیر   بادہ نوشی ہے باد پیمائی   ص۲۵۱

بادہ نوشیِ رنداں: دیکھیے: جادادِ بادہ نوشیِ رنداں۔

بادہ ہائے نابِ گوارا: وہ میوہ ہائے تازۂ شیریں کہ واہ واہ!   وہ بادہ ہائے نابِ گوارا کہ ہائے ہائے!   ص۱۲۳

بادہ وساغر: ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو   بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر   ص۱۶۹

بادۂ اُلفت: دیکھیے: خرابِ بادۂ الفت۔

بادۂ بے خُمار: گلشنِ اتفاق میں ایک، بہارِ بے خزاں   مے کدۂ وفاق میں بادۂ بے خمار، ایک   ص۲۹۶

بادۂ جوشِ اسرار: مدح میں تیری نہاں زمزمۂ نعتِ نبی   جام سے تیرے عیاں بادۂ جوشِ اسرار   ص۱۳۳

بادۂ دوشینہ: ظاہر ہے کہ گھبرا کے نہ بھاگیں گے نکیرین   ہاں، مُنہ سے مگر بادۂ دوشینہ کی بو آئے   ص۲۳۹

بادۂ شبانہ: وہ بادۂ شبانہ کی سر مستیاں کہاں! — اُٹھیے بس اب کہ لذّتِ خوابِ سحر گئی — ص۲۳۳

بادۂ طرب: مجھے بادۂ طرب سے بہ خمار گاہِ قسمت — جو ملی تو تلخ کامی، جو ہوئی تو سر گرانی — ص۱۰

بادۂ گل رنگ: صبح آیا جانبِ مشرق نظر — اک نگارِ آتشیں رخ، سر کُھلا

تھی نظر بندی، کیا جب ردِّ سحر — بادۂ گل رنگ کا ساغر کُھلا — ص۱۳۹

بادۂ گل فام: توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام وسبو، پھر ہم کو کیا — آسماں سے بادۂ گل فام گر برسا کرے — ص۱۰۱

بادۂ گل فامِ مشک بو: وہ چیز جس کے لیے ہم کو ہو بہشت عزیز — سوائے بادۂ گل فامِ مشک بو، کیا ہے؟ — ص۲۳۲

بادۂ مرد آزما: یک بار امتحانِ ہوس بھی ضرور ہے — اے جوشِ عشق! بادۂ مرد آزما مجھے — ص۷۶

بادۂ ناب: (۱) نہ چلا جب کسی طرح مقدور — بادۂ ناب بن گیا انگور — ص۱۳۰

(۲) خوشی ہے یہ آنے کی برسات کے — پییں بادۂ ناب اور آم کھائیں — ص۲۶۳

(۳) دیکھیے: گریباں چاکِ موجِ بادۂ ناب۔

بادۂ نظّارۂ گلشن: منع مت کر حُسن کی ہم کو پرستش سے کہ ہے — بادۂ نظّارۂ گلشن حلالِ عندلیب — ص۳۲

بار[1] (۱): (۱) بعدِ یک عُمر ورع بار تو دیتا بارے — کاش! رضواں ہی درِ یار کا درباں ہوتا — ص۱۵۸

(۲) اپنا وہ نہیں شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں — اُس در پہ نہیں بار تو کعبے ہی کو ہو آئے — ص۲۳۹

(۳) دیکھیے: منعِ بارِ باغ۔

بار[2] (۲): (۱) بار لائی ہے دانہ ہائے سرشک — مژہ، ہے ریشۂ رزِ انگور — ص۴۱

(۲) نہ گل اُس میں نہ شاخ و برگ نہ بار — جب خزاں آئے تب ہو اُس کی بہار — ص۱۳۰

(۳) دیکھیے: صاحبِ شاخ وبرگ وبار۔

برگ برگِ بید: مجھ میں اور مجنوں میں وحشت، سازِ دعویٰ ہے اسدؔ — برگ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں — ص۴۳

برگ برگِ سمن: چمن میں کس کی یہ برہم ہوئی ہے بزمِ تماشا — کہ برگ برگِ سمن شیشہ ریزۂ حلبی ہے — ص۷۵

برگِ بیدِ مجنوں: ریشۂ شہرت دوانیدن ہے، رفتن زیرِ خاک — خنجرِ جلاّد، برگِ بیدِ مجنوں ہے مجھے — ص۹۹

برگِ بینوائی: دیکھیے: یک برگِ بینوائی۔

برگِ تاک: (۱)، (۲) دیکھیے: یک برگِ تاک [دوبار]۔

برگِ حنا: (۱) کس جُرم سے ہے چشم تجھے حسرتِ قبول — برگِ حنا مگر مژۂ خوں فشاں نہیں — ص۵۷

(۲) وھاں رنگ ہا بہ پردۂ تدبیر ہیں ہنوز — یھاں شعلۂ چراغ ہے برگِ حنا مجھے — ص۷۶

---

[1] برگ : تیئیس بار [مرتّب]۔
برگ برگ : دوبار [مرتّب]۔
برگ ریز : دوبار [مرتّب]۔ برگ ریزی : ایک بار۔
برگ ریزی ہا : ایک بار [مرتّب]۔

(۳) درونِ جوہرِ آئینہ جوں برگِ حنا خوں ہے — بتاں! نقشِ خود آرائی حیا تحریر بہتر ہے — ص ۱۰۸

(۴) دیکھیے: جوہرِ برگِ حنا۔

برگ ریزِ تاک: دیکھیے: یک گلستاں برگ ریزِ تاک۔

برگ ریزِ ناخنِ مطرب: شوخیِ مضرابِ جولاں آبیارِ نغمہ ہے — برگ ریزِ ناخنِ مطرب بہارِ نغمہ ہے — ص ۸۶

برگ ریزی: خار سے گل سینہ افگارِ جفا ہے اے اسدؔ! — برگ ریزی ہے پر افشانیِ ناوک خوردگاں — ص ۶۶

برگ ریزی ہائے گل: برگ ریزی ہائے گل ہے وضعِ زر افشاندنی — باج لیتی ہے گلستاں سے گل اندامی تری — ص ۹۳

برگِ عافیت: غنچہ تا شگفتن ہا برگِ عافیت معلوم! — باوجودِ دلجمعی خوابِ گل پریشاں ہے — ص ۲۱۷

برگِ گل: برگِ گل کا ہو جو طوفانِ ہوا میں عالم — اُس کے جولاں میں نظر آئے ہے یوں دامنِ زیں — ص ۹

(۲) رنگ نے گل سے، دمِ عرضِ پریشانیِ بزم — برگِ گل ریزۂ مینا کی نشانی مانگے — ص ۷۸

(۳) بہ پاسِ شوخیِ مژگاں سرِ ہر خار سوزن ہے — تبسم برگِ گل کو بخیۂ دامن نہ ہوجاوے — ص ۸۵

دیکھیے ___: (۴) آئنۂ برگِ گل۔ (۵) مثلِ برگِ گل۔ (۴) ہر برگِ گل۔

برگِ گل ولالہ: دیکھیے: سبزہ و برگِ گل ولالہ۔

برگ وبار: صاحبِ شاخ و برگ و بار ہے آم — ناز پروردۂ بہار ہے آم — ص ۱۳۱

برگ ونوا: (۱) مبادا بے تکلف فصل کا برگ و نوا گم ہو — مگر طوفانِ مے میں پیچشِ موجِ صبا گم ہو — ص ۶۸

(۲) رونقِ کارگاہِ برگ و نوا — نازشِ دودمانِ آب و ہوا — ص ۱۳۱

برگزیدہ[1]: اہلِ ورع کے حلقے میں ہر چند ہوں ذلیل — پر عاصیوں کے زمرے میں مَیں برگزیدہ ہوں — ص ۳۰۰

برمحل[2]: سات جلدوں کا پارسل پہنچا — واہ! کیا خوب برمحل پہنچا — ص ۲۹۳

بر و بحر[3]: دیکھیے: سلطانِ بر و بحر۔

بروں[4] تاختنی: رامشگرِ اربابِ فنا نالۂ زنجیر — عیشِ ابد: از خویش بروں تاختنی ہے — ص ۱۱۱

بروے[5] آب: عجب نہیں، پئے تحریرِ حالِ گریۂ چشم — بروے آب جو ہر موج، نقشِ مسطر ہو — ص ۶۷

---

۱ برگزیدہ : ایک بار۔ ۲ برمحل : ایک بار۔
۳ بر و بحر : ایک بار [مرتّب]۔
۴ بروں : ایک بار [مرتّب]۔
۵ بروے : سات بار [مرتّب]۔

بروے زمیں: دہر میں اِس طرح کی بزمِ سُرور — نہ ہوئی ہو کبھی بروے زمیں — ص۲۸۰

بروے سفرہ: مرے قدح میں ہے صہباے آتشِ پنہاں — بروے سفرہ کبابِ دلِ سمندر کھینچ — ص۱۲۶

بروے کار: جُز قیس اَور کوئی نہ آیا بروے کار — صحرا مگر بہ تنگیِ چشمِ حسود تھا! — ص۱۴۳

(۲) اسدؔ کے واسطے رنگے بروے کار ہو پیدا — غبار، آوارہ وسرگشتہ ہے یا بوتراب! اُس کا — ص۴۴۷

بروے کارآوردن: دیکھیے: حسرتِ آب بروے کار آوردن۔

بروے گردوں: تیری اولاد کے غم سے ہے بروے گردوں — سلکِ اختر میں مہِ نَو مژۂ گوہر بار — ص۱۳۳

برہم[1]: برہم ہے بزمِ غنچہ بہ یک جُنبشِ نشاط — کاشانہ بس کہ تنگ ہے، غافل! ہَوا نہ مانگ — ص۵۰

(۲) چمن میں کس کی یہ برہم ہوئی ہے بزمِ تماشا؟ — کہ برگ برگِ سمن شیشہ ریزۂ حلبی ہے — ص۷۵

(۳) محفلیں برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال — ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بُت خانہ ہم — ص۱۷۷

(۴) ہم نشیں! مت کہہ کہ برہم کر نہ بزمِ عیشِ دوست — وھاں تو میرے نالے کو بھی اعتبارِ نغمہ ہے — ص۲۱۴

(۵) یہ ترکتاز سے برہم کرے گا کشورِ روس — یہ لے گا بادشہِ چیں سے چھین تخت و کلاہ — ص۲۷۸

برہم خوردنِ بزمِ سُرور: باعثِ ایذا ہے برہم خوردنِ بزمِ سُرور — لختِ لختِ شیشۂ بشکستہ جُز نشتر نہیں — ص۲۶

برہم زدن: دیکھیے: یک مژہ برہم زدن۔

برہم زدنی: دیکھیے: یک مژہ برہم زدنی۔

برہم زنِ دوعالم: برہم زنِ دو عالم تکلیفِ یک صدا ہے — مینا شکستگاں کو کہسار، خوں بہا ہے — ص۹۳

برہم زنِ ہنگامۂ محفل: آئیں جس بزم میں وہ، لوگ پکار اُٹھتے ہیں — لو، وہ برہم زنِ ہنگامۂ محفل آئے — ص۳۱۲

برہم سودہ: دیکھیے: دستِ برہم سودہ۔

برہمن[2]: (۱) وفاداری بہ شرطِ اُستواری اصلِ ایماں ہے — مرے بُت خانے میں تو کعبے میں گاڑو برہمن کو — ص۱۹۹

(۲) بیچارہ کتنی دور سے آیا ہے، شیخ جی! — کعبے میں کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پانو — ص۳۲۲(ثانی)

دیکھیے ـــــ: (۳) اک برہمن۔ (۴) شیخ و برہمن۔

---

[1] برہم : گیارہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: چھے بار]۔ [2] برہمن : چار بار [مفرد: دوبار، مرکّب: دوبار]۔

برہنگی[1]: ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی — میں ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا — ص ۱۴۳

برہنہ[2] پا: شوخیِ حُسن و عشق ہے آئنہ دارِ ہمدگر — خار کو بے نیام جان، ہم کو برہنہ پا سمجھ — ص ۷۳

برہنہ گوئیِ خوباں: دیکھیے: لطفِ اندازِ برہنہ گوئیِ خوباں۔

برہنہ مستیِ صبحِ بہار: برہنہ مستیِ صبحِ بہار رکھتے ہیں — جنونِ حسرتِ یک جامہ وار رکھتے ہیں — ص ۹۳

بُری[3]: (۱)،(۲) قسمت بُری سہی، پہ طبیعت بُری نہیں — ہے شُکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے — ص ۱۲۵

(۳) کہوں کس سے میں کہ کیا ہے، شبِ غم بُری بلا ہے — مجھے کیا بُرا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا — ص ۱۶۰

(۴) ضد کی ہے اور بات مگر خُو بُری نہیں — بھولے سے اُس نے سیکڑوں وعدے وفا کیے — ص ۲۴۳

(۵) کُھلنے یہ گانٹھ تو البتہ دم نکل جاوے — بُری طرح سے ہوئی ہے گلے کا ہار گرہ — ص ۲۷۹

بُریدہ[4]، بُرّیدہ: (۱) دیکھیے: زبانِ بُریدہ۔ (۲) دستِ بُریدہ۔ (۳) مضرابِ تارہائے گلوے بُریدہ۔ (۴) نبضِ دستِ بُریدہ۔ (۵) ہر ناخنِ بُرّیدہ۔ (۶) ناخنِ بُرّیدہ۔

بریں[5]: (۱) دیکھیے: آرایشِ فردوسِ بریں۔ (۲) بالائے سطحِ چرخِ بریں۔ (۳) چرخِ بریں۔ (۴) خزانِ چمنِ خُلدِ بریں۔ (۵) گُل و سُنبلِ فردوسِ بریں۔

بُزرگ[6]: دیکھیے: اک بزرگ۔

بزم[7]: (۱) بس کہ گستاخیِ اربابِ جہاں سے ہوں ملول — بہ پروانہ، مری بزم میں ہے خنجرِ کیں — ص ۸

(۲) بزم: داغِ طرب و باغ: کُشادِ پرِ رنگ — شمع و گُل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند؟ — ص ۳۹

(۳) شمع سے ہے بزم انگشتِ تحیّر در دہن — شعلۂ آوازِ خوباں پر بہ ہنگامِ سماع — ص ۴۷

(۴) شمع ہوں تو بزم میں جا پاؤں غالبؔ کی طرح — بے محل اے مجلس آرائے نجف! جلتا ہوں میں — ص ۹۳

(۵) بزم ہے یک پنبۂ مینا گدازِ ربط سے — عیش کر غافل! حجابِ نشۂ محفل نہ پوچھ — ص ۷۲

---

[1] برہنگی : ایک بار [مرکّب]۔
[2] برہنہ : تین بار [مرکّب]۔
[3] بُری : پانچ بار۔
[4] بُریدہ، بُرّیدہ : چھے بار [مرکّب]۔
[5] بریں : پانچ بار [مرکّب]۔
[6] بزرگ : ایک بار۔
[7] بزم : اُناسی بار [مفرد: پچیس بار، مرکّب: چوّن بار]۔

(۶) شور ہے کس بزم کی عرضِ جراحت خانہ کا؟ صبح، یک زخمِ نمک سودِ چراغ کشتہ ہے ص ۸۰

(۷) بزم وداعِ نظر، یاسِ طرب نامہ بَر فرصتِ رقصِ شرر بوسہ بہ پیغام ہے ص ۹۹

(۸) بزم کا التزام گر کیجے ہے قلم میری: ابرِ گوہر بار ص ۱۲۶

(۹) مدّت ہوئی ہے یار کو مہماں کیے ہوئے جوشِ قدح سے بزم چراغاں کیے ہوئے ص ۲۲۵

(۱۰) بزم میں میزبانِ قیصر و جم رزم میں اوستادِ رستم و سام ص ۱۳۷

(۱۱) بوے گل، نالۂ دل، دُودِ چراغِ محفل جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا ص ۱۳۳

(۱۲) زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ: خاموشی یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع ص ۱۷۳

(۱۳) بزم میں اُس کے رو برو کیوں نہ خموش بیٹھیے اُس کی تو خامشی میں بھی ہے یہی مدّعا کہ یوں ص ۱۷۸

(۱۴) مجھ تک کب اُن کی بزم میں آتا تھا دَورِ جام ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں! ص ۱۸۸

(۱۵) کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں ص ۱۹۲

(۱۶) وھاں وہ غرورِ عزّ و ناز، یھاں یہ حجابِ پاسِ وضع راہ میں ہم ملیں کہاں، بزم میں وہ بلائے کیوں ص ۱۹۳

(۱۷) گریہ نکالے ہے تری بزم سے مجھ کو ہاے! کہ رونے پہ اختیار نہیں ہے ص ۲۰۸

(۱۸) مے پرستاں! خُمِ مے مُنہ سے لگائے ہی بنے ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی، نہ سہی ص ۲۰۹

(۱۹) یا صبح دم جو دیکھیے آکر تو بزم میں نے وہ سُرور و سوز، نہ جوش و خروش ہے ص ۲۳۰

(۲۰) جس بزم میں تو ناز سے گفتار میں آوے جاں، کالبدِ صورتِ دیوار میں آوے ص ۲۳۳

(۲۱) لاغر اِتنا ہوں کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے میرا ذمّہ، دیکھ کر گر کوئی بتلا دے مجھے ص ۲۳۵

(۲۲) اُس بزم میں مجھے نہیں بنتی حیا کیے بیٹھا رہا اگرچہ اشارے ہوا کیے ص ۲۴۲

(۲۳) وہ آیا بزم میں، دیکھو، نہ کہیو پھر کہ غافل تھے شکیب و صبرِ اہلِ انجمن کی آزمائش ہے ص ۲۴۳

(۲۴) جس بزم میں کہ ہو اُنھیں آہنگِ مے کشی وھاں آسمان شیشہ بنے، آفتاب جام ص ۲۸۲

(۲۵) آئیں جس بزم میں وہ، لوگ پکار اُٹھتے ہیں لو، وہ برہم زنِ ہنگامۂ محفل آئے ص ۳۱۲

دیکھیے ـــــــ: (۲۶) اہلِ بزم۔ (۲۷) دمِ عرضِ پریشانیِ بزم۔ (۲۸) عزلت گزینِ بزم۔ (۲۹) پامالِ

حسرت ہائے فرشِ بزم گستردن۔(۳۰) گرمیِ بزم۔(۳۱) نورِ چراغِ بزم۔

بزم آرائیاں: (۱) یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں — لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہوگئیں — ص۱۹۱

(۲) اُس کی بزم آرائیاں سُن کر، دلِ رنجور یہاں — مثلِ نقشِ مدعائے غیر بیٹھا جائے ہے — ص۲۲۲

بزمِ آئینہ تصویرنما: جلوہ تمثال ہے ہر ذرّۂ نیرنگ سواد — بزمِ آئینہ تصویر نما مُشتِ غبار — ص۴

بزمِ اسدؔ: نہ دیکھیں روے یک دل سرد، غیر از شمعِ کافوری — خدایا! اِس قدر بزمِ اسدؔ گرمِ تماشا ہو — ص۶۷

بزمِ باغ: گر بہ بزمِ باغ کھینچے نقشِ روے یار کو — شمع ساں ہوجائے قطِ خامۂ بہزاد، گُل — ص۵۲

بزمِ بتاں: ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے — تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے — ص۲۰۱

بزمِ بےخودی: دیکھیے: شمعِ بزمِ بےخودی۔

بزمِ پُرفروغ: اُس بزمِ پُرفروغ میں اِس تیرہ بخت کو — لبر ملا نشیب میں از روے اہتمام — ص۲۸۲

بزمِ تماشا: (۱) اسدؔ بزمِ تماشا میں تغافل، پردہ داری ہے — اگر ڈھانپے تو آنکھیں ڈھانپ، ہم تصویرِ عریاں ہیں — ص۶۲

(۲) چمن میں کس کی یہ برہم ہوئی ہے بزمِ تماشا؟ — کہ برگ برگِ سمن شیشہ ریزۂ حلبی ہے — ص۷۵

بزمِ جہاں: دیکھیے: وحشت کدۂ بزمِ جہاں۔

بزمِ خوباں: بزمِ خوباں بس کہ جوشِ جلوہ سے پُرنور ہے — پُشتِ دستِ عجز یہاں ہر برگِ نخلِ طور ہے — ص۹۳

بزمِ خیال: (۱) حسرت نے لا رکھا تری بزمِ خیال میں — گُل دستۂ نگاہ، سویدا کہیں جسے — ص۲۱۸

(۲) دیدار بادہ، حوصلہ ساقی، نگاہ مست — بزمِ خیال مے کدۂ بے خروش ہے — ص۲۳۰

بزمِ سامانی: دودِ شمعِ کُشتۂ گُل، بزم سامانی عبث — یک شبہ آشفتہ نازِ سُنبلستانی عبث — ص۳۳

بزمِ سخن: دیکھیے: باربدِ بزمِ سخن۔

بزمِ سخن سرائی: دیکھیے: شمعِ بزمِ سخن سرائی۔

بزمِ سُرور: (۱) دہر میں اِس طرح کی بزمِ سُرور — نہ ہوئی ہو کبھی بروے زمیں — ص۲۸۰

(۲) دیکھیے: برہم خوردنِ بزمِ سُرور۔

بزمِ سلطانی: بزمِ سلطانی ہوئی آراستہ — کعبۂ امن و اماں کا در کُھلا — ص۱۳۹

بزمِ سیہ پوشاں: دیکھیے: دودِ مشعلِ سیہ پوشاں۔

بزمِ شادی: ہم نشیں تارے ہیں اور چاند شہاب الدین خاں — بزمِ شادی ہے فلک، کاہکشاں ہے سہرا ص ۲۸۸

بزمِ شاہنشاہ: بزمِ شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا — رکھیو یارب! یہ درِ گنجینۂ گوہر کھلا ص ۱۲۰

بزمِ طرب: (۱) گو یک شرر؟ کہ سازِ چراغاں کروں اسدؔ! — بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز ص ۴۲

(۲) ابر روتا ہے کہ بزمِ طرب آمادہ کرو — برق ہنستی ہے کہ فرصت کوئی دم ہے ہم کو ص ۱۶۶

(۳) ہوئی جب میرزا جعفر کی شادی — ہوا بزمِ طرب میں رقصِ ناہید ص ۱۲۹

(۴) دور چشمِ بد تری بزمِ طرب سے، واہ واہ! — نغمہ ہو جاتا ہے، وھاں گر نالہ میرا جائے ہے ص ۲۲۱

بزمِ عیدِ اطفال: دیکھیے: اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال۔

بزمِ عیش دوست: ہم نشیں امت کہ کہ برہم کر نہ بزمِ عیشِ دوست — وھاں تو میرے نالے کو بھی اعتبارِ نغمہ ہے ص ۲۱۳

بزمِ عیش گستر: فرو پیچیدنی ہے فرشِ بزمِ عیش گستر کا — دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دورِ ساغر کا ص ۴۴۴

بزمِ غنچہ: برہم ہے بزمِ غنچہ بہ یک جنبشِ نشاط — کاشانہ بس کہ تنگ ہے، غافل! ہوا نہ مانگ ص ۵۰

بزمِ غیر: مے وہ کیوں بہت پیتے بزمِ غیر میں، یارب! — آج ہی ہوا منظور اُن کو امتحاں اپنا ص ۱۵۹

بزمِ فسردن: دیکھیے: مجمرِ بزمِ فسردن۔

بزمِ قدح: بزمِ قدح سے عیش تمنا نہ رکھ کہ رنگ — صیدِ ز دام جستہ ہے اِس دام گاہ کا ص ۱۳۹

بزم گہ: بزم گہ میں امیرِ شاہ نشاں — رزم گہ میں حریفِ شیر کمیں ص ۲۸۰

بزمِ ماتم: دیکھیے: حلقۂ یک بزمِ ماتم۔

بزمِ مہ و مہر: دیکھیے: رونقِ بزمِ مہ و مہر۔

بزمِ مے: (۱) میں اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں! — گر میں نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ہوا تھا! ص ۱۵۸

(۲) بزمِ مے وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا؟ — شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے ص ۲۱۷

بزمِ مے پرستی: یہ بزمِ مے پرستی حسرتِ تکلیف بیجا ہے — کہ جامِ بادہ کف برلب بہ تقریبِ تقاضا ہے ص ۸۴

بزمِ مے کشی: لڑاوے گر وہ بزمِ مے کشی میں قہر و شفقت کو — بھرے پیمانۂ صد زندگانی، ایک جام اُس کا ص ۲۴

بزمِ ناز: میں نے کہا کہ بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی — سُن کے، ستم ظریف نے مجھ کو اُٹھا دیا کہ یوں — ص۱۷۸

بزمِ نشاطِ گردباد: پہن گشتن ہائے دل بزمِ نشاطِ گردباد — لذّتِ عرضِ گشادِ عقدۂ مشکل نہ پوچھ — ص۷۲

بزمِ نظر: بزمِ نظر ہیں بیضۂ طاؤس خلوتاں — فرشِ طرب بہ گلشنِ ناآفریدہ کھینچ — ص۳۶

بزمِ وصال: دیکھیے: آرایشِ بزمِ وصال۔

بزمِ وصلِ غیر: دیکھیے: سپندِ بزمِ وصلِ غیر۔

بزمِ وفا: بے گریہ، کمال تر جبینی ہے مجھے — در بزمِ وفا خجل نشینی ہے مجھے — ص۴۵۷

بزمِ ہستی: بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ جس کو ہم اسدؔ! — دیکھتے ہیں چشمِ از خوابِ عدم نکشادہ سے — ص۸۹

بزمِ یاس: خوں ہوا جوشِ تمنا سے دو عالم کا دماغ — بزمِ یاس آں سوے پیدائی و اخفا رنگیں — ص۷

بساط[ا]: نقشِ عبرت در نظر یا نقدِ عشرت در بساط — دو جہاں وسعت بقدرِ یک فضاے خندہ ہے — ص۸۷

دیکھیے ـــــــ: (۲)، (۳) ہر گوشۂ بساط [دوبار]۔

بساطِ انجمنِ رنگ: دیکھیے: عرضِ بساطِ انجمنِ رنگ۔

بساطِ دستگہِ یک قدم: طاقت، بساطِ دستگہِ یک قدم نہیں — جوں اشک جب تلک نہ رکھوں دست و پا گرد — ص۶۹

بساطِ دعوتِ سیلاب[ب]: دریا، بساطِ دعوتِ سیلاب ہے اسدؔ — ساغر بہ بارگاہِ دماغ رسیدہ کھینچ — ص۳۶

بساطِ دہر: دیکھیے: تازگیِ بساطِ دہر۔

بساطِ صحبتِ احباب: یہاں نَفَس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی — جلوۂ گل وہاں بساطِ صحبتِ احباب تھا — ص۱۳۵

بساطِ عجز: بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی — سُو رہتا ہے بہ اندازِ چکیدن سرنگوں وہ بھی — ص۲۰۲

بساطِ نازِ مشتاقی: دیکھیے: عرضِ بساطِ نازِ مشتاقی۔

بساطِ نشاطِ دل: باغِ شگفتہ تیرا بساطِ نشاطِ دل — ابرِ بہار خُم کدہ کس کے دماغ کا؟ — ص۱۵۰

بساطِ نگاہ: دیکھیے: دور گردِ قربِ بساطِ نگاہ۔

بساطِ وجود: دیکھیے: عرضِ بساطِ وجود۔

[ا] بساط : پندرہ بار [مرتّب]۔

بساطِ ہواے دل: اے تازہ واردانِ بساطِ ہواے دل! زنہار! اگر تمھیں ہوسِ نائے و نوش ہے ص ۲۳۰

بساطِ ہیچ کسی: بساطِ ہیچ کسی میں بہ رنگِ ریگِ رواں ہزار دل بہ وداع قرار رکھتے ہیں ص ۶۳

بست[1]: زبس کہ مشقِ تماشا، جنوں علامت ہے گشاد و بستِ مژہ، سیلیِ ندامت ہے ص ۲۱۴

بُستانی[2]: دیکھیے: ذوقِ نواے مرغِ بُستانی۔

بستر[3]: (۱) در پہ رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا! جتنے عرصے میں مرا لپٹا ہوا بستر کھلا ص ۱۶۱

(۲) بنا ہے تختۂ گل ہاے یاسمیں بستر ہوا ہے دستۂ نسرین و نسترن تکیہ ص ۳۰۳

[چار بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۸۵]:

(۳)،(۴) بہ ذوقِ شوخیِ اعضا تکلف، بارِ بستر ہے معافِ پیچ و تابِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے

(۵) معماے تکلف، سر بہ مُہرِ چشم پوشیدن گدازِ شمعِ محفل پیچشِ طومارِ بستر ہے

(۶) مژہ فرشِ رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر بہ پاے خفتہ سیرِ وادیِ پُرخارِ بستر ہے

[سات بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۲۱۲]:

(۷)،(۸) تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے

(۹) سرشکِ سر بہ صحرا دادہ: نورُالعینِ دامن ہے دلِ بے دست و پا اُفتادہ: برخوردارِ بستر ہے

(۱۰) خوشا اقبالِ رنجوری! عیادت کو تم آئے ہو فروغِ شمعِ بالیں طالعِ بیدارِ بستر ہے

(۱۱) بہ طوفاں گاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر تارِ بستر ہے

(۱۲) ابھی آتی ہے بو بالش سے اُس کی زلفِ مشکیں کی ہماری دید کو خوابِ زلیخا عارِ بستر ہے

(۱۳) کہوں کیا دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالب! کہ بیتابی سے ہر یک تارِ بستر، خارِ بستر ہے

دیکھیے ـــــــ: (۱۴)،(۱۵) رگِ بستر [دو بار]۔ (۱۶) سایۂ اُفتادگی بالین و بستر۔ (۱۷) شرر اہتمام بستر۔

(۱۸) نازِ بستر۔ (۱۹) ہر یک تارِ بستر۔

بسترِ سنجاب: دیکھیے: وقفِ بسترِ سنجاب۔

---

[1] بست : ایک بار [مرکّب]۔

[2] بُستانی : ایک بار [مرکّب]۔

[3] بستر : اکیس بار [مفرد: دو بار، مرکّب: انیس بار]۔

بسترِ تمہیدِ فراغت: بے خودی بسترِ تمہیدِ فراغت ہو جو! پُر ہے سایے کی طرح میرا شبستاں مجھ سے ص ۲۱۱

بَستن[1]: دیکھیے ـــــ : (۱) خواب بستن ۔(۲) زنگ بستن ۔

بستنِ پیمانِ وفا: حیرت ہمہ اسرار، پہ مجبورِ خموشی ہستی، نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا، ہیچ ص ۳۶

بستنِ رختِ سفر: دریغا! بستنِ رختِ سفر سے ہو کے میں غافل رہا پامالِ حسرت ہائے فرشِ بزم گستردن ص ۴۴۹

بستنِ عہدِ محبت: بستنِ عہدِ محبت ہمہ نادانی تھا چشم نکشودہ رہا عقدۂ پیماں مجھ سے ص ۸۳

بستنِ نظر: ہے دستِ رد، بہ سیرِ جہاں بستنِ نظر پائے ہوس بہ دامنِ مژگاں کشیدہ ہوں ص ۶۱

بستہ: دیکھیے ـــــ : (۱) حنابستہ ۔(۲) زبانِ بستہ ۔(۳) زنگ بستہ ۔(۴) یک درے بر روے رحمت بستہ ۔

بستیوں[2]: یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ تو اے اہلِ جہاں! دیکھنا اِن بستیوں کو تم کہ ویراں ہوگئیں ص ۱۹۲

بِسمل[3]: (۱) ز بس خوں گشتۂ رشکِ وفا تھا وہم بسمل کا چُرایا زخم ہاے دل نے پانی تیغِ قاتل کا ص ۱۷

(۲) جوشِ بے کیفیتی ہے اضطراب آرا اسدؔ! ورنہ بسمل کا تڑپنا لغزشِ مستانہ تھا ص ۲۵

(۳) بسمل اُس تیغِ دو دستی کا نہیں بچتا اسدؔ عافیت بیزار! ذوقِ کعبتین اچھا نہیں ص ۶۵

(۴) اسدؔ بسمل ہے کس انداز کا! قاتل سے کہتا تھا کہ مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم میری گردن پر ص ۱۶۸

(۵) وحشت نہ کھینچ قاتل! حیرت نفَس ہے بسمل جب نالہ خوں ہو غافل! تاثیر کیا بلا ہے ص ۹۴

دیکھیے ـــــ : (۶) اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل ۔(۷) بال پرِ بسمل ۔(۸) پرِ بسمل ۔(۹) جمعیتِ چشمِ بسمل ۔ (۱۰) دمِ بسمل ۔(۱۱) دو عالم دیدۂ بسمل ۔(۱۲) دیدۂ بسمل ۔(۱۳) روانی ہاے موجِ خونِ بسمل ۔(۱۴) سوادِ چشمِ بسمل ۔(۱۵) سینۂ بسمل ۔(۱۶) طوطیِ بسمل ۔(۱۷) عرصۂ تپیدنِ بسمل ۔(۱۸) قطرہ ہاے خونِ بسمل ۔(۱۹) قمریِ بسمل ۔

بسملِ اداے چمن عارضاں: ہے بسملِ اداے چمن عارضاں، بہار گلشن کو رنگِ گل سے ہے درخوں تپیدگی ص ۳۵۴

بسملِ اندازِ پرافشانی: یک جہاں بسملِ اندازِ پرافشانی ہے دام سے اُس کے قضا کو ہے رہائی دشوار ص ۵

---

[1] بستن : چھے بار [مرکب]۔
بستہ : تین بار [مرکب]۔
[2] بستیوں : ایک بار۔
[3] بسمل : پچیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: بیس بار]۔
بسمل کدہ : ایک بار [مرکب]۔
بسملوں : ایک بار۔

بسملِ دردِ خفتہ: نغمۂ بے دلاں اسدؔ! سازِ فسانگی نہیں — بسملِ دردِ خفتہ ہوں، گریے کو ماجرا سمجھ — ص ۴۳

بسملِ ذوقِ پریدن: حیرتِ حُسنِ چمن پیرا سے تیرے رنگِ گل — بسملِ ذوقِ پریدن ہے بہ بالِ عندلیب — ص ۳۲

بسملِ شوقِ بہارِ دید: چشمِ گریاں بسملِ شوقِ بہارِ دید ہے — اشک ریزی عرضِ بالِ افشانیِ امید ہے — ص ۱۰۴

بسمل کدۂ عیدِ حریفاں: دیکھیے: عیشِ بسمل کدۂ عیدِ حریفاں۔

بسملِ نقصانِ بہار: تنگیِ حوصلہ، گردابِ دو عالم آداب — دیدِ یک غنچہ سے ہوں بسملِ نقصانِ بہار — ص ۶

بسملوں: نکلتی ہے تپش میں بسملوں کی، برق کی شوخی — غرض اب تک خیالِ گرمیِ رفتارِ قاتل ہے — ص ۷۷

بسملۂ[1] مصحفِ ناز: آیتِ رحمتِ حق، بسملۂ مصحفِ ناز — مسطرِ موجۂ دیباچۂ درسِ اسرار — ص ۹

بسملۂ نسخۂ حُسن: معنیِ لفظِ کرم، بسملۂ نسخۂ حُسن — قبلۂ اہلِ نظر، کعبۂ اربابِ یقیں — ص ۸

بسیار[2]: ہے نفس مایۂ شوقِ دو جہاں ریگِ رواں — پاے رفتار کم و حسرتِ جولاں بسیار — ص ۴

دیکھیے ــــــ: (۲) بعد از زاریِ بسیار۔ (۳) حسرتِ بسیار۔ (۴) خطِ نازِ بسیار۔

بشارت[3]: اے شاہِ جہانگیرِ جہاں بخشِ جہاں دار — ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت — ص ۱۲۷

بشر[4]: (۱) کیا وہ بھی بے گنہ کُش و حق ناشناس ہیں؟ — مانا کہ تم بشر نہیں خرشید و ماہ ہو — ص ۱۹۶

(۲) دیا ہے دل اگر اُس کو، بشر ہے، کیا کہیے! — ہوا رقیب تو ہو، نامہ بر ہے، کیا کہیے! — ص ۲۲۷

بشکستہ[5]: دیکھیے: لختِ لختِ شیشۂ بشکستہ۔

بشکنِ بشکنِ[6] مے خانہ: بس کہ ہیں بدمستِ بشکنِ بشکنِ مے خانہ ہم — موے شیشہ کو سمجھتے ہیں خطِ پیمانہ ہم — ص ۵۴

بصارت[7]: زِبس نکلا غبارِ دل بہ وقتِ گریہ آنکھوں سے — اسدؔ کھائے ہوئے سُرمے نے آنکھوں میں بصارت کی — ص ۹۷

دیکھیے: اہلِ بصارت۔

بطِ[8] مے: پھر ہوا وقت کہ ہو بال کُشا موجِ شراب — دے بطِ مے کو دل و دستِ شنا موجِ شراب — ص ۱۹۳

---

[1] بسملہ : دو بار [مرتّب]۔
[2] بسیار : چار بار [مرتّب: تین بار، مفرد ایک بار]۔
[3] بشارت : ایک بار۔
[4] بشر : دو بار۔
[5] بشکستہ : ایک بار [مرتّب]۔
[6] بشکن بشکن : ایک بار [مرتّب]۔
[7] بصارت : دو بار [مرتّب: ایک بار]۔
[8] بط : ایک بار [مرتّب]۔

بعد[۱]: (۱) شرر ہے رنگ بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں — کرے ہے سنگ پر خرشیدِ آب روے کار آتش — ص ۴۷

(۲) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہاے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا — ص ۱۵۰

(۳) گرچہ ہے بعد عید کے نوروز — لیک بیش از سہ ہفتہ بُعد نہیں — ص ۲۸۰

(۴)، (۵) علی کے بعد حسن اور حسن کے بعد حسین — کرے جو اُن سے بُرائی، بھلا کہیں اُس کو؟ — ص ۲۸۶

(۶)، (۷) خدا کے بعد نبی اور نبی کے بعد امام — یہی ہے مذہبِ حق وَالسّلام وَالاکرام — ص ۲۹۷

[دو بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۳۸]:

(۸) تھی نگہ میری نہاں خانۂ دل کی نقاب — بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد

(۹) تھا میں گلدستۂ احباب کی بندش کی گیاہ — متفرّق ہوئے میرے رفقا میرے بعد

[دس بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۱۶۶]:

(۱۰) حُسن غمزے کی کشاکش سے چُھٹا میرے بعد — بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد

(۱۱) منصبِ شیفتگی کے کوئی قابل نہ رہا — ہوئی معزولیِ انداز و ادا میرے بعد

(۱۲) شمع بُجھتی ہے تو اُس میں سے دھواں اُٹھتا ہے — شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

(۱۳) خوں ہے دل خاک میں احوالِ بتاں پر، یعنی — اُن کے ناخن ہوئے محتاجِ حنا میرے بعد

(۱۴) درخورِ عرض نہیں جوہرِ بیداد کو جا — نگہِ ناز ہے سرمے سے خفا میرے بعد

(۱۵) ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع — چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد

(۱۶) کون ہوتا ہے حریفِ مے مرد افگنِ عشق — ہے مکرّر لبِ ساقی میں صلا میرے بعد

(۱۷) غم سے مرتا ہوں کہ اِتنا نہیں دُنیا میں کوئی — کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا میرے بعد

(۱۸) آئے ہے بیکسیِ عشق پہ رونا غالبؔ — کس کے گھر جائے گا سیلابِ بلا میرے بعد!

(۱۹) بعد از اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال — ایّامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال — ص ۲۵۲

بعد از زاریِ بسیار: اسدؔ مایوس مت ہو، گرچہ رونے میں اثر کم ہے — کہ غالب ہے کہ بعد از زاریِ بسیار ہو پیدا — ص ۳۱

---

[۱] بعد : بتیس بار [مفرد: اٹھارہ بار۔ مرکّب: چودہ بار]۔

بعد ازصافیٔ: ہوا جب حُسن کم، خط بر عذارِ سادہ آتا ہے — کہ بعدازصافیٔ ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے ص ۹۸

بعد ازقتل: دیکھیے: تمکینِ بعدازقتل۔

بعد ازوصالِ دوست: تکلّف عاقبت بیں ہے، دلا! بدنِ قبا واکر — نَفَس بعدازوصالِ دوست تاواں ہے گسستن کا ص ۲۷

بعدِ صحرائے طلب: بیابانِ فنا ہے بعدِ صحرائے طلب، غالبؔ — پسینا توسنِ ہمّت کا سیلِ خانۂ زیں ہے ص ۸۹

بعدِ ضبط: ہوسکے ہے پردۂ جوشیدنِ زخمِ جگر — اشک بعدِ ضبط غیر از پنبۂ مینا نہیں ص ۹۵

بعدِ ضبطِ اشک: یوں بعدِ ضبطِ اشک، پھروں گرد یار کے — پانی پیے کسو پہ کوئی جیسے وار کے ص ۸۰

بعدِ قتل: جو بعدِ قتل مرا دشت میں مزار بنا — لگا کے بیٹھتے ہیں اُس سے راہزن، تکیہ ص ۳۰۳

بعدِ مرگ: (۱) بس کہ ہوں بعدِ مرگ بھی نگراں — مردمک سے ہے خال برلبِ گور ص ۴۱

(۲) گر بعدِ مرگ وحشتِ دل کا گلا کروں — موجِ غبار سے پرِ یک دشت وا کروں ص ۵۶

(۳) ہے پر فشانیِ پروانہ چراغِ مزار! — کہ بعدِ مرگ بھی ہے لذّتِ جگر سوزی ص ۱۰۰

(۴) اللہ رے ذوقِ دشت نوردی! کہ بعدِ مرگ — ہلتے ہیں خود بخود مرے اندر کفن کے پاؤں ص ۱۹۶

بعدِ یک عمرِ ورع: بعدِ یک عمرِ ورع بار تو دیتا، بارے — کاش رضواں ہی درِ یار کا درباں ہوتا ص ۱۵۸

بُعد[1]: (۱) اُتنا ہی مجھ کو اپنی حقیقت سے بُعد ہے — جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ و تاب میں ص ۱۸۹

(۲) گرچہ ہے بعد عید کے نوروز — لیک بیش از سہ ہفتہ بُعد نہیں ص ۲۸۰

بعید[2]: رحمت اگر قبول کرے، کیا بعید ہے — شرمندگی سے عُذر نہ کرنا گناہ کا ص ۱۳۹

بُغض[3]: (۱) نبی کا ہو نہ جسے اعتقاد، کافر ہے — رکھے امام سے جو بُغض، کیا کہیں اُس کو ص ۲۸۶

(۲) دیکھیے: ازرہِ بُغض۔

بغل[4]: بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں، ورنہ — سبب کیا خواب میں آکر تبسّم ہائے پنہاں کا ص ۱۵۷

بقا[5]: (۱) حق شہ کی بقا سے خلق کو شاد کرے — تا شاہ شیوعِ دانش و داد کرے ص ۲۵۳

---

[1] بُعد : دوبار۔
[2] بعید : ایک بار۔
[3] بُغض : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
[4] بغل : ایک بار۔
[5] : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔

دیکھیے ـــــــ: (۲) چمنستانِ بقا۔ (۳) دمِ آبِ بقا۔ (۴) چشمۂ آبِ بقا۔

بقائے جنابِ فیض مآب : دیکھیے: دعائے بقائے جنابِ فیض مآب۔

بقدرِ[1] حسرتِ دل: بقدرِ حسرتِ دل چاہیے ذوقِ معاصی بھی — بھروں یک گوشۂ دامن گر آبِ ہفت دریا ہو — ص۱۹۴

بقدرِ حوصلۂ عشق: بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ ریزی ہے — وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم! — ص۵۳

بقدرِ رنگ: شررِ فرصت نگہ سامانِ یک عالم چراغاں ہے — بقدرِ رنگ یہاں گردش میں ہے پیمانہ محفل کا — ص۱۷

بقدرِ زندگانی: ہمہ یک نفس تپش سے تب و تابِ ہجر مت پوچھ — کہ ستم کشِ جنوں ہوں نہ بقدرِ زندگانی — ص۱۰

بقدرِ شوق: بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل — کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے — ص۲۳۶

بقدرِ ظرف: بقدرِ ظرف ہے ساقی خمارِ تشنہ کامی بھی — جو تو دریائے مے ہے تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا — ص۱۴۸

بقدرِ عددِ حرفِ علی: لیکن اس رشتۂ تحریر میں سر تا سرِ فکر — ہوں بقدرِ عددِ حرفِ علی سبحہ شمار — ص۶

بقدرِ فہم: بہت ہے پایۂ گردِ رہِ حُسین بلند — بقدرِ فہم ہے گر کیمیا کہیں اُس کو — ص۲۸۵

بقدرِ لب و دنداں: دلِ حسرت زدہ تھا مائدۂ لذتِ درد — کام یاروں کا بقدرِ لب و دنداں نکلا — ص۱۴۴

بقدرِ لذتِ آزار: بے عشق عمر کٹ نہیں سکتی ہے، اور یہاں — طاقت بقدرِ لذتِ آزار بھی نہیں — ص۱۸۴

بقدرِ لفظ و معنی: بقدرِ لفظ و معنی فکرت احرامِ گریباں ہیں — وگرنہ کیجیے جو ذرہ عریاں، ہم نمایاں ہیں — ص۶۲

بقدرِ مصلحت: جنوں رُسوائیِ وارستگی، زنجیر بہتر ہے — بقدرِ مصلحت دل بستگی، تدبیر بہتر ہے — ص۱۰۸

بقدرِ نفس: بالیدگی، نیازِ تنِ جاں فزا، اسدؔ! — در ہر نفس بقدرِ نفس ہے قبا بلند — ص۳۹

بقدرِ فضائے یک خندہ: نقشِ عبرت در نظر یا نقدِ عشرت در بساط — دو جہاں وسعت بقدرِ یک فضائے خندہ ہے — ص۸۷

بقدرِ یک نفس: دریغا! وہ مریضِ غم کہ فرطِ ناتوانی سے — بقدرِ یک نفس جادہ بہ صد رنج و تعب کاٹے — ص۹۸

بُقعۂ[2] معمور: رام پور آج ہے وہ بُقعۂ معمور کہ ہے — مرجع و مجمعِ اشرافِ نژادِ عالم — ص۲۶۵

بلا[3]: (۱) شکوہ و شکر کو ثمر بیم و اُمید کا سمجھ — خانۂ آگہی خراب، دل نہ سمجھ بلا سمجھ — ص۷۲

---

[1] بقدر : پندرہ بار [مرکّب]۔

[2] بُقعہ : ایک بار [مرکّب]۔

[3] بلا : چھبیس بار [مفرد: بارہ بار، مرکّب: چودہ بار]۔

بلائیں : دو بار۔

بلاؤں : ایک بار۔

(۲) رہا بلا میں بھی میں مبتلائے آفتِ رشک — بلائے جاں ہے ادا تیری اک جہاں کے لیے — ص ۲۳۶

(۳) کہوں کس سے میں کہ کیا ہے؟ شبِ غم بری بلا ہے — مجھے کیا برا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا — ص ۱۶۰

(۴) وحشت نہ کھینچ قاتل! حیرت نفس ہے بسمل — جب نالہ خوں ہو غافل! تاثیر کیا بلا ہے — ص ۹۴

(۵) قہر ہو یا بلا ہو، جو کچھ ہو — کاشکے! تم مرے لیے ہوتے! — ص ۲۴۳

(۶) آئی اگر بلا تو جگر سے ٹلے نہیں — ایرا ہی دے کے ہم نے بچایا ہے کشت کو — ص ۲۲۲[ثانی]

(۷) بلا سے، ہیں جو یہ پیشِ نظر در و دیوار — نگاہِ شوق کو ہیں بال و پر در و دیوار — ص ۱۶۶

(۸) نقصاں نہیں، جنوں میں بلا سے ہو گھر خراب — سَو گز زمیں کے بدلے بیاباں گراں نہیں — ص ۱۸۸

(۹) ہے کیا جو کس کے باندھیے؟ میری بلا ڈرے — کیا جانتا نہیں ہوں تمھاری کمر کو میں؟ — ص ۱۹۰

(۱۰) کوئی کہے کہ شبِ مہ میں کیا برائی ہے — بلا سے، آج اگر دن کو ابر و باد نہیں — ص ۱۹۲

(۱۱) بلا سے، گر مژۂ یار تشنۂ خوں ہے — رکھوں کچھ اپنی بھی مژگانِ خوں فشاں کے لیے — ص ۲۳۶

(۱۲) لطفِ نظارۂ قاتل دمِ بسمل آئے — جان جائے تو بلا سے پہ کہیں دل آئے — ص ۳۱۲

دیکھیے ____: (۱۳) آغوشِ بلا۔ (۱۴) پائے سیلِ بلا۔ (۱۵) سیلابِ بلا۔ (۱۶) طُرفہ بلا۔ (۱۷) طوفانِ بلا۔
(۱۸) کمیں گاہِ بلا۔ (۱۹) ہجومِ بلا۔

بلا آئنہ ساماں: ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرّۂ خاک — شوقِ دیدار بلا آئنہ ساماں نکلا — ص ۱۳

بلاکش: جنابِ قبلۂ حاجات! اِس بلا کش نے — بڑے عذاب سے کاٹے ہیں پانچ چار برس — ص ۲۶۳

بلاگردانِ بے پروا خرامی ہائے یار: نہیں برق و شرر جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا — بلاگردانِ بے پروا خرامی ہائے یار، آتش — ص ۴۷

بلاگردانِ تمکینِ بتاں: بلاگردانِ تمکینِ بتاں صد موجۂ گوہر — عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو — ص ۶۸

بلا گردش آفریں: نصیبِ تیرہ بلا گردش آفریں ہے اسدؔ! — زمیں سے ہوتے ہیں صد دامن آسماں پیدا — ص ۳۳۶

بلائے آسمانی: قاطعِ اعمار ہیں اکثر نجوم — وہ بلائے آسمانی اَور ہے — ص ۲۳۷

بلائے جاں: بلائے جاں ہے غالبؔ اُس کی ہر بات — عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا — ص ۱۵۸

(۲) رہا بلا میں بھی میں مبتلائے آفتِ رشک — بلائے جاں ہے ادا تیری اک جہاں کے لیے — ص ۲۳۶

بلاؤں:	کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول	آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا	ص۱۶۱
بلائیں:	(۱) ہو چکیں غالبؔ بلائیں سب تمام	ایک مرگِ ناگہانی اَور ہے	ص۲۲۷
	(۲) جسے کہتے ہیں خوشی، اُس نے بلائیں لے کر	کبھی چوما، کبھی آنکھوں سے لگایا سہرا	ص۲۸۸
بُلبُل[1]:	(۱) ہو جو بلبل پیرو فکرِ اسدؔ	غنچۂ منقار گل ہو زیرِ بال	ص۵۱
	(۲) ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفائے گل!	بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل	ص۱۷۶
	(۳) گلزارِ تمنّا ہوں، گلچینِ تماشا ہوں	صد نالہ اسدؔ، بلبل در بندِ زباں دانی	ص۱۰۹
	(۴) بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل	کہتے ہیں جس کو عشق، خلل ہے دماغ کا	ص۱۳۹
	(۵) قمری، کفِ خاکستر و بلبل، قفسِ رنگ	اے نالہ نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے؟	ص۲۱۹
	(۶) آمد بہار کی ہے، جو بلبل ہے نغمہ سنج	اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی	ص۲۴۳
	(۷) صبا! لگا وہ تپانچہ طرف سے بلبل کے	کہ روئے غنچۂ گل سوئے آشیاں پھر جائے	ص۳۰۵
	(۸) نہ دیکھا کوئی ہم نے آشیاں بلبل کا گلشن میں	کہ جس کے در پہ غنچہ شکلِ قفلِ زر نہیں ہوتا	ص۳۴۵

دیکھیے ____: (۹)،(۱۰) بیضۂ بلبل [دوبار]۔ (۱۱)،(۱۲) پرِ بلبل [دوبار]۔ (۱۳) پروانہ و بلبل۔ (۱۴) چشمِ بلبل۔ (۱۵) خاموشیِ بلبل۔ (۱۶) خرابِ نالۂ بلبل۔ (۱۷) کسوتِ ایجادِ بلبل۔ (۱۸) گرمیِ گل و بلبل۔ (۱۹) معموریِ شوقِ بلبل۔ (۲۰) منقارِ بلبل۔ (۲۱)۔(۲۴) نالۂ بلبل [چار بار]۔ (۲۵) یک بالِ بلبل۔

بلبلِ بے بال و پر:	دور اُفتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ	مرغِ خیال، بلبلِ بے بال و پر ہے آج	ص۳۵
بلبلِ تصویر:	(۱) جُز غبارِ کردہ سیر، آہنگیِ پرواز گو؟	بلبلِ تصویر و دعوائے پرافشانی عبث	ص۳۴
	(۲) بلبلِ تصویر ہوں بیتابِ اظہارِ تپش	جُنبشِ نالِ قلم جوشِ پرافشانی مجھے	ص۶۱
بلبلِ رنگیں:	چمن میں کون ہے طرزِ آفرینِ شیوۂ عشق؟	کہ گل ہے بلبلِ رنگین و بیضہ شبنم ہے	ص۱۰۲
بلبلِ زار:	دیکھیے: نالہ ہائے بلبلِ زار۔		
بلبلِ مسکیں:	وقت ہے گر بلبلِ مسکیں زلیخائی کرے	یوسفِ گل جلوہ فرما ہے بہ بازارِ چمن	ص۵۹

---

[1] بُلبُل : بتّیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکّب: چوبیس بار]۔ بلبلوں : ایک بار۔ بلبلیں : ایک بار۔

بلبل وگل: دیکھیے: نواے بلبل وگل۔

بُلبُلوں: بُلبُلوں کو دور سے کرتا ہے منعِ بارِ باغ — ہے زبانِ پاسباں خارِ سرِ دیوارِ باغ — ص۳۸

بُلبُلیں: میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کُھل گیا — بلبلیں، سن کر مرے نالے، غزل خواں ہوگئیں — ص۱۹۲

بَلَد[1]: لغزشِ پا کو ہے بلد نغمۂ یا علی مدد — ٹوٹے گر آئنہ اسدؔ! سبحہ کو خوںبہا سمجھ — ص۷۳

بلدِ شوق: گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت — صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں — ص۶۰

بلدستانِ[2] مراد: اے خوشا! مکتبِ شوق و بلدستانِ مراد — سبقِ ناز کی ہے عجز کو صد جا تکرار — ص۴

بلغمی[3] مزاج: پی، جس قدر ملے، شبِ مہتاب میں شراب — اِس بلغمی مزاج کو گرمی ہی راس ہے — ص۲۰۵

بلند[4]: [آٹھ بار بہ طورِ ردیف، ص۳۸]:

(۱)، (۲) تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند — اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند

(۳) ویرانیے جُز آمد و رفتِ نفس نہیں — ہے کوچہ ہاے نَے میں غبارِ صدا بلند

(۴) رکھتا ہے انتظارِ تماشاے حُسنِ دوست — مژگانِ باز ماندہ سے دستِ دعا بلند

(۵) موقوف کیجیے یہ تکلف نگاریاں — ہوتا ہے ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند

(۶) قربانِ اوج ریزیِ چشمِ حیا پرست — یک آسماں ہے مرتبۂ پُشتِ پا بلند

(۷) ہے دلبری، کمینگرِ ایجادِ یک نگاہ — کارِ بہانہ جوُ چشمِ حیا بلند

(۸) بالیدگی، نیازِ قدِ جاں فزا اسدؔ — در ہر نفس بقدرِ نفس ہے قبا بلند

(۹) بہ یادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم — ہر ایک داغِ جگر آفتابِ محشر ہو — ص۶۷

(۱۰) بہت ہے پایۂ گردِ رہِ حُسین بلند — بقدرِ فہم ہے گر کیمیا کہیں اُس کو — ص۲۸۵

بلند آوازہ: بینوائی تر صداے نغمۂ شہرت اسدؔ! — بوریا، یک نیستاں عالم بلند آوازہ تھا — ص۱۷

بلند رتبہ: بلند رتبہ وہ حاکم، وہ سرفراز امیر — کہ باج تاج سے لیتا ہے جس کا طرفِ کلاہ — ص۲۷۷

بلند مقام: تو نہیں جانتا تو مجھ سے سُن — نامِ شاہنشہِ بلند مقام — ص۱۳۷

---

[1] بلد : دوبار [مرتّب: ایک بار]۔

[2] بلدستان : ایک بار [مرتّب]۔

[3] بلغمی : ایک بار [مرتّب]۔

[4] بلند : تیرہ بار [مفرد: نو بار۔ مرتّب: چار بار]۔

بلندی[۱]: (۱) ہمتِ نشوونما میں یہ بلندی ہے کہ سرو — پرِ قمری سے کرے صیقلِ تیغِ کہسار — ص۳

(۲) غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو — اِس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن — ص۱۷۹

(۳) وھاں کنگرِ استغنا ہر دم ہے بلندی پر — یہاں نالے کو اَور اُلٹا دعوائے رسائی ہے — ص۲۱۰

(۴) منظر اک، بلندی پر اَور ہم بنا سکتے — عرش سے اِدھر ہوتا کاشکے مکاں اپنا! — ص۱۵۹

بلندیِ دستِ دعا: تاچند پست فطرتیِ طبعِ آرزو؟ — یارب! ملے بلندیِ دستِ دعا مجھے — ص۷۶

بُلہوس[۲]: (۱) حُسن اوراُس پہ حُسنِ ظن، رہ گئی بُلہوس کی شرم — اپنے پہ اعتماد ہے، اَور کو آزمائے کیوں — ص۱۹۳

(۲) ہر بُلہوس نے حُسن پرستی شعار کی — اب آبروئے شیوۂ اہلِ نظر گئی — ص۲۳۳

بلّور[۳]: دیکھیے: ساغرِ بلّور۔

بلوریں جام: دیکھنا میرے ہاتھ میں لبریز — اپنی صورت کا اک بلوریں جام — ص۳۳۶[ماؤ سے]

بَم[۴]: دیکھیے: زیروبَمِ ہستی وعدم۔

بُنِ مو[۵]: (۱) ہنوز محرمیِ حُسن کو ترستا ہوں — کرے ہے ہر بُنِ مو کام چشمِ بینا کا — ص۱۴۷

(۲) ہر بُنِ مو سے دمِ ذکر نہ ٹپکے خوناب — حمزہ کا قصہ ہوا، عشق کا چرچا نہ ہوا — ص۱۹۲

بُنِ ناخنِ تدبیر: پیچھے ڈالی ہے سرِ رشتۂ اوقات میں گانٹھ — پہلے ٹھونکی ہے بُنِ ناخنِ تدبیر میں کیل — ص۱۲۴

بُنِ ہرخار: جگرِ تشنۂ آزار تسلی نہ ہوا — جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہرخار کے پاس — ص۱۷۳

بِنا[۶]: عزّت پہ اہلِ نام کی ہستی کی ہے بنا — عزّت جہاں گئی تو نہ ہستی رہی نہ نام — ص۲۸۱

۱۔ بلندی : پانچ بار[مرکّب: ایک بار]۔

۲۔ بُلہوس : دوبار[مرکّب: ایک بار]۔

۳۔ بلّور : ایک بار[مرکّب]۔

بلوریں : ایک بار[مرکّب]۔

۴۔ بم : ایک بار[مرکّب]۔

۵۔ بُن : چار بار[مرکّب]۔

۶۔ بنا : آٹھ بار۔[مفرد: ایک بار۔ مرکّب: سات بار]۔

بنائے اعتقاد: اسدؔ! قدرت سے حیدر کی، ہوئی ہر گبرو ترسا کو — شرارِ سنگِ بت بہرِ بنائے اعتقاد، آتش — ص ۴۷

بنائے خانۂ زنجیر: یہ کیا وحشت ہے اے دیوانے! پیش از مرگ واویلا — رکھی بیجا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر — ص ۴۱

بنائے خانہ بربادی: دیکھیے: تعمیرِ بنائے خانہ بربادی۔

بنائے خندہ: کلفتِ افسردگی کو عیشِ بیتابی حرام — ورنہ دنداں در دل افشردن بنائے خندہ ہے — ص ۲۱۵

بنائے عالمِ امکاں: غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو — اِس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن — ص ۱۷۹

بنائے عہدِ وفا: اے چرخ! خاک بر سرِ تعمیرِ کائنات — لیکن بنائے عہدِ وفا اُستوار تر — ص ۴۱

بنائے ہستیٔ شبنم: دیکھیے: سیلِ بنائے ہستیٔ شبنم۔

بَناتُ النَّعش[۱] گردوں: تھیں بَناتُ النعشِ گردوں دن کو پردے میں نہاں — شب کو اُن کے جی میں کیا آئی کہ عریاں ہوگئیں — ص ۱۹۱

بناؤ[۲]: دیکھیے: (۱) کروڑوں بناؤ۔ (۲) لاکھوں بناؤ۔

بند[۳]: (۱)، (۲) رعد کا کر رہی ہے کیا دم بند — برق کو دے رہا ہے کیا الزام — ص ۳۸

(۲) اُس کی اُمّت میں ہوں میں، میرے رہیں کیوں کام بند — واسطے جس شہ کے غالبؔ! گنبدِ بے در کھلا — ص ۱۶۱

(۳) سبدِ گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں — مژدہ اے مرغ! کہ گلزار میں صیاد نہیں — ص ۱۸۶

(۴) غالبؔ خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں — روئیے زار زار کیا، کیجیے ہائے ہائے کیوں؟ — ص ۱۹۳

(۵) دُکھ جی کے پسند ہوگیا ہے غالبؔ — دل، رک رک کر بند ہوگیا ہے غالبؔ — ص ۲۵۳

(۶) پر، یار کے آگے بول سکتے ہی نہیں — غالبؔ! مُنہ بند ہوگیا ہے گویا — ص ۲۵۳

دیکھیے: (۷) سرخطِ بند۔ (۸) وقتِ بند۔

بندِ رگِ تار: محرمِ دردِ گرفتاریٔ مستی معلوم! — ہوں نَفَس سے، صفتِ نغمہ بہ بندِ رگِ تار — ص ۹

---

۱ بنات النعش: ایک بار [مرکّب]۔

۲ بناؤ : دو بار [مرکّب]۔

۳ بند(۱)، (۲) : پچیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکّب: سترہ بار]۔

بندِ زباں دانی:	گلزارِ تمنّا ہوں، گلچینِ تماشا ہوں	صد نالہ اسدؔ، بلبل در بندِ زباں دانی	ص۱۰۹
بندِ ساز:	دیکھیے: نوا سامانِ بندِ ساز۔		
بندِ عشق:	سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے	پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا	ص۱۵۰
بندِ غم:	(۱) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں	موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں!	ص۱۹۳
	(۲) شفا ہو آپ کو، غالبؔ کو بندِ غم سے نجات	خدا کرے کہ یہ ایسا ہو سازگار برس	ص۲۶۴
بندِ قبا:	(۱) تکلّف عاقبت بیں ہے، دلا! بندِ قبا واکر	نَفَس بعد از وصالِ دوست، تاواں ہے گسستن کا	ص۲۷
	(۲) نشّۂ رنگ سے ہے واشدِ گل	مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں	ص۱۸۱
	(۳) دیکھیے: پیچیدگیِ بندِ قبا۔		
بندِ قبائے یار:	اسدؔ! بندِ قبائے یار ہے فردوس کا غنچہ	اگر وا ہو تو دکھلا دوں کہ یک عالم گلستاں ہے	ص۸۱
بندِ نقابِ حُسن:	وا کر دیے ہیں شوق نے بندِ نقابِ حُسن	غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا	ص۱۵۳
بندِ نقابِ یار:	کشادہ رُخ نہ پھرے کیوں کہ اس زمانے میں	بچی نہ از پئے بندِ نقابِ یار گرہ	ص۲۷۹
بندِ کوتہی:	رشتۂ فہمیدِ ممسک ہے بہ بندِ کوتہی	عقدہ ساں ہے کیسۂ زر پر خیالِ تنگ دل	ص۵۳
بندِ گریہ:	(۱) ہر اشکِ چشم سے یک حلقۂ زنجیر بڑھتا ہے	بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب اندیشہ رستن کا	ص۲۷
	(۲) اسدؔ! ہر اشک ہے یک حلقہ بر زنجیر افزودن	بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب اُمیدِ رَستن ہا	ص۲۳
بندِ محبت:	گریے سے بندِ محبت میں ہوئی نام آوری	لختِ لختِ دل نگینِ خانۂ زنجیر ہے	ص۹۵
بندِ ہوس:	تنِ بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں	دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں	ص۶۰
بندش[1]:	تھا میں گلدستۂ احباب کی بندش کی گیاہ	متفرّق ہوئے میرے رفقا میرے بعد	ص۳۸
بندگی[2]:	(۱) اسدؔ! یہ عجز و بے سامانیِ فرعون تو اَم ہے	جسے تو بندگی کہتا ہے، دعویٰ ہے خدائی کا	ص۱۹
	(۲) برنگِ سایہ ہمیں بندگی میں ہے تسلیم	کہ داغِ دل بہ جبینِ کُشادہ رکھتے ہیں	ص۶۰
	(۳) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟	بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا	ص۱۲۲

---

[1] بندش : ایک بار۔
[2] بندگی : آٹھ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: چار بار]۔

(۴) بندگی میں بھی وہ آزادہ و خودبیں ہیں کہ ہم — اُلٹے پھر آئے، درِ کعبہ اگر وا نہ ہوا — ص۱۶۲

(۵) دیکھیے: عجزِ بندگی۔

بندگیِ بوتراب: غالب! ندیمِ دوست سے آتی ہے بوے دوست — مشغولِ حق ہوں بندگیِ بوتراب میں — ص۱۸۹

بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں: آستاں پر ہے ترے جوہرِ آئینۂ سنگ — رقمِ بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں — ص۱۳۵

بندگیِ گل: دیکھیے: کمالِ بندگیِ گل۔

بندوبست[1]: گلشن میں بندوبست برنگِ دگر ہے آج — قمری کا طوق، حلقۂ بیرونِ در ہے آج — ص۱۲۵

بندوبستِ گلشن آرائی: شہِ گل نے کیا جب بندوبستِ گلشن آرائی — عصاے سبز دے، نرگس کو خدمت دی نظارت کی — ص۹۷

بندہ[2]: (۱) اسدؔ! اربابِ فطرت قدردانِ لفظ و معنی ہیں — سخن کا بندہ ہوں لیکن نہیں مشتاقِ تحسیں کا — ص۲۹

(۲) بت خانے میں اسدؔ بھی بندہ تھا گاہ گاہ — حضرت چلے حرم کو، اب آپ کا خدا ہے — ص۹۴

(۳) آپ کا بندہ اور پھروں ننگا! — آپ کا نوکر اور کھاؤں اُدھار! — ص۱۲۷

(۴) بارے، دو دن کہاں رہا غائب؟ — بندہ عاجز ہے، گردشِ ایام — ص۳۵

(۵) ہے بندے کو اعادۂ عزّت کی آرزو — چاہیں اگر حضور تو مشکل نہیں یہ کام — ص۲۸۳

(۶) میں قائلِ خدا و نبیؐ و امام ہوں — بندہ خدا کا اور علیؑ کا غلام ہوں — ص۲۹۸

بندہ پرور: (۱) بندہ پرور کے کفِ دست کو دل کیجے فرض — اور اِس چکنی سپاری کو سویدا کہیے — ص۱۲۲

(۲) بے نیازی حد سے گزری، بندہ پرور! کب تلک — ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرماویں گے: کیا؟ — ص۱۵۵

(۳) بندہ پرور! ثنا ترازی سے — مدعا عرضِ فنِّ شعر نہیں — ص۲۸۱

(۴) دیکھیے: خداوندِ بندہ پرور۔

بندۂ بہ درم ناخریدہ: میرا نیاز و عجز ہے مُفتِ بتاں اسدؔ — یعنی کہ بندۂ بہ درم ناخریدہ ہوں — ص۶۲

بندۂ کمینہ: مسجد کے زیرِ سایہ اک گھر بنالیا ہے — یہ بندۂ کمینہ ہمسایۂ خدا ہے — ص۳۱۲

---

[1] بندوبست : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔

[2] بندہ : گیارہ بار [مفرد: چھے بار، مرکّب: پانچ بار]۔

بندوں: خدا کا بندہ، خداوندگار بندوں کا | اگر کہیں نہ خداوند، کیا کہیں اُس کو | ص۲۸۵

بنگ[1]: ہوں زِ پا اُفتادۂ اندازِ یادِ حُسنِ سبز | کس قدر ہے نشہ فرسائے خمارِ بنگ، دل | ص۵۳

بو[2]: (۱) بہرِ جاں پروردنِ یعقوب، بالِ خاک سے | دام لیتی ہے پرِ پرواز پیراہن کی بو | ص۶۹

(۲) ہے کمندِ موجِ گل فتراکِ بیتابی اسدؔ! | رنگ، یہاں بو سے سوارِ توسنِ چالاک ہے | ص۱۰۷

(۳) اُسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا | جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دوچار ہوتا | ص۱۶۰

(۴) ابھی آتی ہے بو بالش سے اُس کی زلفِ مشکیں کی | ہماری دید کو خوابِ زلیخا عارِ بستر ہے | ص۲۱۳

(۵) داغِ دل گر نظر نہیں آتا | بو بھی اے چارہ گر! نہیں آتی؟ | ص۲۳۸

(۶) ظاہر ہے کہ گھبرا کے نہ بھاگیں گے نکیرین | ہاں، منہ سے مگر بادۂ دوشینہ کی بو آئے | ص۲۳۸

(۷) گل کدۂ تلاش کو ایک ہے رنگ، ایک بو | ریختے کے قماش کو پود ہے ایک، تار ایک | ص۲۹۶

دیکھیے ـــــــ: (۸) اختلافِ رنگ و بو۔ (۹) بادۂ گل فامِ مشک بو۔ (۱۰) طوفانِ رنگ و بو۔ (۱۱) قفسِ رنگ و بو۔ (۱۲) مئِ مشک بو۔

بوئے باغ: دیکھیے: رنگ و بوئے باغ۔

بوئے پیرہن: نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہوا خواہی | اُسے یوسف کی بوئے پیرہن کی آزمائش ہے | ص۲۲۳

بوئے خوش گل رُیاں: دیکھیے: شرمندۂ بوئے خوشِ گل رویاں۔

بوئے دوست: غالبؔ! ندیمِ دوست سے آتی ہے بوئے دوست | مشغولِ حق ہوں بندگیِ بوترابؑ میں | ص۱۸۹

بوئے زلفِ مشکیں: یہ بوئے زلفِ مشکیں یہ دماغ آشفتۂ رم ہیں | کہ شاخِ آہواں دودِ چراغ آسا پریشاں ہے | ص۸۱

بوئے غنچہ: بے دل نہ نازِ وحشتِ جَیبِ دریدہ کھینچ | جوں بوئے غنچہ یک نفَسِ آرمیدہ کھینچ | ص۳۶

بوئے گل: (۱) ہے بوئے گل غریبِ تسلّی گہِ وطن | ہر جُزوِ آشیاں پہ پرواز ہے مجھے | ص۹۷

(۲) بوئے گل فتنۂ بیدار و چمن جامۂ خواب | وصلِ ہر رنگ جنوں کسوتِ رُسوائی ہے | ص۱۰۴

---

[1] بنگ : ایک بار [مرکّب]۔

[2] بو : پچیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: اٹھارہ بار]۔

(۳) جوں بوے گل، ہوں گرچہ گراں بارِ مُشتِ زر — لیکن اسدؔ بہ وقتِ گزشتن جریدہ ہوں — ص ۶۱

(۴) فیضِ خُلق اُس کا ہی شامل ہے کہ ہوتا ہے سدا — بوے گل سے نَفَسِ بادِ صبا عطر آگیں — ص ۱۳۴

(۵) بوے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل — جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا — ص ۱۳۳

(۶) دیکھیے: موجِ بوے گل۔

بوے یوسف: بوے یوسف مجھے گلزار سے آتی تھی اسدؔ — دَے نے برباد کیا پیرہنستاں میرا — ص ۲۱

بوباس: تھا ترنجِ زر ایک خسرو پاس — رنگ کا زرد، پر کہاں بوباس
آم کو دیکھتا اگر یک بار — پھینک دیتا طلاے دست افشار — ص ۱۳۱

بوتراب[۱]: (۱) اسدؔ کے واسطے رنگے بروے کار ہو پیدا — غبار آوارہ و سرگشتہ ہے یا بوتراب اُس کا — ص ۲۴۷

دیکھیے: (۲) بندگیِ بوتراب۔ (۳) نبی بوتراب۔

بوجھ[۲]: بوجھ وہ سر سے گرا ہے کہ اُٹھائے نہ اُٹھے — کام وہ آن پڑا ہے کہ بنائے نہ بنے — ص ۲۲۶

بُوْد[۳]: لیتا ہوں مکتبِ غمِ دل میں سبق ہنوز — لیکن یہی کہ 'رفت' گیا اور 'بُود' تھا — ص ۱۲۳

بُودِ چراغ کشتہ: رحم کر ظالم! کہ کیا بودِ چراغ کشتہ ہے — نبضِ بیمارِ وفا دُودِ چراغِ کشتہ ہے — ص ۲۱

بُود و نبُود[۴]: دیکھیے: گرمِ حیرتِ بود و نبود۔

بُودا[۵]: (۱) تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بُودا — کبھی تو نہ توڑ سکتا اگر اُستوار ہوتا — ص ۱۲۰

(۲) غم کھانے میں بُودا دلِ ناکام بہت ہے — یہ رنج کہ کم ہے مےِ گل فام، بہت ہے — ص ۲۲۵

بوریا[۶]: (۱) بے نوائی تر صداے نغمۂ شہرت اسدؔ! — بوریا، یک نیستاں عالم بلند آوازہ تھا — ص ۱۷

(۲) عرضِ بساطِ انجمنِ رنگ مفت ہے — موجِ بہار رکھتی ہے اک بوریا گرو — ص ۶۹

(۳) ہے خبر گرم اُن کے آنے کی — آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا! — ص ۱۶۲

(۴) اسدؔ کو بوریے میں دھر کے پھونکا موجِ ہستی نے — فقیری میں بھی باقی ہے شرارت نوجوانی کی — ص ۷۷

---

[۱] بوتراب : تین بار [مرکّب: دو بار]۔
[۲] بوجھ : ایک بار۔
[۳] بُود : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
[۴] بود و نبود : ایک بار [مرکّب]۔
[۵] بودا : دو بار۔
[۶] بوریا : چھے بار [مرکّب: دو بار]۔

دیکھیے: (۵) موجِ بوریا۔ (۶) نقشِ بوریا۔

بوڑھا[1]: بوڑھا ہوا ہوں، قابلِ خدمت نہیں اسدؔ | خیرات خوارِ محض ہوں، نوکر نہیں ہوں میں | ص۲۹۸

بوستاں[2]: دیکھیے: مینائے سروِ بوستاں۔

بُوسوں: دہانِ تنگ مجھے کس کا یاد آیا تھا؟ | کہ شب خیال میں بوسوں کا ازدحام رہا | ص۳۰

بوسہ[3]: (۱) بہ مُہرِ نامہ جو بوسہ گُل پیام رہا | ہمارا کام ہوا اور تمھارا نام رہا | ص۳۰

(۲) بوسے میں وہ مضائقہ نہ کرے | پر مجھے طاقتِ سوال کہاں | ص۶۶

(۳) بوسہ کیسا، یہی غنیمت ہے | کہ نہ سمجھیں وہ لذّتِ دُشنام | ص۱۳۷

(۴) بوسہ دینے میں اُن کو ہے انکار | دل کے لینے میں جن کو تھا ابرام | ص۱۳۷

(۵) لے تو لوں سوتے میں اُس کے پانو کا بوسہ، مگر | ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہو جائے گا | ص۱۵۱

(۶) غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں | بوسے کو پوچھتا ہوں میں، مُنہ سے مجھے بتا کہ یوں | ص۱۷۸

(۷) بوسہ نہیں، نہ دیجیے، دشنام ہی سہی | آخر زباں تو رکھتے ہو تم گر دہاں نہیں | ص۱۸۸

(۸) کیا خوب! تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا؟ | بس چُپ رہو، ہمارے بھی منہ میں زبان ہے | ص۲۰۳

(۹) اُس لب سے مل ہی جائے گا بوسہ کبھی تو، ہاں | شوقِ فضول و جُراتِ رندانہ چاہیے | ص۲۱۱

(۱۰) دکھاکے جُنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو | نہ دے جو بوسہ تو منہ سے کہیں جواب تو دے | ص۲۲۳

(۱۱) بوسہ دیتے نہیں اور دل پہ ہے ہر لحظہ نگاہ | جی میں کہتے ہیں کہ مُفت آئے تو مال اچّھا ہے | ص۲۳۹

(۱۲) صحبت میں غیر کی نہ پڑی ہو کہیں یہ خو | دینے لگا ہے بوسہ بغیر التجا کیے | ص۲۴۳

دیکھیے ـــــ: (۱۳) بہائے بوسہ۔ (۱۴) داغِ آرزوے بوسہ۔ (۱۵) دریوزہ گرِ بوسہ۔

---

[1] بوڑھا : ایک بار۔

[2] بوستاں : ایک بار [مرکّب]۔

[3] بوسہ : بائیس بار [مفرد: بارہ بار، مرکّب: دس بار]۔

بوسے : دوبار۔ بوسوں : ایک بار۔

بوسہ بہ پیغام: بزم وداعِ نظر، یاس طرب نامہ بَر — فرصتِ رقصِ شرر بوسہ بہ پیغام ہے — ص۹۹

بوسۂ پا: بوسۂ پا انتخابِ بدگمانی ہائے حُسن — یعنی ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز — ص۴۴

(۲) اسدؔ! مجھ میں ہے اُس کے بوسۂ پا کی کہاں جُرات — کہ میں نے دست و پا پایا ہم بہ شمشیرِ ادب کاٹے — ص۹۸

بوسۂ شیریں لباں: دیکھیے: قندِ بوسۂ شیریں لباں۔

بوسۂ لب: بوسۂ لب سے ملی طبع کو کیفیتِ حال — مَے کشیدن سے مجھے نشۂ تریاک چڑھا — ص۴۴۵

بوسۂ لبِ شیریں: دلا! عبث ہے تمنّائے خاطر افروزی — کہ بوسۂ لبِ شیریں ہے اور گلو سوزی — ص۱۰۰

بوسۂ لب ہائے مے گوں: دیکھیے: آرزوئے بوسۂ لب ہائے مے گوں۔

بوسے: (۱) غیر لیں محفل میں بوسے جام کے — ہم رہیں یوں تشنہ لب پیغام کے! — ص۲۵۱

(۲) زباں پہ بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا! — کہ میرے نطق نے بوسے مری زباں کے لیے — ص۲۲۶

بوند[1]: (۱) غالبؔ زبس کہ سوکھ گئے چشم میں سرشک — آنسو کی بوند گوہرِ نایاب ہوگئی — ص۹۶

(۲) اچھّا ہے سر انگشتِ حنائی کا تصوّر — دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی — ص۲۲۸

(۳) اُنھیں کی سالگرہ کے لیے بناتا ہے — ہُوا میں بوند کو ابرِ تگرگ بار، گرہ — ص۲۷۹

بہا[2]: دیکھیے: بلعلِ بیش بہا۔

بہائے بوسہ: جاں ہے بہائے بوسہ، ولے کیوں کہے ابھی — غالبؔ کو جانتا ہے کہ وہ نیم جاں نہیں — ص۱۸۸

بہائے متاعِ ہُنر: حسد، سزائے کمالِ سخن ہے کیا کیجیے! — ستم، بہائے متاعِ ہُنر ہے کیا کہیے! — ص۲۴۷

بہائے مَے: دیکھیے: صرفِ بہائے مَے۔

بہار[3]: (۱) ہر کفِ خاکِ جگر تشنۂ صد رنگ ظہور — غنچے کے مے کدے میں مستِ تامّل ہے بہار — ص۳

---

[1] بوند : تین بار۔

[2] بہا : چار بار [مرکّب]۔

[3] بہار : ایک سو چھے بار [مفرد: اکتیس بار، مرکّب: پچھتّر بار]۔

(۲) وصفِ دلدل ہے مرے مطلعِ ثانی کی بہار	جنّتِ نقشِ قدم سے ہوں میں اُس کے، گلچیں	ص۹
(۳) بہ فراز گاہِ عبرت چہ بہار و کو تماشا!	کہ نگاہ ہے سیہ پوش بہ عزاے زندگانی	ص۹
(۴) عشّاق اشکِ چشم سے دھوویں ہزار داغ	دیتا ہے اَور، جوں گل و شبنم، بہار داغ	ص۴۸
(۵) گل، چہرہ ہے کسو خفقانی مزاج کا	گھبرارہی ہے بیمِ خزاں سے بہار، حیف!	ص۴۹
(۶) دل خستگاں کو ہے طربِ صد چمن بہار	باغ بہ خوں تپیدن و آبِ روانِ اشک	ص۵۰
(۷) کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں اسدؔ!	اب کے بہار کا یونہی گزرا برس تمام	ص۵۵
(۸) بہار، در گروِ غنچہ شہر جولاں ہے	طلسمِ ناز بجز تنگیِ قبا معلوم!	ص۵۳
(۹) تیری آرایش کا استقبال کرتی ہے بہار	جوہرِ آئینہ ہے یہاں نقشِ احضارِ چمن	ص۵۹
(۱۰) چشمِ نرگس میں نمک بھرتی ہے شبنم سے بہار	فرصتِ نشوونما سازِ شکیبائی نہیں	ص۶۵
(۱۱) تو مشقِ ناز کر، دلِ پروانہ ہے بہار	بیتابیِ تجلیِ آتش بہ جاں نہ پوچھ	ص۷۰
(۱۲) جنونِ وحشتِ ہستی یہ عام ہے کہ بہار	رکھے ہے کسوتِ طاؤس میں پرافشانی	ص۹۶
(۱۳) فسونِ حُسن سے ہے شوخیِ گلگونہ آرائی	بہار اُس کی کفِ مشاطہ میں بالیدنی جانے	ص۱۱۵
(۱۴) نہ گُل اُس میں، نہ شاخ و برگ، نہ بار	جب خزاں آئے تب ہو اُس کی بہار	ص۱۳۰ [حیثکر]
(۱۵) باغِ معنی کی دکھا دوں گا بہار	مجھ سے گر شاہِ سخن گستر کُھلا	ص۱۴۰
(۱۶) حنائے پائے خزاں ہے، بہار اگر ہے یہی	دوام کلفتِ خاطر ہے عیش دُنیا کا	ص۱۴۷
(۱۷) دل نہیں، تجھ کو دکھاتا ورنہ داغوں کی بہار	اِس چراغاں کا، کروں کیا، کارفرما جل گیا	ص۱۵۱
(۱۸) نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ	شگفتگی، ہے شہیدِ گُلِ خزانیِ شمع	ص۱۷۳
(۱۹) ایجاد کرتی ہے اُسے تیرے لیے بہار	میرا رقیب ہے نفسِ عطر سائے گل	ص۱۷۶
(۲۰) ہے جوشِ گل بہار میں یہاں تک کہ ہر طرف	اُڑتے ہوئے اُلجھتے ہیں مرغِ چمن کے پانْو	ص۱۹۶
(۲۱) ہے سبزہ زار ہر در و دیوارِ غم کدہ	جس کی بہار یہ ہو، پھر اُس کی خزاں نہ پوچھ	ص۲۰۱

(۲۲) آغوشِ گل کشودہ برائے وداع ہے — اے عندلیب! چل کہ چلے دن بہار کے — ص۲۱۰

(۲۳) ہے رنگِ لالہ و گل و نسریں جُدا جُدا — ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے — ص۲۲۰

(۲۴) اُگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالبؔ! — ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے — ص۲۳۳

(۲۵) آمد بہار کی ہے جو بلبل ہے نغمہ سنج — اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی — ص۲۴۳

(۲۶)،(۲۷) نہیں بہار کو فرصت، نہ ہو، بہار تو ہے — طراوتِ چمن و خوبیِ ہَوا کہیے — ص۲۴۸

(۲۸) پھر اِس انداز سے بہار آئی — کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی — ص۲۵۱

(۲۹) بھوکے نہیں ہیں سیرِ گلستاں کے ہم، ولے — کیوں کر نہ کھایئے کہ ہَوا ہے بہار کی — ص۲۵۱

(۳۰) بہار شوخ و چمن تنگ و رنگِ گل دل چسپ — نسیم باغ سے پا در حنا نکلتی ہے — ص۳۵۲

(۳۱) ہے بسملِ ادائے چمن عارضاں، بہار — گلشن کو رنگِ گل سے ہے درخوں تپیدگی — ص۳۵۳

دیکھیے ______: (۳۲) آئینۂ بہار۔ (۳۳) آئینۂ اخلاقِ بہار۔ (۳۴) ابرِ بہار۔ (۳۵) اجزائے بہار۔ (۳۶) احرامِ بہار۔ (۳۷) بادِ بہار۔ (۳۸) برقِ بہار۔ (۳۹) برہنہ مستیِ صبحِ بہار۔ (۴۰) بسملِ نقصانِ بہار۔ (۴۱) پائے بہار۔ (۴۲) تماشائے بہار۔ (۴۳) تماشا بہار۔ (۴۴) جلوۂ تنزیہِ بہار۔ (۴۵) جوشِ بہار۔ (۴۶) جولانِ بہار۔ (۴۷) چشمِ بہار۔ (۴۸) خلیدۂ رگِ ابرِ بہار۔ (۴۹) دامانِ بہار۔ (۵۰) دماغِ بہار۔ (۵۱) رگِ ابرِ بہار۔ (۵۲) رعشۂ اعضائے بہار۔ (۵۳) سویدائے بہار۔ (۵۴) شمعِ شبستانِ بہار۔ (۵۵)،(۵۶) صبحِ بہار [دوبار]۔ (۵۷) صرفِ مشقِ تمکینِ بہار۔ (۵۸) طرب ایجادِ بہار۔ (۵۹) طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار۔ (۶۰) طوفاں خزاں رنگِ طرب گاہِ بہار۔ (۶۱) عرضِ بہار۔ (۶۲) غنچۂ لبریزِ بہار۔ (۶۳) فروغِ بہار۔ (۶۴) گلشنِ ہمیشہ بہار۔ (۶۵)، (۶۶) موجِ بہار [دوبار]۔ (۶۷) نازِ بہار۔ (۶۸) ناز پروردۂ بہار۔ (۶۹) نشاطِ بہار۔ (۷۰) وحشتِ جنونِ بہار۔ (۷۱) وقتِ وداعِ بہار۔

بہار آفرینا: تماشائے گلشن: تمنائے چیدن — بہار آفرینا! گنہ گار ہیں ہم؟ — ص۵۵

بہار آئینۂ استغنا: دیکھیے: تمثالِ بہار آئینۂ استغنا۔

بہار ایجادیِ بیدل: دیکھیے: رنگِ بہار ایجادیِ بیدل۔

بہارِ بادہ پیمائی: خراباتِ جنوں میں ہے اسدؔ! وقتِ قدح نوشی   بہ عشقِ ساقیِ کوثر بہارِ بادہ پیمائی   ص۹۲

بہارِ باغ: بہارِ باغ پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں،   حنا سے دست و خونِ کشتگاں سے تیغ رنگیں ہے   ص۸۹

بہارِ بے خزاں: (۱) عروجِ نا اُمیدی چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے   بہارِ بے خزاں از آہِ بے تاثیر ہے پیدا   ص۳۰

(۲) گلشنِ اتفاق میں ایک، بہارِ بے خزاں   مے کدۂ وفاق میں بادۂ بے خمار، ایک   ص۲۹۶

بہارِ بے خودی: دیکھیے: طرحِ بہارِ بے خودی۔

بہارِ تعزیت آبادِ عشق: بہارِ تعزیت آبادِ عشق ماتم ہے   کہ تیغِ یار ہلالِ مہِ محرّم ہے   ص۱۰۲

بہارِ تماشائے گلستانِ حیات: اسدؔ! بہارِ تماشائے گلستانِ حیات   وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت ہے   ص۸۶

بہارِ تیز رَو: ہے بہارِ تیز رَو گلگونِ نکہت پر سوار   یک شکستِ رنگِ گل صد جُنبشِ مہمیز ہے   ص۸۵

بہارِ حُسنِ یار: دیکھیے: صرفِ بہارِ حُسنِ یار۔

بہارِ حیرتِ نظّارہ: بہارِ حیرتِ نظّارہ سخت جانی ہے   حنائے پائے اجل خونِ کُشتگاں تجھ سے   ص۱۱۲

بہارِ دید: دیکھیے: بسملِ شوقِ بہارِ دید۔

بہارِ رنگِ خونِ گل: بہارِ رنگِ خونِ گُل ہے ساماں اشک باری کا   جنونِ برق نشتر ہے رگِ ابرِ بہاری کا   ص۱۸

بہارِ ریاضِ مہر و وفا: وہ بہارِ ریاضِ مہر و وفا   جس کو کہتے ہیں عمدۂ الحکما   ۲۶۸

بہارِ ساماں: کشودِ غنچۂ خاطر عجب نہ رکھ غافل!   صبا خرامیِ خوباں بہارِ ساماں ہے   ص۱۰۲

بہارِ سُنبلستاں: در آبِ آئنہ از جوشِ عکسِ گیسوے مشکیں   بہارِ سُنبلستاں جلوہ گر ہے آں سوے دریا   ص۴۴۷

بہارِ صحرا: یک گام بے خودی سے لوٹیں بہارِ صحرا   آغوشِ نقشِ پا میں کیجیے فشارِ صحرا   ص۲۶

بہارِ صد نگارستاں: دیکھیے: عرضِ بہارِ صد نگارستاں۔

بہارِ عرضِ صحرا دادہ: دیکھیے: جوشِ نیرنگِ بہارِ عرضِ صحرا دادہ۔

بہارِ عیش: دیکھیے: آشیاں بندِ بہارِ عیش۔

بہارِ فرصتِ ہستی: ہوئی جس کو بہارِ فرصتِ ہستی سے آگاہی   بہ رنگِ لالہ جامِ بادہ پر محمل پسند آیا   ص۱۲

بہارِ گرمیِ بازارِ دوست: لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے اسدؔ — آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست — ص۳۳

بہارِ گل: بہارِ گل دماغ نشۂ ایجادِ مجنوں ہے — ہجومِ برق سے چرخِ وزمیں یک قطرۂ خوں ہے — ص۱۱۱

بہارِ موسمِ گل: ساقی! بہارِ موسمِ گل ہے سُرور بخش — پیماں سے ہم گزر گئے، پیمانہ چاہیے — ص۸۲

بہارِ ناز: (۱) آ اے بہارِ ناز! کہ تیرے خرام سے — دستار گردِ شاخِ گلِ نقشِ پا کروں — ص۵۶

(۲) بس کہ ہیں ہم اک بہارِ ناز کے مارے ہوئے — جلوۂ گل کے سوا گرد اپنے مدفن میں نہیں — ص۱۸۵

بہارِ نالہ: طراوتِ سحر ایجادیِ اثر یک سو — بہارِ نالہ و رنگینیِ فغاں تجھ سے — ص۱۱۲

بہارِ نشہ: وحشت: بہارِ نشہ و گل: ساغرِ شراب — چشمِ پری: شفق کدۂ راز ہے مجھے — ص۹۷

بہارِ نظارہ: دیکھیے: صبحِ بہارِ نظارہ۔

بہارِ نغمہ: شوخیِ مضرابِ جولاں آبیارِ نغمہ ہے — برگ ریزِ ناخنِ مطرب بہارِ نغمہ ہے — ص۸۶

بہارِ نقش بندی ہائے دہر: بُت پرستی ہے بہارِ نقش بندی ہائے دہر — ہر صریرِ خامہ میں یک نالۂ ناقوس تھا — ص۲۱

بہارِ نیم رنگِ آہِ حسرت ناک: چمن زارِ تمنّا ہوگیا صرفِ خزاں لیکن — بہارِ نیم رنگِ آہِ حسرت ناک باقی ہے — ص۱۰۷

بہاراں[۱]: ہے بہاراں میں خزاں حاصل خیالِ عندلیب — رنگِ گل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب — ص۳۲

بہاری[۲]: دیکھیے: (۱) آئینۂ بادِ بہاری۔ (۲)، (۳) ابرِ بہاری (دوبار]۔ (۴) بادِ بہاری۔ (۵) جوششِ فصلِ بہاری۔ (۶) رگِ ابرِ بہاری۔ (۷) نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری۔

بہادر[۳]: دیکھیے: (۱) نصرت الملک بہادر۔ (۲) میکلوڈ بہادر۔

بہادرشاہ[۴]: قبلۂ چشم و دل بہادرشاہ — مظہرِ ذوالجلالِ وَالاکرام — ص۱۳۷

بہادرشہ: شاہِ روشن دل بہادرشہ کہ ہے — رازِ ہستی اُس پہ سر تا سر کھُلا — ص۱۳۹

بھاری[۵]: تا قیامت شبِ فرقت میں گزر جائے گی عمر — سات دن ہم پہ بھی بھاری ہیں سحر ہوتے تک — ص۵۰

بھاڑ[۶]: رات کو آگ اور دن کو دھوپ — بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار — ص۱۲۵

---

۱ بہاراں : ایک بار۔

۲ بہاری : سات بار[مرکّب]۔

۳ بہادر : دوبار۔

۴ بہادرشاہ : ایک بار۔ بہادرشہ : ایک بار۔

۵ بھاری : ایک بار۔

۶ بھاڑ : ایک بار۔

بہانہ[1]:	(۱) کجا معزولیِ آئینہ، کُو ترکِ خود آرائی	نمد در آب ہے اے سادہ پُرکار! اِس بہانے میں	ص۵۸
	(۲) واماندگی بہانہ و دل بستگی فریب	دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے	ص۱۰۶
	(۳) اُنھیں منظور اپنے زخمیوں کا دیکھ آنا تھا	اُٹھے تھے سیرِ گل کو، دیکھنا شوخی بہانے کی	ص۲۰۳
بہانۂ بیگانگی:	وارستگی بہانۂ بیگانگی نہیں	اپنے سے کر، نہ غیر سے، وحشت ہی کیوں نہ ہو	ص۱۹۳
بہانۂ پردازِ خامشی:	فکرِ سخن: بہانۂ پردازِ خامشی	دودِ چراغ: سرمۂ آواز ہے مجھے	ص۹۷
بہانہ جوئیِ چشمِ حیا:	ہے دلبری: کمیں گرِ ایجادِ یک نگاہ	کارِ بہانہ جوئیِ چشمِ حیا بلند	ص۳۹
بہانہ جوِ رحمت:	بہانہ جوِ رحمت کمیں گرِ تقریب	وفائے حوصلہ و رنجِ امتحاں تجھ سے	ص۱۱۲
بہانۂ راحت:	تجھے بہانۂ راحت ہے انتظار اے دل!	کیا ہے کس نے اشارہ کہ نازِ بستر کھینچ	ص۱۶۵
بھائی[2]:	دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی	میرزا یوسف، ہے غالبؔ! یوسفِ ثانی مجھے	ص۲۳۲
بہرا[3]:	بہرا ہوں میں تو چاہیے دونا ہو التفات	سُنتا نہیں ہوں بات مکرّر کہے بغیر	ص۱۲۹
بہرام[4]:	کون ہے جس کے در پہ ناصیہ سا	ہیں مہ و مہر و زہرہ و بہرام	ص۱۳۷
بہرام[5]:	(۱) وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے	ایرج و تور و خسرو و بہرام	ص۱۳۷
	(۲)،(۳) چھوڑ دیتا تھا گور کو بہرام	ران پر داغِ تازہ دے کے وہیں	
	اور داغ آپ کی غلامی کا	خاص بہرام کا ہے زیبِ سُریں	ص۲۸۱
بھرم[6]:	بھرم کھل جائے ظالم! تیرے قامت کی درازی کا	اگر اِس طُرّۂ پُرپیچ و خم کا پیچ و خم نکلے	ص۲۳۹
بہرہ وَر[7]:	اِس سے جو کوئی بہرہ وَر ہوگا	سینہ گنجینۂ گہر ہوگا	ص۲۶۷
بہزاد[8]:	(۱) گر بہ بزمِ باغ کھینچے نقشِ روئے یار کو	شمع ساں ہوجائے قطِ خامۂ بہزاد گل	ص۵۲
	(۲) بہزاد! نقشِ یک دلِ صد چاک عرض کر	گر زلفِ یار کھینچ نہ سکے، شانہ کھینچیے	ص۱۰۵
بہشت[9]:	(۱) کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے بہشت	یہی نقشا ہے، ولے اِس قدر آباد نہیں	ص۱۸۶

---

۱ بہانہ : آٹھ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: پانچ بار]۔
۲ بھائی : ایک بار۔ ۳ بہرا : ایک بار۔
۴ بہرام : ایک بار [مرکّب]۔
۵ بہرام : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔
۶ بھرم : ایک بار۔
۷ بہرہ وَر : ایک بار۔
۸ بہزاد : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
۹ بہشت : چھے بار [مفرد: چار بار، مرکّب: دو بار]۔

(۲) سُنتے ہیں جو بہشت کی تعریف، سب درست — لیکن خدا کرے وہ ترا جلوہ گاہ ہو! — ص۱۹۷

(۳) طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ — دوزخ میں ڈال دو کوئی لے کر بہشت کو — ص۱۹۷

(۴) وہ چیز، جس کے لیے ہم کو ہو بہشت عزیز — سوائے بادۂ گل فامِ مشک بُو کیا ہے؟ — ص۲۳۲

(۵) دیکھیے: ہشت بہشت۔

بہشت شمائل: یہ کس بہشت شمائل کی آمد آمد ہے — کہ غیرِ جلوۂ گل رہ گزر میں خاک نہیں — ص۱۸۴

بھلا[۱] (۱): (۱) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟ — بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا — ص۱۶۴

پائے چوبیں: عذرِ لنگ، آفتِ جولانِ ہوس ہے یارب! — جل اُٹھے گرمیِ رفتار سے پائے چوبیں — ص ۸

پائے حنائی: عیاں ہے پائے حنائی بہ رنگِ پرتوِ خُور — رکاب، روزنِ دیوارِ خانۂ زیں ہے — ص ۱۰۳

پائے خامۂ مُو: بہ پائے خامۂ مُو طے رہِ وصفِ کمر کیجیے — کہ تارِ جادۂ سرمنزلِ نازک خیالی ہے — ص ۷۹

پائے خزاں: دیکھیے: حنائے پائے خزاں۔

پائے خضر: دیکھیے: نقشِ پائے خضر۔

پائے خفتہ: مژہ فرشِ رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر — بہ پائے خفتہ سیرِ وادیِ پُرخارِ بستر ہے — ص ۸۵

پاے خُم: سر، پاے خُم پہ چاہیے ہنگامِ بے خودی   رُو سوے قبلہ وقتِ مناجات چاہیے   ص۲۲۰

پاے خوابیدہ: ذوقِ راحت اگر احرامِ تپش ہو جوں شمع   پاے خوابیدہ بہ دل جوئیِ شبگیر آوے   ص۱۱۳

پاے خیلِ مور: دیکھیے: زیرِ پاے خیلِ مور۔

پاے درِ گل: بہاہے یہاں تک اشکوں میں غبارِ کلفتِ خاطر   کہ چشمِ تر میں ہر یک پارۂ دل، پاے درِ گل ہے   ص۷۷

پاے دلِ رنجور: تماشاے بہار آئینہ پردازِ تسلّی ہے   کفِ گل برگ سے پاے دلِ رنجور ملتے ہیں   ص۹۳

پاے رفتار: ہے نفَس، مایۂ شوقِ دوجہاں ریگِ رواں   پاے رفتار کم و حسرتِ جولاں بسیار   ص۴

پاے سبب: یقیں ہے، آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو   دمِ تیغِ توکّل سے اگر پاے سبب کاٹے   ص۹۸

پاے سخن: کس مُنہ سے شکر کیجیے اِس لطفِ خاص کا   پُرسش ہے اور پاے سخن درمیاں نہیں   ص۱۸۸

پاے سیلِ بلا: جس جا کہ پاے سیلِ بلا درمیاں نہیں   دیوانگاں کو وھاں ہوسِ خانماں نہیں   ص۵۷

پاے سیم تناں: دیکھیے: کفشِ پاے سیم تناں۔

پاے صد موج: ضبطِ گریہ گہرِ آبلہ لایا آخر   پاے صد موج بہ طوفاں کدۂ دل باندھا   ص۱۴

پاے طاؤس: نقشِ نازِ بُتِ طنّاز بہ آغوشِ رقیب   پاے طاؤس پئے خامۂ مانی مانگے   ص۲۰۹

پاے طلب: (۱) ہوئے یہ رہ رواں دل خستہ شرمِ نارسائی سے   کہ دستِ آرزو سے یکقلم پاے طلب کاٹے   ص۴۵۵

(۲) دیکھیے: پاے طلب و دستِ ہوس۔

پاے گل: خوش حال اُس حریفِ سیہ مست کا کہ جو   رکھتا ہو مثلِ سایۂ گل سر بہ پاے گل   ص۱۷۶

پاے مسافر: دیکھیے: کفِ پاے مسافر۔

پاے مور: (۱)، (۲) دیکھیے: نقشِ پاے مور (دوبار)۔

پاے نظر: (۱) پیچیدگی ہے حاملِ طومارِ انتظار   پاے نظر بہ دامنِ شوقِ دویدہ کھینچ   ص۳۶

(۲) حیرت: حجابِ جلوہ و وحشت: غبارِ چشم   پاے نظر بہ دامنِ صحرا نہ کھینچیے   ص۱۰۶

(۳) راحت، کمینِ شوخیِ تقریبِ نالہ ہے   پاے نظر بہ دامنِ افسانہ کھینچیے   ص۱۰۵

پاے نگار: دیکھیے: کفِ پاے نگار۔

پاے نگاہ: عزلت گزینِ بزم ہیں واماندگانِ دید — مینائے مے ہے آبلہ پاے نگاہ کا — ص۱۹

پاے نگاہِ خلق: میں بے ہنر کہ جوہرِ آئینہ تھا، عبث — پاے نگاہِ خلق میں خارِ خلیدہ ہوں — ص۶۲

پاے ہوس: ہے دستِ رد بہ سیرِ جہاں، بستنِ نظر — پاے ہوس بہ دامنِ مژگاں کشیدہ ہوں — ص۶۱

پابستگیِ[1] رسم و رہِ عام: ہیں اہلِ خرد کس روشِ خاص پہ نازاں؟ — پابستگیِ رسم و رہِ عام بہت ہے — ص۲۲۵

پابندِ[2] بے نیامی: صد رنگ گل کترنا، درپردہ قتل کرنا — تیغِ ادا نہیں ہے پابندِ بے نیامی — ص۴۷

پابندِ رم: کسو کو زِ خود رَستہ کم دیکھتے ہیں — کہ آہو کو پابندِ رم دیکھتے ہیں — ص۵۶

پابندِ مطلب ہا: فنا کو عشق ہے بے مقصداں! حیرت پرستاراں! — نہیں رفتارِ عُمرِ تیز رَو پابندِ مطلب ہا — ص۴۳

پابندِ نَے: فریاد کی کوئی لَے نہیں ہے — نالہ پابندِ نَے نہیں ہے — ص۲۲۸

پاداری[3]: ہے نگیں کی پاداری نامِ صاحبِ خانہ — ہم سے تیرے کوچے نے نقشِ مدعا پایا — ص۱۳

پاداشِ[4] عمل: کیا زُہد کو مانوں کہ نہ ہو گرچہ ریائی — پاداشِ عمل کی طمعِ خام بہت ہے — ص۲۲۵

(۲) دیکھیے: صد حشرِ پاداشِ عمل۔

پار[5]

(۱) طلسمِ مستیِ دل آں سوے ہجومِ سرشک — ہم ایک مے کدہ دریا کے پار رکھتے ہیں — ص۲۳

(۲) کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو — یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا — ص۱۲۰

(۳) وہ نگاہیں کیوں ہوئی جاتی ہیں یارب! دل کے پار — جو مری کوتاہیِ قسمت سے مژگاں ہوگئیں — ص۱۹۲

(۴) رہے دل ہی میں تیر، اچھا؛ جگر کے پار ہو، بہتر — غرض شستِ بتِ ناوک فگن کی آزمائش ہے — ص۲۲۲

(۵) پُل ہی پر سے پھیر لائے ہم کو لوگ — ورنہ تھا اپنا ارادہ پار کا — [قادرنامہ]

پارسا[6]: نغمہ ہے، محوِ ساز رہ؛ نشہ ہے، بے نیاز رہ — رندِ تمام ناز رہ، خلق کو پارسا سمجھ — ص۴۳

پارسائی[7]: (۱) نہ ہو حُسنِ تماشا دوست رسوا بے وفائی کا — بہ مُہرِ صد نظر ثابت ہے دعویٰ پارسائی کا — ص۱۳۶

(۲) پئے نذرِ کرم تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا — بہ خوں غلتیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا — ص۱۳۶

۱۔ پابستگی : ایک بار[مرتب]۔

۲۔ پابند : چار بار[مرتب]۔

۳۔ پاداری : ایک بار۔

۴۔ پاداش : دوبار[مرتب]۔

۵۔ پار : پانچ بار۔

۶۔ پارسا : ایک بار۔

۷۔ پارسائی : دوبار۔

پارسل[1]: سات جلدوں کا پارسل پہنچا — واہ! کیا خوب برمحل پہنچا — ص۲۹۳

پارہ[2]: (۱) دیکھیے: رازِ دلِ صد پارہ۔ (۲) ہر پارہ سنگ۔

پارہ ہائے جگر: آئے ہیں پارہ ہائے جگر درمیانِ اشک — لایا ہے لعلِ بیش بہا کاروانِ اشک — ص۵۰

پارہ ہائے دل: فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے — بہم گر صلح کرتے پارہ ہائے دل نمک داں پر — ص۱۶۷

پارۂ ابر: حسرتِ جلوۂ ساقی ہے کہ ہر پارۂ ابر — سینہ بیتابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار — ص۲

پارۂ جگر: پھر دیا پارۂ جگر نے سوال — ایک فریاد و آہ و زاری ہے — ص۲۲۳

پارۂ چاکِ کتاں: شب کہ مستِ دیدنِ مہتاب تھا وہ جامہ زیب — پارۂ چاکِ کتاں پرکالۂ مہ ہوگیا — ص۲۳۶

پارۂ دل: آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ — تارِ نفس، کمندِ شکارِ اثر ہے آج — ص۱۶۵

دیکھیے ـــــــ: (۲) عشرتِ پارۂ دل۔ (۳) ہر پارۂ دل۔ (۴) ہر یک پارۂ دل۔

پاس[3] (۱): (۱)، (۲) کب فقیروں کو رسائی بُتِ مے خوار کے پاس — تُو بے بو دیجیے مے خانے کی دیوار کے پاس — ص۳۶

(۳) جس پاس روزہ کھول کے کھانے کو کچھ نہ ہو — روزہ اگر نہ کھائے تو ناچار کیا کرے — ص۱۲۹

(۴) تھا ترنجِ زر ایک خسرو پاس — رنگ کا زرد، پر کہاں بو باس — ص۱۳۱

(۵) ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا نہ سہی — آخر اُس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا — ص۱۵۹

(۶) لیتا نہیں مرے دلِ آوارہ کی خبر — اب تک، وہ جانتا ہے کہ میرے ہی پاس ہے — ص۲۰۴

(۷) ہے وہ غُرورِ حُسن سے بیگانۂ وفا — ہرچند اُس کے پاس دلِ حق شناس ہے — ص۲۰۵

(۸) مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے — بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات چاہیے — ص۲۱۹

(۹) سایہ میرا مجھ سے مثلِ دُود بھاگے ہے اسدؔ — پاس مجھ آتش بہ جاں کے کس سے ٹھہرا جائے ہے — ص۲۲۲

(۱۰) پاس ہے اب سوادِ اعظمِ نثر — دیکھیے چل کے نظمِ عالمِ نثر — ص۲۶۷

(۱۱) درم و دام اپنے پاس کہاں! — چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں! — ص۲۹۸

---

[1] پارسل: ایک بار۔ — پارہ ہا: دوبار [مرتّب]۔

[2] پارہ: نوبار [مرتّب]۔ — [3] پاس (۱): اٹھارہ بار۔

[سات بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۱۷۳]:

(۱۲) مژدہ اے ذوقِ اسیری! کہ نظر آتا ہے — دامِ خالی قفسِ مرغِ گرفتار کے پاس

(۱۳) جگرِ تشنۂ آزار تسلّی نہ ہوا — جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس

(۱۴) مُند گئیں، کھولتے ہی کھولتے آنکھیں، ہَے ہَے! — خوب وقت آئے تم اِس عاشقِ بیمار کے پاس!

(۱۵) میں بھی رُک رُک کے نہ مرتا جو زباں کے بدلے — دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غم خوار کے پاس

(۱۶) دہنِ شیر میں جا بیٹھیے لیکن اے دل! — نہ کھڑے ہوجیے خوبانِ دل آزار کے پاس

(۱۷) دیکھ کر تجھ کو چمن بس کہ نمو کرتا ہے — خود بہ خود پہنچے ہے گُل گوشۂ دستار کے پاس

(۱۸) مرگیا پھوڑ کے سر غالبِ وحشی، ہَے ہَے! — بیٹھنا اُس کا وہ آکر تری دیوار کے پاس!

پاسِ[۱] آبرو: (۱) اے سرِ شوریدہ! ذوقِ عشق و پاسِ آبرو! — جوشِ سودا کب حریفِ منّتِ دستار ہے — ص۸۳

(۲) جنوں، فسردۂ تمکیں ہے کاش! عہدِ وفا — گدازِ حوصلہ کو پاسِ آبرو جانے — ص۹۹

پاسِ انفاس: دیکھیے: سررشتۂ پاسِ انفاس۔

پاسِ بے رونقیِ دیدہ: دل کے خوں کرنے کی کیا وجہ؟ ولیکن ناچار — پاسِ بے رونقیِ دیدہ اہم ہے ہم کو — ص۱۹۵

پاسِ درد: رفوئے زخم سے مطلب ہے لذّتِ زخمِ سوزن کی — سمجھیو مت کہ پاسِ درد سے دیوانہ غافل ہے — ص۲۰۸

پاسِ شوخیِ مژگاں: بہ پاسِ شوخیِ مژگاں سرِ ہر خار، سوزن ہے — تبسّم، برگِ گُل کو بخیۂ دامن نہ ہوجاوے — ص۸۵

پاسِ ضبطِ آبرو: نہ دیجے پاسِ ضبطِ آبرو وقتِ شکستن بھی — تحمّل پیشۂ تمکین رہیے آئنہ آسا — ص۳۴۷

پاسِ ناموسِ وفا: فروغِ شعلۂ خس یک نفس ہے — ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا! — ص۱۵۷

پاسِ وضع: دیکھیے: حجابِ پاسِ وضع۔

پاسباں[۲]: (۱) کیا کروں! غم ہائے پنہاں لے گئے صبر و قرار — دُزد گر ہو خانگی تو پاسباں معذور ہے — ص۹۳

(۲) دے وہ جس قدر ذلّت، ہم ہنسی میں ٹالیں گے — بارے، آشنا نکلا اُن کا پاسباں، اپنا — ص۱۵۹

(۳) بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہیے — کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو — ص۱۹۶

---

۱ پاس (۲): نو بار [مرکّب]۔

۲ پاسباں: چھے بار [مفرد: چار بار، مرکّب: دو بار]۔

(۴) گدا سمجھ کے وہ چپ تھا، مری جو شامت آئے — اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لیے — ص۲۳۶

(۵) دیکھیے: زبانِ پاسباں۔

پاسبانِ بے دماغی: نوائے بلبل و گل پاسبانِ بے دماغی ہے — بہ یک مژگانِ خوباں صد چمن خوابیدنی جانے — ص۱۱۵

پاسبانی[1]: (۱) نہیں شاہ راہِ اوہام بجز آں سوے رسیدن — تری سادگی ہے غافل! درِ دل پہ پاسبانی — ص۱۰

(۲) گر نہیں پاتا درونِ خانہ ہر بیگانہ جا — بر درِ نکشودۂ دل پاسبانی مفت ہے — ص۱۱۴

(۳) جو نہ نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی — تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بے زبانی — ص۲۰۷

پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی: ناخنِ دخلِ عزیزاں یکقلم ہے نقب زن — پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی عبث — ص۳۳

پاسخِ[2] مکتوب: یہ جانتا ہوں کہ تو اور پاسخِ مکتوب! — مگر ستم زدہ ہوں ذوقِ خامہ فرسا کا — ص۱۴۷

پاش پاش[3]: سمجھا اُسے گراب، ہوا پاش پاش دل — دربار میں جو مجھ پہ چلی چشمکِ عوام — ص۲۸۲

پاشنہ[4]: زخمی ہوا ہے پاشنہ پاے ثبات کا — نے بھاگنے کی گوں، نہ اِقامت کی تاب ہے — ص۲۰۶

پاک[5]: (۱) ہے عرضِ جوہرِ خط و خالِ ہزار عکس — لیکن ہنوز دامنِ آئینہ پاک ہے — ص۱۱۰

(۲) صرفِ بہاے مَے ہوئے آلاتِ مے کشی — تھے یہ ہی دو حساب سو یوں پاک ہو گئے — ص۲۲۹

(۳) رُونے سے، اَور عشق میں بیباک ہو گئے — دھوئے گئے ہم اِتنے کہ بس پاک ہو گئے — ص۲۲۹

دیکھیے ـــــ: (۴) یک دلِ پاک۔ (۵) یک نگاہِ پاک۔

پامالِ[6] حسرت ہاے فرشِ بزم گستردن: دریغا! بستنِ رختِ سفر سے ہو کے میں غافل — رہا پامالِ حسرت ہاے فرشِ بزم گستردن — ص۴۳۹

پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں: بہارِ باغ پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں — حنا سے دست و خونِ کشتگاں سے تیغ رنگیں ہے — ص۸۹

پامالی[7]: (۱) لکھی یاروں کی بدمستی نے مے خانے کی پامالی — ہوئی قطرہ فشانی ہاے مَے، بارانِ سنگ آخر — ص۴۰

(۲) نہیں ہے مزرعِ اُلفت میں حاصل غیرِ پامالی — نظر دانہ، سرشکِ برز میں اُفتادہ آتا ہے — ص۹۸

---

[1] پاسبانی : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔
[2] پاسخ : ایک بار [مرکّب]۔
[3] پاش پاش : ایک بار۔
[4] پاشنہ : ایک بار۔
[5] پاک : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دو بار]۔
[6] پامال : دو بار [مرکّب]۔
[7] پامالی : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔

پامردِ تغافل[1]: گو حوصلہ پامردِ تغافل نہیں لیکن — خاموشیِ عاشق گلۂ کم سخنی ہے — ص۱۱۱

پامردِ کثرتِ تکلیف: نہیں ہے حوصلہ پامردِ کثرتِ تکلیف — جنونِ ساختہ: حرزِ فسونِ دانائی — ص۴۵۳

پامردِ یک انداز: پامردِ یک انداز نہیں قامتِ ہستی — طاقت اگر اعجاز کرے تہمتِ خَم باندھ — ص۷۱

پانچ چار[2]: جنابِ قبلۂ حاجات! اِس بلاکش نے — بڑے عذاب سے کاٹے ہیں پانچ چار برس — ص۳۶۴

پان سات[3]: ماہِ نَو نکلے پہ، گزری ہوں گی راتیں پان سات — (تضمین) — ص۲۹۰

پانْو[4]: (۱) پانْو میں جب وہ حنا باندھتے ہیں — میرے ہاتھوں کو جُدا باندھتے ہیں — ص۵۸

(۲) پانْو سے تیرے ملے فرقِ ارادت، اورنگ — فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اکلیل — ص۱۳۳

(۳) لے تو لوں سوتے میں اُس کے پانْو کا بوسہ مگر — ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہو جائے گا — ص۱۵۱

(۴) ہجومِ گریہ کا سامان کب کیا میں نے — کہ گر پڑے نہ مرے پانْو پر در و دیوار — ص۱۶۷

(۵) اِن آبلوں سے پانْو کے گھبرا گیا تھا میں — جی خوش ہوا ہے راہ کو پُرخار دیکھ کر — ص۱۶۹

(۶) مانعِ دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں — ایک چکّر ہے، مرے پانْو میں زنجیر نہیں — ص۱۸۲

(۷) ہوا چرچا جو میرے پانْو کی زنجیر بننے کا — کیا بیتاب کاں میں جُنبشِ جوہر نے آہن کو — ص۱۹۸

(۸)،(۹) اسدؔ! خوشی سے مرے ہاتھ پانْو پھول گئے — کہا جو اُس نے: ذرا میرے پانْو داب تو دے — ص۲۲۳

(۱۰) ہوئے ہیں پانْو ہی پہلے نبردِ عشق میں زخمی — نہ بھاگا جائے ہے مجھ سے، نہ ٹھہرا جائے ہے مجھ سے — ص۲۲۵

(۱۱) اہلِ ہوس کی فتح ہے ترکِ نبردِ عشق — جو پانْو اُٹھ گئے، وہی اُن کے علَم ہوئے — ص۲۲۷

(۱۲) عجب نشاط سے جلّاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سایے سے سر، پانْو سے ہے دو قدم آگے — ص۲۲۷

(۱۳) گھستے گھستے پانْو میں زنجیر آدھی رہ گئی — مر گئے پر قبر کی تعمیر آدھی رہ گئی — ص۲۸۹

(۱۴) بیچارہ کتنی دور سے آیا ہے، شیخ جی! — کعبے میں کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پانْو — ص۳۲۲[ثانی]

(۱۵) دیکھیے: ہاتھ پانْو۔

[دس بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۱۹۶]:

---

۱ پامرد : تین بار[مرکّب]۔

۲ پانچ چار : ایک بار۔

۳ پان سات : ایک بار۔

۴ پانْو : پچیس بار۔

(۱۶)،(۱۷) دھوتا ہوں جب میں پینے کو، اُس سیم تن کے پانو — رکھتا ہے ضد سے کھینچ کے باہر لگن کے پانو

(۱۸)،(۱۹) دی سادگی سے جان، پڑوں کوہکن کے پانو — ہیہات! کیوں نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پانو

(۲۰) بھاگے تھے ہم بہت سو اُسی کی سزا ہے یہ — ہوکر اسیر، دابتے ہیں راہزن کے پانو

(۲۱) مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور — تن سے سوا فگار ہیں اِس خستہ تن کے پانو

(۲۲) اللہ رے ذوقِ دشت نوردی! کہ بعدِ مرگ — ہلتے ہیں خود بخود مرے اندر کفن کے، پانو

(۲۳) ہے جوشِ گل بہار میں یہاں تک کہ ہر طرف — اُڑتے ہوئے، اُلجھتے ہیں مُرغ چمن کے پانو

(۲۴) شب کو کسی کے خواب میں آیا نہ ہو کہیں — دُکھتے ہیں آج اُس بُتِ نازک بدن کے پانو

(۲۵) غالبؔ! مرے کلام میں کیوں کر مزا نہ ہو — پیتا ہوں دھو کے خسروِ شیریں سخن کے پانو

پانی[۱]: (۱) زِ بس خوں گشتۂ رشکِ وفا تھا وہم بسمل کا — چُرایا زخم ہائے دل نے پانی تیغِ قاتل کا ص۱۷

(۲) اسدؔ! خاکِ درِ میخانہ اب سر پر اُڑاتا ہوں — گئے وہ دن کہ پانی جامِ مے سے زانو زانو تھا ص۲۲

(۳) یوں بعدِ ضبطِ اشک پھروں گرد یار کے — پانی پیے کسو پہ کوئی جیسے وار کے ص۸۰

(۴) کی ہیں کس پانی سے یہاں یعقوبؑ نے آنکھیں سفید؟ — ہے جو آبی پیرہن ہر موج رُودِ نیل کی ص۹۱

(۵) تشنۂ خونِ تماشا جو وہ پانی مانگے — آئنہ رُخصتِ اندازِ روانی مانگے ص۷۸

(۶) ضعف سے گریہ مبدّل بہ دمِ سرد ہوا — باوَر آیا ہمیں پانی کا ہَوا ہو جانا ص۱۵۶

(۷) نہیں معلوم کس کس کا لہو، پانی ہوا ہوگا — قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا ص۱۵۷

(۸) پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح اسدؔ! — ڈرتا ہوں آئنے سے کہ مردم گزیدہ ہوں ص۲۹۹

(۹) مجھ کو وہ دو کہ جسے کھا کے نہ پانی مانگوں — زہر کچھ اَور سہی، آبِ بقا اَور سہی ص۳۱۱

(۱۰) آگ سے، پانی میں بُجھتے وقت اُٹھتی ہے صدا — ہر کوئی درماندگی میں نالے سے ناچار ہے ص۳۱۲

پانی پانی [ہونا]: یہ بھی ناچار جی کا کھونا ہے — شرم سے پانی پانی ہونا ہے ص۱۳۰

پائے تخت[۲]: ہندوستان سایۂ گُل، پائے تخت تھا — جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ ص۷۰

---

۱ پانی : دس بار۔
پانی پانی (ہونا) : ایک بار۔

۲ پائے تخت : ایک بار۔

پامال[1]: شورِ حشر اُس فتنہ قامت کے حضور — سایہ آسا ہوگیا ہے پامال ص۵۱

پامالِ شوخیِ دعویٰ: خانماں ہا پامالِ شوخیِ دعویٰ اسدؔ! — سایۂ دیوار، سیلابِ در و دیوار ہے ص۸۳

پامالِ غمزۂ چشمِ کبود: گردش محیطِ ظلم رہا جس قدر فلک — میں پامالِ غمزۂ چشمِ کبود تھا ص۱۲

پایاب[2]: (۱) بےخبر مت کہہ ہمیں، بیدردا! خود بینی سے پوچھ — قلزمِ ذوقِ نظر میں آئنہ پایاب تھا ص۱۵

(۲) کس دل پہ ہے عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا — آئینے کے پایاب سے اُتری ہیں سپاہیں ص۵۹

پایاں[3]: دیکھیے: بے پایاں۔

پایداری[4]: عُمر بھر کا تو نے پیمانِ وفا باندھا تو کیا — عُمر کو بھی تو نہیں ہے پایداری، ہائے ہائے! ص۲۰۴

پایہ[5]: (۱) اے اسدؔ! آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری — خامہ میرا، تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے ص۱۰۳

(۲) تجھ کو کیا پایہ روشناسی کا؟ — جُز بہ تقریبِ عید ماہِ صیام ص۱۳۶

(۳) یزیدؔ کو تو نہ تھا اجتہاد کا پایہ — بُرا نہ مانیے گر ہم بُرا کہیں اُس کو ص۲۸۵

(۴) دیکھیے: خرگہِ نُہ پایہ۔

پایہ سنجانِ دستگاہِ سخن: مژدہ اے رہروانِ راہِ سخن! — پایہ سنجانِ دستگاہِ سخن ص۲۶۷

پایۂ گردِ رہِ حُسینؔ: بہت ہے پایۂ گردِ رہِ حُسینؔ بلند — بقدرِ فہم ہے، گر کیمیا کہیں اُس کو ص۲۸۵

پایۂ منبر: دیکھیے: عُلوِّ پایۂ منبر۔

پتا[6]: (۱) تو مجھے بھول گیا ہو تو پتا بتلادوں — کبھی فتراک میں تیرے کوئی نخچیر بھی تھا؟ ص۱۵۸

(۲) تھک تھک کے ہر مقام پہ دو چار رہ گئے — تیرا پتا نہ پائیں تو ناچار کیا کریں! ص۱۹۱

(۳) اپنی گلی میں مجھ کو نہ کر دفن بعدِ قتل — میرے پتے سے خلق کو کیوں تیرا گھر ملے ص۲۳۶

پتنگ[7]: دیکھیے: مثلِ پتنگِ کاغذی۔

پتھر[8]: (۱) مٹ جائے گا سر، گر ترا پتھر نہ گھسے گا — ہوں در پہ ترے ناصیہ فرسا کوئی دن اور ص۱۷۰

---

[1] پامال : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔
[2] پایاب : دو بار۔
[3] پایاں : ایک بار [مرکّب]۔
[4] پایداری : ایک بار۔
[5] پایہ : سات بار [مفرد: تین بار، مرکّب: چار بار]۔
[6] پتا : تین بار۔
[7] پتنگ : ایک بار [مرکّب]۔
[8] پتھر : چار بار۔

	(۲) زخم پر چھڑکیں کہاں طفلانِ بے پروا نمک	کیا مزا ہوتا اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک	ص۱۷۵
	(۳) دائم پڑا ہوا ترے در پر نہیں ہوں میں	خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں	ص۱۹۰
	(۴) کہاں تک روؤں اُس کے خیمے کے پیچھے، قیامت ہے	مری قسمت میں یارب! کیا نہ تھی دیوار پتھر کی؟	ص۲۰۷
پچ[1] :	پچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے	وہ آئے یا نہ آئے پہ یہاں انتظار ہے	ص۲۱۷
پچاس ہزار[2] :	تم سلامت رہو ہزار برس!	ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار	ص۱۲۷
پختگی[3] ہائے تصور:	کیا کمالِ عشق نقص آبادِ گیتی میں ملے	پختگی ہائے تصور یہاں خیالِ خام ہے	ص۱۰۱
پختگی ہائے کبابِ دل:	اے خیالِ وصل! نادر ہے نے آشامی تری	پختگی ہائے کبابِ دل ہوئی خامی تری	ص۹۳
پدر[4] :	خدا، یعنی پدر سے مہرباں تر	پھرے ہم در بہ در ناقابلی سے	ص۹۱
پَر[5] :	(۱) مت رکھ اے انجام غافل! سازِ ہستی پر غرور	چیونٹی کے پَر سرو برگِ خود آرائی نہیں	ص۶۵

دیکھیے ــــــ: (۲)ــ(۵) بال و پر [چار بار]۔ (۶) بال و پرِ نکشودہ۔ (۷) بلبلِ بے بال و پَر۔ (۸) بے پرو بالی۔ (۹) تہِ پر۔ (۱۰) دستِ مُشتِ پر۔ (۱۱) غلافِ بالشِ پر۔ (۱۲) ہوسِ بال و پر۔

پَرافشاں:	(۱) سُراغ آوارۂ عرضِ دو عالم شورِ محشر ہوں	پرافشاں ہے غبار آں سوے صحرائے عدم میرا	ص۱۶
	(۲) یہ کس بے مہر کی تمثال کا ہے جلوہ سیمابی	کہ مثلِ ذرّہ ہائے خاک آئینے پرافشاں ہیں	ص۶۲
	(۳) حیرتِ تپیدن ہا: خونبہائے دیدن ہا	رنگِ گُل کے پردے میں آئنہ پرافشاں ہے	ص۸۸
	(۴) پرافشاں ہوگئے شعلے ہزاروں	رہے ہم داغ اپنی کاہلی سے	ص۹۱
	(۵) زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب!	تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا	ص۱۴۴
	(۶) ہوئے اُس مہر وَش کے جلوۂ تمثال کے آگے	پرافشاں جو ہر آئینے میں، مثلِ ذرّہ روزن میں	ص۱۸۰
	(۷) دل و جگر میں پرافشاں جو ایک موجۂ خوں ہے	ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے اُس کو دم، آگے	ص۲۲۸
پرافشانِ بہ خود لرزیدن:	ہے فروغِ رخِ افروختۂ خوباں سے	شعلۂ شمع پر افشانِ بہ خود لرزیدن	ص۴۵۰

---

[1] پچ : ایک بار۔
[2] پچاس ہزار: ایک بار۔
[3] پختگی : دوبار [مرکّب]۔
[4] پدر : ایک بار۔
[5] پَر : تراسی بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: بیاسی بار]۔
پرہا : ایک بار [مرکّب]۔

پرافشانِ تپیدن ہا: ہے پرافشانِ تپیدن ہا بہ تکلیفِ ہوس — ورنہ صد گلزار ہے یک بالِ بلبل کے تلے ص۲۵۴

پرافشانِ ذوقِ رعنائی: شکستِ سازِ خیال آں سوے گریوۂ غم — ہنوز نالہ پرافشانِ ذوقِ رعنائی ص۱۱۰

پرافشانِ رمیدن: اسدؔ! ہوں میں پر افشانِ رمیدن — سوادِ شعر در گردِ سفر ہے ص۲۵۶

پرافشاندۂ درکنجِ قفس: کرے ہے دست فرسودِ ہوس وہمِ توانائی — پرِ افشاندہ در کنجِ قفس، تعویذِ بازو ہے ص۹۸

پرافشانی: (۱) ہاتھ پر گر ہاتھ مارے یار وقتِ قہقہہ — کرمکِ شب تاب آسا مہ پرافشانی کرے ص۸۲

(۲) جنونِ وحشتِ ہستی یہ عام ہے کہ بہار — رکھے ہے کسوتِ طاؤس میں پرافشانی ص۹۶

دیکھیے____: (۳) بسملِ اندازِ پرافشانی۔ (۴) جوشِ پرافشانی۔ (۵) دعواے پرافشانی۔ (۶) ذوقِ پرافشانی۔

پرافشانیِ ناوک خوردگاں: خار سے گل سینہ افگار جفا ہے اے اسدؔ! — برگ ریزی، ہے پرافشانیِ ناوک خوردگاں ص۲۶

پرافشانیِ نیرنگِ خیال: جوہرِ فکر: پر افشانیِ نیرنگِ خیال — حُسن آئینہ و آئینہ چمن مشرب تھا ص۲۳

پرِ بالش: نگہ اُس چشم کی افزوں کرے ہے ناتوانائی — پرِ بالش ہے وقتِ دید مژگانِ تماشائی ص۹۲

پرِ بالشِ سروِ چمنی: از بس کہ ہے محو بہ چمن تکیہ زدن ہا — گل برگ: پرِ بالشِ سروِ چمنی ہے ص۱۱۱

پرِ بسمل: (۱) حیرت نگاہ برق، تماشا بہار شوخ — در پردۂ ہوا پرِ بسمل ہے آئنہ ص۷۰

(۲) دیکھیے: بالِ پرِ بسمل۔

پرِ بلبل: (۱) اگر گل حُسن و اُلفت کی بہم جوشیدنی جانے — پرِ بلبل کے افسردن کو دامن چیدنی جانے ص۱۱۵

(۲) فیض سے تیرے ہے اے شمعِ شبستانِ بہار! — دلِ پروانہ چراغاں، پرِ بلبل گلزار ص۱۳۳

پرِ پرواز: (۱) بہرِ جاں پروردنِ یعقوب بالِ خاک سے — دام لیتی ہے پرِ پرواز پیراہن کی بو ص۲۹

(۲) ہے بوے گل غریبِ تسلّی گہِ وطن — ہر جزوِ آشیاں پرِ پرواز ہے مجھے ص۹۷

دیکھیے____: (۳) بال و پرِ پرواز۔ (۴) شہ پرِ پرواز۔

پرِ پروازِ رنگِ رفتہ: آشیاں بندِ بہارِ عیش ہوں ہنگامِ قتل — یعنی پرِ پروازِ رنگِ رفتہ، بالِ تیر ہے ص۹۵

پرِ پروازِ رنگِ رفتۂ خوں: رہنِ خاموشی میں ہے آرایشِ بزمِ وصال — ہے پرِ پروازِ رنگِ رفتۂ خوں، گفتگو ص۲۹

پرِ پروازِ زلفِ ناز: ترے کوچے میں ہے مشاطۂ واماندگی قاصد — پرِ پروازِ زلفِ ناز ہے ہُدہُد کے شانے میں ص۵۸

پرِ پروانگاں: جہاں شمعِ خموشی جلوہ گر ہے — پرِ پروانگاں بالِ شرر ہے ص ۴۵۵

پرِ پروانہ: (۱) دیکھیے: آہنگِ مضرابِ پرِ پروانہ۔

(۲) بس کہ گستاخیِ اربابِ جہاں سے ہوں ملول — پرِ پروانہ، مری بزم میں ہے خنجرِ کیں ص ۸

(۳) رہا کس جُرم سے میں بے قرارِ داغِ ہم طرحی — سمندر کو پرِ پروانہ سے کافور مَلتے ہیں ص ۶۴

(۴) عاشق، نقابِ جلوۂ جانانہ چاہیے — فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیے ص ۸۲

(۵) نوائے خفتۂ الفت اگر بیتاب ہوجاوے — پرِ پروانہ تارِ شمع پر مضراب ہوجاوے ص ۱۰۵

(۶) پرِ پروانہ شاید بادبانِ کشتیِ مَے تھا — ہوئی مجلس کی گرمی سے روانی دَورِ ساغر کی ص ۲۰۷

پرِ تیر: دیکھیے: پروازِ پرِ تیر۔

پرِ رنگ: دیکھیے: گشادِ پرِ رنگ۔

پرِ زدن تپش: دیکھیے: یک پرزدن تپش۔

پرِ طائر: اسدؔ سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے — کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز ص ۴۳

پرِ طاؤس: (۱) جس چمن میں ہو ترا جلوۂ محروم نواز — پرِ طاؤس کرے گرم نگہ کا بازار ص ۵

(۲) ہے گرفتاریِ نیرنگِ تماشا، ہستی — پرِ طاؤس سے دل پاے بہ زنجیر آیا ص ۲۷

(۳) تھا خواب میں کیا جلوہ پرستارِ زلیخا؟ — ہے بالشِ دل سوختگاں میں پرِ طاؤس ص ۴۶

(۴) جوں پرِ طاؤس جوہر تختہ مشقِ رنگ ہے — بس کہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع ص ۴۷

(۵) صفاے اشک میں داغِ جگر جلوہ دکھاتے ہیں — پرِ طاؤس گویا برقِ ابرِ چشمِ گریاں ہے ص ۸۱

(۶) پرِ طاؤس ہے نیرنگِ داغِ حیرت انشائی — دو عالم دیدۂ بسمل، چراغاں جلوہ پیمائی ص ۹۲

(۷) اے ہوس! عرضِ بساطِ نازِ مشتاقی نہ مانگ — جوں پرِ طاؤس یکسر داغ مشک اندودہ ہے ص ۱۰۳

(۸) پرِ طاؤس تماشا نظر آیا ہے مجھے — ایک دل تھا کہ بہ صد رنگ دکھایا ہے مجھے ص ۱۰۷

پرِ طوطی: دیکھیے: حرزِ پرِ طوطی۔

پرِ عنقا: (۱) خیالِ سادگی ہاے تصورِ نقشِ حیرت ہے — پرِ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی ہیں تصویریں ص ۹۴

(۲) دیکھیے: آوازِ پرِ عنقا۔

پرفشاں: (۱) شمع رویوں کی سر انگشتِ حنائی دیکھ کر | غنچۂ گل پرفشاں پروانہ آسا جل گیا ص۲۰

(۲) غفلت بہ بالِ جوہرِ شمشیر پرفشاں | یھاں پُشتِ چشمِ شوخیِ قاتل ہے آئنہ ص۷۰

پرفشانِ دامِ نظر: وھاں پرفشانِ دامِ نظر ہوں جہاں اسدؔ! | صبحِ بہار بھی قفسِ رنگ و بو نہ ہو ص۶۸

پرفشانِ سوختن: شامِ غم میں سوزِ عشقِ آتشِ رخسار سے | پرفشانِ سوختن ہیں صورتِ پروانہ ہم ص۵۴

پرفشانی: (۱) دام گاہِ عجز میں سامانِ آسایش کہاں | پرفشانی بھی فریبِ خاطرِ آسودہ ہے ص۱۰۴

دیکھیے ــــــ: (۲) بیدادِ ذوقِ پرفشانی۔(۳) مشقِ پرفشانی۔(۴) نیازِ پرفشانی۔(۵) ہوائے پرفشانی۔

پرفشانیِ پروانۂ چراغِ مزار: بہ پرفشانیِ پروانۂ چراغِ مزار | کہ بعدِ مرگ بھی ہے لذّتِ جگر سوزی ص۱۰۰

پرفشانیِ شمع: ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے | بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع ص۱۷۴

پرِ قمری: (۱) ہمّتِ نشوونما میں یہ بلندی ہے کہ سرو | پرِ قمری سے کرے صیقلِ تیغِ کہسار ص۳

(۲) دیکھیے: خلوتِ بال و پرِ قمری۔

پرِ کاہ: دیکھیے: یک پرِ کاہ۔

پر کھلا: کُنج میں بیٹھا رہوں یوں پر کھلا | کاشکے! ہوتا قفس کا در کھلا ص۱۴۰

پرہائے طوطی: دیکھیے: تہ بندیِ پرہائے طوطی۔

پرِ یک دشت: گر بعدِ مرگ وحشتِ دل کا گِلا کروں | موجِ غبار سے پرِ یک دشت وا کروں ص۵۶

[مزید دیکھیے: شہ پر، شہ پرِ پرواز، شہ پرِ رنگ، شہ پرِ کاہ]۔

پُر[1]: (۱) خشت پشتِ دستِ عجز و قالب آغوشِ وداع | پُر ہوا ہے سیل سے پیمانہ کس تعمیر کا ص۱۱

(۲) بے خودی بسترِ تمہیدِ فراغت ہو جو! | پُر ہے سایے کی طرح میرا شبستاں مجھ سے ص۲۱۱

(۳) پُر ہوں میں شکوے سے یوں، راگ سے جیسے باجا | اک ذرا چھیڑیے، پھر دیکھیے کیا ہوتا ہے ص۲۴۰

پُر آتش: دیکھیے: دلِ پُر آتش۔

---

[1] پُر: پچیس بار [مفرد: تین بار، مرکّب: بائیس بار]۔

پُرکار: دو بار [مرکّب]۔

پُرکارتر: ایک بار [مرکّب]۔

پُرکاری: ایک بار [مرکّب]۔

پُر ازآبلہ: پا پُر از آبلہ راہِ طلب مے میں ہوا — ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز — ص۴۵

پُر پیچ وخم: دیکھیے: طرۂ پُر پیچ وخم۔

پُر خار: اِن آبلوں سے پانو کے گھبرا گیا تھا میں — جی خوش ہوا ہے راہ کو پُرخار دیکھ کر — ص۱۶۹

دیکھیے ____: (۲) سیرِ وادیِ پُرخار۔(۳) وادیِ پُرخار۔

پُر خوں: دیکھیے: (۱) دیدۂ پُرخوں۔(۲) سینۂ پُرخوں۔

پُر دُر: دیکھیے مت چشمِ کم سے سوے ضبط افسردگاں — جوں صدف پُردُر ہیں دنداں در جگر افسردگاں — ص۲۶

پُر دُود: دیکھیے: روزنِ پُردُود۔

پُر زور: اے خوشا فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما! — بادہ پُرزور و نَفَس مست و مسیحا بیمار — ص۳

پُر شباب: آنکھوں میں انتظار سے جاں پُرشباب ہے — آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے — ص۴۵۲

پُر شکن: دیکھیے ____: (۱) خمِ جعدِ پُرشکن۔(۲) تابِ زلفِ پُرشکن۔

پُر شور: دیکھیے: سرِ پُرشور۔

پُر عربدہ: دیکھیے: عشقِ پُرعربدہ۔

پُر غبار: دیکھیے: دلِ پُرغبار۔

پُر فروغ: دیکھیے: بزمِ پُرفروغ۔

پُرکار: (۱) سادہ پُرکار ہیں خوباں غالبؔ! — ہم سے پیمانِ وفا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۲) کجا معزولیِ آئینہ، گو ترکِ خود آرائی — نمد در آب ہے اے سادہ پُرکار! اِس بہانے میں — ص۵۸

پُرکارتر: سادہ و پُرکارتر، غافل و ہشیار تر — مانگے ہے شمشاد سے شانۂ سنبل ہنوز — ص۴۳

پُرکاری: دیکھیے: سادگی و پُرکاری۔

پُر گل: مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں کہ ہے — پُرگل خیالِ زخم سے دامن نگاہ کا — ص۱۳۹

پُر نگار: دیکھیے: دستِ پُرنگار۔

پُر نم: دیکھیے ____: (۱)،(۲) چشمِ پُرنم [دوبار]۔(۳) دیدۂ پُرنم۔

پُر نور: (۱) بزمِ خوباں بس کہ جوشِ جلوہ سے پُرنور ہے | پشتِ دستِ عجز یہاں ہر برگِ نخلِ طور ہے | ص ۹۳

(۲) دیکھیے: رُخِ پُرنور۔

پرتگالی[۱]: دیکھیے: داغِ شرابِ پرتگالی۔

پرائے[۲]: کھانا نہ انھیں کہ یہ پرائے ہیں آم | ص ۳۱۳

پرتو[۳]: (۱) تیرے پرتو سے ہوں فروغ پزیر | کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام | ص ۱۳۶

(۲) ہے کائنات کو حرکت تیرے ذوق سے | پرتو سے آفتاب کے، ذرّے میں جان ہے | ص ۲۰۳

پرتوِ خور: (۱) یک مشتِ خوں ہے پرتوِ خور سے تمام دشت | دردِ طلب پہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ | ص ۳۶

(۲) عذارِ یار نظر بندِ چشمِ گریاں ہے | عجب کہ پرتوِ خور شمعِ شبستاں ہے | ص ۱۰۲

(۳) پرتوِ خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم | میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک | ص ۱۷۵

(۴) دیکھیے: رنگِ پرتوِ خور۔

پرتوِ خرشید: (۱) کیا آئینہ خانے کا وہ نقشا تیرے جلوے نے | کرے جو پرتوِ خرشید عالم شبنمستاں کا | ص ۱۵۶

(۲) ہے تجلّی تری سامانِ وجود | ذرّہ بے پرتوِ خرشید نہیں | ص ۱۸۳

پرتوِ خرشیدِ جہاں تاب: اے پرتوِ خرشیدِ جہاں تاب! اِدھر بھی | سایے کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے | ص ۲۱۹

پرتوِ شوق: دیکھیے: یک پرتوِ شوق۔

پرتوِ مہتاب: زہرہ گر ایسا ہی شامِ ہجر میں ہوتا ہے آب | پرتوِ مہتاب سیلِ خانماں ہوجائے گا | ص ۱۵۰

پرتوِ نقشِ خیالِ یار: ہنوز اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے | دلِ افسردہ گویا حجرہ ہے یوسف کے زنداں کا | ص ۱۵۷

پرخاش[۴]: اُستادِ شہ سے ہو مجھے پرخاش کا خیال | یہ تاب، یہ مجال، یہ طاقت نہیں مجھے | ص ۱۲۵

پَرواز[۵]: (۱) وصال جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں | کہ دیجے آئنۂ انتظار کو پرواز | ص ۱۷۱

(۲) دیکھیے: جوہرِ پرواز۔

---

۱ پرتگالی : ایک بار[مرکب]۔

۲ پرائے : ایک بار۔

۳ پرتو : بارہ بار[مفرد: دو بار، مرکب: دس بار]۔

۴ پرخاش : ایک بار۔

۵ پرواز : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سات بار]۔

پروازِ تماشاہا: ہجومِ مژدۂ دیدار و پروازِ تماشاہا — گلِ اقبال خس ہے چشمِ بلبل آشیانے میں — ص۵۸

پروازِ تمنا: تپشِ آئنہ پروازِ تمنا لائی — نامۂ شوق بہ بالِ پرِ بسمل باندھا — ص۱۴

پروازِ خامشی: دیکھیے: بہانۂ پروازِ خامشی۔

پروازِ سادگی: گر صفحے کو نہ دیجیے پروازِ سادگی — جُز خطِّ عجز نقشِ تمنا نہ کھینچیے — ص۱۰۶

پروازِ عرض: ذرہ، دے مجنوں کے کس کس داغ کو پروازِ عرض — ہر بیاباں، یک بیاباں حسرتِ تعمیر ہے — ص۹۵

پروازِ معانی: دیکھیے: آئینۂ پروازِ معانی۔

پردگیِ سوختن[1]: گو یک شرر کہ سازِ چراغاں کروں اسدؔ! — بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز — ص۴۲

پردگیِ گوشِ دل: لذتِ تقریرِ عشق پردگیِ گوشِ دل — جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تجمل ہنوز — ص۴۴

پردہ[2]: (۱) محرم نہیں ہے تو ہی نواہاے راز کا — یہاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا — ص۱۵۵

(۲) دوستی کا پردہ ہے بیگانگی — مُنہ چھپانا ہم سے چھوڑا چاہیے — ص۲۲۳

(۳)، (۴) در پردہ اُنھیں غیر سے ہے ربطِ نہانی — ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردا نہیں کرتے — ص۲۳۴

(۵) مُنہ نہ دکھلاوے، نہ دکھلا، پر بہ اندازِ عتاب — کھول کر پردہ زرا آنکھیں ہی دکھلا دے مجھے — ص۲۳۵

(۶) کہہ سکے کون کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے؟ — پردہ چھوڑا ہے وہ اُس نے کہ اُٹھائے نہ بنے — ص۲۳۶

(۷) فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی ہے شبنم — صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے — ص۲۱۸

(۸) شوق، ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا — قیسؔ، تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا — ص۱۳۴

(۹) نشّے کے پردے میں ہے محوِ تماشاے دماغ — بس کہ رکھتی ہے سرِ نشوونما موجِ شراب — ص۱۶۳

(۱۰) تھیں بناتُ النعشِ گردوں دن کو پردے میں نہاں — شب کو اُن کے جی میں کیا آئی کہ عریاں ہوگئیں — ص۱۹۱

(۱۱) جب وہ جمالِ دل فروز صورتِ مہرِ نیم روز — آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں مُنہ چھپائے کیوں؟ — ص۱۹۳

(۱۲) کس پردے میں ہے آئنہ پرداز اے خدا! — رحمت کہ عذر خواہِ لبِ بے سوال ہے — ص۲۰۵

(۱۳) کہتا ہے کون نالۂ بلبل کو بے اثر — پردے میں گُل کے لاکھ جگر چاک ہوگئے — ص۲۲۹

---

[1] پردگی : دوبار [مرکب]۔

[2] پردہ : اکھاون بار [مفرد: اکیس بار، مرکب: سینتیس بار]۔

(۱۴) شورِ رُسوائیِ دل دیکھ کہ یک نالۂ شوق	لاکھ پردے میں چھپا، پر وہی عریاں نکلا	ص ۱۳
(۱۵) حیرتِ تپیدن ہا: خونبہاے دیدن ہا	رنگِ گل کے پردے میں آئنہ پرافشاں ہے	ص ۸۸
(۱۶) کس کا خیال آئنۂ انتظار تھا	ہر برگِ گل کے پردے میں دل بے قرار تھا	ص ۱۷
(۱۷) کرے ہے حُسنِ خوباں پردے میں مشاطگی اپنی	کہ ہے تہ بندیِ خط، سبزۂ خط در تہِ لب ہا	ص ۲۲
(۱۸) ہم غلط سمجھے تھے لیکن زخمِ دل پر رحم کر	آخر اس پردے میں تو ہنستی تھی اے صبحِ وصال!	ص ۵۲
(۱۹) فریاد اسدؔ! غفلتِ رُسوائیِ دل سے	کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں	ص ۶۰
(۲۰) نے کوچۂ رُسوائی و زنجیرِ پریشاں	اے نالہ! میں کس پردے میں آہنگ نکالوں	ص ۶۰
(۲۱) ضعف، آئنہ پردازیِ دستِ دگراں ہے	تصویر کے پردے میں مگر رنگ نکالوں	ص ۶۱

دیکھیے ـــــ: (۲۲) بے پردہ۔ (۲۳)، (۲۴)، (۲۵) یک پردہ [تین بار]۔

پردہ دارِ رازِ عشق: گرچہ ہے طرزِ تغافل پردہ دارِ رازِ عشق	پر، ہم ایسے کھوئے جاتے ہیں کہ وہ پا جائے ہے	ص ۲۲۱
پردہ دارِ یادگی: درد ناپیدا و بیجا تہمتِ وارستگی	پردہ دارِ یادگی ہے وسعتِ مشرب مجھے	ص ۸۶
پردہ داری: (۱) اسدؔ! بزمِ تماشا میں تغافل، پردہ داری ہے	اگر ڈھانپے تو آنکھیں ڈھانپ، ہم تصویرِ عریاں ہیں	ص ۹۲
(۲) مجھے اپنے جنوں کی بے تکلف پردہ داری تھی	ولیکن کیا کروں، آوے جو رُسوائی گریباں کی	ص ۷۶
(۳) شرمِ رُسوائی سے جا چھپنا نقابِ خاک میں	ختم ہے اُلفت کی تجھ پر پردہ داری، ہائے ہائے!	ص ۲۰۳
(۴) بے خودی بے سبب نہیں غالبؔ!	کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے	ص ۲۲۳
(۵) شق ہوگیا ہے سینہ، خوشا لذّتِ فراغ!	تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر گئی	ص ۲۳۳
پردہ دَر: شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا	رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت	ص ۳۳
پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں: جاں، مطربِ ترانۂ ''ہل من مزید'' ہے	لب، پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں نہیں	ص ۱۸۸
پردہ نشیں: (۱) نہ تمنّا، نہ تماشا، نہ تحیّر، نہ نگاہ	گردِ جوہر میں ہے آئینۂ دل پردہ نشیں	ص ۸
(۲) وہ پردہ نشیں اور اسدؔ آئینۂ اظہار	شہرت چمنِ فتنہ و عنقا ارنی ہے	ص ۱۰۶
پردہ ہاے چشمِ عبرت: نگہ کی ہم نے پیدا رشتۂ ربطِ علائق سے	ہوئے ہیں پردہ ہاے چشمِ عبرت جلوہ حائل ہا	ص ۲۳

پردہ ہائے چشمِ ناپینا: کہاں ہے دیدۂ روشن کہ دیکھے بے حجابانہ — نقابِ یار ہے از پردہ ہائے چشمِ ناپینا ص۴۴۷

پردۂ اظہارِ خود پرستی: نیاز، پردۂ اظہارِ خود پرستی ہے — جبینِ سجدہ فشاں تجھ سے، آستاں تجھ سے ص۱۱۲

پردۂ بادام: اِن ستم کیشوں کے کھائے ہیں زبس تیرِ نگاہ — پردۂ بادام یک غربالِ حسرت بیز ہے ص۸۵

پردۂ تبسمِ پنہاں: یا میرے زخمِ رشک کو رسوا نہ کیجیے — یا پردۂ تبسمِ پنہاں اُٹھائیے ص۲۵۵

پردۂ تدبیر: وھاں رنگ ہا بہ پردۂ تدبیر ہیں ہنوز — یھاں شعلۂ چراغ ہے برگِ حنا مجھے ص۷۶

پردۂ جوشِ ظہور: رہا بے قدر دل در پردۂ جوشِ ظہور آخر — گل و نرگس بہم، آئینہ و اقلیمِ کوراں ہے ص۸۱

پردۂ تصویرِ عریاں: نقابِ یار ہے غفلت نگاہیِ اہلِ بینش کی — مژہ پوشیدنی ہا: پردۂ تصویرِ عریاں ہے ص۸۱

پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر: ہو سکے ہے پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر؟ — اشک بعدِ ضبط، غیر از پنبۂ مینا نہیں ص۶۵

پردۂ دردِ دل: پردۂ دردِ دل آئینۂ صد رنگ نشاط — بخیۂ زخمِ جگر: خندۂ زیرِ لب تھا ص۲۴

پردۂ دل ہا: محبت ہے نوا سازِ فغاں در پردۂ دل ہا — کرے ہے مغز سے، مانندِ نے کے، استخواں خالی ص۲۵۵

پردۂ رہبر: مُفت کا کس کو بُرا ہے بدرقہ — رہبری میں پردۂ رہبر کُھلا ص۱۴۰

پردۂ زخمِ جگر: دیکھیے: نیامِ پردۂ زخمِ جگر۔

پردۂ زنبور: شوخیِ فریاد سے ہے پردۂ زنبور، گل — کسوتِ ایجادِ بلبل خارخارِ نغمہ ہے ص۸۷

پردۂ ساز: نہ گلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز — میں ہوں اپنی شکست کی آواز ص۱۷۲

پردۂ عریانی: دریوزۂ ساماں ہا اے بے سروسامانی! — ایجادِ گریباں ہا در پردۂ عریانی ص۱۰۸

پردۂ عماری: قبلۂ مقصدِ نگاہِ نیاز — پھر وہی پردۂ عماری ہے ص۲۲۳

پردۂ فانوس: دیکھیے: صرفِ چاکِ پردۂ فانوس۔

پردۂ محمل: قیس نے از بس کہ کی سیرِ گریبانِ نفس — یک دو چیں دامانِ صحرا، پردۂ محمل ہوا ص۲۹

پردۂ ناسور: زخمِ دل میں ہے نہاں غنچۂ پیکانِ نگار — جلوۂ باغ ہے در پردۂ ناسور ہنوز ص۴۵

پردۂ وحشت: بس کہ وہ پا کو بیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد — ہے غلافِ دفچۂ خرشید ہر یک گردباد ص۳۸

پردۂ یک ساز: ہر رنگِ سوز پردۂ یک ساز ہے مجھے — بالِ سمندر آمنۂ ناز ہے مجھے ص۹۶

پُرزے[1]: تھی خبر گرم کہ غالبؔ کے اُڑیں گے پُرزے | دیکھنے ہم بھی گئے تھے، پہ تماشا نہ ہوا | ص۱۶۲

پرستارِ دلِ رنجیدہ[2]: یاس: آئینۂ پیدائیِ استغنا ہے | نا اُمیدی: ہے پرستارِ دلِ رنجیدہ | ص۷۲

پرستارِ زلیخا: تھا خواب میں کیا جلوہ پرستارِ زلیخا؟ | ہے بالشِ دل سوختگاں میں پرِ طاؤس | ص۳۶

پرستاریِ وہم: کثرت آرائیِ وحدت ہے پرستاریِ وہم | کردیا کافر اِن اصنامِ خیالی نے مجھے | ص۲۲۲

پرستان[3]: دیکھیے: وحشت آبادِ پرستاں۔

پرستش[4]: (۱) منع مت کر حُسن کی ہم کو پرستش سے کہ ہے | بادۂ نظارۂ گلشن حلالِ عندلیب | ص۳۲

(۲) خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار | کیا پوجتا ہوں اُس بُتِ بیدادگر کو میں؟ | ص۱۹۰

پرستندۂ روئے صنمِ چند: عُمر بھر ہوش نہ یکجا ہوئے میرے کہ اسدؔ! | میں پرستندۂ روئے صنمِ چند رہا | ص۴۳۹

پرستش گر: غمِ مجنوں عزادارانِ لیلیٰ کا پرستش گر | خُمِ رنگِ سیہ پیانۂ ہر چشمِ آہو تھا | ص۲۲

پرستش گریِ قبلۂ ناز: بُت کدہ بہرِ پرستش گریِ قبلۂ ناز | باندھے زنّارِ رگِ سنگ میانِ کہسار | ص۴

پُرسش[5]: (۱) غیر یوں کرتا ہے میری پرسش اُس کے ہجر میں | بے تکلف دوست ہو جیسے کوئی غم خوارِ دوست | ص۱۶۳.

(۲) کس منہ سے شکر کیجیے اِس لطفِ خاص کا | پُرسش ہے اور پائے سخن درمیاں نہیں | ص۱۸۸

(۳) کہتے ہیں کہ اب وہ مردم آزار نہیں | عشاق کی پُرسش سے اُسے عار نہیں | ص۲۵۴

(۴) وہ عینِ عدل کہ دہشت سے اُس کی پُرسش کی | بنے ہے شعلۂ آتش انیسِ پرّۂ کاہ | ص۲۷۷

(۵) دیکھیے: رہِ پُرسش۔

پُرسشِ جراحتِ دل: پھر پُرسشِ جراحتِ دل کو چلا ہے عشق | سامانِ صد ہزار نمک داں کیے ہوئے | ص۲۲۵

پُرسشِ حال: سمجھ کے کرتے ہیں بازار میں وہ پرسشِ حال | کہ یہ کہے کہ سرِ رہ گزر ہے کیا کہیے | ص۲۴۷

پُرسشِ طرزِ دل بری: پُرسشِ طرزِ دل بری کیجیے کیا کہ بن کہے | اُس کے ہر ایک اشارے سے نکلے ہے یہ ادا کہ یوں | ص۱۲۸

---

[1] پُرزے : ایک بار۔
[2] پرستار : دو بار [مرکّب]۔
پرستاری : ایک بار [مرکّب]۔
[3] پرستان : ایک بار [مرکّب]۔
[4] پرستش : دو بار
پرستش گر : ایک بار۔
پرستش گری : ایک بار [مرکّب]۔
پرستندہ : ایک بار [مرکّب]۔
[5] پُرسش : آٹھ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: چار بار]۔
پُرسش ہا : ایک بار [مرکّب]۔

پُرسش ہائے پنہانی: دیکھیے: محوِ پرسش ہائے پنہانی۔

پرسوں[1] شب: کس لیے تجھ سے چھپاؤں ہاں وہ پرسوں شب کی بات (تضمین) ص۲۹۱

پُرسیدنی[2]: اسدؔ! جاں نذرِ الطافے کہ ہنگامِ ہم آغوشی زبانِ ہر سرِ مو حالِ دل پُرسیدنی جانے ص۱۱۵

پَرکار[3]: دیکھیے: خطِ پرکار۔

پرکارِ باغ: دیکھیے: نقطۂ پرکارِ باغ۔

پرکارِ تمنا: دیکھیے: نقطۂ پرکارِ تمنا۔

پرکارِ سعیِ بے سروپائی: قطرے کو جوشِ عرق کرتا ہے دریا دستگاہ عجز حیا پرکارِ سعیِ بے سروپائی نہیں ص۶۵

پرکارِ ہستی: دیکھیے: خطِ پرکارِ ہستی۔

پرکالۂ[4] مہ: شب کہ مستِ دیدنِ مہتاب تھا وہ جامہ زیب پارۂ چاکِ کتاں پرکالۂ مہ ہوگیا ص۳۴۶

پَرَن[5]: فروغِ حُسن سے روشن ہے خواب گاہ تمام جو رختِ خواب ہے پرویں، تو ہے پرن تکیہ ص۳۰۳

پرنیاں[6]: لپٹنا پرنیاں میں شعلۂ آتش کا آساں ہے ولے مشکل ہے حکمت دل میں سوزِ غم چھپانے کی ص۲۰۳

پروا[7]: (۱) آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا ص۱۳۵

(۲) نہ ستایش کی تمنا نہ صلے کی پروا گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی، نہ سہی ص۲۰۹

(۳) گھر پھونکنے میں اپنے محابا نہیں ہم کو گر چرخ بھی جل جائے تو پروا نہیں ہم کو ص۲۸۴

پروائے داماں: نہ ذوقِ گریباں، نہ پروائے داماں نگہ آشنائے گل و خار ہیں ہم ص۵۵

پروائے مشتاقاں: تجھ کو اے غفلت نسب! پروائے مشتاقاں کہاں! یھاں نگہ آلودہ ہے دستارِ بادامی تری ص۳۵۲

پرواز[8]: پرواز نقدِ دامِ تمنائے جلوہ تھا طاؤس نے اک آئنہ خانہ رکھا گرو ص۶۹

(۲) پرواز، یک تبِ غمِ تسخیرِ نالہ ہے گرمیِٔ نبضِ خار و خسِ آشیاں نہ پوچھ ص۷۰

---

[1] پرسوں : ایک بار۔
[2] پُرسیدنی : ایک بار۔
[3] پرکار : پانچ بار [مرکّب]۔
[4] پرکالہ : ایک بار [مرکّب]۔
[5] پرن : ایک بار
[6] پرنیاں : ایک بار۔
[7] پروا : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دو بار]۔
[8] پرواز : اُنتیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: بائیس بار]۔
پروازہا : ایک بار [مرکّب]۔

(۳) ہوں گرفتارِ کمیں گاہِ تغافل کہ جہاں خوابِ صیاد سے پرواز گرانی مانگے ص۸۷

(۴) سررشتۂ بیتابیِ دل در گرہِ عجز پرواز بہ خوں خفتہ و فریاد رسا ہے ص۹۱

(۵) کیا کہوں پرواز کی آوارگی کی کشمکش عافیت، سرمایۂ بال و پرِ نکشودہ ہے ص۱۰۳

(۶) پرواز تپش رنگی، گلزار ہمہ تنگی خوں ہو قفسِ دل میں اے ذوقِ پرافشانی ص۱۰۹

(۷) شکلِ طاؤس کرے آئنہ خانہ پرواز ذوق میں جلوے کے تیرے بہ ہوائے دیدار ص۱۳۳

دیکھیے ــــــــ: (۸) آہنگِ پرواز۔(۹) بال وپرِ پرواز۔(۱۰)،(۱۱) پرِ پرواز [دوبار]۔(۱۲) چشمِ پرواز۔
(۱۳) رعنائیِ ضعفِ پرواز۔(۱۴) شہ پرِ پرواز۔(۱۵)،(۱۶) صورتِ پرواز [دوبار]۔(۱۷) طاقتِ پرواز۔
(۱۸) فکرِ پرواز۔(۱۹) قمریِ پرواز۔(۲۰) وحشتِ پرواز۔

پروازِ آشیانہ عنقائے ناز: پروازِ آشیانۂ عنقائے ناز ہے بالِ پری بہ وحشتِ بیجا نہ کھینچیے ص۱۰۵

پروازِ پرِ تیر: عشقِ ترسا بچہ و نازِ شہادت مت پوچھ کہ کُلہِ گوشہ بہ پروازِ پرِ تیر آیا ص۴۸

پروازِ چمن تسخیر: شوخیِ نیرنگ صیدِ وحشتِ طاؤس ہے دام سبزے میں ہے پروازِ چمن تسخیر کا ص۱۱

پروازِ رنگِ رفتۂ خوں: دیکھیے: پرِ پروازِ رنگِ رفتۂ خوں۔

پروازِ زلفِ ناز: دیکھیے: پرِ پروازِ زلفِ ناز۔

پروازِ شوق: دیکھیے: فرسودۂ پروازِ شوق۔

پروازِ شوقِ ناز: بجز پروازِ شوقِ ناز، باقی کیا رہا ہوگا! قیامت اک، ہوائے تند ہے گورِ غریباں پر ص۱۶۷

پروازِ عدم: فرصت آئینہ و پروازِ عدم تا ہستی یک شرر بالِ دل و دیدہ چراغاں زدہ ہے ص۱۰۹

پروازِ فنا: دعوائے جنوں باطل، تسلیم عبث حاصل پروازِ فنا مشکل، میں عجزِ تن آسانی ص۱۰۹

پروازہا: پروازہا نیازِ تماشائے حُسنِ دوست بالِ کُشادہ ہے نگہِ آشنا مجھے ص۷۶

پروانگاں: دیکھیے: پرِ پروانگاں۔

پروانہ[1]: (۱) شمع رویوں کی سر انگشتِ حنائی دیکھ کر غنچۂ گل پرفشاں پروانہ آسا جل گیا ص۲۰

---

[1] پروانہ : چوبیس بار [مفرد: چھے بار، مرکّب: اٹھارہ بار]۔

پروانگاں: ایک بار [مرکّب]۔

(۲) رات، دل گرمِ خیالِ جلوۂ جانانہ تھا — رنگِ روے شمع برقِ خرمنِ پروانہ تھا — ص۲۵

(۳) فسونِ یک دلی ہے لذّتِ بیدادِ دشمن پر — کہ وجدِ برق جوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر — ص۴۱

(۴) پروانے سے ہو شاید تسکینِ شعلۂ شمع — آسایشِ وفاہا بیتابیِ جفا ہے — ص۹۳

(۵) جاں در ہواے یک نگہِ گرم ہے اسدؔ! — پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا — ص۱۴۹

(۶) پروانے کا نہ غم ہو تو پھر کس لیے اسدؔ! — ہر رات شمع شام سے لے تا سحر جلے — ص۲۰۴

دیکھیے ـــــ: (۷) آہنگِ مضراب پرِ پروانہ۔(۸) برقِ خرمنِ پروانہ۔(۹)--(۱۳) پرِ پروانہ [پانچ بار]۔
(۱۴) چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ۔(۱۵) حسرتِ پروانہ۔(۱۶)،(۱۷) دلِ پروانہ [دو بار]۔(۱۸) شبِ پروانہ۔
(۱۹) صورتِ پروانہ۔

پروانہ زار: ہواے پرفشانی برقِ خرمن ہاے خاطر ہے — بہ بالِ شعلۂ بیتاب ہے پروانہ زار آتش — ص۴۷

پروانہ وبلبل: بزم داغِ طرب و باغ کشادِ پرِ رنگ — شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند — ص۳۹

پروانۂ تجلّیِ شمعِ ظہور: ہر رنگ میں جلا اسدؔ فتنہ انتظار — پروانۂ تجلّیِ شمعِ ظہور تھا — ص۱۸

پروانۂ چراغِ مزار: دیکھیے: پرفشانیِ پروانۂ چراغِ مزار۔

پروانۂ محفل: وقتِ شب اُس شمع رو کے شعلۂ آواز پر — گوشِ نسریں عارضاں پروانۂ محفل ہوا — ص۲۹

پرورش[۱]: (۱) ناز پروردۂ صد رنگ تمنّا ہوں ولے — پرورش پائی ہے جوں غنچہ بہ خونِ اظہار — ص۶

(۲) غم آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو — چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے — ص۲۱۰

پرورشِ نالہ: پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے — ہے تہِ بالِ پری بیضۂ بلبل ہنوز — ص۴۴

پروردن[۲]: (۱) بہرِ پروردن سراسر لطف گستر سایہ ہے — پنجۂ مژگاں بہ طفلِ اشک دستِ دایہ ہے — ص۱۰۴

(۲) دیکھیے: جاں پروردنِ یعقوب۔

پروردہ[۳]: دیکھیے: نفس پروردہ۔

پروردۂ بہار: دیکھیے: ناز پروردۂ بہار۔

---

۱ پرورش : تین بار [مفرد: دو بار، مرکّب: ایک بار]۔
۲ پروردن : دو بار [مرکّب]۔
۳ پروردہ : تین بار [مرکّب]۔

پروردۂ صدرنگ تمنا: دیکھیے: نازِ پروردۂ صدرنگ تمنا۔

پرویں[1]: (۱) نصیبِ آستیں ہے حاصلِ روے عرق آگیں — چُنے ہے کہکشاں خرمن سے مہ کے خوشۂ پرویں کا — ص ۲۸

(۲) موکبِ خاص یوں زمیں پر تھا — جس طرح ہے سپہر پہ پرویں — ص ۲۸۱

(۳) فروغِ حُسن سے روشن ہے خواب گاہ تمام — جو رختِ خواب ہے پرویں تو ہے پرَن تکیہ — ص ۳۰۳

(۴) دیکھیے: آئینۂ نازِ پرویں۔

پرِ کاہ[2]: دیکھیے: انیسِ پرِ کاہ۔

پرہیز[3]: (۱) عشق میں ہم نے ہی ابرام سے پرہیز کیا — ورنہ جو چاہیے اسبابِ تمنا، سب تھا — ص ۲۴

(۲) کیوں نہ ہو چشمِ بتاں محوِ تغافل کیوں نہ ہو؟ — یعنی اِس بیمار کو نظارے سے پرہیز ہے — ص ۲۳

پری[4]: (۱) بہ رنگِ شیشہ ہوں یک گوشۂ دلِ خالی — کبھی پری مری خلوت میں آنکلتی ہے — ص ۹۰

(۲) پری بہ شیشہ و عکسِ رُخ اندر آئینہ — نگاہِ حیرتِ مشاطہ خوں فشاں تجھ سے — ص ۱۱۲

(۳) سب نے جانا کہ ہے پری، تو سن — اور بالِ پری ہے دامنِ زیں — ص ۲۸۰

دیکھیے ـــــــ: (۴) ـ (۹) بالِ پری [چھے بار]۔ (۱۰) تہِ بالِ پری۔ (۱۱)، (۱۲)، (۱۳) چشمِ پری [تین بار]۔ (۱۴) حدِ اقلیمِ تمنّاے پری۔ (۱۵) حور و پری۔ (۱۶) زلفِ پری۔ (۱۷) مردمِ چشمِ پری۔ (۱۸) مروحۂ بالِ پری۔ (۱۹) نَیِ تمثالِ پری۔ (۲۰) نبضِ پری۔ (۲۱) وحشتِ چشمِ پری۔

پری پیکر: گو نہ سمجھوں اُس کی باتیں، گو نہ پاؤں اُس کا بھید — پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا — ص ۱۹۱

پری چہرہ: (۱) کہہ چکا میں تو سب کچھ، اب تو کہہ — اے پری چہرہ پیکِ تیز خرام! — ص ۱۳۷

(۲) یہ پری چہرہ لوگ کیسے ہیں؟ — غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے؟ — ص ۲۳۸

پری رُخ: ہو کے عاشق، وہ پری رُخ اَور نازک بن گیا — رنگ کھلتا جائے ہے جتنا کہ اُڑتا جائے ہے — ص ۲۲۲

پری زاد: دیکھیے: سرِ پستانِ پری زاد۔

پری زادِ نظر: آئنہ، دام کو سبزے میں چھپاتا ہے عبث — کہ پری زادِ نظر قابلِ تسخیر نہیں — ص ۵۶

---

[1] پرویں : چار بار [مرکّب: ایک بار]۔

[2] پرِ کاہ : ایک بار [مرکّب]۔

[3] پرہیز : دو بار۔

[4] پری : اُنتیس بار [مفرد: تین بار، مرکّب: چھبیس بار]۔

پری زادوں: اِن پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام | قدرتِ حق سے، یہی، حوریں اگر وھاں ہو گئیں | ص ۱۹۱

پری وَش: ذکر اُس پری وَش کا اَور پھر بیاں اپنا! | بن گیا رقیب آخر، تھا جو رازداں اپنا | ص ۱۵۹

پرے[1]: (۱) غالبؔ! ہے رُتبہ فہمِ تصور سے کچھ پرے | ہے عجزِ بندگی کہ علی کو خدا کہوں | ص ۵۶

(۲) میں عدم سے بھی پرے ہوں ورنہ غافل! بارہا | میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا | ص ۱۵۱

(۳) ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود | قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں | ص ۱۸۷

(۴) نالہ جاتا تھا پرے عرش سے میرا، اور اب | لب تک آتا ہے، جو ایسا ہی رسا ہوتا ہے | ص ۲۴۰

پریدن[2]: مژدۂ دیدار سے رسوائی اظہار دور | آج کی شب چشم کو کب تک پریدن منع ہے | ص ۱۱۳

دیکھیے: بسملِ ذوقِ پریدن۔

پریدہ: دیکھیے ـــــ: (۱) آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ۔ (۲) رنگِ پریدہ۔ (۳) طائرِ پریدۂ رنگِ حنا۔

پریشان[3]: (۱) وحشتِ دل سے پریشاں ہے چراغانِ خیال | باندھوں ہوں آئنے پر چشمِ پری سے آئیں | ص ۸

(۲) طلسمِ آفرینش حلقۂ یک بزمِ ماتم ہے | زمانے کے، شبِ یلدا سے، موے سر پریشاں ہیں | ص ۶۲

(۳) بہ بوے زلفِ مشکیں یہ دماغ آشفتۂ رم ہیں | کہ شاخِ آہواں دودِ چراغ آسا پریشاں ہے | ص ۸۱

(۴) خوابِ جمعیتِ مخمل ہے پریشاں مجھ سے | رگِ بستر کو ملی شوخیِ مژگاں مجھ سے | ص ۸۳

(۵) بوے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل | جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا | ص ۱۴۴

(۶) تنگیِ دل کا گلہ کیا، یہ وہ کافر دل ہے | کہ اگر تنگ نہ ہوتا تو پریشاں ہوتا | ص ۱۵۸

(۷) رنگِ تمکینِ گل و لالہ پریشاں کیوں ہے | گر چراغانِ سرِ رہگذرِ باد نہیں | ص ۱۸۶

(۸) نیند اُس کی ہے، دماغ اُس کا ہے، راتیں اُس کی ہیں | تیری زُلفیں جس کے بازو پر پریشاں ہو گئیں | ص ۱۹۱

(۹) شوقِ دیدار میں گر تو مجھے گردن مارے | ہو نگہ مثلِ گلِ شمع پریشاں مجھ سے | ص ۲۱۱

(۱۰) غنچہ تا شگفتن ہا برگِ عافیت معلوم! | باوجودِ دل جمعی خوابِ گل پریشاں ہے | ص ۲۱۷

(۱۱) مانگے ہے پھر کسی کو لبِ بام پر ہوس | زلفِ سیاہ رُخ پہ پریشاں کیے ہوئے | ص ۲۲۶

---

[1] پرے : چار بار۔

[2] پریدن : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

پریدہ : تین بار [مرکب]۔

[3] پریشان : ستائیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکب: سولہ بار]۔

دیکھیے ـــــــ: (۱۲) اجزاے پریشاں۔ (۱۳) تحریرِ پریشانِ تقاضا۔ (۱۴)، (۱۵) خوابِ پریشاں [دوبار]۔ (۱۶) زنجیرِ پریشاں۔ (۱۷) سازِ یک خوابِ پریشاں۔ (۱۸) سامانِ یک خوابِ پریشاں۔ (۱۹) صد خوابِ پریشاں۔ (۲۰) فالِ دوجہاں خوابِ پریشاں۔ (۲۱) گلیمِ سیہ بختِ پریشاں۔ (۲۲) موپریشاں۔

پریشاں تر: نہ کھینچ اے دستِ سعیِ نارسا! زلفِ تمنّا کو — پریشاں تر ہے موے خامہ سے تدبیر مانی کی — ص۷۷

پریشاں خواب: تکلف برطرف، ذوقِ زلیخا جمع کر ورنہ — پریشاں خواب آغوشِ وداعِ یوسفستاں ہے — ص۸۱

پریشاں موئیِ اہلِ عزا: ہے سوادِ خط: پریشاں موئیِ اہلِ عزا — خامہ میرا: شمعِ قبرِ کشتگاں کا دُوِدہ ہے — ص۱۰۳

پریشاں نظری: کوچہ دیتا ہے پریشاں نظری پر صحرا — رمِ آہو کو ہے ہر ذرّے کی چشمک میں کمیں — ص۸

پریشاں نگاہاں: سرابِ یقیں ہیں پریشاں نگاہاں — اسدؔ کو گر از چشمِ کم دیکھتے ہیں — ص۲۲۸

پریشانی[1]: (۱) خطِّ عارض سے لکھا ہے زلف کو اُلفت نے عہد — یکقلم منظور ہے جو کچھ پریشانی کرے — ص۲۱۱

(۲) پریشانی سے مغزِ سر ہوا ہے پنبۂ بالش — خیالِ شوخیِ خوباں کو راحت آفریں پایا — ص۲۲

(۳) پریشانی اسدؔ! درپردہ ہے سامانِ جمعیت — کہ ہے آبادیِ صحرا ہجومِ خانہ بردوشاں — ص۲۲۹

دیکھیے ـــــــ: (۴) جوشِ پریشانی۔ (۵) مجموعۂ پریشانی۔

پریشانیِ بزم: دیکھیے: دمِ عرضِ پریشانیِ بزم۔

پریشانیِ بیم: خانہ ویرانیِ اُمید و پریشانیِ بیم — جوشِ دوزخ ہے خزانِ چمنِ خلدِ بریں — ص۷

پریشانیِ خاطر: آج ہم اپنی پریشانیِ خاطر اُن سے — کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھیے کیا کہتے ہیں — ص۱۸۷

پریشانیِ صہبا: دیکھیے: وجہِ پریشانیِ صہبا۔

پریشانیِ نگاہ: دیکھیے: دردِ پریشانیِ نگاہ۔

پریشانیاں: یہ عمر بھر جو پریشانیاں اُٹھائی ہیں ہم نے — تمھارے آئیو اے طرّہ ہاے خم بہ خم! آگے — ص۲۲۸

پژمردگاں: بہ صورت تکلف، بہ معنی تاسّف — اسدؔ! میں تبسّم ہوں پژمردگاں کا — ص۱۸

پژمردن[2]: دیکھیے نزدیکِ پژمردن۔

---

[1] پریشانی : دس بار [مفرد: تین بار، مرکّب: سات بار]۔
پریشانیاں : ایک بار۔

[2] پژمردن : ایک بار [مرکّب]۔
پژمردگاں : ایک بار۔

پس[۱] از قتل: غش آ گیا جو پس از قتل میرے قاتل کو — ہوئی ہے اُس کو مری لاشِ بے کفن، تکیہ ص۳۰۳

پس از مردن: پس از مردن بھی دیوانہ زیارت گاہِ طفلاں ہے — شرارِ سنگ نے تربت پہ میری گل فشانی کی ص۲۰۷

پسِ دیوار: میں تو دیوانہ ہوں اور ایک جہاں ہے غمّاز — گوش ہیں در پسِ دیوار، کہوں یا نہ کہوں ص۲۹۸

پسِ زانوے آئینہ: حیرتِ فکرِ سخن، سازِ سلامت ہے اسدؔ! — دل پسِ زانوے آئینہ بٹھاتا ہے مجھے ص۸۸

پسِ زانوے تامّل: جوہرِ آئنہ: فکرِ سخنِ موے دماغ — عرضِ حسرت پسِ زانوے تامّل تاچند ص۳۹

پستانِ[۲] پری زاد: دیکھیے: سرِ پستانِ پری زاد۔

پست[۳] فطرت: تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند — اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند ص۳۸

پست فطرتیِ طبعِ آرزو: تا چند پست فطرتیِ طبعِ آرزو — یارب! ملے بلندیِ دستِ دعا مجھے ص۷۶

پستی[۴]: غرّۂ اوجِ بِنائے عالمِ امکاں نہ ہو — اِس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن ص۱۷۹

پسند[۵]: (۱) فروِ آئینہ میں بخشیں شکنِ خندۂ گل — دلِ آزردہ پسند آئنہ رُخساروں کا ص۲۸

(۲) یہ غزل اپنی مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ — ہے ردیفِ شعر میں غالبؔ! زِبس تکرارِ دوست ص۱۶۵

(۳) ہیں آج کیوں ذلیل؟ کہ کل تک نہ تھی پسند — گستاخیِ فرشتہ ہماری جناب میں ص۱۸۹

(۴) کی اُس نے گرم سینۂ اہلِ ہوس میں جا — آوے نہ کیوں پسند کہ ٹھنڈا مکان ہے ص۲۰۳

(۵) دُکھ جی کے پسند ہوگیا ہے غالبؔ! — دل رُک رُک کر بند ہوگیا ہے غالبؔ! ص۲۵۳

(۶) دیکھیے: ہمّتِ دشوار پسند۔

[بہ طورِ جزوِ ردیف چار بار، ص۱۲]:

(۷) سوادِ چشمِ بسمل انتخابِ نقطہ آرائی — خرامِ نازِ بے پروائیِ قاتل پسند آیا

(۸) روانی ہاے موجِ خونِ بسمل سے ٹپکتا ہے — کہ لطفِ بے تحاشا رفتنِ قاتل پسند آیا

(۹) ہوئی جس کو بہارِ فرصتِ ہستی سے آگاہی — بہ رنگِ لالہ جامِ بادہ بر محمل پسند آیا

---

[۱] پس : پانچ بار [مرکب]۔
[۲] پستان : ایک بار [مرکب]۔
[۳] پست : دو بار [مرکب]۔
[۴] پستی : ایک بار۔
[۵] پسند : چودہ بار [مفرد: بارہ بار، مرکب: دو بار]۔

(۱۰) اسدؔ! ہر جا سخن نے طرحِ باغِ تازہ ڈالی ہے — مجھے رنگِ بہار ایجادیِ بیدلؔ پسند آیا

[چار بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۱۴۲]:

(۱۱)، (۱۲) شمارِ سبحہ مرغوبِ بتِ مشکل پسند آیا — تماشائے بہ یک کف بُردنِ صد دل پسند آیا

(۱۳) بہ فیضِ بے دلی نومیدیِ جاوید آساں ہے — کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا

(۱۴) ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریِ قاتل — کہ اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا

پسینا[۱]: (۱) بیابانِ فنا ہے بعدِ صحرائے طلب غالبؔ! — پسینا توسنِ ہمت کا سیلِ خانۂ زیں ہے — ص ۸۹

(۲) رخ پہ دولھا کے جو گرمی سے پسینا ٹپکا — ہے رگِ ابرِ گہربار سراسر سہرا — ص ۲۸۷

پُشت[۲]: (۱) سَو پُشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری — کچھ شاعری ذریعۂ عزّت نہیں مجھے — ص ۱۲۲

(۲) دیکھیے: خمِ پُشت۔

پُشتِ آئینہ: دیکھیے: تصویر بہ پُشتِ آئینہ۔

پُشتِ دست بہ دنداں گزیدہ: ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں — جوں شانہ پُشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں — ص ۶۱

پُشتِ پا: دیکھیے: مرتبۂ پُشتِ پا۔

پُشتِ چشم: (۱) عیسیٰ! طلسمِ حُسنِ تغافل ہے زینہار — جُز پُشتِ چشم، نسخۂ عرضِ دوا نہ مانگ — ص ۵۰

(۲) نہیں اقلیمِ اُلفت میں کوئی طومارِ ناز ایسا — کہ پُشتِ چشم سے جس کے نہ ہووے مُہر عنواں پر — ص ۱۶۷

پُشتِ چشمِ رنداں: عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم — روئے شش جہت آفاق پُشتِ چشمِ رنداں ہے — ص ۸۹

پُشتِ چشمِ قاتل: غفلت بہ بالِ جوہرِ شمشیر پرفشاں — یہاں پُشتِ چشمِ شوخیِ قاتل ہے آئنہ — ص ۷۰

پُشتِ چشمِ شوخیِ نیساں: اے کرم! نہ ہو غافل ورنہ ہے اسدؔ بے دل — بے گہر صدف گویا پُشتِ چشمِ نیساں ہے — ص ۸۹

پُشتِ خار: اسدؔ! ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سر و پا ہیں — کہ ہے سرپنجۂ مژگانِ آہو پُشتِ خار اپنا — ص ۱۵۴

پُشتِ خمِ التجا: وہ التماسِ لذّتِ بیداد ہوں کہ میں — تیغِ ستم کو پُشتِ خمِ التجا کروں — ص ۵۶

پُشتِ دستِ عجز: (۱) بزمِ خوباں بس کہ جوشِ جلوہ سے پُرنور ہے — پُشتِ دستِ عجز یہاں ہر برگِ نخلِ طورؔ ہے — ص ۹۳

(۲) ہم سے رنجِ بیتابی کس طرح اُٹھایا جائے — داغ پُشتِ دستِ عجز، شعلہ خس بہ دنداں ہے — ص ۲۱۷

---

[۱] پسینا : دوبار۔

[۲] پُشت : تئیس بار [مرتّب]۔

	(۳) خشت، پُشتِ دستِ عجز و قالب، آغوشِ وداع	پُر ہوا ہے سیل سے پیمانہ کس تعمیر کا؟	ص ۱۱
پُشتِ فلک:	نسبتِ نام سے اُس کے ہے یہ رُتبہ کہ رہے	ابداً پُشتِ فلک خم شدۂ نازِ زمیں	ص ۱۳۴
پُشتِ کبوتر:	گیا جو نامہ بر، وھاں سے بہ رنگِ باختہ آیا	خطوطِ روے قالیں نقش ہے پُشتِ کبوتر کا	ص ۴۴۴
پُشت گرمیِ آئینہ:	سیماب، پُشت گرمیِ آئینہ دے ہے، ہم	حیراں کیے ہوئے ہیں دلِ بے قرار کے	ص ۲۱۰
پُشت گرمیِ تاب و تواں:	ہرچند جاں گدازیِ قہر و عتاب ہے	ہرچند پُشت گرمیِ تاب و تواں نہیں	ص ۱۸۸
پُشتِ لب:	پُشتِ لب تُہمتِ خط کھینچے ہے بیجا، یعنی	سبز ہے موجِ تبسّم بہ ہواے گفتار	ص ۳
پُشتِ لبِ بام:	دیکھیے: یک خطِ پُشتِ لبِ بام۔		
پُشتِ لبِ سوفار:	جتاں! زہراب اِس شدّت سے دو پیکانِ ناوک کو	کہ خطِ سبز تا پُشتِ لبِ سوفار ہو پیدا	ص ۳۱
پُشت و رُخِ آئینہ:	پُشت و رُخِ آئینہ ہے دین و دُنیا	منظور ہے دو جہاں سے تو، یعنی دل	ص ۱۱۷
پشیماں[۱]:	(۱) شوخیِ رنگِ حنا خونِ وفا سے کب تک؟	آخر اے عہد شکن! تو بھی پشیماں نکلا	ص ۱۳
	(۲) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ	ہاے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا!	ص ۱۵۰
پشیمانی:	(۱) دستِ برہم سودہ ہے مژگانِ خوابیدہ اسدؔ!	اے دل از کف دادۂ غفلت! پشیمانی عبث	ص ۳۴
	(۲) دیکھیے: زنجیرِ پشیمانی۔		
پگاہ[۲]:	دیکھیے: شام و پگاہ۔		
پُل[۳]:	(۱) لال ڈگّی پر کرے گا جا کے کیا	پُل پہ چل، ہے آج دن اتوار کا	[قادرنامہ]
	(۲) پُل ہی پر سے پھیر لائے ہم کو لوگ	ورنہ تھا اپنا ارادہ پار کا	[قادرنامہ]
پلک[۴]:	ہُنر پیدا کیا ہے میں نے حیرت آزمائی میں	کہ جوہر آئنے کا، ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی	ص ۷۶
پلنگ[۵]:	دیکھیے: (۱)، (۲) داغِ پلنگ [دو بار]۔ (۳) ساغرکشِ داغِ پلنگ۔		
پناہ[۶]:	(۱) پیری و نیستی، خدا کی پناہ!	دستِ خالی و خاطرِ غمگیں	ص ۲۸۱

۱۔ پشیماں : دو بار۔
پشیمانی : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
۲۔ پگاہ : ایک بار [مرکّب]۔
۳۔ پُل : دو بار۔
۴۔ پلک : ایک بار۔ پلکوں : ایک بار۔
۵۔ پلنگ : تین بار [مرکّب]۔
۶۔ پناہ : چار بار [مفرد: دو بار، مرکّب: دو بار]۔
پناہیں : ایک بار۔

دیکھیے: (۲) جلوۂ بینش پناہ۔ (۳) خدا کی پناہ۔

پناہِ شہروسپاہ:	ملاذِ کشور و لشکر، پناہِ شہر و سپاہ	جنابِ عالیِ ایلن برونِ والا جاہ	ص۲۷۶
پناہیں:	دیر و حرم آیینۂ تکرارِ تمنا	واماندگیِ شوق تراشے ہے پناہیں	ص۵۹
پنبہ[1]:	(۱) جوشِ بہار کلفتِ نظارہ ہے اسدؔ!	ہے ابر، پنبہ روزنِ دیوارِ باغ کا	ص۱۹
	(۲) ہوئی ہے مانعِ ذوقِ تماشا خانہ ویرانی	کفِ سیلاب باقی ہے بہ رنگِ پنبہ روزن میں	ص۱۸۰
	(۳) بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی	شبِ مہ ہو جو رکھ دوں پنبہ دیواروں کے روزن میں	ص۱۸۰
	(۴) کیا کہوں تاریکیِ زندانِ غم، اندھیر ہے	پنبہ، نورِ صبح سے کم جس کے روزن میں نہیں	ص۱۸۵
	(۵) دیکھیے: رنگِ پنبہ۔		
پنبہ آگیں:	بجا ہے، گر نہ سنے نالہ ہائے بلبلِ زار	کہ گوشِ گل نمِ شبنم سے پنبہ آگیں ہے	ص۲۱۳
پنبۂ بالش:	(۱) پریشانی سے مغزِ سر ہوا ہے پنبۂ بالش	خیالِ شوخیِ خوباں کو راحت آفریں پایا	ص۲۲
	(۲) وحاں کرم کو عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام	گریے سے یہاں پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا	ص۱۳۵
پنبۂ روزن:	(۱) اُگی اک پنبۂ روزن سے تھی چشمِ سفید آخر	حیا کو انتظارِ جلوہ ریزی کے کمیں پایا	ص۲۲
	(۲) غضب شرم آفریں ہے رنگ ریزی ہائے خود بینی	سفیدی آئنے کی پنبۂ روزن نہ ہو جاوے	ص۸۵
پنبۂ شیشۂ شراب:	لطفِ خمارِ مے کو ہے در دلِ ہمدگر اثر	پنبۂ شیشۂ شراب کف بہ لبِ ایاغ ہے	ص۱۱۵
پنبۂ گوشِ حریفاں:	(۱) ہجومِ سادہ لوحی پنبۂ گوشِ حریفاں ہے	وگرنہ خواب کی مضمر ہیں افسانے میں تعبیریں	ص۶۳
	(۲) غفلت استعدادِ ذوق و مدعا غافل اسدؔ	پنبۂ گوشِ حریفاں پود و تارِ نغمہ ہے	ص۸۷
پنبۂ مرہم:	تمثالِ بتاں گر نہ رکھے پنبۂ مرہم	آئینہ بہ عریانیِ زخمِ جگر آوے	ص۱۱۴
پنبۂ مینا:	(۱) ہو سکے ہے پردۂ جوشیدنِ زخمِ جگر	اشک بعدِ ضبط غیر از پنبۂ مینا نہیں	ص۶۵
	(۲) بزم ہے یک پنبۂ مینا گدازِ ربط سے	عیش کر غافل! حجابِ نشۂ محفل نہ پوچھ	ص۷۲
	(۳) اے خوشا وقتے کہ ساقی یک خمستاں وا کرے	تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے	ص۱۰۱

[1] پنبہ : اکیس بار [مفرد: تین بار، مرکب: اٹھارہ بار]۔

(۴) درکار ہے شگفتنِ گل ہاے عیش کو — صبحِ بہار، پنبۂ مینا کہیں جسے — ص ۲۱۸

(۵) نہاں کیفیتِ مے میں ہے سامانِ حجاب اُس کا — بُنا ہے پنبۂ مینا سے ساقی نے نقاب اُس کا — ص ۴۴۷

(۶) دیکھیے: مغزِ پنبۂ مینا۔

پنبۂ مینائے مے: پنبۂ مینائے مے رکھ لو تم اپنے کان میں — مے پرستاں! ناصحِ بے صرفہ گو بیہودہ ہے — ص ۱۰۳

پنج آہنگ[1]: منطبع ہو رہی ہے پنج آہنگ — گل و ریحان و لالہ رنگا رنگ — ص ۲۶۷

پنجاب[2]: دیکھیے: فرماں روائے کشورِ پنجاب۔

پنجہ[3]: (۱) ہزبر پنجے سے لیتا ہے کام شانے کا — کبھی جو ہوتی ہے اُلجھی ہوئی دُمِ روباہ — ص ۲۷۷

(۳) کس رُتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل — آتی نہیں پنجے میں بس اُس کے نظر انگشت — ص ۳۲

پنجۂ خرشید: (۱) بس کہ ہر یک موے زلف افشاں سے ہے تارِ شعاع — پنجۂ خرشید کو سمجھے ہیں دستِ شانہ ہم — ص ۵۴

(۲) ہوا چرخِ خمیدہ ناتواں بارِ علائق سے — کہ ظاہر پنجۂ خرشید دستِ زیرِ پہلو ہے — ص ۹۸

(۳) گر ہو سرِ دریوزگیِ جلوۂ دیدار — جوں پنجۂ خرشید ہو اے دستِ دُعا! گرم — ص ۴۴۸

پنجۂ خوباں: دیوانگاں کا چارہ فروغِ بہار ہے — ہے شاخِ گل میں پنجۂ خوباں بجائے گل — ص ۵۳

پنجۂ صیاد: دیکھیے: حنائے پنجۂ صیاد۔

پنجۂ مژگاں: (۱) اے اسدؔ! ہے مستعدِ شانۂ گیسو شدن — پنجۂ مژگاں بہ خود بالیدنی رکھتا ہے آج — ص ۳۵

(۲) بہرِ پروردن سراسر لطف گستر سایہ ہے — پنجۂ مژگاں بہ طفلِ اشک دستِ دایہ ہے — ص ۱۰۲

پندِ[4] ناصح: دیکھیے: شورِ پندِ ناصح۔

پندار[5]: دل پھر طوافِ کوے ملامت کو جائے ہے — پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے — ص ۲۲۶

پندارِ خدائی: تم ہو بُت پھر تمھیں پندارِ خدائی کیوں ہے؟ — تم خداوند ہی کہلاؤ، خدا اور سہی — ص ۳۱۱

پنڈے[6]: دیکھیے: گورے پنڈے۔

---

۱ پنج آہنگ : ایک بار۔
۲ پنجاب : ایک بار [مرکّب]۔
تختۂ مشق[1]: ظاہر ہے ہم سے کُلفتِ بختِ سیاہ روز — گویا کہ تختۂ مشق ہیں خطِّ غبار کے — ص ۸۰

تختۂ مشقِ رنگ: جوں پرِ طاؤس جوہر تختۂ مشقِ رنگ ہے — بس کہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع — ص ۴۷

تختۂ گل ہائے یاسمیں: بنا ہے تختۂ گل ہائے یاسمیں بستر — ہوا ہے دستۂ نسرین و نسترن تکیہ — ص ۳۰۳

تختۂ مشقِ شگفتن: یک جہاں گل تختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ! — غنچۂ خاطر رہا افسردگی مانوس و بس — ص ۳۶

تخلّص[2]: (۱) درسِ تپش ہے برق کو اب جس کے نام سے — وہ دل ہے یہ کہ جس کا تخلّص صبور تھا — ص ۱۸

(۲) تا تخلّص جامۂ شنگرفی ارزانی اسدؔ! — شاعری جُز سازِ درویشی نہیں، حاصل نہ پوچھ — ص ۷۲

تخم[3]: (۱) بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے — ریشے سے ہر تخم کا دلو اندرونِ چاہ ہے — ص ۹۲

(۲) دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے — مرا ہر داغِ دل اک تخم ہے سروِ چراغاں کا — ص ۱۵۶

(۳) دیکھیے: اصلِ تخم۔

تخمِ شرار: گدازِ موم ہے افسونِ ربطِ پیکر آرائی — نکالے کب نہالِ شمع بے تخمِ شرار، آتش — ص ۴۷

تخمِ شرر: اثر سوزِ محبّت کا قیامت بے محابا ہے — کہ رگ سے سنگ میں تخمِ شرر کا ریشہ پیدا ہے — ص ۸۴

تدارک[4]: خود ہے تدارک اِس کا گورمنٹ کو ضرور — بے وجہ کیوں ذلیل ہو غالبؔ ہے جس کا نام — ص ۲۸۳

تدبیر[5]: (۱) نہ کھینچ اے دستِ سعیِ نارسا! زلفِ تمنّا کو — پریشاں تر ہے موئے خامہ سے تدبیر مانی کی — ص ۷۷

(۲) جنوں رُسوائیِ وارستگی، زنجیر بہتر ہے — بقدرِ مصلحت دل بستگی، تدبیر بہتر ہے — ص ۱۰۸

(۳) خوشا خود بینی و تدبیر وغفلت نقد اندیشہ — بہ دینِ عجز اگر بدنامیِ تقدیر بہتر ہے — ص ۱۰۸

(۴) گو زندگیِ زاہدِ بے چارہ عبث ہے — اِتنا ہے کہ رہتی تو ہے تدبیر وضو کی — ص ۱۱۶

(۵) مرنے کی اے دل! اَور ہی تدبیر کر، کہ میں — شایانِ دست وخنجرِ قاتل نہیں رہا — ص ۱۵۳

---

۱ تختہ : چار بار [مرکّب]۔
۲ تخلّص : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
۳ تخم : پانچ بار [مرکّب]۔
۴ تدارک : ایک بار۔
۵ تدبیر : پندرہ بار [مفرد: آٹھ بار، مرکّب: سات بار]۔
تدبیریں : ایک بار۔

(۶) نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی ہوا جامِ زمرّد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر ص۱۲۸

(۷) مانعِ دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں ایک چکّر ہے مرے پانو میں زنجیر نہیں ص۱۸۲

(۸) جس زخم کی ہوسکتی ہو تدبیر رفو کی لکھ دیجیو یارب! اُسے قسمت میں عدو کی ص۲۲۸

دیکھیے ـــــــ: (۹) اہلِ تدبیر۔ (۱۰) بُنِ ناخنِ تدبیر۔ (۱۱) پردۂ تدبیر۔ (۱۲) سُستیِ تدبیر۔ (۱۳) غفلت کشِ تدبیر۔ (۱۴) ناخنِ تدبیر۔

تدبیرِ پیچ و تابِ نفَس: خوانا نہیں ہے خط رقمِ اِضطرار کا تدبیرِ پیچ و تابِ نفَس کیا کرے کوئی ص۸۸

تدبیریں: ہوئی ہیں آب، شرمِ کوششِ بیجا سے تدبیریں عرق ریزِ تپش ہیں موج کے مانند زنجیریں ص۶۴

تَدَرو[1]: دیکھیے: بالِ تدرو۔

تذکرۂ[2] غیر: ہے مجھ کو تجھ سے تذکرۂ غیر کا گلہ ہر چند بر سبیلِ شکایت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۴

تر[3]: (۱) بس کہ آئینے نے پایا گرمیِ رُخ سے گداز دامنِ تمثال مثلِ برگِ گل تر ہوگیا ص۳۰

(۲) ضبط سے مطلب بجز وارستگی، دیگر نہیں دامنِ تمثال آبِ آئنہ سے تر نہیں ص۶۶

(۳) دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک میرا سرِ دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا ص۱۵۲

(۴) نہ رکھ چشمِ حصولِ نفع صحبت ہائے مُمسک سے لبِ خشکِ صدف آبِ گہر سے تر نہیں ہوتا ص۴۴۵

دیکھیے ـــــــ: (۵)۔(۹) چشمِ تر [چار بار]۔ (۱۰) دیدۂ تر۔ (۱۱) گلِ تر۔ (۱۲) مژگانِ چشمِ تر۔

تر زباں: اِس چمن میں ریشہ واری جس نے سر کھینچا اسدؔ! تر زبانِ شکرِ لطفِ ساقیِ کوثر ہوا ص۲۰

ترجبیں: (۱) بہ حسرت گاہِ نازِ کشتۂ جاں بخشیِ خوباں خضر کو چشمۂ آبِ بقا سے ترجبیں پایا ص۲۲

(۲) ترجبیں رکھتی ہے شرمِ قطرہ سامانی مجھے موجِ گردابِ حیا ہے چینِ پیشانی مجھے ص۸۶

ترجبینی: (۱) بے گریہ کمال ترجبینی ہے مجھے در بزمِ وفا خجل نشینی ہے مجھے ص۳۵۷

(۲) دیکھیے: گدازِ ترجبینی۔

ترازِ[4] دوام: کاتبِ حکم نے بہ موجبِ حکم اُس رقم کو دیا ترازِ دوام ص۱۳۸

---

[1] تدرو : ایک بار [مرکّب]۔

[2] تذکرہ : ایک بار [مرکّب]۔

[3] تر : سولہ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: بارہ بار]۔

[4] تراز : تین بار [مرکّب]۔

دیکھیے: ساماں ترازِ نازشِ اربابِ عجز، طوفاں ترازِ شوقِ خوں ریزی۔ [نیز دیکھیے: زینت طرازانِ چمن، وہم طرازانِ مجازی و حقیقی، ثنا ترازی، حُسن ترازی، سازِ چمن ترازیِ داماں، سحر ترازی، مدحت ترازی]۔

ترانہ خیز[1]: ضبطِ جنوں سے ہر سرِ مو ہے ترانہ خیز — یک نالہ بیٹھیے تو نیستاں اُٹھائیے — ص۷۳

ترانۂ ہل من مزید: دیکھیے: مطربِ ترانۂ ہل من مزید۔

تراوش[2]: (۱) میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدق توضیح — میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش تفصیل — ص۱۲۳

(۲) نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش گویا — دی ہے جاے دہن اُس کو دمِ ایجاد، نہیں — ص۱۸۶

(۳) خمارِ ضبط سے بھی نشۂ اظہار پیدا ہے — تراوش شیرۂ انگور کی ہے مفتِ افشردن — ص۳۳۹

تراویح[3]: (۱، ۲) ہوتی ہے تراویح سے فرصت کب تک؟ — سنتے ہو تراویح میں کتنا قرآں؟ — ص۳۱۳

تُربت[4]: پس از مُردن بھی دیوانہ زیارت گاہِ طفلاں ہے — شرارِ سنگ نے تربت پہ میری گُل فشانی کی — ص۲۰۷

تُربتِ فرہاد: سعیِ عاشق، ہے فروغ افزاے آبِ روے کار — ہے شرارِ تیشہ بہرِ تربتِ فرہاد، گُل — ص۵۲

تربیت[5]: دیکھیے: فیضِ تربیت۔

ترحّم[6]: ترحّم میں ستم کوشوں کے ہے سامان خوں ریزی — سرشکِ چشمِ یار، آبِ دمِ شمشیرِ ابرو ہے — ص۹۸

(۲) دیکھیے: اقبالِ ترحّم۔

ترحّم آفریں: ہے ترحّم آفریں آرایشِ بیداد یہاں — اشکِ چشمِ دام ہے ہر دانۂ صیاد یہاں — ص۵۷

تردّد شکنی: دیکھیے: ہمہ بیتابِ تردّد شکنی۔

ترسا[8]: دیکھیے: گبر و ترسا۔

ترسا بچہ: دیکھیے: عشقِ ترسا بچہ۔

ترساں[9]: جراحت دُوزیِ عاشق ہے جاے رحم، ترساں ہوں — کہ رشتہ، تارِ اشکِ دیدۂ سوزن نہ ہو جاوے — ص۸۵

---

[1] ترانہ : ایک بار [مرکّب]۔
[2] تراوش : تین بار۔
[3] تراویح : دوبار۔
[4] تربت : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
[5] تربیت : ایک بار [مرکّب]۔
[6] ترحّم : تین بار [مرکّب: دوبار]۔
[7] تردّد : ایک بار [مرکّب]۔
[8] ترسا : دوبار [مرکّب]۔
[9] ترساں : ایک بار۔

ترقی[1]: دیکھ لی جوشِ جوانی کی ترقی بھی کہ اب | بدر کے مانند کاہش روز افزوں ہے مجھے | ص۱۰۰

ترکِ[2] تنہائی: دیکھیے: حیلہ جوے ترکِ تنہائی۔

ترکِ جستجو: ضعف سے ہے نے قناعت سے، یہ ترکِ جستجو | ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمّتِ مردانہ ہم | ص۱۷۷

ترکِ حجاب: دیکھیے: مقامِ ترکِ حجاب۔

ترکِ خودآرائی: کجا معزولیِ آئینہ، کو ترکِ خود آرائی؟ | نمد درآب ہے اے سادہ پُرکار! اِس بہانے میں | ص۵۸

ترکِ دُنیا: کیا ہے ترکِ دُنیا کاہلی سے | ہمیں حاصل نہیں بے حاصلی سے | ص۹۱

ترکِ رُسوم: ہم موحّد ہیں، ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم | ملتیں جب مٹ گئیں، اجزاے ایماں ہوگئیں | ص۱۹۱

ترکِ صُحبت: دیکھیے: عذرِ ترکِ صُحبت۔

ترکِ لباسِ زعفرانی: ہوا ترکِ لباسِ زعفرانی دل کُشا لیکن | ہنوز آفت نسب یک خندہ، یعنی چاک باقی ہے | ص۱۰۷

ترکِ نَبردِ عشق: اہلِ ہوس کی فتح ہے ترکِ نبردِ عشق | جو پانو اُٹھ گئے، وہی اُن کے علم ہوئے | ص۲۲۷

ترکِ وفا: (۱) اسدؔ سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے | کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز | ص۴۳

(۲) ہم پر جفا سے ترکِ وفا کا گماں نہیں | اک چھیڑ ہے وگرنہ مراد امتحاں نہیں | ص۱۸۸

(۳) ہم کوئی ترکِ وفا کرتے ہیں | نہ سہی عشق، مصیبت ہی سہی | ص۲۲۱

تُرکِ[3] فلک: جمؔ رُتبہ میکلوڈؔ بہادر کہ وقتِ رزم | تُرکِ فلک کے ہاتھ سے وہ چھین لیں حُسام | ص۲۸۲

تُرکتاز[4]: یہ ترکتاز سے برہم کرے گا کشورِ روسؔ | یہ لے گا بادشہِ چیںؔ سے چھین تخت و کُلاہ | ص۲۷۸

ترکش[5]: (۱) مثلِ گل زخم ہے میرا بھی سناں سے توأم | تیرا ترکش ہی کچھ آبستنیِ تیر نہیں | ص۵۷

(۲) ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا نہ سہی | آخر اُس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا | ص۱۵۹

تُرنجِ[6] زَر: تھا ترنجِ زر ایک، خسروؔ پاس | رنگ کا زرد، پر کہاں بو باس | ص۱۳۱ [آم کے بیان میں]

تریاق[7]: دیکھیے: قافِ تریاق۔

---

[1] ترقی : ایک بار۔

[2] ترک : بارہ بار [مرکّب]۔

[3] تُرک : ایک بار [مرکّب]۔

[4] ترکتاز : ایک بار۔

[5] ترکش : دوبار۔

[6] تُرنج : ایک بار [مرکّب]۔

[7] تریاق : ایک بار [مرکّب]۔

تریاک[1]: دیکھیے: نشۂ تریاک۔

تریاکِ قدیم[2]: تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے | تریاکیِ قدیم ہوں دودِ چراغ کا | ص۱۵۰

تزئین[3]: دیکھیے: کمالِ تجمل وتزئیں۔

تسبیح[4]: (۱) ہوا ہے گریۂ بیباک ضبط سے تسبیح | ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں | ص۶۳

(۲) اِن سیم کے بیجوں کو کوئی کیا جانے | بھیجے ہیں جو ارمغاں شہِ والا نے

گن کر دیویں گے ہم دُعائیں سَو بار | فیروزے کی تسبیح کے ہیں یہ دانے | ص۲۵۴

(۳) ہزار دانے کی تسبیح چاہتا ہے بنے | بلا مبالغہ درکار ہے ہزار گرہ | ص۲۷۹

تسبیحِ اشک ہائے زِ مژگاں چکیدہ: کی متصل ستارہ شماری میں عمر صرف | تسبیحِ اشک ہائے زِ مژگاں چکیدہ ہوں | ص۶۱

تسبیحِ زاہداں: ہے تاک میں سَلَم ہوسِ صد قدح شراب | تسبیحِ زاہداں بہ کفِ مدعا گرو | ص۶۹

تسبیحِ مرجاں: بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوش ہائے مژگاں کا | کہ ہر یک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا | ص۱۵۶

تسبیحِ کواکب: شامِ فراقِ یار میں، جوشِ خیرہ سری سے ہم نے اسدؔ! | ماہ کو در تسبیحِ کواکب جائے نشینِ امام کیا | ص۲۷

تسبیحِ کوکب ہا: دیکھیے: رشتۂ تسبیحِ کوکب ہا۔

تسخیر[5]: دیکھیے ــــــ: (۱) پروازِ چمن تسخیر۔ (۲) خرابِ وحشتِ تسخیر۔ (۳) دشتِ تسخیر۔ (۴) قابلِ تسخیر۔

تسخیرِ تماشا: دیکھیے: عرضِ تسخیرِ تماشا۔

تسخیرِ نالہ: دیکھیے: یک تبِ غمِ تسخیرِ نالہ۔

تسکین[6]: (۱) جس قدر روحِ نباتی ہے جگر تشنۂ ناز | دے ہے تسکیں بہ دمِ آبِ بقا موجِ شراب | ص۱۶۳

(۲) خیالِ مرگ کب تسکیں دلِ آزردہ کو بخشے | مرے دامِ تمنا میں ہے اک صیدِ زبوں وہ بھی | ص۲۰۲

(۳) سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے | تسکیں کو دے نوید کہ مرنے کی آس ہے | ص۲۰۴

(۴) تسکیں کو ہم نہ روئیں جو ذوقِ نظر ملے | حورانِ خلد میں تری صورت مگر ملے | ص۲۳۶

---

۱ تریاک : ایک بار [مرکّب]۔
۲ تریاکی : ایک بار [مرکّب]۔
۳ تزئین : ایک بار [مرکّب]۔
۴ تسبیح : آٹھ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: پانچ بار]۔
۵ تسخیر : چھے بار [مرکّب]۔
۶ تسکین : پندرہ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: گیارہ بار]۔

دیکھیے ـــــ : (۵) باج خواہِ تسکیں ۔(۶) تہمت کشِ تسکیں ۔(۷) شغلِ تسکیں ۔(۸) مشقِ تسکیں ۔

تسکینِ اضطراب: وہ آ کے خواب میں تسکینِ اضطراب تو دے — ولے مجھے تپشِ دل مجالِ خواب تو دے — ص۲۲۳

تسکین ِ تپیدن ہائے طفلِ دل: تصور بہرِ تسکینِ تپیدن ہائے طفلِ دل — بہ باغِ رنگ ہائے رفتہ گلچینِ تماشا ہے — ص۸۴

تسکیں خیزِ بیدردی: دلِ آگاہ تسکیں خیزِ بیدردی نہ ہو یارب! — نفس، آئینہ دارِ آہِ بے تاثیر بہتر ہے — ص۱۰۸

تسکیں دہِ صدمحفل: وہمِ طربِ ہستی: ایجادِ سیہ مستی — تسکیں دہِ صدمحفل یک ساغرِ خالی ہے — ص۱۱۵

تسکینِ شعلۂ شمع: پروانے سے ہو شاید تسکینِ شعلۂ شمع — آسائشِ وفا ہا: بیتابیِ جفا ہے — ص۹۴

تسکینِ نکوہش ہائے بیدرداں: نہیں جز دردِ تسکینِ نکوہش ہائے بیدرداں — کہ موجِ گریہ میں صد خندۂ دنداں نما گم ہو — ص۶۸

تسکینِ ہوس: فریبِ بہرِ تسکینِ ہوس درکار ہے ورنہ — بہ وہم زرگرہ میں باندھتے ہیں برق حاصل ہا — ص۲۳

تسلّی[1]: (۱) دلِ نااُمید کیونکر بہ تسلّی آشنا ہو — جو اُمیدوار رہیے نہ بہ مرگِ ناگہانی — ص۱۰

(۲) اے تسلّی! ہوسِ وعدہ، فریب افسوں ہے — ورنہ کیا ہو نہ سکے نالہ بہ ساماں مجھ سے — ص۸۳

(۳) جگرِ تشنۂ آزار تسلّی نہ ہوا — جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس — ص۱۷۳

(۴) غلط نہ تھا ہمیں خط پر گماں تسلّی کا — نہ مانے دیدۂ دیدار جُو تو کیونکر ہو — ص۱۹۷

(۵) میں نامراد دل کی تسلّی کو کیا کروں؟ — مانا کہ تیرے رُخ سے نگہ کام یاب ہے — ص۲۰۶

(۶) نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلّی، نہ سہی — امتحاں اَور بھی باقی ہو تو یہ بھی نہ سہی — ص۲۰۹

دیکھیے ـــــ : (۷) آئینہ پردازِ تسلّی ۔(۸) پیغامِ تسلّی ۔(۹) حسرتِ تسلّی ۔(۱۰) صد ساغرِ تسلّی ۔(۱۱) گلچینِ گلستانِ تسلّی ۔(۱۲) منّت کشِ گلبانگِ تسلّی ۔(۱۳) وجہِ تسلّی ۔(۱۴) ہم رنگِ تسلّی ۔

تسلّیِ شعاع: دیکھیے: درسِ تسلّیِ شعاع۔

تسلّی گہِ وطن: دیکھیے: غریبِ تسلّی گہِ وطن۔

تسلیم[2]: (۱) بہ عجز آبادِ وہمِ مدّعا تسلیم، شوخی ہے — تغافل کو نہ کر مغرورِ تمکیں آزمائی کا — ص۱۶

---

[1] تسلّی : پندرہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: دس بار]۔
تسلّی گہ : ایک بار [مرکّب]۔

[2] تسلیم : چوبیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکّب: سولہ بار]۔

(۲) اسدؔ! سودائے سرسبزی سے، ہے تسلیم رنگیں تر | کہ کشتِ خشک اُس کا، ابرِ بے پروا خرام اُس کا | ص۲۴

(۳) بہ رنگِ سایہ ہمیں بندگی میں ہے تسلیم | کہ داغِ دل بہ جبینِ کشادہ رکھتے ہیں | ص۶۰

(۴) تسلیم سے یہ نالۂ موزوں ہوا حصول | اے بے خبر! میں نغمۂ چنگِ خمیدہ ہوں | ص۶۱

(۵) دعوائے جنوں باطل، تسلیم عبث حاصل | پروازِ فنا مشکل، میں عجزِ تن آسانی | ص۱۰۹

(۶) تیری مدحت کے لیے ہیں دل و جاں، کام و زباں | تیری تسلیم کو ہیں لوح و قلم، دست و جبیں | ص۱۳۵

(۷) عشق و مزدوریِ عشرت گہِ خسرو، کیا خوب! | ہم کو تسلیم نکونامیِ فرہاد نہیں | ص۱۸۶

(۸) ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے | بے نیازی تری عادت ہی سہی | ص۲۲۱

دیکھیے ـــــــ: (۹) بادہ بہ دستِ تسلیم۔ (۱۰) بیکاریِ تسلیم۔ (۱۱) خمِ تسلیم۔ (۱۲) دستِ تسلیم۔ (۱۳) ساغرکشِ تسلیم۔ (۱۴) سراپا یک خمِ تسلیم۔ (۱۵) سرِجادۂ شرعِ تسلیم۔ (۱۶) عالمِ تسلیم۔ (۱۷) محرومیِ تسلیم۔

تسلیم آہن: دیکھیے: قدم بوسِ دلِ تسلیم آہن۔

تسلیمِ تمنا: دیکھیے: ذوقِ تسلیمِ تمنا۔

تسلیمِ خُلت مشرباں: دیکھیے: رتبۂ تسلیمِ خُلت مشرباں۔

تسلیمِ زمیں گیراں: ہووے نہ غبارِ دل تسلیمِ زمیں گیراں | مغرور نہ ہو ناداں! سر تا سرِ گیتی ہے | ص۱۱۵

تسلیم فروشی: اُس قامتِ رعنا کی جہاں جلوہ گری ہے | تسلیم فروشی روشِ کبکِ دری ہے | ص۴۵۳

تسلیم و رضا: دیکھیے: خوبیِ تسلیم و رضا۔

تسلیمِ ہوش: دیکھیے: اجازتِ تسلیمِ ہوش۔

تسمہ[۱]: دیکھیے: اک تسمہ۔

تسخّن[۲]: دیکھیے: اہلِ تسخّن۔

تشتِ ماہ تاب: شب کہ تھا نظارگی روئے بتاں کا اے اسدؔ! | گر گیا بامِ فلک سے صبح تشتِ ماہ تاب | ص۳۱

تشنہ[۴]: دیکھیے: جگر تشنۂ صد رنگ ظہور۔

---

۱ تسمہ : ایک بار [مرتّب]۔
۲ تسخّن : ایک بار [مرتّب]۔
۳ تشت : ایک بار [مرتّب]۔
۴ تشنہ : اُنتیس بار [مرتّب]۔

تشنہ کام: میں اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں! — گر میں نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ہوا تھا؟ — ص ۱۵۸

تشنہ کامی: (۱) ہے یاس میں اسدؔ کو ساقی سے بھی فراغت — دریا سے خشک گزری مستوں کی تشنہ کامی — ص ۷۵

(۲) دیکھیے: خُمارِ تشنہ کامی۔

تشنہ لب: غیر لیں محفل میں بوسے جام کے — ہم رہیں یوں تشنہ لب پیغام کے — ص ۲۵۰

تشنہ لبِ کربلا: وہ، جس کے ماتمیوں پر ہے سلسبیل، سبیل — شہیدِ تشنہ لبِ کربلا کہیں اُس کو! — ص ۲۸۵

تشنہ لبی: دیکھیے: جوشِ تشنہ لبی۔

تشنۂ آزار: دیکھیے: جگرِ تشنۂ آزار۔

تشنۂ تقریر: دیکھیے: لبِ تشنۂ تقریر۔

تشنۂ خوں: (۱) بلا سے، گر مژۂ یار تشنۂ خوں ہے — رکھوں کچھ اپنی بھی مژگانِ خوں فشاں کے لیے — ص ۲۳۶

(۲) شہرِ دہلی کا ذرّہ ذرّۂ خاک — تشنۂ خوں ہے ہر مسلماں کا — ص ۲۶۰

تشنۂ خونِ تماشا: ~~تشنۂ خونِ تماشا جو~~ وہ پانی مانگے — آئنہ رُخصتِ اندازِ روانی مانگے — ص ۷۸

تشنۂ خونِ دل و دیدہ: بے دماغِ تپشِ رشک ہوں اے جلوۂ حُسن! — تشنۂ خونِ دل و دیدہ ہے پیماں میرا — ص ۲۱

تشنۂ خونِ دوعالم: رشکِ نظارہ تھی یک برقِ تجلّی کہ ہنوز — تشنۂ خونِ دوعالم ہوں بہ عرضِ تکرار — ص ۶

تشنۂ سرشارِ تمنّا: وہ تشنۂ سرشارِ تمنّا ہوں کہ جس کو — ہر ذرّہ بہ کیفیتِ ساغر نظر آوے — ص ۱۱۳

تشنۂ سعیِ امتحاں: اے بد سرابِ حُسنِ خلق تشنۂ سعیِ امتحاں! — شوق کو منفعل نہ کر، ناز کو التجا سمجھ — ص ۷۲

تشنۂ فریاد: دیکھیے: جگرِ تشنۂ فریاد۔

تشنۂ لب دوختن: میں ہوں سرابِ یک تپش آموختن ہنوز — زخمِ جگر ہے تشنۂ لب دوختن ہنوز — ص ۳۲

تشنۂ ناز: دیکھیے: جگرِ تشنۂ ناز۔

تشنگی[1]**:** (۱) لبِ خشک در تشنگی مُردگاں کا — زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا — ص ۱۴۸

(۲) دیکھیے: تابِ عرضِ تشنگی۔

---

[1] تشنگی : تین بار [مرتّب]۔

تشنگیِ شوق: نہ بندھے تشنگیِ شوق کے مضموں غالبؔ! — گرچہ دل کھول کے دریا کو بھی ساحل باندھا — ص ۱۳۵

تشویش[1]: دیکھیے: پیمانۂ اندازۂ تشویش۔

تشویشِ مرہم: فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے — بہم گر صلح کرتے پارہ ہائے دل نمک داں پر — ص ۱۶۷

تصدّق[2]: میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدّق توضیح — میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش تفصیل — ص ۱۴۴

تصرّف[3]: تصرّف وحشیوں میں ہے تصوّرہائے مجنوں کا — سوادِ چشمِ آہو عکسِ خالِ روئے لیلا ہے — ص ۸۴

(۲) گر تبِ آسودۂ مژگاں تصرّف وا کرے — رشتۂ پا، شوخیِ بالِ نفس پیدا کرے — ص ۱۰۱

تصوّر[4]: (۱) موجِ ابروے قضا جس کے تصوّر سے دونیم — بیم سے جس کے دلِ شحنۂ تقدیر فگار — ص ۵ [ذوالفقار کے لیے]

(۲) شگفتن کمیں گاہِ تقریب جوئی — تصوّر ہوں بے موجب آزردگاں کا — ص ۱۸

(۳) بہ وقتِ سرنگونی ہے تصوّر انتظارستاں — نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا — ص ۱۹

(۴) نہ بخشی فرصتِ یک شبنمستاں جلوۂ خُور نے — تصوّر نے کیا ساماں ہزار آئینہ بندی کا — ص ۲۶

(۵) ہوا نے ابر سے کی موسمِ گل میں نمد بافی — کہ تھا آئینۂ خُور پر تصوّر زنگ بستن کا — ص ۲۷

(۶) ہے ہوس محمل بہ دوشِ شوخیِ ساقیؔ مست — نشۂ مے کے تصوّر میں نگہبانی عبث — ص ۳۳

(۷) ہے تصوّر میں نہاں سرمایۂ صد گلستاں — کاسۂ زانو ہے مجھ کو بیضۂ طاؤس و بس — ص ۴۶

(۸) ہے تصوّر صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار — لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد، گل — ص ۵۲

(۹) گزرا جو آشیاں کا تصوّر بہ وقتِ بند — مژگانِ چشمِ دام ہوئے خار و خس تمام — ص ۵۵

(۱۰) کیوں اِسے گوہرِ نایاب تصوّر کیجے — کیوں اِسے مردمکِ دیدۂ عنقا کہیے — ص ۱۴۲

(۱۱) موجۂ گل سے چراغاں ہے گزرگاہِ خیال — ہے تصوّر میں ز بس جلوہ نما موجِ شراب — ص ۱۶۳

(۱۲) نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود — ہنوز تیرے تصوّر میں ہے نشیب و فراز — ص ۱۷۱

(۱۳) تھی وہ اک شخص کے تصوّر سے — اب وہ رعنائیِ خیال کہاں! — ص ۱۸۲

---

[1] تشویش : دوبار [مرکّب]۔
[2] تصدّق : ایک بار۔
[3] تصرّف: دوبار۔
[4] تصوّر : چھبیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکّب: دس بار]۔
تصوّرہا : دوبار [مرکّب]۔

(۱۴) ہوسِ گل کا تصوّر میں بھی کھٹکا نہ رہا　عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے　ص۲۲۲

(۱۵) اچھا ہے سر انگشتِ حنائی کا تصوّر　دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی　ص۲۲۸

(۱۶) یاد آیا جو وہ کہنا کہ نہیں، واہ! غلط　کی تصوّر نے بہ صحرائے ہوس راہ غلط　ص۲۹۴

دیکھیے ــــــ: (۱۷) پختگی ہائے تصوّر۔ (۱۸) خیالِ سادگی ہائے تصوّر۔ (۱۹) فہمِ تصوّر۔ (۲۰) گرمیِ تصوّر۔ (۲۱) نظر بندِ تصوّر۔ (۲۲)، (۲۳) ہنگامِ تصوّر (دوبار)

تصوّرِ جاناں: جی ڈھونڈھتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن　بیٹھے رہیں تصوّرِ جاناں کیے ہوئے　ص۲۲۶

تصوّر کردنی: ہے ریا کا رتبہ بالاتر تصوّر کردنی　تیرگی سے داغ کی مہ سیمِ مِس اندودہ ہے　ص۱۰۳

تصوّرہائے مجنوں: تصرّف وحشیوں میں ہے تصوّرہائے مجنوں کا　سوادِ چشمِ آہو عکسِ خالِ روئے لیلا ہے　ص۸۴

تصوّرہائے ہم دوشی: ہوں تصوّرہائے ہم دوشی سے بدمستِ شراب　حیرتِ آغوشِ خوباں ساغرِ بلّور ہے　ص۹۳

تصوّرِ یار: کرتے ہوئے تصوّرِ یار آئے ہے حیا　کیا فائدہ کہ منّتِ بیگانہ کھینچیے　ص۱۰۵

تصوّف[1]: دیکھیے: مسائلِ تصوّف۔

تصویر[2]: (۱) ضعف آئنہ پردازیِ دستِ دگراں ہے　تصویر کے پردے میں مگر رنگ نکالوں　ص۶۱

(۲) کمالِ حُسن اگر موقوفِ اندازِ تغافل ہو　تکلّف برطرف، تجھ سے تری تصویر بہتر ہے　ص۱۰۸

(۳) کھینچے گر مانیِ اندیشہ چمن کی تصویر　سبز مثلِ خطِ نوخیز ہو خطِّ پرکار　ص۱۳۲

(۴) شوق ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا　قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا　ص۱۴۴

(۵) آنکھ کی تصویر سرنامے پہ کھینچی ہے کہ تا　تجھ پہ کُھل جاوے کہ اس کو حسرتِ دیدار ہے　ص۲۱۲

(۶) سیاہی جیسے گر جاوے دمِ تحریر کاغذ پر　مری قسمت میں یوں تصویر ہے شب ہائے ہجراں کی　ص۲۲۱

دیکھیے ــــــ: (۷) آئینۂ تصویر۔ (۸)، (۹) بلبلِ تصویر [دوبار]۔ (۱۰) پیکرِ تصویر۔ (۱۱) گردۂ تصویر۔ (۱۲) نگہِ دیدۂ تصویر۔

تصویرِ چاک: دیکھیے: یک تصویرِ چاک۔

---

[1] تصوّف : ایک بار [مرکّب]۔

[2] تصویر : بیس بار [مفرد: چھے بار، مرکّب: چودہ بار]۔　تصویریں: دوبار۔

تصویر بہ پشتِ آئینہ: عکسِ رُخِ افروختہ تھا تصویر بہ پشتِ آئینہ — شوخ نے وقتِ حُسن ترازی تمکیں سے آرام کیا — ص ۲۶

تصویرِ زمیں: دیکھیے: گردۂ تصویرِ زمیں۔

تصویرِ عریاں: (۱) اسدؔ! بزمِ تماشا میں تغافل، پردہ داری ہے — اگر ڈھانپے تو آنکھیں ڈھانپ ہم تصویرِ عریاں ہیں — ص ۶۲

(۲) دیکھیے: پردۂ تصویرِ عریاں۔

تصویر نُما: دیکھیے ــــــ: (۱) آئینۂ تصویر نما۔ (۲) بزمِ آئینۂ تصویر نما۔

تصویرِ نہالی: دلِ بیمارِ از خود رفتہ تصویرِ نہالی ہے — کہ مژگاں ریشہ دارِ نیستانِ شیرِ قالی ہے — ص ۷۹

تصویریں: (۱) خیالِ سادگی ہائے تصور نقشِ حیرت ہے — پرِ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی ہیں تصویریں — ص ۶۳

(۲) بتانِ شوخ کی تمکینِ بعد از قتل کی حیرت — بیاضِ دیدۂ نخچیر پر کھینچے ہے تصویریں — ص ۶۵

تضاد[1]: (۱) تجھ میں اور غیر میں نسبت ہے ولیکن بہ تضاد — وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ اثباتِ یقیں — ص ۹

تعب[2]: دیکھیے: (۱)، (۲) صد رنج و تعب [دو بار]۔

تعب کش: اگر آرزو ہے راحت تو عبث بہ خوں تپیدن — کہ خیال ہو تعب کش بہ ہوائے کامرانی — ص ۱۰

تعبوں: مت پوچھ اسدؔ! غصۂ کم فرصتیِ زیست — دو دن بھی جو کاٹے تو قیامت تعبوں سے — ص ۴۷

تعبیر[3]: بہ زلفِ مہ وشاں رہتی ہے شب بیدار، ظاہر ہے — زبانِ شانہ سے تعبیر صد خوابِ پریشاں کی — ص ۴۵۲

دیکھیے ــــــ: (۲) آشنا تعبیرِ خوابِ سبزۂ بیگانہ۔ (۳) آئینۂ تعبیر۔

تعبیرِ آگاہی: کس سے اے غفلت! تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟ — گوش ہا سیمابی و دل بے قرارِ نغمہ ہے — ص ۸۶

تعبیریں: ہجومِ سادہ لوحی پنبۂ گوشِ حریفاں ہے — وگرنہ خواب کی، مُضمر ہیں افسانے میں، تعبیریں — ص ۶۴

تعجب[4]: (۱) اسدؔ! مت رکھ تعجب خر دماغی ہائے منعم کا — کہ یہ نامرد بھی شیر افگنِ میدانِ قالی ہے — ص ۷۹

(۲) زِبس طوفانِ آب و گل ہے غافل! کیا تعجب ہے — کہ ہر یک گرد بادِ گلستاں گرداب ہو جاوے — ص ۱۰۵

(۳) قیامت ہے کہ سُن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا — تعجب سے وہ بولا: یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں! — ص ۱۸۰

---

[1] تضاد : ایک بار [مرکّب]۔
[2] تعب : تین بار [مرکّب]۔
تعبوں : ایک بار۔
[3] تعبیر : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔
تعبیریں : ایک بار۔
[4] تعجب : چار بار۔

(۴) کیا تعجب ہے جو اُس کو، دیکھ کر آ جائے رحم — وھاں تلک کوئی کسی حیلے سے پہنچا دے مجھے — ص ۲۳۴

تعجیل[1]: نیک ہوتی مری حالت تو نہ دیتا تکلیف — جمع ہوتی مری خاطر تو نہ کرتا تعجیل — ص ۱۲۴

تعریف[2]: سُنتے ہیں جو بہشت کی تعریف، سب درست — لیکن خدا کرے وہ ترا جلوہ گاہ ہو! — ص ۱۹۷

تعزیت[3]: دیکھیے ـــــ: (۱) پیامِ تعزیت۔ (۲) ناسورِ چشمِ تعزیت۔

تعزیت آبادِ عشق: دیکھیے: بہارِ تعزیت آبادِ عشق۔

تعزیتِ مہر و وفا: غم سے مرتا ہوں کہ اِتنا نہیں دُنیا میں کوئی — کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا میرے بعد — ص ۱۹۶

تعزیر[4]: دیکھیے: لائقِ تعزیر۔

تعظیمِ مسیحا[5]: دیکھیے: رنجِ تعظیمِ مسیحا۔

تعلّق[6]: (۱) بہ فریبِ آشنائی، بہ خیالِ بے وفائی — نہ رکھ آپ سے تعلّق مگر ایک بدگمانی — ص ۹

(۲) کچھ نہیں حاصل تعلق میں بغیر از کشمکش — اے خوشا! رندے کہ مرغِ گلشنِ تجرید ہے — ص ۱۰۴

(۳) قطع کیجے نہ تعلّق ہم سے — کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی — ص ۲۲۰

تعلیم[7]: (۱) پرتوِ خُور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم — میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک — ص ۱۷۵

(۲) نثرِ مدحت سرائے ابراہیم — ہے مقرّر جو اب پئے تعلیم — ص ۲۶۷

تعلیمِ خارائی: جانِ عاشق حاملِ صد غلبۂ تاثیر ہے — دل کو اے بیداد خو! تعلیمِ خارائی عبث — ص ۳۴

تعلیمِ درسِ بےخودی: دیکھیے: فنا تعلیم درسِ بےخودی۔

تعلیمِ رنج: ساقی و تعلیمِ رنج، محفل و تمکیں گراں — سیلیِ اُستاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز — ص ۴۳

تعلیمِ ضبط: گر نگاہِ گرم فرماتی رہی تعلیمِ ضبط — شعلہ خس میں، جیسے خوں رگ میں، نہاں ہو جائے گا — ص ۱۵۱

تعمیر[8]: (۱) خشت پشتِ دستِ عجز و قالب آغوشِ وداع — پُر ہوا ہے سَیل سے پیمانہ کس تعمیر کا؟ — ص ۱۱

---

[1] تعجیل : ایک بار۔

[2] تعریف : ایک بار۔

[3] تعزیت : تین بار [مرکّب]۔
تعزیت آباد : ایک بار [مرکّب]۔

[4] تعزیر : ایک بار [مرکّب]۔

[5] تعظیم : ایک بار [مرکّب]۔ [6] تعلق : تین بار۔

[7] تعلیم : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: پانچ بار]۔

[8] تعمیر : بارہ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: نو بار]۔

(۲) مری تعمیر میں مُضمر ہے اک صورت خرابی کی ‖ ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا — ص۱۵۶

(۳) گھستے گھستے پانو میں زنجیر آدھی رہ گئی ‖ مر گئے، پر قبر کی تعمیر آدھی رہ گئی — ص۲۸۹ [مخمس کا پہلا شعر]

دیکھیے ـــــــ: (۴) آئینہ تعمیر۔ (۵) اک حسرتِ تعمیر۔ (۶) حسرتِ تعمیر۔ (۷) صیادِ کمیں خانہ تعمیر۔ (۸) یک بیاباں حسرتِ تعمیر۔

تعمیرِ بنائے خانہ بربادی: کرے ہے حُسنِ ویراں کارِ روے سادہ رویاں پر ‖ غبارِ خط سے تعمیرِ بنائے خانہ بربادی — ص۴۵۱

تعمیرِ خرابی ہاے دل: دیکھیے: فکرِ تعمیرِ خرابی ہاے دل۔

تعمیرِ سرا: وہ شہنشاہ کہ جس کی پَےِ تعمیرِ سرا ‖ چشمِ جبریل ہوئی قالبِ خشتِ دیوار — ص۱۳۲

تعمیرِ کائنات: دیکھیے: سرِ تعمیرِ کائنات۔

تعویذ[۱] بازو: (۱) خود آرا وحشتِ چشمِ پری سے شب وہ بدخو تھا ‖ کہ موم، آئینۂ تمثال کو تعویذِ بازو تھا — ص۲۱

(۲) اسدؔ! گر نامِ والاے علی تعویذِ بازو ہو ‖ غریقِ بحرِ خوں، تمثال در آئینہ رہتا ہے — ص۸۳

(۳) کرے ہے دست فرسودِ ہوس وہمِ توانائی ‖ پرِ افشاندہ در کنجِ قفس تعویذِ بازو ہے — ص۹۸

تغافل:[۲] تغافل، بدگمانی، بلکہ میری سخت جانی سے ‖ نگاہِ بے حجابِ ناز کو بیمِ گزند آیا — ص۱۱

(۲) بہ عجز آبادِ وہمِ مدّعا تسلیم، شوخی ہے ‖ تغافل کو نہ کر مغرورِ تمکیں آزمائی کا — ص۱۹

(۳) تغافل آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے ‖ ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد — ص۳۷

(۴) اسدِ خستہ گرفتارِ دوعالم اوہام ‖ مشکل آساں کُنِ یک خلق! تغافل تا چند؟ — ص۳۹

(۵) تغافل: کمیں گاہِ وحشت شناسی ‖ نگہبانِ دل ہاے اغیار ہیں ہم — ص۵۵

(۶) اسدؔ! بزمِ تماشا میں تغافل، پردہ داری ہے ‖ اگر ڈھانپے تو آنکھیں ڈھانپ، ہم تصویرِ عریاں ہیں — ص۶۲

(۷) عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم ‖ روے شش جہت آفاق پشتِ چشمِ رنداں ہے — ص۸۹

(۸) سادگیّ و پُرکاری، بے خودیّ و ہُشیاری ‖ حُسن کو تغافل میں جُرات آزما پایا — ص۱۴۴

---

۱ تعویذ : تین بار [مرکّب]۔ — تعویذہا : تین بار [مرکّب]۔

۲ تغافل : پینتیس بار [مفرد: چودہ بار، مرکّب: اکیس بار]۔

(۹) ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن — خاک ہوجائیں گے ہم تم کو خبر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۱۰) ظلم کر ظلم اگر لطف دریغ آتا ہو — تو تغافل میں کسی رنگ سے معذور نہیں — ص۱۸۵

(۱۱) جان کر کیجیے تغافل کہ کچھ اُمید بھی ہو — یہ نگاہِ غلط انداز تو سَم ہے ہم کو — ص۱۹۵

(۱۲) تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو — ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہم کو — ص۱۹۵

(۱۳) درسِ عنوانِ تماشا بہ تغافل خوش تر — ہے نگہ رشتۂ شیرازۂ مژگاں مجھ سے — ص۲۱۱

(۱۴) بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی — وہ اک نگہ کہ بہ ظاہر نگاہ سے کم ہے — ص۲۲۹

(۱۵) کرنے گئے تھے اُس سے تغافل کا ہم گلہ — کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہوگئے — ص۲۲۹

دیکھیے ____: (۱۶) اصطلاحاتِ اسیرانِ تغافل۔ (۱۷) اندازِ تغافل۔ (۱۸) پامردِ تغافل۔ (۱۹) طرزِ تغافل۔ (۲۰) طلسمِ حُسنِ تغافل۔ (۲۱) طوفانِ تغافل۔ (۲۲) عناں گیرِ تغافل۔ (۲۳) کسوتِ عروجِ تغافل۔ (۲۴) کشتۂ تغافل۔ (۲۵) کمیں گاہِ تغافل۔ (۲۶) محوِ تغافل۔ (۲۷) مستِ تغافل۔ (۲۸) مشقِ تغافل۔ (۲۹) معذورِ تغافل۔ (۳۰) موقوفِ اندازِ تغافل۔ (۳۱) مہمانِ تغافل۔ (۳۲) نذرِ تغافل۔

تغافلِ ابروے یار: دیکھیے: کفِ تغافلِ ابروے یار۔

تغافل دوست: تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے — اگر پہلو تہی کیجیے تو جا میری بھی خالی ہے — ص۲۰۹

تغافل مشربی: تغافل مشربی سے ناتمامی بس کہ پیدا ہے — نگاہِ ناز چشمِ یار میں زُنّارِ مینا ہے — ص۸۳

تغافل ہاے تمکیں آزما: نگاہِ بے محابا چاہتا ہوں — تغافل ہاے تمکیں آزما کیا! — ص۱۵۷

تغافل ہاے ساقی: نَفَس موجِ محیطِ بے خودی ہے — تغافل ہاے ساقی کا گِلا کیا؟ — ص۱۵۷

تغافل ہاے شوق: دیکھیے: حیرت آبادِ تغافل ہاے شوق۔

تغیّر[۱]: صفاے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر — تغیّر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر — ص۱۲۸

تَف[۲]: ہے مساسِ دستِ افسوس آتش انگیزِ تپش — بے تکلف آپ پیدا کر کے تَف جلتا ہوں میں — ص۶۳

تَفِ فرقت: دل وجگر تفِ فرقت سے جل کے خاک ہوئے — ولے ہنوز خیالِ وصال خام رہا — ص۳۰

---

[۱] تغیر : ایک بار۔

[۲] تف : تین بار [مرتّب: دو بار]۔

تف نالہ: دیکھیے: سراغِ تف نالہ۔

تفتہ[۱]: دیکھیے: لب ہائے تفتہ۔

تفتۂ وادی: دیکھیے: ریگِ تفتۂ وادی۔

تفرقہ[۲]: فرداودی کا تفرقہ یک بار مٹ گیا — کل تم گئے کہ ہم پہ قیامت گزر گئی — ص ۲۳۳

تفصیل[۳]: میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدق توضیح — میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش تفصیل — ص ۱۲۳

تفضّلات[۴]: میری سنو کہ آج تم اِس سرزمین پر — حق کے تفضلات سے ہو مرجعِ اَنام — ص ۲۸۲

تقاضا[۵]: (۱) گُل سربسر اشارۂ جَیبِ دریدہ ہے — نازِ بہار جُز بہ تقاضا نہ کھینچیے — ص ۱۰۶

(۲) تمنائے زباں محوِ سپاسِ بے زبانی ہے — مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بے دست و پائی کا — ص ۱۳۶

(۳) دل اُس کو، پہلے ہی ناز و ادا سے، دے بیٹھے — ہمیں دماغ کہاں حُسن کے تقاضا کا — ص ۱۳۸

(۴) کاوش کا دل کرے ہے تقاضا کہ ہے ہنوز — ناخن پہ قرض اُس گرہِ نیم باز کا — ص ۱۵۵

(۵) فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے! — متاعِ بُردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر — ص ۱۶۸

(۶) تم کون سے تھے ایسے کھرے داد و ستد کے — کرتا ملکُ الموت تقاضا کوئی دن اور — ص ۱۷۱

دیکھیے ــــــــ: (۷) تقریبِ تقاضا۔ (۸) پریشانِ تقاضا۔

تقاضائے جفا: نالہ جُز حُسنِ طلب اے ستم ایجاد! نہیں — ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں — ص ۱۸۶

تقاضائے نگہ: جلوہ از بس کہ تقاضائے نگہ کرتا ہے — جوہرِ آئنہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا — ص ۱۵۰

تقدّس آثار[۶]: دیکھیے: باغِ ہمایونِ تقدّس آثار۔

تقدیر[۷]: (۱) اُس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے غالبؔ! — ہم بھی گئے وھاں اور تری تقدیر کو رُو آئے — ص ۲۳۸

دیکھیے ــــــــ: (۲) بدنامیِ تقدیر۔ (۳) دلِ شحنۂ تقدیر۔ (۴) شائبۂ خوبیِ تقدیر۔ (۵) فرمانِ خطِ تقدیر۔

تقریب[۸]: (۱) غمِ دُنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اُٹھانے کی — فلک کا دیکھنا، تقریب تیرے یاد آنے کی — ص ۲۰۲

---

۱ تفتہ : دوبار [مرکّب]۔
۲ تفرقہ : ایک بار۔
۳ تفصیل : ایک بار۔
۴ تفضّلات : ایک بار۔
۵ تقاضا : دس بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: پانچ بار]۔
۶ تقدّس : ایک بار [مرکّب]۔
۷ تقدیر : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: چار بار]۔
۸ تقریب : گیارہ بار [مفرد: دوبار، مرکّب: نوبار]۔

(۲) سیکھے ہیں مہ رُخوں کے لیے ہم مصوّری — تقریب کچھ تو بہرِ ملاقات چاہیے — ص ۲۱۹

(۳) دیکھیے: کمیں گرِ تقریب۔

تقریبِ امتحاں: تغافل آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے — ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد — ص ۲۷

تقریبِ تقاضا: بہ بزمِ مَے پرستی حسرت تکلیف بیجا ہے — کہ جامِ بادہ کف برلب بہ تقریبِ تقاضا ہے — ص ۸۴

تقریب جوئی: دیکھیے: کمیں گاہِ تقریب جوئی۔

تقریبِ سفر: جب بہ تقریبِ سفر یار نے محمل باندھا — تپشِ شوق نے ہر ذرّے پہ اک دل باندھا — ص ۱۴۴

تقریبِ عیدِ ماہِ صیام: تجھ کو کیا پایہ روشناسی کا؟ — جُز بہ تقریبِ عیدِ ماہِ صیام — ص ۱۳۶

تقریبِ مضامینِ خمار: نااُمیدی نے بہ تقریبِ مضامینِ خمار — کوچۂ موج کو خمیازۂ ساحل باندھا — ص ۱۴

تقریبِ نالہ: دیکھیے: کمینِ شوخیِ تقریبِ نالہ۔

تقریبِ نگارش ہائے سطرِ شعلہ: کرے ہے لطفِ اندازِ برہنہ گوُ خوباں — بہ تقریبِ نگارش ہائے سطرِ شعلہ، یاد آتش — ص ۴۷

تقریر[۱]: (۱) گئے وہ دن کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری — کیا کرتے تھے تم تقریر، ہم خاموش رہتے تھے — ص ۱۴۳

(۲) دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اُس نے کہا — میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے — ص ۲۳۱

(۳) کی ہم نفَسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر — اچھے رہے آپ اُس سے مگر مجھ کو ڈبو آئے — ص ۲۳۸

(۴) نہیں کرنے کا میں تقریر ادب سے باہر — میں بھی ہوں محرمِ اسرار، کہوں یا نہ کہوں؟ — ص ۲۹۸

(۵) جورِ زلف کی تقریر پیچ و تابِ خاموشی — ہند میں اسد نالاں، نالہ در صفاہاں ہے — ص ۴۵۳

دیکھیے ____: (۶) اندازۂ تقریر۔ (۷) سوزِ شمعِ مجلسِ تقریر۔ (۸) صورتِ تقریر۔ (۹) عالمِ تقریر۔ (۱۰) گدائے طاقتِ تقریر۔ (۱۱) لب تشنۂ تقریر۔

تقریرِ عشق: دیکھیے لذّتِ تقریرِ عشق۔

تقریریں: سپند آہنگیِ ہستی و سعیِ نالہ فرسائی — غبار آلودہ ہیں جوں دودِ شمعِ کشتہ تقریریں — ص ۶۳

تقصیر[۲]: (۱) خانمانِ جریانِ غافل از معنی خراب — جب ہوئے ہم بے گنہ، رحمت کی کیا تقصیر ہے؟ — ص ۹۵

---

۱ تقریر : بارہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: سات بار]۔
تقریریں : ایک بار۔

۲ تقصیر : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔

(۲)، (۳) جب کرم رخصتِ بیباکی و گستاخی دے — کوئی تقصیر بجز خجلتِ تقصیر نہیں — ص۱۸۲

تقلید[1]: قیس بھاگا شہر سے، شرمندہ ہو کر سوے دشت — بن گیا تقلید سے میری یہ سودائی عبث — ص۳۳

تقلیدِ تنگ ظرفیِ منصور: قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن — ہم کو تقلیدِ تنک ظرفیِ منصور نہیں — ص۱۸۵

تقلیل[2]: تا ترے وقت میں ہو عیش و طرب کی توفیر — تا ترے عہد میں ہو رنج و الم کی تقلیل — ص۱۲۴

تقویٰ[3]: دیکھیے: جادۂ سرمنزلِ تقویٰ۔

تکبیر[4]: سب ہی پڑھتا کاش! کیوں تکبیر آدھی رہ گئی — [تضمین]۔ — ص۲۸۹

تکرار[5]: (۱) اے خوشا! مکتبِ شوق و بلدستانِ مراد — سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار — ص۴

(۲) بس کہ لیتا ہوں ہر مہینے قرض — اور رہتی ہے سود کی تکرار — ص۱۲۶

(۳) دونوں جہان دے کے وہ سمجھے یہ خوش رہا — یہاں آ پڑی یہ شرم کہ تکرار کیا کریں! — ص۱۹۱

(۴) ہم اور فسردن! اے تجلی افسوس! — تکرار روا نہیں تو تجدید سہی — ص۲۵۲

دیکھیے ـــــــ: (۵) عرضِ تکرار۔ (۶) نمک سودۂ زخمِ تکرار۔

تکرارِ تمنا: دیکھیے: آئینۂ تکرارِ تمنا۔

تکرارِ دوست: یہ غزل اپنی، مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ — ہے ردیفِ شعر میں غالبؔ! ز بس تکرارِ دوست — ص۱۶۵

تکلّف[6]: (۱) بہ صورت تکلّف، بہ معنی تأسّف — اسدؔ! میں تبسم ہوں پژمردگاں کا — ص۱۸

(۲) نیازِ جلوہ ریزی طاقتِ بالیں شکستن ہا — تکلّف کو خیال آیا ہو گر بیمار پُرسی کا — ص۲۶

(۳) تکلّف عاقبت بیں ہے، دلا! بندِ قبا وا کر — نَفَس بعد از وصالِ دوست تاواں ہے گسستن کا — ص۲۷

(۴) تکلّف خار خارِ التماسِ بے قراری ہے — کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر — ص۴۱

(۵) تکلّف آئنۂ دو جہاں مدارا ہے — سُراغ یک نگہِ قہر آشنا معلوم — ص۵۴

(۶) بہ ذوقِ شوخیِ اعضا تکلّف بارِ بستر ہے — معافِ پیچ و تابِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے — ص۸۵

---

[1] تقلید : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
[2] تقلیل : ایک بار۔
[3] تقویٰ : ایک بار [مرکّب]۔
[4] تکبیر : ایک بار۔
[5] تکرار : آٹھ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: چار بار]۔
[6] تکلّف : بیس بار [مفرد: نو بار، مرکّب: گیارہ بار]۔

(۷) پیٹھ محراب کی قبلے کی طرف رہتی ہے — محوِ نسبت ہیں، تکلّف ہمیں منظور نہیں — ص۱۱۹

(۸) شب ہوئی، پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کُھلا — اِس تکلّف سے کہ گویا بُت کدے کا در کُھلا — ص۱۲۰

(۹) رہے اُس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلّف سے — تکلّف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی — ص۲۰۲

(۱۰) دیکھیے: معمّاے تکلّف۔

تکلّف برطرف: (۱) ہوا ہے مانعِ عاشق نوازی نازِ خود بینی — تکلّف برطرف، آئینۂ تمیز حائل ہے — ص۷۷

(۲) تکلّف برطرف، فرہاد اور اِتنی سبک دستی! — خیال آساں تھا لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی — ص۷۷

(۳) تکلّف برطرف، ذوقِ زلیخا جمع کر ورنہ — پریشاں خوابِ آغوشِ وداعِ یوسفستاں ہے — ص۸۱

(۴) کمالِ حُسن اگر موقوفِ اندازِ تغافل ہو — تکلّف برطرف، تجھ سے تری تصویر بہتر ہے — ص۱۰۸

(۵) ستم کش مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں — تکلّف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر — ص۱۲۸

(۶) دیکھیے: تکلّف(۹)۔

(۷) تکلّف برطرف، ہے جاں ستاں تر لطفِ بدخویاں — نگاہِ بے حجابِ ناز تیغِ تیزِ عریاں ہے — ص۲۱۰

(۸) تکلّف برطرف، نظّارگی میں بھی سہی لیکن — وہ دیکھا جائے، کب یہ ظلم دیکھا جائے ہے مجھ سے — ص۲۲۵

تکلّف سازِ رُسوائی: تکلّف سازِ رُسوائی ہے غافل! شرمِ رعنائی — دلِ خوں گشتہ در دستِ حنا آلودہ عریاں ہے — ص۸۱

تکلّف نگاریاں: موقوف کیجیے یہ تکلّف نگاریاں — ہوتا ہے ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند — ص۳۸

تکلیف[۱]: (۱) نیک ہوتی مری حالت تو نہ دیتا تکلیف — جمع ہوتی مری خاطر تو نہ کرتا تعجیل — ص۱۳۴

دیکھیے ____: (۲) پامردِ کثرتِ تکلیف۔ (۳) جوشِ تکلیفِ تماشا۔

تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر: شق ہوگیا ہے سینہ، خوشا لذّتِ فراغ! — تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر گئی — ص۲۳۳

تکلیفِ حیا: بلا گردانِ تمکینِ بتاں صد موجۂ گوہر — عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو — ص۶۸

تکلیفِ دلِ رنجیدہ: دیکھیے: گرمِ تکلیفِ دلِ رنجیدہ۔

تکلیفِ دمیدن: دیکھیے: حاصلِ تکلیفِ دمیدن۔

---

[۱] تکلیف : چودہ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تیرہ بار]۔

تکلیفِ سیرِ باغ: غمِ فراق میں تکلیفِ سیرِ باغ نہ دو — مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا — ص۱۴۷

تکلیفِ شرارت: دیکھیے: عرضِ تکلیفِ شرارت۔

تکلیفِ شکیبائی: خدایا! خوں ہو رنگِ امتیاز اور نالہ موزوں ہو — جنوں کو سخت بیتابی ہے تکلیفِ شکیبائی — ص۹۲

تکلیفِ عرضِ بے دماغی: وھاں بسے ہے تکلیفِ عرضِ بے دماغی اور اسدؔ! — یھاں صریرِ خامہ مجھ کو نالۂ رنجور ہے — ص۹۳

تکلیفِ نظر بازی: ہوس گستاخیِ آئینہ تکلیفِ نظر بازی — بہ جَیبِ آرزو پنہاں ہے حاصل دل رُبائی کا — ص۱۶

تکلیفِ ہوس: ہے پرافشانِ تپیدن ہا بہ تکلیفِ ہوس — ورنہ صد گلزار ہے یک بالِ بلبل کے تلے — ص۳۵۴

تکلیفِ یک صدا: برہم زنِ دو عالم تکلیفِ یک صدا ہے — مینا شکستگاں کو کہسار خوبہا ہے — ص۹۳

تکمہ[1]: کیوں اِسے تکمۂ پیراہنِ لیلیٰ لکھیے — کیوں اِسے نقشِ پئے ناقۂ سلمیٰ کہیے — ص۱۳۴ [چکنی ڈلی]

تکوین[2]: دیکھیے: صورتِ تکوین۔

تکیہ[3]: [سولہ بار بہ طور ردیف، ص۳۰۳]:

(۱)، (۲) شبِ وصال میں مونس گیا ہے بن تکیہ — ہوا ہے موجبِ آرامِ جان و تن تکیہ

(۳) خراج بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج — کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پُرشکن تکیہ

(۴) بنا ہے تختۂ گل ہائے یاسمیں بستر — ہوا ہے دستۂ نسرین و نسترن تکیہ

(۵) فروغِ حُسن سے روشن ہے خواب گاہ تمام — جو رختِ خواب ہے پرویں تو ہے پرن تکیہ

(۶) اگرچہ تھا یہ ارادہ مگر خدا کا شکر — اٹھا سکا نہ نزاکت سے گل بدن تکیہ

(۷) مزا ملے کہو کیا خاک ساتھ سونے کا — رکھے جو بیچ میں وہ شوخِ سیم تن تکیہ

(۸) بہ ضربِ تیشہ وہ اِس واسطے ہلاک ہوا — کہ ضربِ تیشہ پہ رکھتا تھا کوہکن تکیہ

(۹) شبِ فراق میں یہ حال ہے اذیّت کا — کہ سانپ فرش ہے اور سانپ کا ہے مَن تکیہ

(۱۰) ہوا ہے کاٹ کے چادر کو ناگہاں غائب — اگرچہ زانوئے نَل پر رکھے دمن تکیہ

(۱۱) اگرچہ پھینک دیا تم نے دور سے لیکن — اُٹھائے کیونکے یہ رنجورِ خستہ تن تکیہ

---

[1] تکمہ : ایک بار [مرکب]۔
[2] تکوین : ایک بار [مرکب]۔
[3] تکیہ : اٹھارہ بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: تین بار]۔

(۱۲) غش آ گیا جو پس از قتل میرے قاتل کو | ہوئی ہے اُس کو مری لاشِ بے کفن تکیہ

(۱۳) یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ، صبح ہوتے تک | رکھو نہ شمع پہ اے اہلِ انجمن! تکیہ

(۱۴) جو بعدِ قتل مرا دشت میں مزار بنا | لگا کے بیٹھتے ہیں اُس سے راہزن تکیہ

(۱۵) روا رکھو نہ رکھو، تھا جو لفظِ 'تکیہ کلام' | اب اُس کو کہتے ہیں اہلِ سخن 'سخن تکیہ'

(۱۶) ہم اور تم فلکِ پیر جس کو کہتے ہیں | فقیرِ غالبِ مسکیں کا ہے کُہن تکیہ

تکیۂ آسایش‌نما: طلسمِ خاک: کہیں گاہِ یک جہاں سودا | بہ مرگ تکیۂ آسایشِ فنا معلوم! ص۵۳

تکیہ زدن‌ہا: دیکھیے: محوِ بہ چمن تکیہ زدن ہا۔

تکیہ کلام[1]: دیکھیے: تکیہ (۱۵)۔

تکیہ گاہِ[2] ہمتِ مردانہ: دیکھیے: وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ۔

تگرگ بار[3]: دیکھیے: ابرِ تگرگ بار۔

تگ و تازِ[4] آرزوہا: بہ شکنجِ جستجو ہا، بہ سرابِ گفتگو ہا | تگ و تازِ آرزوہا بہ فریبِ شادمانی ص۹

تگ و تازِ جستجو: دیکھیے: اصلِ تگ و تازِ جستجو۔

تِل[5]: کثرتِ جوشِ سویدا سے نہیں تِل کی جگہ | خال کب مشاطہ دے سکتی ہے کاکل کے تلے ص۳۵۴

تلاش[6]: (۱) دیکھیے: گل کدۂ تلاش۔ (۲) دیکھیے: وحشت کدۂ تلاش۔

تلاشِ انتخابِ یک نگاہ: دیکھیے: طرزِ تلاشِ انتخابِ یک نگاہ۔

تلاشِ دید: دیکھیے: کمالِ گرمیِ سعیِ تلاشِ دید۔

تلافی[7]: (۱) تیری وفا سے کیا ہو تلافی کہ دہر میں | تیرے سوا بھی ہم پہ بہت سے ستم ہوئے ص۲۲۶

(۲) دیکھیے: حُسنِ تلافی۔

۱۔ تکیہ کلام : ایک بار۔
۲۔ تکیہ گاہ : ایک بار [مرتّب]۔
۳۔ تگرگ : ایک بار [مرتّب]۔
۴۔ تگ و تاز : دو بار [مرتّب]۔
۵۔ تِل : ایک بار۔
۶۔ تلاش : چار بار [مرتّب]۔
۷۔ تلافی : دو بار [مرتّب: ایک بار]۔

تلافیِ مافات: دے داد اے فلک! دلِ حسرت پرست کی — ہاں کچھ نہ کچھ تلافیِ مافات چاہیے ص۲۱۹

تلخ کام[۱]: اخبارِ لودھیانہ میں میری نظر پڑی — تحریر ایک، جس سے ہوا بندہ تلخ کام ص۲۸۲

تلخ کامی: (۱) مجھے بادۂ طرب سے بہ شمار گاہِ قسمت — جو ملی تو تلخ کامی، جو ہوئی تو سرگرانی ص۱۰

(۲) دیکھیے: تاثیرِ تلخ کامی۔

تلخ نوائی: رکھیو غالبؔ! مجھے اِس تلخ نوائی میں معاف — آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے ص۲۴۱

تلخیِ[۲] غمِ ہجراں چشیدہ: جاں لب پہ آئی تو بھی نہ شیریں ہوا دہن — از بس کہ تلخیِ غمِ ہجراں چشیدہ ہوں ص۲۹۹

تلخیِ کام و دہن: رگِ وپَے میں جب اُترے زہرِ غم تب دیکھیے کیا ہو! — ابھی تو تلخیِ کام و دہن کی آزمایش ہے ص۲۴۵

تلف[۳]: (۱) خشکیِ مَے نے تلف کی مے کدے کی آبرو — کاسۂ دریوزہ ہے پیمانۂ دستِ سبو ص۶۸

(۲) ہوئی یہ کثرتِ غم سے تلف کیفیتِ شادی — کہ صبحِ عید مجھ کو بدتر از چاکِ گریباں ہے ص۲۱۰

تلے[۴]: (۱) سیدِ گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں — مژدہ اے مرغ! کہ گلزار میں صیاد نہیں ص۱۸۶

[چھے بار بہ طورِ جزوِ ردیف ص ۴۵۴]:

(۲)،(۳) وہ نہا کر آبِ گل سے سایۂ گل کے تلے — بال کس گرمی سے سُکھلاتا تھا سُنبل کے تلے

(۴) کثرتِ جوشِ سویدا سے نہیں تِل کی جگہ — خال کب مشاطہ دے سکتی ہے کاکل کے تلے

(۵) بس کہ خوباں باغ کو دیتے ہیں وقتِ مَے شکست — بال اُگ جاتا ہے شیشے کا رگِ گل کے تلے

(۶) ہے پرافشانِ تپیدن ہا بہ تکلیفِ ہوس — ورنہ صد گلزار ہے یک بالِ بلبل کے تلے

(۷) پَے بہ مقصد بُردنی ہے خضرِ مَے سے اے اسدؔ! — جادۂ منزل ہے خطِّ ساغرِ مُل کے تلے

تلوار[۵]: (۱) آتا ہے میرے قتل کو، پَر جوشِ رشک سے — مرتا ہوں اُس کے ہاتھ میں تلوار دیکھ کر ص۱۶۹

(۲) اِس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا! — لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں ص۱۸۴

(۳) شہادت تھی مری قسمت میں جو دی تھی یہ خو مجھ کو — جہاں تلوار کو دیکھا، جھکا دیتا تھا گردن کو ص۱۹۹

---

۱ تلخ : چار بار [مرتّب]۔ ۳ تلف : دو بار۔

۲ تلخی : دو بار [مرتّب]۔ ۴ تلے : سات بار۔ ۵ تلوار : چار بار۔

(۴) گر نہ ڈر جاؤ تو دکھلاؤں تمھیں	کاٹ اپنی کاٹھ کی تلوار کا	ص۲۷۵ [قادرنامہ]

تماشا[1]:

(۱) چشم بر چشم چُنے ہے بہ تماشا مجنوں	ہر دوسو خانۂ زنجیر نگہ کا بازار	ص۲
(۲) نہ تمنا، نہ تماشا، نہ تحیر، نہ نگاہ	گردِ جوہر میں ہے آئینۂ دل پردہ نشیں	ص۸
(۳) بہ فراز گاہِ عبرت چہ بہار و کو تماشا	کہ نگاہ ہے سیہ پوش بہ عزائے زندگانی	ص۹
(۴) مہِ اختر فشاں کی، بہرِ استقبال، آنکھوں سے	تماشا کشورِ آئینہ میں آئینہ بند آیا	ص۱۱
(۵) سبحہ واماندگیِ شوق و تماشا منظور	جادے پر زیورِ صد آئنہ منزل باندھا	ص۱۴
(۶) سیرِ آں سوئے تماشا ہے طلب گاروں کا	خضر مشتاق ہے اِس دشت کے آواروں کا	ص۲۸
(۷) مدّعی میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل	ہے تماشا زشت رویوں کا عتاب آئینے پر	ص۴۰
(۸) فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشا دیکھ	نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز	ص۴۳
(۹) گراں جانی سبکسار و تماشا بے دماغ آیا	کفِ افسوسِ فرصت سنگِ کوہِ طور ملتے ہیں	۶۴
(۱۰) ہے تماشا حیرت آبادِ تغافل ہائے شوق	یک رگِ خواب و سراسر جوشِ خونِ آرزو	ص۷۹
(۱۱) تماشا سرخوشِ غفلت ہے باوصفِ حضورِ دل	ہنوز آئینہ خلوت گاہِ نازِ ربطِ مژگاں ہے	ص۸۱
(۱۲) بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ جس کو ہم اسدؔ!	دیکھتے ہیں چشمِ از خوابِ عدم نکشادہ سے	ص۸۹
(۱۳) تماشا ہے کہ ناموسِ وفا رُسوائے آئیں ہے	نَفَس تیری گلی میں خوں ہوا اور بازار رنگیں ہے	ص۸۹
(۱۴) پرِ طاؤس تماشا نظر آیا ہے مجھے	ایک دل تھا کہ بہ صد رنگ دکھایا ہے مجھے	ص۱۰۷
(۱۵) بے تماشا نہیں جمعیتِ چشمِ بسمل	مژہ فالِ دوجہاں خوابِ پریشاں زدہ ہے	ص۱۰۹
(۱۶) تماشا ہے علاجِ بے دماغی ہائے دل غافل!	سویدا: مردمِ چشمِ پری، نظّارہ: افسوں ہے	ص۱۱۴
(۱۷) دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے	مرا ہر داغِ دل اک تخم ہے سروِ چراغاں کا	ص۱۵۶
(۱۸) اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ، ویرانی تماشا کر	مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا	ص۱۵۷
(۱۹) جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو؟	اک تماشا ہوا گِلا نہ ہوا	ص۱۶۱

---

[1] تماشا : ستاسی بار [مفرد: اُنتیس بار، مرکّب: اٹھاون بار]۔ تماشاگاہ : ایک بار [مرکّب]۔ تماشاہا : دوبار [مرکّب]۔

(۲۰) تھی خبر گرم کہ غالبؔ کے اُڑیں گے پُرزے | دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہوا | ص ۱۶۲
(۲۱) خانہ ویراں سازیِ حیرت تماشا کیجیے | صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست | ص ۱۶۴
(۲۲) مجھ سے تمھیں نفرت سہی، نیرّ سے لڑائی | بچّوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اَور | ص ۱۷۱
(۲۳) تماشا! کہ اے محوِ آئینہ داری! | تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں | ص ۱۷۹
(۲۴) تو وہ بدخو کہ تحیر کو تماشا جانے | غم وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے | ص ۲۰۹
(۲۵) ناکامیِ نگاہ ہے برقِ نظارہ سوز | تو وہ نہیں کہ تجھ کو تماشا کرے کوئی | ص ۲۱۵
(۲۶) آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے | ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے | ص ۲۱۸
(۲۷) بازیچۂ اطفال ہے دُنیا مرے آگے | ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے | ص ۲۳۸
(۲۸) زمیں پہ ایسا تماشا ہوا برات کی رات | کہ آسماں پہ کواکب بنے تماشائی | ص ۲۶۲
(۲۹) فزوں ہوتا ہے ہردم جوشِ خوں باری، تماشا ہے | نَفَس کرتا ہے رگ ہاے مژہ پر کام نشتر کا | ص ۳۳۳
(۳۰) نمک برداغِ مشک آلودۂ وحشت تماشا ہے | سوادِ دیدۂ آہو شبِ مہتاب ہوجاوے | ص ۳۵۳
(۳۱) نواے طائرانِ آشیاں گم کردہ آتی ہے | تماشا ہے کہ رنگِ رفتہ برگردیدنی جانے | ص ۱۱۵

دیکھیے ـــــــ: (۳۲)، (۳۳) بزمِ تماشا [دوبار]۔ (۳۴) بے دلی ہاے تماشا۔ (۳۵) بے قدرِ تماشا۔ (۳۶) تشنۂ خونِ تماشا۔ (۳۷) تمناے تماشا۔ (۳۸) جلوہ تماشا۔ (۳۹) جوشِ تماشا۔ (۴۰) جوشِ تکلیفِ تماشا۔ (۴۱) چراغانِ تماشا۔ (۴۲) درسِ عنوانِ تماشا۔ (۴۳) ذوقِ تماشا۔ (۴۴) رنگِ تماشا۔ (۴۵) روبروے تماشا۔ (۴۶) شورِ تماشا۔ (۴۷) عرضِ تسخیرِ تماشا۔ (۴۸) فریبِ تماشا۔ (۴۹) گرفتاریِ نیرنگ تماشا۔ (۵۰)، (۵۱)، (۵۲) گرمِ تماشا [تین بار]۔ (۵۳)، (۵۴) گلچینِ تماشا [دوبار]۔ (۵۵) مانعِ ذوقِ تماشا۔ (۵۶) مردمِ چشمِ تماشا۔ (۵۷) مژگانِ تماشا۔ (۵۸) مشتاقِ یک تماشا۔ (۵۹) مشقِ تماشا۔ (۶۰) معذورِ تماشا۔ (۶۱) نواسازِ تماشا۔ (۶۲) وحشتِ شورِ تماشا۔ (۶۳) وہمِ تماشا۔ (۶۴) ہوسِ سیر و تماشا۔

تماشا ادا: خموشیوں میں تماشا ادا نکلتی ہے | نگاہ دل سے ترے سرمہ سا نکلتی ہے | ص ۲۱۸

تماشا بہار: حیرت نگاہ برق، تماشا بہار شوخ | در پردۂ ہوا پرِ بسمل ہے آئنہ | ص ۷۰

تماشا دوست: دیکھیے: حُسنِ تماشا دوست۔

تماشا کردنی: تماشا کردنی ہے انتظار آبادِ حیرانی — نہیں غیر از نگہ جوں نرگستاں فرشِ محفل ہا — ص ۴۳

(۲) قطرہ ہائے خونِ بسمل زیبِ داماں ہیں اسدؔ! — ہے تماشا کردنی گلچینیِ جلّاد یہاں — ص ۵۷

(۳) تماشا کردنی ہے لطفِ زخمِ انتظار اے دل! — سوادِ داغِ مرہم مردمک ہے چشمِ سوزن میں — ص ۵۸

تماشا گاہِ سوزِ تازہ: ہے تماشا گاہِ سوزِ تازہ ہر یک عضوِ تن — جوں چراغانِ دوالی صف بہ صف جلتا ہوں میں — ص ۶۳

تماشائے اہلِ کرم: بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ! — تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں — ص ۱۷۹

تماشائے بہار: تماشائے بہار آئینہ پروازِ تسلّی ہے — کفِ گل برگ سے پائے دلِ رنجور ملتے ہیں — ص ۶۴

تماشائے بہ یک کف بُردنِ صد دل: شمارِ سبحہ مرغوبِ بُتِ مشکل پسند آیا — تماشائے بہ یک کف بُردنِ صد دل پسند آیا — ص ۱۴۲

تماشائے جہاں: تماشائے جہاں مُفتِ نظر ہے — کہ یہ گلزار باغِ رہ گزر ہے — ص ۳۵۵

تماشائے چمن: بہ تمنا کدۂ حسرتِ ذوقِ دیدار — دیدہ گو خوں ہو، تماشائے چمن مطلب تھا — ص ۴۴

تماشائے حُسن دوست: دیکھیے ـــــــ: (۱) انتظارِ تماشائے حسنِ دوست۔ (۲) نیازِ تماشائے حُسنِ دوست۔

تماشائے دماغ: دیکھیے: محوِ تماشائے دماغ۔

تماشائے دوام: دیکھیے: سرشارِ تماشائے دوام۔

تماشائے سرو و گل: دیکھیے: دماغِ تماشائے سرو و گل۔

تماشائے شکستِ دل: دیکھیے: محوِ تماشائے شکستِ دل۔

تماشائے گل: اے بے ثمراں! حاصلِ تکلیفِ دمیدن — گردن بہ تماشائے گل افراختنی ہے — ص ۱۱۱

تماشائے گل و گلشن: تماشائے گل و گلشن ہے مُفتِ سر بہ جیبی ہا — بہ از چاکِ گریباں گلستاں کا در نہیں ہوتا — ص ۴۴۵

تماشائے گلستاں: دیکھیے: محوِ تماشائے گلستاں۔

تماشائے گلستانِ حیات: دیکھیے: بہارِ تماشائے گلستانِ حیات۔

تماشائے گلشن: تماشائے گلشن تمنائے چیدن — بہار آفرینا! گنہ گار ہیں ہم؟ — ص ۵۵

تماشائے نیرنگِ صورت: نہیں گر سر و برگِ ادراکِ معنی — تماشائے نیرنگِ صورت سلامت — ص ۱۶۵

تماشاہا: دیکھیے ـــــ: (۱) پروازِ تماشاہا۔ (۲) تمثالِ تماشاہا۔

تماشائی[۱]: (۱) نگاہِ چشمِ حاسد وام لے اے ذوقِ خود بینی! — تماشائی ہوں وحدت خانۂ آئینۂ دل کا — ص۱۷

(۲) پھر اِس انداز سے بہار آئی — کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی — ص۲۵۱

(۳) زمیں پہ ایسا تماشا ہوا برات کی رات — کہ آسماں پہ کواکب بنے تماشائی — ص۲۶۳

(۴) ایسی رونق ہوئی برات کی رات — کہ کواکب ہوئے تماشائی — ص۲۶۴

دیکھیے ـــــ: (۵) چشمِ تماشائی۔ (۶) حیرتِ تماشائی۔ (۷) کفِ چشمِ تماشائی۔ (۸) مژگانِ تماشائی۔
(۹) یک کفِ افسوسِ تماشائی۔

تماشائیِ عمرِ رفتہ: ناتوانی ہے تماشائیِ عمرِ رفتہ — رنگ نے آئنہ آنکھوں کے مقابل باندھا — ص۱۴

تماشائیِ نیرنگِ تمنّا: ہوں میں بھی تماشائیِ نیرنگِ تمنّا — مطلب نہیں کچھ اِس سے کہ مطلب ہی بر آوے — ص۲۲۹

تمام[۲]: (۱) کرتی ہے عاجزی سفرِ سوختن تمام — پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج — ص۳۵

(۲) بس کہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام — آستر ہے خرقۂ زُہّاد کا صوفِ مداد — ص۳۸

(۳) حیرت اگر خرام ہے، کارِ نگہ تمام ہے — گر کفِ دست بام ہے، آئنے کو ہَوا سمجھ — ص۷۳

(۴) دل ہوا کشمکشِ چارۂ زحمت میں تمام — مِٹ گیا، گھسنے میں، اِس عقدے کا وا ہو جانا — ص۱۵۶

(۵) اسد اللہ خاں تمام ہوا — اے دریغا! وہ رندِ شاہد باز — ص۱۷۲

(۶) کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصہ تمام — بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع — ص۱۷۴

(۷) ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام — مہرِ گردوں ہے چراغِ رہ گزارِ باد یہاں — ۱۸۲

(۸) ہستی کے مت فریب میں آ جائیو اسدؔ! — عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے — ص۲۰۴

(۹) دکھا کے جُنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو — نہ دے جو بوسہ تو منہ سے کہیں جواب تو دے — ص۲۲۴

(۱۰) ورق تمام ہوا اور مدح باقی ہے — سفینہ چاہیے اِس بحرِ بے کراں کے لیے — ص۲۳۶

(۱۱) ہو چکیں غالبؔ! بلائیں سب تمام — ایک مرگِ ناگہانی اَور ہے — ص۲۳۷

---

۱ تماشائی: گیارہ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: سات بار]۔ ۲ تمام [مختلف معانی میں]: تینتیس بار [مفرد: تیئیس بار، مرکّب: دس بار]۔

(۱۲) عجیب نسخۂ نادر لکھا ہے ایک اُس نے   کہ جس میں حکمت وطب ہی کے مسئلے ہیں تمام   ص ۲۶۳

(۱۳) ستر برس کی عمر میں یہ داغِ جاں گداز   جس نے جلا کے راکھ مجھے کر دیا تمام   ص ۲۸۲

(۱۴) دو رات میں تمام ہے ہنگامہ ماہ کا   حضرت کا عزّ و جاہ رہے گا علی الدّوام   ص ۲۸۲

(۱۵) فروغِ حُسن سے روشن ہے خواب گاہ تمام   جو رختِ خواب ہے پرویں تو ہے پرن تکیہ   ص ۳۰۲

(۱۶) زندگی کے ہوئے ناگہ نفسِ چند تمام   کوچۂ یار جو مجھ سے نفسِ چند رہا   ص ۳۴۹

[سات بار بہ طورِ ردیف ص ۵۵]:

(۱۷)،(۱۸) جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام   پیمائشِ زمینِ رہِ عمر بس تمام

(۱۹) کیا دے صدا؟ کہ کُلفتِ گم گشتگاں سے آہ!   ہے سرمہ گردِ رہ بہ گلوے جرس تمام

(۲۰) ڈرتا ہوں کوچہ گردیِ بازارِ عشق سے   ہیں خارِ راہ جوہرِ تیغِ عسس تمام

(۲۱) اے بالِ اضطراب! کہاں تک فسردگی   یک پرزدن تپش میں ہے کارِ قفس تمام

(۲۲) گزرا جو آشیاں کا تصوّر بہ وقتِ بند   مژگانِ چشمِ دام ہوئے خار و خس تمام

(۲۳) کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں اسدؔ!   اب کے بہار کا یونہی گزرا برس تمام

دیکھیے ____: (۲۴) دستگاہِ تمام۔ (۲۵)،(۲۶) سالِ تمام [دو بار]۔ (۲۷) عالم تمام۔ (۲۸) ماہِ تمام۔

تمام اجزاے عالم: تمام اجزاے عالم صیدِ دامِ چشمِ گریاں ہے   طلسمِ شش جہت یک حلقۂ گردابِ طوفاں ہے   ص ۸۱

تمام دشت: یک مُشتِ خوں ہے پرتوِ خُور سے تمام دشت   دردِ طلب بہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ   ص ۳۶

تمام دفترِ ربطِ مزاج: اگر نہ ہووے رگِ خواب صرفِ شیرازہ   تمام دفترِ ربطِ مزاج درہم ہے   ص ۱۰۲

تمام دہر: تمام دہر میں اُس کے مطب کا چرچا ہے   کسی کو یاد بھی لقمان کا نہیں ہے نام   ص ۲۶۳

تمام ناز: دیکھیے: رندِ تمام ناز۔

تمثال[۱]: (۱) نہاں ہے گوہرِ مقصود جَیبِ خود شناسی میں   کہ یھاں غوّاص ہے تمثال اور آئینہ دریا ہے   ص ۸۳

(۲) یہ کس بے مہر کی تمثال کا ہے جلوہ سیمابی   کہ مثلِ ذرّہ ہاے خاک آئینے پَرافشاں ہیں   ص ۶۲

---

[۱] تمثال : پچیس بار [مفرد: چار بار، مرکّب: اکیس بار]۔   تمثال ہا : ایک بار۔

(۳) ذوقِ خودداری خرابِ وحشتِ تسخیر ہے — آئنہ خانہ مری تمثال کو زنجیر ہے — ص۹۵

(۴) تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق — آئینہ بہ اندازِ گل آغوش کشا ہے — ص۲۱۹

دیکھیے ـــــــ: (۵) آئینۂ تمثال۔ (۶) جلوہ تمثال۔ (۷) جلوۂ تمثال۔ (۸)، (۹) دامنِ تمثال [دوبار]۔ (۱۰) سجدہ تمثال۔ (۱۱) شورِ تمثال۔

تمثالِ بتاں: تمثالِ بتاں گر نہ رکھے پنبۂ مرہم — آئینہ بہ عریانیِ زخمِ جگر آوے — ص۱۱۳

تمثالِ بہار: یاس: تمثالِ بہار آئنۂ استغنا — وہم: آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں — ص۷

تمثالِ پری: دیکھیے: بہ تمثالِ پری۔

تمثالِ تماشاہا: تمثالِ تماشاہا اقبالِ تمنا ہا — عجزِ عرق شرمے اے آئنہ! حیرانی — ص۱۰۸

تمثالِ جلوہ تمثالِ جلوہ عرض کر اے حسن! کب تلک — آئینۂ خیال کو دیکھا کرے کوئی — ص۸۷

تمثال دار: (۱) اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہر آرزو — توڑا جو تو نے آئنہ، تمثال دار تھا — ص۱۵۴

(۲) دل مت گنوا، خبر نہ سہی سیر ہی سہی — اے بے دماغ! آئنہ تمثال دار ہے — ص۲۱۸

تمثال درآئینہ: اسدؔ! گر نامِ والاے علیؑ تعویذِ بازو ہو — غریقِ بحرِ خوں تمثال در آئینہ رہتا ہے — ص۸۴

تمثالِ سوادِ چشمِ آہو: بہ فکرِ حیرتِ رم آئنہ پرداز زانو ہے — کہ مشکِ نافہ تمثالِ سوادِ چشمِ آہو ہے — ص۹۸

تمثالِ شوقِ بیباک: ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ ہے خاک — تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دو چارِ صحرا — ص۲۶

تمثالِ شیریں: دیکھیے: یک تمثالِ شیریں۔

تمثال گداز آئنہ: تمثال گداز آئنہ ہے عبرتِ بینش — نظارہ تحیر، چمنستانِ بقا ہیچ — ص۳۶

تمثالِ ناز: تمثالِ نازِ جلوۂ نیرنگِ اعتبار — ہستی عدم ہے آئنہ گر رو برو نہ ہو — ص۶۸

تمثالِ یقیں: دیکھیے: آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں۔

تمثال ہا: ہر ذرہ خاک عرضِ تمنائے رفتگاں — آئینہ ہا شکستہ و تمثال ہا گرو — ص۶۹

تمکیں[1]: (۱) عکسِ رخِ افروختہ تھا تصویر بہ پشتِ آئینہ — شوخ نے وقتِ حسن طرازی تمکیں سے آرام کیا — ص۴۶

(۲) تپیدن، دل کو سوزِ عشق میں خواب فرامش ہے — رکھا اسپند نے مجمر میں پہلو گرمِ تمکیں کا — ص۲۹

---

[1] تمکیں : تیس بار [مفرد: تین بار، مرکب: ستائیس بار]۔

(۳) ساقی و تعلیمِ رنج، محفل و تمکیں گراں　　سیلیِ اُستاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز　　ص۴۳

دیکھیے ـــــــ: (۴) آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں۔ (۵) اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں۔ (۶) افسردۂ تمکیں۔ (۷) تحمل پیشۂ تمکیں۔ (۸) تُہمتِ تمکیں۔ (۹) خارجِ آدابِ وقار و تمکیں۔ (۱۰) دعویِ تمکیں۔ (۱۱) رونق افزائے مسندِ تمکیں۔ (۱۲) سرِ تمکیں۔ (۱۳) فرقِ تمکیں۔ (۱۴) فسردۂ تمکیں۔ (۱۵) لافِ تمکیں۔ (۱۶) متاعِ تمکیں۔ (۱۷) مغزِ تمکیں۔ (۱۸) نقشِ تمکیں۔ (۱۹) وداعِ تمکیں۔ (۲۰) یک سجدہ وار تمکیں۔

تمکیں آزما:　دیکھیے: تغافل ہائے تمکیں آزما۔

تمکیں آزمائی:　بہ عجز آبادِ وہمِ مدعا تسلیم شوخی ہے　　تغافل کو نہ کر مغرور تمکیں آزمائی کا　　ص۱۶

تمکینِ بتاں:　دیکھیے: بلاگردانِ تمکینِ بتاں۔

تمکینِ بعد از قتل:　بتانِ شوخ کی تمکینِ بعد از قتل کی حیرت　　بیاضِ دیدۂ نخچیر پر کھینچے ہے تصویریں　　ص۶۵

تمکینِ بہار:　دیکھیے: صرفِ مشقِ تمکینِ بہار۔

تمکینِ جُنوں:　دیکھیے: ہمّتِ تمکینِ جنوں۔

تمکیں سنج:　دیکھیے: قاتلِ تمکیں سنج۔

تمکینِ گل و لالہ:　دیکھیے: رنگِ تمکینِ گل و لالہ۔

تمکین وضبط:　دیکھیے: عالمِ تمکین وضبط۔

تمکین وہوش:　دیکھیے: رہزنِ تمکین وہوش۔

تمنّا[1]:　(۱) ناز پروردۂ صد رنگ تمنا ہوں، ولے　　پرورش پائی ہے جوں غنچہ بہ خونِ اظہار　　ص۶

(۲) شورِ اوہام سے مت ہو شب خونِ انصاف　　گفتگو بے مزہ و زخمِ تمنا نمکیں　　ص۸

(۳) ہے کہاں تمنّا کا دوسرا قدم یارب!　　ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا　　ص۱۲

(۴) ناسازیِ نصیب دُرشتیِ غم سے ہے　　اُمید نا اُمید و تمنّا شکستہ دل　　ص۵۱

(۵) زِ بس دوشِ رمِ آہو پہ ہے محمل تمنا کا　　جنونِ قیس سے بھی شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے　　ص۸۱

---

[1] تمنّا　: تراسی بار [مفرد: انتیس بار، مرکّب: چونسٹھ بار]۔
تمنّا کدہ　: ایک بار [مرکّب]۔
تمنّا ہا　: ایک بار [مرکّب]۔
تمنّائیں　: ایک بار۔

(۶) واماندۂ ذوقِ طرب وصل نہیں ہوں — اے حسرتِ بسیار! تمنا کی کمی ہے — ص۱۰۶

(۷) تمنا ہے اسدؔ! قتلِ رقیب اور شکر کا سجدہ — دُعائے دل بہ محرابِ خَمِ شمشیر بہتر ہے — ص۱۰۸

(۸) بزمِ قدح سے عیش تمنا نہ رکھ کہ رنگ — صیدِ زِ دام جستہ ہے اِس دام گاہ کا — ص۱۳۹

(۹) ناداں ہو جو کہتے ہو کہ کیوں جیتے ہیں غالبؔ؟ — قسمت میں ہے مرنے کی تمنا کوئی دن اور — ص۱۷۱

(۱۰) عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب — دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۱۱) تماشا! کہ اے محوِ آئینہ داری! — تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں — ص۱۷۹

(۱۲) نہ ستایش کی تمنا، نہ صلے کی پروا — گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی — ص۲۰۹

(۱۳) وہ تپِ عشق تمنا ہے کہ پھر صورتِ شمع — شعلہ تا نبضِ جگر ریشہ دوانی مانگے — ص۲۰۹

(۱۴) سر بر ہوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے عُمر — فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۱۵) پھونکا ہے کس نے گوشِ محبت میں اے خدا! — افسونِ انتظار، تمنا کہیں جسے — ص۲۱۸

(۱۶) خوش ہوتے ہیں، پر وصل میں یوں مر نہیں جاتے — آئی شبِ ہجراں کی تمنا مرے آگے — ص۲۲۹

(۱۷) ہے دلِ شوریدۂ غالبؔ طلسمِ پیچ و تاب — رحم کر اپنی تمنا پر کہ کس مشکل میں ہے — ص۲۳۲

(۱۸) ہم رشک کو اپنے بھی گوارا نہیں کرتے — مرتے ہیں مگر اُن کی تمنا نہیں کرتے — ۲۳۴

(۱۹) دیکھتا ہوں اُسے، تھی جس کی تمنا مجھ کو — آج بیداری میں ہے خوابِ زلیخا مجھ کو — ص۳۰۱

دیکھیے ــــــ: (۲۰) آئینۂ تکرارِ تمنا۔ (۲۱) آبیارِ صد تمنا۔ (۲۲)، (۲۳) اسبابِ تمنا [دوبار]۔ (۲۴) بیکسی ہائے تمنا۔ (۲۵) بیابانِ تمنا۔ (۲۶) پروازِ تمنا۔ (۲۷) تاراجِ تمنا۔ (۲۸) تپش نامۂ تمنا۔ (۲۹) تشنۂ سرشارِ تمنا۔ (۳۰) تماشائی نیرنگِ تمنا۔ (۳۱) تہی آغوشیِ دستِ تمنا۔ (۳۲) جوشِ تمنا۔ (۳۳) چمن زارِ تمنا۔ (۳۴)، (۳۵) حسرتِ عرضِ تمنا [دوبار]۔ (۳۶)، (۳۷) داغِ تمنا [دوبار]۔ (۳۸) دامِ تمنا۔ (۳۹) دسترسِ وصلِ تمنا۔ (۴۰) دشتِ تمنا۔ (۴۱) ذوقِ تسلیمِ تمنا۔ (۴۲)، (۴۳) زخمِ تمنا [دوبار]۔ (۴۴) زلفِ تمنا۔ (۴۵) سادگی ہائے تمنا۔ (۴۶) سرشارِ تمنا۔ (۴۷) سرمایۂ ایجادِ تمنا۔ (۴۸) سوزِ آتشِ داغِ تمنا۔ (۴۹) سوزشِ داغِ تمنا۔ (۵۰) عجزِ تمنا۔ (۵۱) عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا۔ (۵۲) عہدِ تجدیدِ تمنا۔ (۵۳) غنچۂ تمنا۔ (۵۴) فضائے حیرت آبادِ

تمنا۔(۵۵) کیفیتِ ہجومِ تمنا۔(٦٥) گدازِ ہر تمنا۔(۵۷) گردشِ جامِ تمنا۔(۵۸) گلزارِ تمنا۔(۵۹) معمورِ تمنا۔
(۶۰) نسخۂ تہ بندیِ داغِ تمنا۔ (۶۱) نقشِ تمنا۔(۶۲) نقطۂ پرکارِ تمنا۔(۶۳) ننگِ تمنا۔(۶۴) وسعت گہِ تمنا۔
(۶۵) ہجومِ تمنا۔(۶۶) یاسِ تمنا۔

تمنا آفرینی ہا: دیکھیے: مجبورِ تمنا آفرینی ہا۔

تمنا شکار:	کس کا جنونِ دید تمنا شکار تھا؟	آئینہ خانہ وادیِ جوہر غبار تھا	ص۱۷
تمنا کدۂ حسرتِ ذوقِ دیدار:	بہ تمنا کدۂ حسرتِ ذوقِ دیدار	دیدہ گو خوں ہو، تماشائے چمن مطلب تھا	ص۲۴
تمنائے اثر:	دیکھیے: گردِ تمنائے اثر۔		
تمنائے بےخودی:	جز عجز، کیا کروں بہ تمنائے بے خودی	طاقت، حریفِ سختیِ خوابِ گراں نہیں	ص۵۷
تمنائے بےدلی:	دیکھیے: کوئے تمنائے بے دلی۔		
تمنائے پری:	دیکھیے: حدِ اقلیمِ تمنائے پری۔		
تمنائے تماشا:	ہے سادگیِ ذہن تمنائے تماشا	جائے کہ اسدؔ! رنگِ چمن باختنی ہے	ص۱۱۱
تمنائے جلوہ:	دیکھیے: نقدِ دامِ تمنائے جلوہ۔		
تمنائے چیدن:	تماشائے گلشن: تمنائے چیدن	بہار آفرینا! گنہ گار ہیں ہم؟	ص۵۵
تمنائے خامشی:	دیکھیے: عرضِ تمنائے خامشی۔		
تمنائے خاطر افروزی:	ولا! عبث ہے تمنائے خاطر افروزی	کہ بوسۂ لبِ شیریں ہے اور گلو سوزی	ص۱۰۰
تمنائے دوا:	دوست گر کوئی نہیں ہے جو کرے چارہ گری	نہ سہی، لیک تمنائے دوا ہے تو سہی	ص۳۱۱
تمنائے دیدار:	دیکھیے: رقیبِ تمنائے دیدار۔		
تمنائے رفتگاں:	دیکھیے: عرضِ تمنائے رفتگاں۔		
تمنائے زباں:	تمنائے زباں محوِ سپاسِ بے زبانی ہے	مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بے دست و پائی کا	ص۱۳۶
تمنائے شہادت:	دیکھیے: ذوقِ تمنائے شہادت۔		
تمنائے نشاط:	دیکھیے: داغِ تمنائے نشاط۔		

تمنّا ہا: دیکھیے: اقبالِ تمنّا ہا۔

تمنّائیں: دیکھیے: لاکھوں تمنّائیں۔

تمہید[1]: (۱) ہماری سادگی تھی التفاتِ ناز پر مرنا | ترا آنا نہ تھا ظالم! مگر تمہید جانے کی | ص۲۰۳

(۲) دیکھیے: جانِ درد تمہید۔

تمہیدِ آگاہی: غفلتِ دیوانہ جُز تمہیدِ آگاہی نہیں | مغزِ سر خوابِ پریشاں ہے سخن کی فکر میں | ص۴۳

تمہیدِ فراغت: دیکھیے: بسترِ تمہیدِ فراغت۔

تمیزِ[2] اعیاں: دیکھیے: ربطِ تمیزِ اعیاں۔

تمیز جُو: نہ وفا کو آبرو ہے، نہ جفا تمیز جُو ہے | چہ حسابِ جاں فشانی! چہ غرورِ دل ستانی! | ص۹

تمیزِ زشتی و نیکی: تمیزِ زشتی و نیکی میں لاکھ باتیں ہیں | بہ عکسِ آئنہ یک فردِ سادہ رکھتے ہیں | ص۶۰

تمیچہ[3]: دیکھیے: آئینۂ تمیچہ۔

تن[4]: (۱) ہوا جب غم سے یوں بے حس تو غم کیا سر کے کٹنے کا | نہ ہوتا گر جدا تن سے تو زانو پر دھرا ہوتا | ص۱۲۰

(۲) نہیں ہے زخم کوئی بخیے کے درخور مرے تن میں | ہوا ہے تارِ اشکِ یاس رشتہ چشمِ سوزن میں | ص۱۸۰

(۳) ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں | نگینِ نامِ شاہد ہے مرے، ہر قطرہ خوں، تن میں | ص۱۸۰

(۴) ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو | سیہ ہو کر سُویدا ہو گیا ہر قطرہ خوں تن میں | ص۱۸۱

(۵) ضعف سے، اے گریہ! کچھ باقی مرے تن میں نہیں | رنگ ہو کر اُڑ گیا جو خوں کہ دامن میں نہیں | ص۱۸۵

(۶) ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود! | قد کے جھکنے کی بھی گنجایش مرے تن میں نہیں | ص۱۸۵

(۷) قطرہ قطرہ اک ہیولیٰ ہے نئے ناسور کا | خوں بھی ذوقِ درد سے فارغ مرے تن میں نہیں | ص۱۸۵

(۸) جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع؟ | گر وہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں | ص۱۸۸

(۹) مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور | تن سے سوا فگار ہیں اِس خستہ تن کے پانو | ص۱۹۶

(۱۰) تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے | مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے | ص۲۱۲

---

[1] تمہید : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔

[2] تمیز : تین بار [مرکّب]۔

[3] تمیز : ایک بار [مرکّب]۔

[4] تن : ستائیس بار [مفرد: دس بار، مرکّب: سترہ بار]۔

دیکھیے ـــــــــ: (۱۱) خستہ تن۔ (۱۲) رنجورِ خستہ تن۔ (۱۳) سروتن۔ (۱۴) سیم تن۔ (۱۵) شوخ سیم تن۔ (۱۶) عضوِتن۔ (۱۷) موجبِ آرامِ جان وتن۔ (۱۸) نیروے تن۔ (۱۹) وابستۂ تن۔ (۲۰) جملہ تن۔

تن آسانی: دیکھیے ـــــــــ: (۱) ذوقِ تن آسانی۔ (۲) عجزِ تن آسانی۔

تنِ بہ بندِ ہوس در نداده: تنِ بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں — دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں — ص۵۹

تنِ رنجور: حسرت اے ذوقِ خرابی! کہ وہ طاقت نہ رہی — عشقِ پُرعربدہ کی گوں تنِ رنجور نہیں — ص۱۸۵

تنِ مجروحِ عاشق: چھوڑکر جانا تنِ مجروحِ عاشق حیف ہے! — دل طلب کرتا ہے زخم اور مانگے ہیں اعضا نمک — ص۱۷۵

تنِ نازک: مرجاؤں نہ کیوں رشک سے جب وہ تنِ نازک — آغوشِ خَمِ حلقۂ زُنّار میں آوے — ص۲۳۴

تن ودل وجاں: میں نے مانا کہ مل گئے، پھر کیا؟ — وہی رُونا تن و دل و جاں کا — ص۲۶۰

تندرستی[۱]: زخمِ دل پر باندھیے حلوائے مغزِ استخواں — تندرستی فائدہ اور ناتوانی مفت ہے — ص۱۱۴

تنخواہ[۲]: (۱) میری تنخواہ جو مقرر ہے — اُس کے ملنے کا ہے عجب ہنجار — ص۱۲۶

(۲) میری تنخواہ میں چہارم کا — ہوگیا ہے شریک ساہوکار — ص۱۲۶

(۳) میری تنخواہ کیجے ماہ بہ ماہ — تا نہ ہو مجھ کو زندگی دشوار — ص۱۲۶

تنخواہِ شکستن: عرش پر، تیرے قدم سے ہے، دماغِ گردِ راہ — آج تنخواہِ شکستن ہے کُلہِ جبریل کی — ص۹۱

تُند[۳]: دیکھیے ـــــــ: (۱) میِ تُند۔ (۲) ہوائے تُند۔

تُند خو: دیکھیے: شوخِ تُند خو۔

تُندخویاں: دیکھیے: خشمِ تُندخویاں۔

تُندیِ خو[۴]: اللہ رے تیری تُندیِ خو! جس کے بیم سے — اجزائے نالہ دل میں مرے رزقِ ہم ہوئے — ص۲۲۶

تُندیِ صہبا: ہاتھ دھو دل سے یہی گرمی گر اندیشے میں ہے — آبگینہ تُندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے — ص۲۲۱

تنزیہ[۵]: دیکھیے: ہر موجِ محیطِ تنزیہ۔

تنزیہ بہار: دیکھیے: جلوۂ تنزیہ بہار۔

تنگ[۶] آبی: دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک — میرا سرِ دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

---

۱ تندرستی : ایک بار۔
۲ تنخواہ : چار بار [مرتّب: ایک بار]۔
۳ تُند : چار بار [مرتّب]۔
۴ تُندی : دو بار [مرتّب]۔
۵ تنزیہ : دو بار [مرتّب]۔
۶ تنگ : چھے بار [مرتّب]۔

تنگ پیرہنی: دیکھیے: دعوائے تنگ پیرہنی۔

تنگ حوصلہ: دیکھیے: عجزِ تنگ حوصلہ۔

تنگ ظرفوں: تنگ ظرفوں کا رُتبہ جھد سے برتر نہیں ہوتا حباب مے بہ صد بالیدنی ساغر نہیں ہوتا ص۴۴۵

تنگ ظرفیِ منصور: دیکھیے: تقلیدِ تنگ ظرفیِ منصور۔

تنگ مایہ: پہنے ہے پیرہنِ کاغذِ ابری، نیساں یہ تنگ مایہ ہے فریادیِ جوشِ ایثار ص۴

تنکا[1]: نہ آئی سطوتِ قاتل بھی مانع میرے نالوں کو لیا دانتوں میں جو تنکا، ہوا ریشہ نیستاں کا ص۱۵۶

تنگ[2]:
(۱) فضائے خندۂ گل تنگ و ذوقِ عیش بے پروا فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل پسند آیا ص۱۲
(۲) اسدؔ اے ہرزہ درا! نالہ بہ غوغا تا چند! حوصلہ تنگ نہ کر بے سبب آزاروں کا ص۲۸
(۳) محتسب سے تنگ ہے ازبس کہ کارِ مے کشاں رز میں جو انگور نکلا عقدۂ مشکل ہوا ص۲۹
(۴) ہے تنگ ز واماندہ شدن حوصلۂ پا جو اشک گرا خاک میں، ہے آبلۂ پا ص۲۹
(۵) ہلال آسا تہی رہ، گر کشادن ہائے دل چاہے ہوا مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر ص۴۰
(۶) برہم ہے بزمِ غنچہ بہ یک جُنبشِ نشاط کاشانہ بس کہ تنگ ہے، غافل! ہَوا نہ مانگ ص۵۰
(۷) گرچہ ہے یک بیضۂ طاؤس آسا تنگ، دل ہے چمن سرمایۂ بالیدنِ صد رنگ، دل ص۵۳
(۸) عرضِ سرشک پر ہے فضائے زمانہ تنگ صحرا کہاں کہ دعوتِ دریا کرے کوئی ص۸۸
(۹) شرحِ اسبابِ گرفتاریِ خاطر مت پوچھ اِس قدر تنگ ہوا دل کہ میں زنداں سمجھا ص۱۴۷
(۱۰) آہ! وہ جُراتِ فریاد کہاں دل سے تنگ آ کے جگر یاد آیا ص۱۵۲
(۱۱) تنگیِ دل کا گلہ کیا، یہ وہ کافر دل ہے کہ اگر تنگ نہ ہوتا تو پریشاں ہوتا ص۱۵۸
(۱۲) ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے ص۲۰۱
(۱۳) کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے جس میں کہ ایک بیضۂ مُور آسمان ہے ص۲۰۳
(۱۴) وحشت پہ میری عرصۂ آفاق تنگ تھا دریا، زمین کو عرقِ انفعال ہے ص۲۰۵

---

[1] تنکا : ایک بار۔

[2] تنگ : تیکیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکّب: سات بار]۔

(۱۵) بیضہ آسا تنگ بال و پر پہ ہے کنجِ قفس | از سرِ نو زندگی ہو گر رہا ہوجایئے | ص۲۱۶

(۱۶) بہار شوخ و چمن تنگ و رنگِ گل دل چسپ | نسیم، باغ سے پا در حنا نکلتی ہے | ص۲۵۲

دیکھیے ـــــ: (۱۷) مقدارِ دلِ تنگ۔ (۱۸) چشمِ تنگ۔ (۱۹) خانہ تنگ۔ (۲۰)، (۲۱) دلِ تنگ [دوبار]۔

(۲۲) دلِ تنگ۔ (۲۳) دہانِ تنگ۔

تنگی[1]: تنگی رفیقِ رہ تھی عدم یا وجود تھا | میرا سفر بہ طالعِ چشمِ حسود تھا | ص۱۲

(۲) گر یاس سر نہ کھینچے، تنگی عجب فضا ہے | وسعت گہِ تمنا: یک بام و صد ہوا ہے | ص۹۴

(۳) دیکھیے: دل تنگیِ وحشت۔ (۴) ہمہ تنگی۔

تنگیِ جا: (۱) ہے ذرہ ذرہ تنگیِ جا سے غبارِ شوق | گر دام یہ ہے، وسعتِ صحرا شکار ہے | ص۲۱۷

(۲) گلہ ہے شوق کو دل میں بھی تنگیِ جا کا | گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا | ص۱۴۷

تنگیِ چشمِ حسود: جُو قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار | صحرا مگر بہ تنگیِ چشمِ حسود تھا! | ص۱۴۳

تنگیِ حوصلہ: تنگیِ حوصلہ گردابِ دو عالم آداب | دید یک غنچہ سے ہوں بسملِ نقصانِ بہار | ص۶

تنگیِ خلوت: فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی ہے شبنم | صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے | ص۲۱۸

تنگیِ دل: (۱) زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب! | تیر بھی سینۂ بسمل سے پَر افشاں نکلا | ص۱۴۴

(۲) تنگیِ دل کا گلہ کیا، یہ وہ کافر دل ہے | کہ اگر تنگ نہ ہوتا تو پریشاں ہوتا | ص۱۵۸

تنگیِ فرصت: اے ادا فہماں! صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں | ہے بہ صحرائے تحیرّ چشمِ قربانی جرس | ص۴۵

تنگیِ قبا: بہار در گروِ غنچہ شہر جولاں ہے | طلسمِ ناز بجز تنگیِ قبا معلوم! | ص۵۳

تنگنائے غزل[2]: بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل | کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے | ص۲۳۶

تننا ہا یا ہو[3]: گاتی تھیں شمرو کی بیگم تننا ہا یا ہو | دودھ میں پکّے تھے شلغم، تننا ہا یا ہو | ص۳۰۱

تنور[4]: حلقۂ گردابِ جوہر کو بنا ڈالے تنور | عکس گر طوفانیِ آئینۂ دریا کرے | ص۱۰۱

---

[1] تنگی : گیارہ بار [مفرد: دوبار، مرکب: نوبار]۔
[2] تنگنائے : ایک بار [مرکب]۔
[3] تننا ہا یا ہو : دوبار۔
[4] تنور : ایک بار۔

تنہا[1]: (۱)،(۲) لازم تھا کہ دیکھو مرا رستا کوئی دن اَور — تنہا گئے کیوں، اب رہو تنہا کوئی دن اَور — ص ۱۷۰

(۳) دل لگا کر، لگ گیا اُن کو بھی تنہا بیٹھنا — بارے، اپنی بیکسی کی ہم نے پائی داد یہاں — ص ۱۷۹

تنہائی[2]: دیکھیے ـــــ: (۱) پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی۔ (۲) چمن تحریر درسِ شغلِ تنہائی۔ (۳) حیلہ جوے ترکِ تنہائی۔ (۴) شبِ تنہائی۔ (۵) ذوقِ تنہائی۔ (۶) طوفاں گاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی۔ (۷) کاوکاوِ سخت جانی ہاے تنہائی۔ (۸) وحشتِ تنہائی۔

تنہائیِ دل: دیکھیے: وحشت پرستِ گوشۂ تنہائیِ دل۔

تواضع[3]: دیکھیے: سروکارِ تواضع۔

توأم[4]: (۱) مثلِ گُل زخم ہے میرا بھی سناں سے توأم — تیرا ترکش ہی کچھ آبستنیِ تیر نہیں — ص ۵۷

اسدؔ! یہ، عجز و بے سامانیِ فرعون توام ہے — جسے تو بندگی کہتا ہے، دعویٰ ہے خدائی کا

تواں[5]: دیکھیے ـــــ: (۱) پشت گرمیِ تاب وتواں۔ (۲) تاب وتواں۔

توانائی[6]: (۱) اور بارہ امام ہیں بارہ — جن سے ایماں کو ہے توانائی — ص ۲۹۳

دیکھیے ـــــ: (۲) باوصفِ توانائی۔ (۳) وہمِ توانائی۔

توبہ[7]: (۱) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہاے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا — ص ۱۵۰

(۲) مَیں اور بزمِ مَے سے یوں تشنہ کام آؤں! — گر میں نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ہوا تھا؟ — ص ۱۵۸

(۳) ہُوا! توبہ کرو، تم کیا ہو، جب اِدبار آتا ہے — تو یوسف سا حسیں بِکنے سرِبازار آتا ہے — ص ۳۱۰

(۴) دیکھیے: شکستِ توبہ۔

توجّہ[8]: اِدھر نہ ہوگی توجّہ حضور کی جب تک — کبھی کھلے گی کسی سے نہ زہ‌بہار گرہ — ص ۲۷۹

توحید[9]: جلوہ رفتار سرِ جادۂ شرعِ تسلیم — نقشِ پا جس کا ہے توحید کو معراجِ جبیں — ص ۸

---

[1] تنہا : تین بار۔
[2] تنہائی : نوبار [مرکّب]۔
[3] تواضع : ایک بار [مرکّب]۔
[4] توأم : دوبار۔
[5] تواں : دوبار [مرکّب]۔
[6] توانائی : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دوبار]۔
[7] توبہ : چار بار [مفرد: تین بار، مرکّب: ایک بار]۔
[8] توجّہ : ایک بار۔ [9] توحید : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔

توحید فضا:	دیکھیے: سینۂ توحید فضا۔		
تور[۱]:	وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے	ایرج و تور و خسرو و بہرام	ص۱۳۷
توسن[۲]:	(۱) تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں	ہم بھی مضمون کی ہوا باندھتے ہیں	ص۱۸۱
	(۲) ابھی ہم قتل گہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں	نہیں دیکھا شناور جوئے خوں میں تیرے توسن کو	ص۱۹۸
	(۳) سب نے جانا کہ ہے پری توسن	اور بالِ پری ہے دامنِ زیں	ص۲۸۰
توسنِ چالاک:	(۱) وہ فلک رتبہ کہ بر توسنِ چالاک چڑھا	ماہ پر ہالہ صفت حلقۂ فتراک چڑھا	ص۴۴۵
	(۲) دیکھیے: سوارِ توسنِ چالاک۔		
توسنِ حشمت:	زمیں سے سودۂ گوہر اُٹھے بجائے غُبار	جہاں ہو توسنِ حشمت کا اُس کے جولاں گاہ	ص۲۷۷
توسنِ دولت:	ہاتھ میں تیرے رہے توسنِ دولت کی عناں!	یہ دعا شام و سحر قاضیِ حاجات سے ہے	ص۱۲۸
توسنِ شہ:	توسنِ شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب	تھان سے وہ غیرتِ صرصر کھُلا	ص۱۳۹
توسنِ طبع:	پھر غزل کی روش پہ چل نکلا	توسنِ طبع چاہتا تھا لگام	ص۱۳۶
توسنِ ہمت:	بیابانِ فنا ہے بعدِ صحرائے طلب غالبؔ!	پسینا توسنِ ہمت کا سیلِ خانۂ زیں ہے	ص۸۹
توشہ[۳]:	رہ روِ راہِ خلد کا توشہ	طوبیٰ و سدرہ کا جگر گوشہ	ص۱۳۱ [آم کے لیے]
توضیح[۴]:	میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدق توضیح	میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش تفصیل	ص۱۲۴
توغّل[۵]:	ہے گرچہ مجھے نکتہ سرائی میں توغّل	ہے گرچہ مجھے سحر طرازی میں مہارت	ص۱۲۷
توفیرِ درد[۶]:	غیر کی منت نہ کھینچوں گا پئے توفیرِ درد	زخم، مثلِ خندۂ قاتل ہے سر تا پا نمک	ص۱۷۵
توفیق[۷]:	توفیق بہ اندازۂ ہمت ہے ازل سے	آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا	ص۱۵۲
توفیقِ شکوہ:	وداعِ حوصلہ، توفیقِ شکوہ، عجزِ وفا	اسدؔ! ہنوز گمانِ غرورِ دانائی!	ص۱۱۰

---

۱ تور : ایک بار [مرکب]۔

۲ توسن : دس بار [مفرد: تین بار، مرکب: سات بار]۔

۳ توشہ : ایک بار۔

۴ توضیح : ایک بار۔

۵ توغّل : ایک بار۔

۶ توفیر : ایک بار [مرکب]۔

۷ توفیق : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

توقّع[1]: (۱) وائے! گر میرا ترا انصاف محشر میں نہ ہو — اب تلک تو یہ توقّع ہے کہ وھاں ہوجائے گا — ص ۱۵۱
(۲) زمانہ سخت کم آزار ہے بہ جانِ اسدؔ — وگرنہ ہم تو توقّع زیادہ رکھتے ہیں — ص ۱۸۲
(۳) مجھے اُس سے کیا توقّع بہ زمانۂ جوانی — کبھی کودکی میں جس نے نہ سنی مری کہانی — ص ۲۰۷
(۴) ہوئی جن سے توقّع خستگی کی داد پانے کی — وہ ہم سے بھی زیادہ خستۂ تیغِ ستم نکلے — ص ۲۵۰
(۵) خدا سے ہے یہ توقّع کہ عہدِ طفلی میں — بنے گا شرق سے تا غرب اِس کا بازی گاہ — ص ۲۷۷
(۶) دیکھیے: ایک توقّع۔

توقیر[2]: اُنھیں کی سال گرہ کے لیے ہے یہ توقیر — کہ بن گئے ہیں ثمرہاے شاخسار، گرہ — ص ۲۷۹

توقیعِ[3] امارت: ہے نقشِ مریدی ترا: فرمانِ الٰہی — ہے داغِ غلامی ترا: توقیعِ امارت — ص ۱۲۷

توقیعِ سلطنت: تیرے توقیعِ سلطنت کو بھی — دی بدستور صورتِ ارقام — ص ۱۳۸

توکّل[4]: دیکھیے ـــــ: (۱) آئنۂ نازِ توکّل۔ (۲) دمِ تیغِ توکّل۔ (۳) وہمِ توکّل۔

تولّا[5]: یارانِ نبی سے رکھ تولّا باللہ — ہر یک ہے کمالِ دیں میں یکتا باللہ! — ص ۳۱۳

تولّائی: اُن کو غالبؔ! یہ سال اچھا ہے — جو ائمہ کے ہیں تولّائی — ص ۲۹۳

تونبے[6]: کب فقیروں کو رسائی بتِ مےخوار کے پاس — تونبے بو دیجیے مےخانے کی دیوار کے پاس — ص ۴۶
کیوں بوتے ہیں باغبان تونبے؟ — گر باغ گداے مے نہیں ہے — ص ۲۲۸

توَہُّم[7]: موجِ خمیازۂ یک نشہ، چہ اسلام و چہ کفر — کجیِ یک خطِ مسطر، چہ توہّم چہ یقیں — ص ۷

تہِ[8] بالِ پری: پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے — ہے تہِ بالِ پری بیضۂ بلبل ہنوز — ص ۴۴

تہِ بالِ شمعِ حرم: کہ ہم بیضۂ طوطیِ ہند، غافل! — تہِ بالِ شمعِ حرم دیکھتے ہیں — ص ۳۴۸

تہ بندیِ پرہاے طوطی: خطِ نوخیز کی آئینے میں دی کس نے آرائش — کہ ہے تہ بندیِ پرہاے طوطی رنگ جوہر کا — ص ۳۳۳

---

[1] توقّع : سات بار [مرکّب: ایک بار]۔
[2] توقیر : ایک بار۔
[3] توقیع : دو بار [مرکّب]۔
[4] توکّل : تین بار [مرکّب]۔
[5] تولّا : ایک بار۔ تولّائی : ایک بار۔
[6] تونبے : دو بار۔
[7] توہّم : ایک بار۔
[8] تہ : اٹھارہ بار [مرکّب]۔

تہ بندیِ خط: کرے ہے حُسنِ خوباں پردے میں مشاطگی اپنی — کہ ہے تہ بندیِ خط سبزۂ خط در تہِ لب ہا — ص۲۳

تہ بندیِ داغِ تمنا: دیکھیے: نسخۂ تہ بندیِ داغِ تمنا۔

تہ بندیِ دُودِ چراغِ خانہ: وصل میں بختِ سیہ نے سنبلستاں گُل کیا — رنگِ شب تہ بندیِ دودِ چراغِ خانہ تھا — ص۲۵

تہِ پَر: فکرِ پروازِ جنوں ہے، سببِ ضبط نہ پوچھ — اشک جوں بیضہ مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے — ص۱۰۹

تہِ پیمانہ: دیکھیے: دُردِ تہِ پیمانہ۔

تہِ جام: دیکھیے: دُردِ تہِ جام۔

تہِ خاکسترِ صد آئنہ: حیرت کاغذِ آتش زدہ ہے جلوۂ عمر — تہِ خاکسترِ صد آئنہ پایا ہے مجھے — ص۱۰۸

تہِ داماں: ساقیِ گل رنگ سے اور آئنۂ زانو سے — جامہ زیبوں کے سدا ہیں تہِ داماں گل وصبح — ص۳۷

تہِ دامانِ صبا: مجلسِ شعلہ عذاراں میں جو آجاتا ہوں — شمع ساں میں تہِ دامانِ صبا جاتا ہوں — ص۲۹۸

تہِ دامانِ دُودِ شمعِ بالیں: پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے — شبِ ماتم تہِ دامانِ دُودِ شمعِ بالیں ہے — ص۸۹

تہِ سبزہ: دیکھیے: دامِ تہِ سبزہ۔

تہِ سنگ: دیکھیے: دستِ تہِ سنگ۔

تہِ سنگِ مزار: منّت کشی میں حوصلہ بے اختیار ہے — دامانِ صد کفن تہِ سنگِ مزار ہے — ص۹۰

تہِ قدم: ہر گام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم — کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا — ص۱۹

تہِ لب ہا: کرے ہے حُسنِ خوباں پردے میں مشاطگی اپنی — کہ ہے تہ بندیِ خط سبزۂ خط در تہِ لب ہا — ص۲۳

تھان[1]: توسنِ شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب — تھان سے وہ غیرتِ صرصر کھُلا — ص۱۳۹

تہمت[2]: (۱) ہم اور وہ بے سبب رنج، آشنا دشمن، کہ رکھتا ہے — شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر — ص۱۲۸

(۲) اُٹھا دے کب وہ جانِ شرم تہمت قتلِ عاشق کی — کہ جس کے ہاتھ میں مانندِ خوں رنگِ حنا گم ہو — ص۶۸

(۳) کماں ہم بھی رگ و پے رکھتے ہیں، انصاف بہتر ہے — نہ کھینچے طاقتِ خمیازہ تہمت ناتوانی کی — ص۷۷

---

۱ تھان : ایک بار۔

۲ تہمت : گیارہ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: آٹھ بار]۔

تہمتیں : ایک بار۔

تہمتِ آرامیدن:	چمنِ دہر میں ہوں سبزۂ بیگانہ اسدؔ!	واے! اے بے خودی و تہمتِ آرامیدن	ص۴۵۰
تہمتِ بے خودیِ کفر:	تہمتِ بے خودیِ کفر نہ کھینچے یارب!	کیِ ربطِ نیاز و خطِ نازِ بسیار	ص۶
تہمتِ بیدردی:	ہوش اے ہرزہ درا! تہمتِ بیدردی چند؟	نالہ در گردِ تمنّاے اثر پنہاں ہے	ص۱۱۰
تہمتِ تمکیں:	غفلتِ افسردگی تہمتِ تمکیں نہ ہو	اے ہمہ خوابِ گراں! حوصلہ بدنام ہے	ص۹۹
تہمتِ خط:	پشتِ لب تہمتِ خط کھینچے ہے بیجا، یعنی	سبز ہے موجِ تبسم بہ ہواے گفتار	ص۳
تہمتِ خم:	پا مردِ یک انداز نہیں قامتِ ہستی	طاقت اگر اعجاز کرے تہمتِ خم باندھ	ص۷۱
تہمت کشِ تسکیں:	جنوں تہمت کشِ تسکیں نہ ہو گر شادمانی کی	نمک پاشِ خراشِ دل ہے لذّت زندگانی کی	ص۲۰۶
تہمتِ وارستگی:	درد ناپیدا و بیجا تہمتِ وارستگی	پردہ دارِ یاوگی ہے وسعتِ مشرب مجھے	ص۸۶
تُہمتیں:	کس روز تُہمتیں نہ تراشا کیے عدو!	کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کیے!	ص۲۴۳
تہی[1]:	(۱) چشم بے خونِ دل و دل تہی از جوشِ نگاہ	بہ زباں عرضِ فسونِ ہوسِ گل تاچند	ص۳۹
	(۲) ہلال آسا تہی رہ گر کشادن ہاے دل چاہے	ہوا مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر	ص۴۰
	(۳) میں نے کہا کہ بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی	سُن کے ستم ظریف نے مجھ کو اُٹھا دیا کہ یوں	ص۱۷۸
	(۴) دیکھیے: پہلو تہی۔		
تہی آغوشیِ دستِ تمنّا:	چنار آسا عدم سے بادلِ پُر آتش آیا ہوں	تہی آغوشیِ دستِ تمنّا کا ہوں فریادی	ص۴۵۱
تہی دستی:	دیکھیے: شرمِ تہی دستی۔		
تہی ماندن:	دیکھیے: از خود تہی ماندن۔		
تہیۂ[2] طوفاں:	غالبؔ! ہمیں نہ چھیڑ کہ پھر جوشِ اشک سے	بیٹھے ہیں ہم تہیۂ طوفاں کیے ہوئے	ص۲۲۶
تیر[3]:	(۱) کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں، لیکن آخر	جس کو دل کہتے تھے، سو تیر کا پیکاں نکلا	ص۱۳
	(۲) میں اُلفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں	لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت	ص۴۲

۱۔ تہی : سات بار [مفرد: تین بار، مرکّب: چار بار]۔

۲۔ تہیہ : ایک بار [مرکّب]۔

۳۔ تیر : تئیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکّب: بارہ بار]۔

(۳) تیر کو تیرے، تیرِ غیر ہدف — تیغ کو تیری، تیغِ خصم نیام — ص۱۳۸
(۴) زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب! — تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا — ص۱۴۴
(۵) ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا نہ سہی — آخر اُس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا — ص۱۵۹
(۶) ابرو سے ہے کیا اُس نگہِ ناز کو پیوند — ہے تیر مقرّر مگر اُس کی ہے کماں اَور — ص۱۷۰
(۷) دل سے نکلا، پہ نہ نکلا دل سے — ہے ترے تیر کا پیکان عزیز — ص۱۷۳
(۸) کیوں نہ ٹھہریں ہدفِ ناوکِ بیداد کہ ہم — آپ اُٹھا لاتے ہیں گر تیر خطا ہوتا ہے — ص۲۳۰
(۹) چال، جیسے کڑی کمان کا تیر — دل میں ایسے کے جاکرے کوئی — ص۲۳۲
(۱۰) رہے دل ہی میں تیر، اچھا؛ جگر کے پار ہو، بہتر — غرض شستِ بتِ ناوک فگن کی آزمایش ہے — ص۲۳۴
(۱۱) نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں — گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے — ص۲۴۵

دیکھیے ــــــ: (۱۲) آبستنیِ تیر۔ (۱۳) اک تیر۔ (۱۴) ایک تیر۔ (۱۵) بالِ تیر۔ (۱۶) بالیدہ موجِ تیر۔ (۱۷) پروازِ پرِ تیر۔ (۱۸) زخمیِ عرضِ دو جہاں تیر۔

تیر باریدن: دیکھیے: ایماے تیر باریدن۔

تیرِ غیر: تیر کو تیرے، تیرِ غیر ہدف — تیغ کو تیری، تیغِ خصم نیام — ص۱۳۸
تیرِ نگاہ: اِن ستم کیشوں کے کھائے ہیں زِبس تیرِ نگاہ — پردۂ بادام، یک غربالِ حسرت بیز ہے — ص۸۵
تیرِ نیم کش: کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو — یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا — ص۱۶۰
تیر و کماں: سازشِ صلحِ بتاں میں ہے نہاں جنگیدن — نغمہ و چنگ ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن — ص۳۵۰
تیرگی[1]: ہے ریا کا رُتبہ بالاتر تصور کردنی — تیرگی سے داغ کی، مہ سیم مس اندودہ ہے — ص۱۰۳
تیرگیِ اختر: کلفت کشیِ ہستی بدنامِ دورنگی ہے — یعنی تیرگیِ اختر خالِ رخِ زنگی ہے — ص۱۱۴
تیرگیِ بختِ سیہ: اے اسدؔ! تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے — نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز — ص۴۵
تیرگیِ حال: ہم آئے ہیں غالبؔ! رہِ اقلیمِ عدم سے — یہ تیرگیِ حال لباسِ سفری ہے — ص۴۵۴

---

[1] تیرگی : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: چار بار]۔

تیرگیِ ظاہری: تیرگیِ ظاہری ہے طبعِ آگہ کا نشاں — غافلاں! عکسِ سوادِ صفحہ ہے گردِ کتاب — ص۳۱

تیرہ[1]: دیکھیے: نصیبِ تیرہ۔

تیرہ بخت: اُس بزمِ پُرفروغ میں اِس تیرہ بخت کو — لمبر ملا نشیب میں از روے اہتمام — ص۲۸۲

تیرہ بختوں: نشانِ روشنیِ دل نہاں ہے تیرہ بختوں کا — نہیں محسوس دودِ مشعلِ بزمِ سیہ پوشاں — ص۴۴۹

تیرہ روزی: دیکھیے: مشقِ تیرہ روزی۔

تیرہ کاری: بس کہ وقتِ گریہ نکلا تیرہ کاری کا غبار — دامنِ آلودۂ عصیاں گراں تر ہوگیا — ص۳۰

تیرھویں[2]: تھی جنوری مہینے کی تاریخ تیرھویں — اِستادہ ہوگئے لبِ دریا پہ جب خیام — ص۲۸۲

تیز[3]: (۱) میں بھی رُک رُک کے نہ مرتا جو زباں کے بدلے — دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غم خوار کے پاس — ص۱۷۳

(۲) مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائے گی — واے ناکامی! کہ اُس کافر کا خنجر تیز ہے — ص۲۱۳

(۳) چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو — سُرمے سے تیز دشنۂ مژگاں کیے ہوئے — ص۲۲۶

دیکھیے ــــــ: (۴) کاوش فروشیِ مژۂ تیز۔ (۵) نگاہِ تیز۔ (۶) وقفِ سوداے نگاہِ تیز۔ (۷) تیغِ تیزِ عریاں۔

تیز تر: تیز تر ہوتا ہے خشمِ تُند خویاں عجز سے — ہے رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ، خار و خس — ص۴۵

تیز تیز: دیکھیے: نظرہاے تیز تیز۔

تیز خرام: دیکھیے: پیکِ تیز خرام۔

تیز رَو: چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک تیز رَو کے ساتھ — پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں — ص۱۹۰

دیکھیے ــــــ: (۲) بہارِ تیز رو۔ (۳) رفتارِ عُمرِ تیز رَو۔

تیز گردِ نیلی فام: دیکھیے: گنبدِ تیز گردِ نیلی فام۔

تیزیِ[4] رفتار: کو تیزیِ رفتار کہ صحرا سے زمیں کو — جوں قمریِ بسمل تپش آہنگ نکالوں — ص۶۰

---

۱ تیرہ : پانچ بار [مرکّب]۔ — تیز تیز : ایک بار [مرکّب]۔

۲ تیرھویں : ایک بار۔ — تیز تر : ایک بار۔

۳ تیز : بارہ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: نوبار]۔ — ۴ تیزی : تین بار [مرکّب]۔

تیزیِ شمشیرِ قضا: دیکھیے: شہرۂ تیزیِ شمشیرِ قضا۔

تیزیِ گام:	جب کہ چودہ منازلِ فلکی	کر چکے قطع تیری تیزیِ گام	ص ۱۳۶
تیزابی[1]:	زخم ہائے کہنۂ دل رکھتے ہیں جوں مردگی	اے خوشا! گر آبِ تیغ ناز تیزابی کرے	ص ۱۰۰
تیشہ[2]:	(۱) ہوں سخت جانِ کاوشِ فکرِ سخن اسدؔ!	تیشے کی کوہسار میں ہے یک صدا گرو	ص ۶۹
	(۲) تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسدؔ!	سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا	ص ۱۳۲
	(۳) ہم سخن تیشے نے فرہاد کو شیریں سے کیا	جس طرح کا کہ کسی میں ہو کمال، اچھا ہے	ص ۲۳۸

دیکھیے ____: (۴) شرارِ تیشہ۔ (۵)، (۶) ضربِ تیشہ۔

تیشۂ فرہاد:	شرارِ سنگ سے پا در حنا گلگونِ شیریں ہے	ہنوز اے تیشۂ فرہاد! عرضِ آتشیں پائی	ص ۹۲
تیغ[3]:	(۱) جنت ہے تیری تیغ کے کشتوں کی منتظر	جوہر سوادِ جلوۂ مژگانِ حور تھا	ص ۱۸
	(۲) تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اس طرف	مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالبؔ! مژدہ باد!	ص ۳۸
	(۳) بہارِ باغ پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں	حناے دست و خونِ کشتگاں سے تیغ رنگیں ہے	ص ۸۹
	(۴) تیر کو تیرے، تیرِ غیر ہدف	تیغ کو تیری، تیغِ خصم نیام	ص ۱۳۸
	(۵) دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک	وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک	ص ۲۹۶
	(۶) ٹکڑے ہوا ہے دیکھ کے تحریر کو، جگر	کاتب کی آستیں ہے مگر تیغ کا نیام	ص ۲۸۲

دیکھیے ____: (۷) برشِ تیغ۔ (۸)، (۹) جوہرِ تیغ [دو بار]۔ (۱۰) زخمِ تیغ۔ (۱۱) سایۂ تیغ۔ (۱۲) سرِ مصراعِ صافِ تیغ۔ (۱۳) مثلِ جوہرِ تیغ۔ (۱۴) ہزار تیغ بہ زہر آب دادہ۔

تیغ آزما:	ہاتھ ہی تیغ آزما کا کام سے جاتا رہا	دل پہ اک لگنے نہ پایا زخمِ کاری، ہاے ہاے!	ص ۲۰۳
تیغِ ادا:	صد رنگ گل کترنا، در پردہ قتل کرنا	تیغِ ادا نہیں ہے پابندِ بے نیامی	ص ۷۳
تیغِ اصفہانی:	بہ گمانِ قطعِ زحمت نہ دوچارِ خامشی ہو	کہ زبانِ سرمہ آلود نہیں تیغِ اصفہانی	ص ۹

---

[1] تیزابی : ایک بار۔
[2] تیشہ : سات بار [مفرد: تین بار، مرکب: چار بار]۔
[3] تیغ : ستاون بار [مفرد: چھے بار، مرکب: اکیاون بار]۔

تیغِ بتاں: دیکھیے: ناخنِ تیغِ بتاں۔

تیغِ توکل: دیکھیے: دمِ تیغِ توکل۔

تیغِ تیزِ عریاں: تکلف برطرف، ہے جاں ستاں تر لطفِ بدخویاں نگاہِ بے حجابِ ناز تیغِ تیزِ عریاں ہے ص۲۱۰

تیغِ جفا: (۱) دیکھیے: بُرِشِ تیغِ جفا۔ (۲) کُشتۂ تیغِ جفا۔

تیغِ جوہردار: رزم کی داستان گر سُنیے ہے زباں میری تیغِ جوہر دار ص۱۳۷

تیغِ خصم: تیر کو تیرے، تیرِ غیر ہدف تیغ کو تیری، تیغِ خصم نیام ص۱۳۸

تیغِ خمِ محراب: دیکھیے: قبضۂ تیغِ خمِ محراب۔

تیغِ خوں آشام: مستعدِ قتلِ یک عالم ہے جلادِ فلک کہکشاں موجِ شفق میں تیغِ خوں آشام ہے ص۱۰۱

تیغِ دشمن: فزوں کی دوستوں نے حرصِ قاتل ذوقِ کشتن میں ہوئے ہیں بخیہ ہائے زخم، جوہر تیغِ دشمن میں ص۵۸

تیغِ دودستی: بسمل اُس تیغِ دو دستی کا نہیں بچتا اسدؔ عافیت بیزار! ذوقِ کعبتین اچھا نہیں ص۶۵

تیغِ دودم: رشکِ ہم طرحی و دردِ اثرِ بانگِ حزیں نالۂ مرغِ سحر تیغِ دو دم ہے ہم کو ص۱۹۵

تیغِ ستم: (۱) وہ التماسِ لذّتِ بیداد ہوں کہ مَیں تیغِ ستم کو پشتِ خمِ التجا کروں ص۵۶

(۲) معلوم ہوا حالِ شہیدانِ گزشتہ تیغِ ستم آئینۂ تصویر نما ہے ص۲۱۹

(۳) دیکھیے: خستۂ تیغِ ستم۔

تیغِ سیہ تاب: موجِ تبسمِ لبِ آلودۂ مِسی میرے لیے تو تیغِ سیہ تاب ہوگئی ص۹۶

تیغِ شعلہ: دیکھیے: رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ۔

تیغِ صفاہانی: وا کیا ہرگز نہ میرا عقدۂ تارِ نفس ناخنِ بریدہ ہے تیغِ صفاہانی مجھے ص۸۶

تیغِ عسس: دیکھیے ــــــ: (۱)، (۲) جوہرِ تیغِ عسس۔ (دوبار)۔

تیغِ قاتل: (۱) زِ بس خوں گشتۂ رشکِ وفا تھا وہم بسمل کا چُرایا زخم ہائے دل نے پانی تیغِ قاتل کا ص۱۷

(۲) دیکھیے: زخمِ تیغِ قاتل۔

تیغِ قضا: (۱)، (۲) دیکھیے: جوہرِ تیغِ قضا [دوبار]۔

تیغِ کہسار:	(۱) حسرتِ جلوۂ ساقی ہے کہ ہر پارۂ ابر	سینہ بیتابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار	ص۲
	(۲) دشت تسخیر ہو گر گردِ خرامِ دُلدُل	نعل در آتشِ ہر ذرّہ ہے تیغِ کہسار	ص۵
	دیکھیے ــــــ: (۳) جوہرِ تیغِ کہسار۔ (۴) صیقلِ تیغِ کہسار۔		
تیغِ ناز:	(۱) چاہیے درمانِ ریشِ دل بھی تیغِ ناز سے	مرہمِ زنگار ہے وہ وسمۂ ابرو مجھے	ص۷۸
	دیکھیے ــــــ: (۲) آبِ تیغِ ناز۔ (۳) زخمِ تیغِ ناز۔		
تیغِ نازک:	دیکھیے: فسانِ تیغِ نازک۔		
تیغِ نگاہ:	دیکھیے: آبِ تیغِ نگاہ۔		
تیغِ نگاہِ یار:	بن گیا تیغِ نگاہِ یار کا سنگِ فساں	مرحبا مَیں! کیا مبارک ہے گراں جانی مجھے!	ص۲۳۲
تیغِ نگہ:	کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رو دینا	تری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے	ص۲۲۳
تیغ وکفن:	آج وھاں تیغ وکفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں	عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لاویں گے کیا؟	ص۱۵۵
تیغِ یار:	(۱) لذّتِ ایجادِ ناز: افسونِ عرضِ ذوقِ قتل	نعل آتش میں ہے تیغِ یار سے نخچیر کا	ص۱۱
	(۲) بہارِ تعزیتِ آبادِ عشق ماتم ہے	کہ تیغِ یار ہلالِ مہِ محرّم ہے	ص۱۰۲
	(۳) کیوں نہ تیغِ یار کو مشاطۂ اُلفت کہوں	زخم مثلِ گل سراپا کا مرے پیرایہ ہے	ص۱۰۴
	(۴) دیکھیے: زخمِ تیغِ یار۔		
تین[1]	(۱)--(۴) سہل تھا مُسہل، ولے یہ سخت مشکل آ پڑی	مجھ پہ کیا گزرے گی اِتنے روز حاضر بن ہوئے	
	تین دن مُسہل سے پہلے، تین دن مُسہل کے بعد	تین مُسہل، تین تبریدیں، یہ سب کے دن ہوئے!	ص۱۲۹
	(۵) تین تہوار اور ایسے خوب!	جمع ہرگز ہوئے نہ ہوں گے کہیں	ص۲۸۰
	(۶) عذر میں تین دن نہ آنے کے	لے کے آیا ہے عید کا پیغام	ص۱۳۶
	(۷) آج جو دیدہ ور کرے درخواست	تین بھیجے رُپئے وہ بے کم و کاست	ص۲۶۸

---

[1] تین : نوبار۔

(۸) تین نتروں سے کام کیا نکلے　　اُن کے پڑھنے سے نام کیا نکلے　　ص۲۶۷

(۹) سنینِ عُمر کے سٹر ہوئے شمار برس　　بہت جیوں تو جیوں اور تین چار برس　　ص۲۹۳

تیوری[1]: ہے تیوری چڑھی ہوئی اندر نقاب کے　　ہے اک شکن پڑی ہوئی طرفِ نقاب میں　　ص۱۸۹

تیوہار[2]: دیکھیے: تین[۵] (تیوہار)۔

---

[1] تیوری : ایک بار۔　　[2] تیوہار : ایک بار۔

ٹ

ٹانکوں[1]:	جس دن سے کہ ہم غم زدہ زنجیر بہ پا ہیں	کپڑوں میں جوئیں، بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں	ص ۲۹۸
ٹکڑا[2]:	مَیں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے	عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا	ص ۱۳۹
ٹکڑے:	(۱) دیدہ خوں بار ہے مدت سے ولے آج ندیم!	دل کے ٹکڑے بھی کئی خون کے شامل آئے	ص ۳۱۲
	(۲) ٹکڑے ہوا ہے، دیکھ کے تحریر کو، جگر	کاتب کی آستیں ہے مگر تیغ کا نیام!	ص ۲۸۲
ٹھنڈا[3]:	دیکھ کر غیر کو، ہو کیوں نہ کلیجا ٹھنڈا	نالہ کرتا تھا ولے طالبِ تاثیر بھی تھا	ص ۱۵۹
ٹھنڈا مکان:	کی اُس نے گرم سینۂ اہلِ ہوس میں جا	آوے نہ کیوں پسند کہ ٹھنڈا مکان ہے	ص ۲۰۳
ٹھینگا[4]:	معلوم ہوا خیر کہ ٹھینگا باجا	————————	ص ۲۹۳
ٹیڑھا[5]:	ہوں منحرف نہ کیوں رہ و رسمِ ثواب سے	ٹیڑھا لگا ہے قطِ قلمِ سرنوشت کو	ص ۱۹۷

---

۱ ٹانکوں : ایک بار۔
۲ ٹکڑا : ایک بار۔
ٹکڑے : دو بار۔
۳ ٹھنڈا : دو بار۔
۴ ٹھینگا : ایک بار۔
۵ ٹیڑھا : ایک بار۔

ث

ثابت[1]: (۱) نہ ہو حُسنِ تماشا دوست رُسوا بے وفائی کا — بہ مُہرِ صد نظر ثابت ہے دعویٰ پارسائی کا — ص۱۳۶

(۲) ثابت ہوا ہے گردنِ مینا پہ خونِ خلق — لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھ کر — ص۱۶۹

ثابت قدمی: دیکھیے: دعویٔ ثابت قدمی۔

ثاقب[2]: رُقعے کا جواب کیوں نہ بھیجا تم نے؟ — ثاقبؔ! حرکت یہ کی ہے بیجا تم نے — ص۳۱۳

ثانی[3]: دیکھیے ____: (۱) مصرعِ ثانی۔ (۲) مطلعِ ثانی۔ (۳) یوسفِ ثانی۔

ثانیاً[4]: اوّلاً: عُمرِ طبیعی بہ دوامِ اقبال — ثانیاً: دولتِ دیدارِ شہنشاہِ اُمم — ص۲۶۵

ثبات[5]: دیکھیے: پائے ثبات۔

ثروت[6]: کیا کم ہے یہ شرف کہ ظفرؔ کا غلام ہوں — مانا کہ جاہ و منصب و ثروت نہیں مجھے — ص۱۲۵

ثقیل[7]: دیکھیے: ضابطۂ جرِ ثقیل۔

ثمر[8]: شکوہ و شکر کو ثمر بیم و اُمید کا سمجھ — خانۂ آگہی خراب! دل نہ سمجھ بلا سمجھ — ص۷۲

ثمر فشاں: تب ہوا ہے ثمر فشاں یہ نخل — ہم کہاں ورنہ اور کہاں یہ نخل — ص۱۳۱

ثمر و شاخ: آم کا کون مردِ میداں ہے؟ — ثمر و شاخ: گوئے و چوگاں ہے — ص۱۳۰

ثمرہائے شاخسار: اُنھیں کی سال گرہ کے لیے ہے یہ توقیر — کہ بن گئے ہیں ثمرہائے شاخسار، گرہ — ص۲۷۹

---

[1] ثابت : دو بار۔
ثابت قدمی : ایک بار [مرکّب]۔
[2] ثاقب : ایک بار۔
[3] ثانی : تین بار [مرکّب]۔
[4] ثانیاً : ایک بار۔
[5] ثبات : ایک بار [مرکّب]۔
[6] ثروت : ایک بار [مرکّب]۔
[7] ثقیل : ایک بار [مرکّب]۔
[8] ثمر : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔
ثمرہا : ایک بار [مرکّب]۔

(نیز دیکھیے: بے ثمراں)۔

ثمیں[1]: دیکھیے: دُرِ ثمیں۔

ثنا ترازی[2]: بندہ پرور! ثنا ترازی سے مدعا عرضِ فنِ شعر نہیں ص۲۸۱

ثواب[3]: (۱) غالب! اگر اِس سفر میں مجھے ساتھ لے چلیں حج کا ثواب نذر کروں گا حضور کی ص۲۴۴

(۲) کوئی اِس کا جواب دو صاحب سائلوں کا ثواب لو صاحب ص۲۹۴

(۳) دیکھیے: رہ و رسمِ ثواب۔

ثوابِ طاعت و زہد: جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زُہد پر طبیعت اِدھر نہیں آتی ص۲۲۷

ثَوابت[4]: (۱) پئے دُعائے بقائے جنابِ فیض مآب لگے گی اِس میں ثوابت کی اُستوار گرہ ص۲۷۹

(۲) دیکھیے: روشناسِ ثوابت و سیار۔

ثَور[5]: ماہ نے چھوڑ دیا ثور سے جانا باہر زہرہ نے ترک کیا حوت سے کرنا تحویل ص۱۲۴

---

۱ ثمیں : ایک بار[مرکّب]۔

۲ ثنا : ایک بار[مرکّب]۔

۳ ثواب : چار بار[مفرد: دو بار، مرکّب: دو بار]۔

۴ ثوابت : دو بار[مرکّب: ایک بار]۔

۵ ثور : ایک بار۔

ج

جا[1]: (۱) جس جا کہ پاے سیلِ بلا درمیاں نہیں — دیوانگاں کو وھاں ہوسِ خانماں نہیں — ص۵۷

(۲) یک نشوونما جا نہیں جولانِ ہوس کو — ہر چند بمقدارِ دلِ تنگ نکالوں — ص۶۰

(۳) شمع ہوں تو بزم میں جا پاؤں غالبؔ کی طرح — بے محل اے مجلس آرائے نجف! جلتا ہوں میں — ص۹۳

(۴) گر نہیں پاتا درونِ خانہ ہر بیگانہ جا — بر درِ نکشودۂ دل پاسبانی مُفت ہے — ص۱۱۴

(۵) جلوہ پرداز ہو نقشِ قدم اُس کا جس جا — وہ کفِ خاک، ہے ناموسِ دوعالم کی امیں — ص۱۳۴

(۶) در خورِ عرض نہیں جوہرِ بیداد کو جا — نگہِ ناز ہے سرمے سے خفا میرے بعد — ص۱۲۶

(۷) داد دیتا ہے مرے زخمِ جگر کی، واہ واہ! — یاد کرتا ہے مجھے، دیکھے ہے وہ جس جا نمک — ص۱۷۵

(۸) ازانجا کہ حسرت کشِ یار ہیں ہم — رقیبِ تمنائے دیدار ہیں ہم — ص۵۵

(۹) دیکھ کر بادہ پرستوں کی دل افسردگیاں — موجِ مَے مثلِ خطِ جام ہے برجا ماندہ — ص۷۱

(۱۰) کی اُس نے گرم سینۂ اہلِ ہوس میں جا — آوے نہ کیوں پسند کہ ٹھنڈا مکان ہے — ص۲۰۳

(۱۱) تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے — اگر پہلو تہی کیجیے تو جا میری بھی خالی ہے — ص۲۰۹

(۱۲) افسردگی نہیں طرب انشائے التفات — ہاں درد بن کے دل میں مگر جا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۱۳) تا ہم کو شکایت کی بھی باقی نہ رہے جا — سُن لیتے ہیں گو ذکر ہمارا نہیں کرتے — ص۲۳۲

(۱۴) لاغر اِتنا ہوں کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے — میرا ذمّہ، دیکھ کر گر کوئی بتلا دے مجھے — ص۲۲۵

---

[1] جا، جاے: چوالیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکب: اٹھائیس بار]۔

(۱۵) چال: جیسے کڑی کمان کا تیر — دل میں ایسے کے جا کرے کوئی — ص۲۴۲

(۱۶) یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلادے — کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم — ص۳۴۸

(۱۷) نہ چھوڑ محفلِ عشرت میں جا اے مے کشاں! خالی — کمیں گاہِ بلا ہے، ہوگیا شیشہ جہاں خالی — ص۳۵۵

(۱۸) جس جا نسیم شانہ کشِ زلفِ یار ہے — نافہ، دماغِ آہوے دشتِ تتار ہے — ص۲۱۷

دیکھیے ـــــــ: (۱۹) آبِ برجاماندہ۔(۲۰) ایک جا۔(۲۱)،(۲۲) تنگیِ جا[دوبار]۔(۲۳) سوجا۔(۲۴)،

(۲۵)،(۲۶) صدجا[تین بار]۔(۲۷)،(۲۸) ہرجا[دوبار]۔(۲۹) ہزار جا۔

جانشیں: ہم سخن اور ہم زباں حضرتِ قاسمؔ و طپاںؔ — ایک طپش کا جانشیں، دردؔ کا یادگار ایک — ص۲۹۶

جانشینِ جوہرِ آئینہ: صاف ہے از بس کہ عکسِ گل سے گلزارِ چمن — جانشینِ جوہرِ آئینہ ہے خارِ چمن — ص۵۹

جانشینِ مصطفیٰ: جس جگہ ہو مسند آرا جانشینِ مصطفیٰ — اُس جگہ تختِ سلیماں نقشِ پاے مور ہے — ص۹۳

جانشینِ نبی: امامِ ظاہر و باطن، امیرِ صورت و معنی — علیؑ ولی، اسداللہ، جانشینِ نبی ہے — ص۷۵

جانشینِ ہالۂ مہ: خط جو رُخ پر جانشینِ ہالۂ مہ ہوگیا — ہالہ، دودِ شعلۂ جوّالۂ مہ ہوگیا — ص۴۳۵

جاے جانشینِ امام: شامِ فراقِ یار میں جوشِ خیرہ سری سے ہم نے اسدؔ! — ماہ کو درتسبیح کواکب جاے نشینِ امام کیا — ص۲۷

جاے استہزا: جاے استہزا ہے عشرت کوشیِ ہستی اسدؔ! — صبح و شبنم، فرصتِ نشوونماے خندہ ہے — ص۸۷

جاے حیرت: جاے حیرت ہے کہ گلبازیِ اندیشۂ شوق — اِس زمیں میں نہ کرے سبز قلم کی رفتار — ص۳

جاے خندہ: (۱) خودفروشی ہاے ہستی بس کہ جاے خندہ ہے — ہر شکستِ قیمتِ دل میں صداے خندہ ہے — ص۸۷

(۲) عرضِ نازِ شوخیِ دنداں براے خندہ ہے — دعویِ جمعیّتِ احباب جاے خندہ ہے — ص۸۷

جاے دہن: نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش، گویا — دی ہے جاے دہن اُس کو دمِ ایجاد: نہیں — ص۱۸۶

جاے رحم: جراحت دُوزیِ عاشق ہے جاے رحم، ترساں ہوں — کہ رشتہ، تارِ اشکِ دیدۂ سوزن نہ ہوجاوے — ص۸۵

جاے کدو: گردِ ساحل ہے نمِ شرمِ جبینِ آشنا — گرنہ باندھے قلزمِ اُلفت میں سر، جاے کدو — ص۶۹

جاے کہ: ہے سادگیِ ذہن تمناے تماشا — جائے کہ اسد رنگِ چمن باختنی ہے — ص۱۱۱

جاے گل: وقتِ حُسن افروزیِ زینت ترازاں، جاے گل — ہر نہالِ شمع میں اک غنچۂ گلگیر ہے — ص۹۵

جاے مَے: صحبتِ رنداں سے واجب ہے حذر — جاے مَے اپنے کو کھینچا چاہیے — ص۲۲۲

جابجا[1]: (۱) رنگِ طرب ہے صورتِ عہدِ وفا گرو — تھا کس قدر شکستہ کہ ہے جابجا گرو — ص۶۹

(۲) سُو اِس اکیس دن میں ہولی کی — مجلسیں جابجا ہوئیں رنگیں — ص۲۷۹

جادادِ بادہ نوشیِ رنداں[2]: جادادِ بادہ نوشیِ رنداں ہے شش جہت — غافل گماں کرے ہے کہ گیتی خراب ہے — ص۲۰۶

جادو[3]: جادو ہے یار کی روشِ گفتگو اسدؔ! — یہاں جز فسوں نہیں اگر افسانہ چاہیے — ص۸۲

دیکھیے ______ : (۲) موم جادو۔ (۳) طلسمِ موم جادو۔

جادہ[4]: (۱) سبحہ واماندگیِ شوق و تماشا منظور — جادے پر زیورِ صد آئنہ منزل باندھا — ص۱۴

(۲) جوں جادہ سر بہ کوے تمنّاے بے دلی — زنجیرِ پا ہے رشتۂ حبّ الوطن ہنوز — ص۴۲

(۳) کیوں ہوا تھا طرفِ آبلۂ پا یارب! — جادہ، ہے واشدنِ پیچشِ طومار ہنوز — ص۴۳

(۴) جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام — پیمایشِ زمینِ رہِ عُمر بس تمام — ص۵۵

(۵) عروجِ نشۂ واماندگی پیمانہ محمل تر — بہ رنگِ ریشۂ تاک آبلے جادے میں پنہاں ہیں — ص۶۲

(۶) آنکھیں پتھرائی ہیں، نامحسوس ہے تارِ نگاہ — ہے زمیں ازبس کہ سنگیں، جادہ بھی پیدا نہیں — ص۶۵

(۷) ہو چکے ہم جادہ ساں صد بار قطع اور پھر ہنوز — زینتِ یک پیرہن جوں دامنِ صحرا نہیں — ص۶۵

(۸) اے جادے! بہ سررشتۂ یک ریشہ دویدن — شیرازۂ صد آبلہ جوں سُبحہ بہم باندھ — ص۷۱

(۹) در خیال آبادِ سوداے سرِ مژگانِ دوست — صد رگِ جاں جادہ آسا وقفِ نشتر زار ہے — ص۸۳

(۱۰) خوں چکاں ہے جادہ مانندِ رگِ سودائیاں — سبزۂ صحراے الفت نشترِ خوں ریز ہے — ص۸۵

(۱۱) زنجیر یاد پڑتی ہے جادے کو دیکھ کر — اُس چشم سے ہنوز نگہ یادگار ہے — ص۹۰

(۱۲) دریغا! وہ مریضِ غم کہ فرطِ ناتوانی سے — بقدرِ یک نفس جادہ بہ صد رنج و تعب کاٹے — ص۹۸

(۱۳) یہاں فلاخن باز کس کا نالۂ بیباک ہے؟ — جادہ تا کُہسار موے چینیِ افلاک ہے — ص۱۰۶

(۱۴) یک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کُھلا — جادہ، اجزاے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا — ص۱۳۶

---

[1] جابجا : دو بار۔

[2] جاداد : ایک بار [مرکّب]۔

[3] جادو : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔

[4] جادہ : اڑتیس بار [مفرد: اٹھارہ بار، مرکّب: بیس بار]۔

(۱۵) یک ذرّۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا | یھاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا | ص۱۳۹

(۱۶) شوق اُس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو کہ جہاں | جادہ غیر از نگہِ دیدۂ تصویر نہیں | ص۱۸۲

(۱۷) آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب ہے | نقشِ پا جو کان میں رکھتا ہے اُنگلی جادہ سے | ص۲۱۷

(۱۸) متاعِ عیش کا ہے قافلہ چلا آتا | کہ جادہ رشتہ ہے اور ہے شترِ قطار گرہ | ص۲۶۹

دیکھیے ــــــــ: (۱۹) بہ رنگِ جادہ۔ (۲۰)، (۲۱) پیچ وتابِ جادہ [دوبار]۔ (۲۲)، (۲۳) تارِ جادہ [دوبار]۔

(۲۴) شمعِ جادہ۔

جادہ پیماے رہِ حیرت: دیکھیے: بازگشتِ جادہ پیماے رہِ حیرت۔

جادہ رویاندن: دیکھیے: ضمانِ جادہ رویاندن۔

جادۂ تارِ نگہ: رگِ گل، جادۂ تارِ نگہ سے حد موافق ہے | ملیں گے منزلِ الفت میں ہم اور عندلیب آخر | ص۴۱

جادۂ دشتِ نجف: مشقِ نقشِ قدم: نسخۂ آبِ حیواں | جادۂ دشتِ نجف: عمرِ خضر کا طومار | ص۴

جادۂ راہ: نگاہِ دیدۂ نقشِ قدم ہے جادۂ راہ | گزشتگاں اثرِ انتظار رکھتے ہیں | ص۴۳

جادۂ راہِ فنا: نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالبؔ! | کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزاے پریشاں کا | ص۱۵۷

جادۂ راہِ وفا: حسرتِ لذّتِ آزار رہی جاتی ہے | جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں | ص۱۸۲

جادۂ رہ: (۱) بس کہ ہے صیّاد راہِ عشق میں محوِ کمیں | جادۂ رہ سر بسر مژگانِ چشمِ دام ہے | ص۱۰۱

(۲) جادۂ رہ خُور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع | چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع | ص۱۷۴

(۳) لیے جاتی ہے کہیں ایک توقّع غالبؔ! | جادۂ رہ کششِ کافِ کرم ہے ہم کو | ص۱۹۵

(۴) ہووے ہے جادۂ رہ رشتۂ گوہر ہر گام | جس گزرگاہ سے میں آبلہ پا جاتا ہوں | ص۲۹۸

(۵)، (۶) تارِ جادۂ رہ [دوبار]۔

جادۂ سرمنزلِ تقویٰ: دل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی | گر نفَس جادۂ سر منزلِ تقویٰ نہ ہوا | ص۱۴۴

جادۂ سرمنزلِ نازک خیالی: دیکھیے: تارِ جادۂ سرمنزلِ نازک خیالی۔

جادۂ سیرِ دوجہاں: شوقِ عناں گسل اگر درسِ جنوں ہوس کرے | جادۂ سیرِ دوجہاں یک مژہ خوابِ پا سمجھ | ص۷۲

جادۂ شرعِ تسلیم: دیکھیے: سرِ جادۂ شرعِ تسلیم۔

جادۂ صحراے آگاہی: عجزِ دیدن ہا بہ نازو ناز رفتن ہا بہ چشم | جادۂ صحراے آگاہی شعاعِ جلوہ ہے ص۸۷

جادۂ صحراے جنوں: اثرِ آبلہ سے جادۂ صحراے جنوں | صورتِ رشتۂ گوہر ہے چراغاں مجھ سے ص۲۱۱

جادۂ گلشن: خلوتِ بال و پرِ قمری میں وا کر راہِ شوق | جادۂ گلشن بہ رنگِ ریشہ زیرِ خاک ہے ص۱۰۷

جادۂ منزل: (۱) ہوں قطرہ زن بہ مرحلۂ یاس روز و شب | جز تارِ اشک جادۂ منزل نہیں رہا ص۲۰

(۲) پَے بہ مقصد بردنی ہے خضرِ پَے سے اے اسدؔ! | جادۂ منزل ہے خطِ ساغرِ مُل کے تلے ص۴۵۴

(۳) دیکھیے: تارِ جادۂ منزل۔

جادۂ ہر دشت: خاکِ عاشق بس کہ ہے فرسودۂ پروازِ شوق | جادۂ ہر دشت تارِ دامنِ قاتل ہوا ص۳۲۵

جاذبہ[۱]: عطا کیا ہے خدا نے وہ جاذبہ اُس کو | کہ چھوڑتا ہی نہیں رشتہ، زینہار گرہ ص۲۷۹

جاری[۲]: (۱) جاری تھی اسدؔ! داغِ جگر سے مری تحصیل | آتش کدہ جاگیرِ سمندر نہ ہوا تھا ص۱۵۳

(۲) پھر ہوئے ہیں گواہِ عشق طلب | اشک باری کا حکم جاری ہے ص۲۲۳

(۳) چشمۂ انطباع جاری ہے | ابتداے ورق شماری ہے ص۲۶۸

جاڑا[۳]: کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر | تا نہ دے بادِ زمہریر آزار ص۱۲۶

جاسوس[۴]: دریافتنِ صحبتِ اغیار غرض ہے | اے نامہ رساں! نامہ رساں چاہیے جاسوس ص۴۶

جاگیرِ سمندر[۵]: دیکھیے: جاری (۱)۔

جام[۶]: دیکھیے: مرشدِ جام۔

جام[۷]: (۱) لڑا دے گروہ بزمِ مے کشی میں قہر و شفقت کو | بھرے پیمانۂ صد زندگانی ایک جام اُس کا ص۲۴

(۲) نشۂ مے بے چمن، دودِ چراغِ کشتہ ہے | جام، داغِ شعلہ اندودِ چراغِ کشتہ ہے ص۷۹

---

۱ جاذبہ : ایک بار۔
۲ جاری : تین بار۔
۳ جاڑا : ایک بار۔
۴ جاسوس : ایک بار۔
۵ جاگیر : ایک بار [مرکّب]۔
۶ جام : ایک بار [مرکّب]۔
۷ جام : تینتالیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: چھتیس بار]۔

(۳) جو آئے، جام بھر کے پیے اور ہو کے مست — سبزے کو روندتا پھرے، پھولوں کو جائے پھاند — ص ۱۲۸

(۴) مدح میں تیری نہاں زمزمۂ نعتِ نبی — جام سے تیرے عیاں بادۂ جوشِ اَسرار — ص ۱۳۳

(۵) جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا — سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں — ص ۱۹۲

(۶) غیر لیں محفل میں بوسے جام کے — ہم رہیں یوں تشنہ لب پیغام کے — ص ۲۵۰

(۷) جس بزم میں کہ ہو اُنھیں آہنگِ مے کشی — وھاں آسمان شیشہ بنے، آفتاب جام — ص ۲۸۲

دیکھیے ____: (۸) بلوریں جام۔ (۹) خطِ جام۔ (۱۰) دُردِ تہِ جام۔ (۱۱) دورِ جام۔ (۱۲) رشتۂ خطِ جام۔
(۱۳) کفِ جام۔ (۱۴) گردشِ صد جام۔ (۱۵) مثلِ خطِ جام۔

جامِ آسماں: نہ پھولو ریزشِ اعداد کی قطرہ فشانی پر — عزیزاں! ہے بہ رنگِ صفر جامِ آسماں خالی — ص ۴۵۵

جامِ آشنا: دیکھیے: خطِ جامِ آشنا۔

جامِ آفتاب: دیکھیے: عکسِ خطِ جامِ آفتاب۔

جامِ بادہ: (۱) ہوئی جس کو بہارِ فرصتِ ہستی سے آگاہی — بہ رنگِ لالہ جامِ بادہ بر محمل پسند آیا — ص ۱۴

(۲) ہوا آئینہ جامِ بادہ عکسِ روئے گل گوں سے — نشانِ خالِ رخ، عکسِ شرابِ پرتگالی ہے — ص ۷۹

(۳) بہ بزمِ مے پرستی حسرتِ تکلیف بیجا ہے — کہ جامِ بادہ کف برلب بہ تقریبِ تقاضا ہے — ص ۸۴

جامِ تمنا: دیکھیے: گردشِ جامِ تمنا۔

جامِ جم: (۱) ہوئی اِس دَور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی — پھر آیا وہ زمانہ جو جہاں میں جامِ جم نکلے — ص ۲۵۰

(۲) وہ داد و دیدِ گراں مایہ شرط ہے ہمدم! — وگرنہ مُہرِ سلیماں و جامِ جم کیا ہے — ص ۳۱۲

جامِ جمشید: خانۂ تنگ ہجومِ دو جہاں کیفیت — جامِ جمشید ہے یھاں قالبِ خشتِ دیوار — ص ۲

جامِ جہاں نما: جامِ جہاں نما ہے شہنشاہ کا ضمیر — سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے — ص ۱۲۵

جامِ دو جہاں ناز و نیاز: رنگ ریزِ گل و جامِ دو جہاں ناز و نیاز — اوّلیں دورِ امامت طرب ایجادِ بہار — ص ۴

جامِ زر: لا کے ساقی نے صبوحی کے لیے — رکھ دیا ہے ایک جامِ زر کھلا — ص ۱۳۹

جامِ زمرد: (۱) سبز ہے جامِ زمرد کی طرح داغِ پلنگ — تازہ ہے ریشۂ نارنج صفت روئے شرار — ص ۱۳۲

(۲) نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی — ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر — ص۱۶۸

جامِ سرشارِ مے: مطلعِ تازہ ہوا موجۂ کیفیتِ دل — جامِ سرشارِ مے و غنچۂ لبریزِ بہار — ص۵

جامِ سفال: اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا — ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے — ص۲۳۹

جامِ سفالی: سُرورِ نشۂ گردش اگر کیفیت افزا ہو — نہاں ہر گرد بادِ دشت میں جامِ سفالی ہے — ص۷۹

جامِ سیہ مستیِ چشمِ بیدار: سُنبل و دامِ کمیں خانۂ خوابِ صیاد — نرگس و جامِ سیہ مستیِ چشمِ بیدار — ص۳

جامِ گدائی: ہنگامِ تصور ہوں دریوزہ گرِ بوسہ — یہ کاسۂ زانو بھی اک جامِ گدائی ہے — ص۸۰

جامِ لبریزِ سفالی: سیہ مستی ہے اہلِ خاک کو ابرِ بہاری سے — زمیں جوشِ طرب سے جامِ لبریزِ سفالی ہے — ص۷۹

جامِ مے: (۱) اسدؔ! خاک درِ مے خانہ اب سر پر اُڑاتا ہوں — گئے وہ دن کہ پانی جامِ مے سے زانو زانو تھا — ص۲۲

(۲) سلطنت دست بہ دست آئی ہے — جامِ مے خاتمِ جمشید نہیں — ص۱۸۳

(۳) دیکھیے: خطِ جامِ مے۔

جامِ مےنوشاں: دیکھیے: خطِ جامِ مےنوشاں۔

جامِ واژگوں: مےِ عشرت کی خواہش ساقیِ گردوں سے کیا کیجے — لیے بیٹھا ہے اک دو چار جامِ واژگوں وہ بھی — ص۲۰۲

جام وسبو: (۱) توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو، پھر ہم کو کیا — آسماں سے بادۂ گلفام گر برسا کرے — ص۱۰۱

(۲) رہا آباد عالم اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، مے خانہ خالی ہے — ص۲۰۹

جامِ ہر ذرہ: جامِ ہر ذرہ ہے سرشارِ تمنا مجھ سے — کس کا دل ہوں کہ دو عالم سے لگایا ہے مجھے — ص۱۰۸

جامہ[1]: دادِ خواہِ تپش و مُہرِ خموشی بر لب — کاغذِ سرمہ ہے جامہ ترے بیماروں کا — ص۲۸

جامہ زیب: شب کہ مستِ دیدنِ مہتاب تھا وہ جامہ زیب — پارۂ چاکِ کتاں پرکالۂ مہ ہوگیا — ص۲۳۶

جامہ زیبوں: ساقیِ گل رنگ سے اور آئینۂ زانو سے — جامہ زیبوں کے سدا ہیں تہِ داماں گل و صبح — ص۳۷

جامۂ احرام: (۱) رات پی زمزم پہ مے اور صبح دم — دھوئے دھبے جامۂ احرام کے — ص۲۵۰

(۲) زمزم ہی پہ چھوڑو، مجھے کیا طوفِ حرم سے — آلودہ بہ مے جامۂ احرام بہت ہے — ص۲۲۵

---

[1] جامہ : نو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: آٹھ بار]۔

جامۂ خواب: بوے گل فتنۂ بیدار و چمن جامۂ خواب | وصلِ ہر رنگ جنوں کسوتِ رُسوائی ہے ص ۱۰۳

جامۂ شنگرفی: تا تخلص جامۂ شنگرفی ارزانی اسدؔ! | شاعری جُو سازِ درویشی نہیں، حاصل نہ پوچھ ص ۷۲

جامۂ طفلاں: عیشِ بسمل کدۂ عیدِ حریفاں معلوم | خوں ہو آئینہ کہ ہو جامۂ طفلاں رنگیں ص ۷

جامۂ ہستی: خوش وحشتے کہ عرضِ جنونِ فنا کروں | جوں گردِ راہ جامۂ ہستی قبا کروں ص ۵۵

جامہ وار[1]: دیکھیے: جنونِ حسرتِ یک جامہ وار۔

جان[2]: (۱) جنوں افسردہ وجاں ناتواں، اے جلوہ! شوخی کر | گئی یک عمر خودداری بہ استقبالِ رعنائی ص ۹۲

(۲) اسدؔ! جاں نذرِ الطافے کہ ہنگامِ ہم آغوشی | زبانِ ہر سرِ مُو حالِ دل پُرسیدنی جانے ص ۱۱۵

(۳)-(۵) جان میں ہوتی گر یہ شیرینی | کوہکن باوجودِ سنگینی ص ۳۰

جان دینے میں اُس کو یکتا جان | پر وہ یوں سہل دے نہ سکتا جان

(۶) جاں، در ہواے یک نگہِ گرم ہے اسدؔ! | پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا ص ۱۴۹

(۷) جان دی، دی ہوئی اُسی کی تھی | حق تو یوں ہے کہ حق ادا نہ ہوا ص ۱۶۲

(۸) کیونکر اُس بُت سے رکھوں جان عزیز | کیا نہیں ہے مجھے ایمان عزیز ص ۱۷۳

(۹) تاب لائے ہی بنے گی غالبؔ! | واقعہ سخت ہے اور جان عزیز ص ۱۷۳

(۱۰) جاں، مطربِ ترانۂ 'ھل مِن مَزید' ہے | لب، پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں نہیں ص ۱۸۸

(۱۱) جاں ہے بہاے بوسہ، ولے کیوں کہے ابھی | غالبؔ کو جانتا ہے کہ وہ نیم جاں نہیں ص ۱۸۸

(۱۲) میں اور حظِّ وصل! خدا ساز بات ہے | جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں ص ۱۸۹

(۱۳) جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع؟ | گر وہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں ص ۱۸۹

(۱۴) دی سادگی سے جان، پڑوں کوہکن کے پانو | ہیہات! کیوں نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پانو ص ۱۹۶

(۱۵) بیدادِ وفا دیکھ کہ جاتی رہی آخر | ہرچند مری جان کو تھا ربط لبوں سے ص ۲۰۱

(۱۶) ہے کائنات کو حرکت تیرے ذوق سے | پرتو سے آفتاب کے ذرّے میں جان ہے ص ۲۰۳

---

[1] جامہ وار : ایک بار [مرکّب]۔

[2] جان : نواسی بار [مفرد: اُنتیس بار، مرکّب: ساٹھ بار]۔

(۱۷) آ کہ مری جان کو قرار نہیں ہے — طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے — ص۲۰۸

(۱۸) بیگانگیِ خلق سے بے دل نہ ہو غالبؔ! — کوئی نہیں تیرا تو مری جان! خدا ہے — ص۲۱۹

(۱۹) پھر چاہتا ہوں نامۂ دلدار کھولنا — جاں نذرِ دل فریبیِ عنواں کیے ہوئے — ص۲۲۶

(۲۰) قسم جنازے پہ آنے کی میرے کھاتے ہیں، غالبؔ! — ہمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم آگے — ص۲۲۸

(۲۱) جس بزم میں تو ناز سے گفتار میں آوے — جاں کالبدِ صورتِ دیوار میں آوے — ص۲۳۳

(۲۲) نویدِ امن ہے بیدادِ دوست جاں کے لیے — رہی نہ طرزِ ستم کوئی آسماں کے لیے — ص۲۳۴

(۲۳) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے — ص۲۳۸

(۲۴) رہے نہ جان تو قاتل کو خوںبہا دیجے — کٹے زبان تو خنجر کو مرحبا کہیے — ص۲۴۸

(۲۵) جان کی پاؤں اماں، باتیں یہ سب سچ ہیں مگر — (تضمین) — ص۲۹۲

(۲۶) جاں لب پہ آئی تو بھی نہ شیریں ہوا دہن — از بسکہ تلخیِ غمِ ہجراں چشیدہ ہوں — ص۲۹۹

(۲۷) میں بھولا نہیں تجھ کو اے میری جاں — کروں کیا کہ یھاں گر رہے ہیں مکاں — ص۲۹۹

(۲۸) لطفِ نظارۂ قاتل دمِ بسمل آئے — جان جائے تو بلا سے، پہ کہیں دل آئے — ص۳۱۲

(۲۹) آنکھوں میں، انتظار سے جاں پُرشتاب ہے — آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے — ص۴۵۲

دیکھیے______: (۳۰) آتش بہ جاں۔ (۳۱) اسدِ خستہ جاں۔ (۳۲)، (۳۳) بلائے جاں [دوبار]۔ (۳۴) بیتابیِ تجلیِ آتش بہ جاں۔ (۳۵) تن و دل و جاں۔ (۳۶) چشمِ جاں۔ (۳۷) دستِ از جاں شُستہ۔ (۳۸)۔ (۴۰) دل و جاں [تین بار]۔ (۴۱) دل و جاں فیض رسانا۔ (۴۲) رشتۂ جاں۔ (۴۳)، (۴۴)، (۴۵) رگِ جاں [تین بار]۔ (۴۶) رنگ ریزِ جسم و جاں۔ (۴۷) سببِ سوختنِ جاں۔ (۴۸) سوختہ جاں۔ (۴۹) صدرگِ جاں۔ (۵۰) عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں۔ (۵۱) مقلوبِ جاں۔ (۵۲) نیم جاں۔

جانِ اسدؔ: زمانہ سخت کم آزار ہے بہ جانِ اسدؔ — وگرنہ ہم تو توقع زیادہ رکھتے ہیں — ص۱۸۲

جاں بخشی: دیکھیے: فیضِ جاں بخشی۔

جاں بخشیِ خوباں: دیکھیے: حسرت گاہِ نازِ کشتۂ جاں بخشیِ خوباں۔

جانِ برلب آمدہ: بیدادِ انتظار کی طاقت نہ لا سکی — اے جانِ برلب آمدہ! بیتاب ہوگئی — ص۹۶

جانِ بینوائے اسدؔ: ہزار آفت و یک جانِ بینوائے اسدؔ — خدا کے واسطے اے شاہِ بے کساں، فریاد! — ص۳۷

جاں پروردنِ یعقوب: بہر جاں پروردنِ یعقوب، بالِ خاک سے — دام لیتی ہے بہ پرِ پرواز پیراہن کی بو — ص۹۸

جاں پناہا!: جاں پناہا! دل و جاں فیض رسانا! شاہا! — وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں — ص۱۳۴

جانِ حوصلہ: برق بہ جانِ حوصلہ آتش فگن، اسدؔ! — اے دل فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں — ص۵۷

جانِ خلق: دیکھیے: دل و جانِ خلق۔

جاں دادگاں: جاں دادگاں کا حوصلہ فرصت گداز ہے — یعنی عرصۂ تپیدنِ بسمل نہیں رہا — ص۲۰

جاں دادۂ ہوائے سرِ رہ گزار: گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں — جاں دادۂ ہوائے سرِ رہ گزار تھا — ص۱۵۴

جاں دار: آگ تاپے کہاں تلک انساں — دھوپ کھاوے کہاں تلک جاں دار — ص۱۲۹

جانِ دردِ تمہید: دل تھا کہ جو جانِ دردِ تمہید سہی — بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی — ص۲۵۲

جانِ دردمند: دیکھیے: غم خوارِ جانِ دردمند۔

جاں سپاری: (۱) عشقِ تاثیر سے نومید نہیں — جاں سپاری شجرِ بید نہیں — ص۱۸۳

(۲) دیکھیے: روزِ جاں سپاری۔

جاں ستاں: دشنۂ غمزہ جاں ستاں، ناوکِ ناز بے پناہ — تیرا ہی عکسِ رُخ سہی سامنے تیرے آئے کیوں — ص۱۹۳

جاں ستاں تر: تکلف برطرف، ہے جاں ستاں تر لطفِ بدخویاں — نگاہِ بے حجابِ ناز تیغِ تیزِ عریاں ہے — ص۲۱۰

جاں ستانی: دیکھیے: سازِ جاں ستانی۔

جانِ شرم: اُٹھاوے کب وہ جانِ شرم تہمت قتلِ عاشق کی — کہ جس کے ہاتھ میں مانندِ خوں رنگِ حنا گم ہو — ص۹۸

جانِ شیریں: اور دوڑایئے قیاس کہاں — جانِ شیریں میں یہ مٹھاس کہاں — ص۳۰ [آم کے لیے]

جانِ عاشق: جانِ عاشق حاملِ صد غلبۂ تاثیر ہے — دل کو اے بیداد خو! تعلیمِ خارائی عبث — ص۳۴

جاں فزا: جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا — سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں — ص۱۹۲

(۲) دیکھیے: نیازِ قدِ جاں فزا۔

جاں فشانی: دیکھیے: حسابِ جاں فشانی۔

جاں کاہیِ مرض: دیکھیے: حقیقتِ جاں کاہیِ مرض۔

جاں گداز: (۱) کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ اہلِ بزم؟ ہو غم ہی جاں گداز تو غم خوار کیا کریں! ص۱۹۱

(۲) دیکھیے: داغ جاں گداز۔ (۳) دیکھیے: نَفَسِ جاں گداز۔

جاں گدازیِ قہر و عتاب: ہرچند جاں گدازیِ قہر و عتاب ہے ہرچند پشت گرمیِ تاب و تواں نہیں ص۱۸۸

جاں گسل: غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے غمِ عشق گر نہ ہوتا غمِ روزگار ہوتا ص۱۹۰

جانِ ناز: ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز اے دل وائے جانِ ناز! اے دین وائے ایمانِ عجز! ص۴۴

جاں نثاروں: جاں نثاروں میں ترے قیصرِ روم جرعہ خواروں میں ترے مرشدِ جام ص۱۳۷

جان وتن: دیکھیے: موجبِ آرامِ جان وتن۔

جان ودلِ ختمِ رسل: مظہرِ فیضِ خدا، جان و دلِ ختمِ رسل قبلۂ آلِ نبی، کعبۂ ایجادِ یقیں ص۱۳۴

جان ودل ودیں: تیرے در کے لیے اسباب نثار آمادہ خاکیوں کو جو خدا نے دیے جان و دل و دیں ص۱۳۵

جانِ وفا پرست: جانِ وفا پرست کو ایک، شمیمِ نوبہار فرقِ ستیزہ مست کو ابرِ تگرگ بار، ایک ص۲۹۷

جاناں[1]: (۱) خدا شرمائے ہاتھوں کو! کہ رکھتے ہیں کشاکش میں کبھی میرے گریباں کو، کبھی جاناں کے دامن کو ص۱۹۸

(۲) دیکھیے: تصورِ جاناں۔

جانانہ[2]: (۱) دیکھیے: خلوتِ جانانہ۔

(۲) گرمِ خیالِ جلوۂ جانانہ۔

(۳) نقابِ جلوۂ جانانہ۔

جانب[3]: دیکھیے: یک جانب۔

جانبِ دریا: نہیں ہے بازگشتِ سیل، غیر از جانبِ دریا ہمیشہ دیدۂ گریاں کو آبِ رفتہ درجو تھا ص۲۲

جانبِ مشرق: صبح آیا جانبِ مشرق نظر اک نگار آتشیں رُخ، سر کھلا ص۱۳۹

---

[1] جاناں: دو بار [مرتّب: ایک بار]۔ [2] جانانہ: تین بار [مرتّب]۔ [3] جانب: تین بار [مرتّب]۔

جانی[1]: (۱) دیکھیے: دشمنِ جانی۔ (۲) دیکھیے: سنگ جانی۔

جاوداں[2]: (۱) ہے دعا بھی یہی کہ دُنیا میں تم رہو زندہ جاوداں، آمیں! ص۲۸۱

(۲) دیکھیے: عمرِ جاوداں۔

جاودانی: دیکھیے: سوزِ جاودانیِ شمع۔

جاوید[3]: دیکھیے ــــــ: (۱) حیرتِ جاوید۔ (۲) رنجِ نومیدیِ جاوید۔ (۳) عیشِ بازی کدۂ حسرتِ جاوید۔ (۴) غمِ محرومیِ جاوید۔ (۵) رنجِ نومیدیِ جاوید۔

جاہ[4]: (۱) مال و جاہ و دست و پاہے زرخریدہ ہیں اسدؔ! پس بہ دل ہائے دگر راحت رسانی مُفت ہے ص۱۱۴

(۲) کیا کم ہے یہ شرف کہ ظفرؔ کا غلام ہوں مانا کہ جاہ و منصب و ثروت نہیں مجھے ص۱۲۵

دیکھیے ــــــ: (۳) ایلن برونِ والا جاہ۔ (۴) دولت وعزّ و جاہ۔ (۵) سامانِ عیش و جاہ۔ (۶) شاہِ جم جاہ۔ (۷) شاہِ سلیماں جاہ۔ (۸) شوکت و جاہ۔ (۹)، (۱۰) عزّ و جاہ [دو بار]۔

جاہِ جلال: فخرِ دیں، عزِّ شان و جاہِ جلال زینتِ طینت و جمالِ کمال ص۱۳۱

جاہ وجلالِ عہدِ وصالِ بتاں: ہندوستان سایۂ گل پاے تخت تھا جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ ص۷۰

جاہل[5]: علم ہی سے قدر ہے انسان کی ہے وہی انسان جو جاہل نہیں [قادرنامہ]

جبر[6]: ہوں دردمند، جبر ہو یا اختیار ہو گہ نالۂ کشیدہ، گہ اشکِ چکیدہ ہوں ص۲۹۹

جبریانِ غافل ازمعنی: دیکھیے: خانمانِ جبریانِ غافل ازمعنی۔

جبریل[7]: (۱) وحشتِ الفت چمن و آبلہ مہماں پرور دلِ جبریل کفِ پا پہ مَلے ہے رُخسار ص۴

(۲) شعلہ تحریر سے اُس برق کی، ہے کلکِ قضا بالِ جبریل سے مسطر کشِ سطرِ زنہار ص۵

(۳) عرش پر تیرے قدم سے ہے دماغ گردِ راہ آج تنخواہِ شکستن ہے کُلہ جبریل کی ص۹۱

---

[1] جانی : دو بار [مرکّب]۔
[2] جاوداں : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
جاودانی : ایک بار [مرکّب]۔
[3] جاوید : پانچ بار [مرکّب]۔
[4] جاہ : بارہ بار [مرکّب]۔
[5] جاہل : ایک بار۔
[6] جبر : ایک بار۔ جبریاں: ایک بار [مرکّب]۔
[7] جبریل : چھے بار۔ [مفرد: ایک بار، مرکّب: پانچ بار]۔

(۴) تیرا اندازِ سخن: شانۂ زلفِ الہام تیری رفتارِ قلم: جُنبشِ بالِ جبریل ص۱۲۳

(۵) دیکھیے: چشمِ جبریل۔

جبریلِ امیں: دیکھیے: رقمِ بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں۔

جَبہہ[1] سائل: حیف اے ننگِ تمنّا! کہ پئے عرضِ حیا یک عرق آئنہ برجبہۂ سائل باندھا ص۱۳

جَبہہ طوفاں: دیکھیے: آئینہ تراشِ جبہہ طوفاں۔

جبیں[2]: (۱) توڑے ہے عجزِ تنک حوصلہ برروے زمیں سجدہ تمثال وہ آئینہ کہیں جس کو جبیں ص۷

(۲) ختم کر ایک اشارت میں عباراتِ نیاز جوں مہِ نو ہے نہاں گوشۂ ابرو میں جبیں ص۸

(۳) نہیں ہے سرنوشتِ عشق غیراز بے دماغی ہا جبیں پر میری مدِّ خامۂ قدرت خطِ چیں ہے ص۸۹

(۴) تیری مدحت کے لیے ہیں دل وجاں، کام وزباں تیری تسلیم کو ہیں لوح وقلم، دست وجبیں ص۱۳۵

(۵) طبع کو اُلفتِ دُلدُل میں یہ سرگرمیِ شوق کہ جہاں تک چلے اُس سے قدم اور مجھ سے جبیں ص۱۳۵

(۶) کہتے ہو: کیا لکھا ہے تری سرنوشت میں؟ گویا جبیں پہ سجدۂ بُت کا نشاں نہیں ص۱۸۸

(۷) ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا مرے ہوتے گھستا ہے جبیں خاک پہ دریا مرے آگے ص۲۳۸

(۸) صرف اظہار ہے ارادت کا ہے قلم کی جو سجدہ ریز جبیں ص۲۸۱

دیکھیے ______: (۹)، (۱۰) ترجبیں [دوبار]۔ (۱۱) جلوۂ لولیانِ ماہ جبیں۔ (۱۲) چینِ جبیں۔ (۱۳) دست و جبیں۔ (۱۴) معراجِ جبیں۔ (۱۵) یک جہاں چینِ جبیں۔

جبینِ آشنا: دیکھیے: نمِ شرمِ جبینِ آشنا۔

جبینِ سجدہ فرسا: بہ حکمِ عجز ابروے مہِ نو حیرت ایما ہے کہ یہاں گُم کر جبینِ سجدہ فرسا آستانے میں ص۵۸

جبینِ سجدہ فشاں: نیاز: پردۂ اظہارِ خود پرستی ہے جبینِ سجدہ فشاں تجھ سے، آستاں تجھ سے ص۱۱۲

جبینِ صبحِ اُمید فسانہ گویاں: جبینِ صبحِ اُمیدِ فسانہ گویاں پر درازیِ رگِ خوابِ بتاں: خطِ چیں ہے ص۱۰۳

جبینِ غربت: دیکھیے: صرفِ جبینِ غربت۔

---

[1] جبہہ : دوبار [مرکّب]۔ [2] جبیں : بائیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: پندرہ بار]۔

جبینِ کشادہ: بہ رنگِ سایہ ہمیں بندگی میں ہے تسلیم — کہ داغِ دل بہ جبینِ کشادہ رکھتے ہیں — ص۶۰

جبینِ نیاز: دیکھیے: ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز۔ — اُمید

جحیم[1]: گاہ بہ خلد اُمیدوار، گہ بہ جحیم بیمناک — گرچہ خدا کی یاد ہے، کلفتِ ماسوا سمجھ — ص۷۲

جدا[2]: (۱) پانو میں جب وہ حنا باندھتے ہیں — میرے ہاتھوں کو جدا باندھتے ہیں — ص۵۸

(۲) میرا اپنا جدا معاملہ ہے — اور کے لین دین سے کیا کام — ص۳۶

(۳) دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال — ہوگیا گوشت سے ناخن کا جدا ہوجانا — ص۱۵۶

(۴) تجھ سے، قسمت میں مری، صورتِ قفلِ ابجد — تھا لکھا بات کے بنتے ہی جدا ہوجانا — ص۱۵۶

(۵) ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں — وہ دن گئے کہ اپنا دل سے جگر جدا تھا — ص۱۵۸

(۶) ہوا جب غم سے یوں بے حس تو غم کیا سر کے کٹنے کا — نہ ہوتا گر جدا تن سے تو زانو پر دھرا ہوتا — ص۱۶۰

(۷) ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع — چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد — ص۱۶۶

(۸)،(۹) یہاں اشک جدا گرم ہے اور آہ جدا گرم — حسرت کدۂ عشق کی ہے آب و ہوا گرم — ص۲۴۸

جداجدا: ہے رنگِ لالہ و گل و نسریں جدا جدا — ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے — ص۲۲۰

جداگانہ[3]: مگر اب ذوقِ بذلہ سنجی کو — ہے جداگانہ کارفرمائی — ص۲۶۲

جدائی[4]: دیکھیے ______ : (۱) عرضِ ستم ہائے جدائی۔ (۲) یک صبحِ جدائی۔ (۳) دردِ جدائی اسداللہ خاں۔

جدال[5] : دیکھیے: بحث وجدال۔

جدید[6] : دیکھیے: امرِ جدید۔

جذبِ[7] دل: غلط ہے جذبِ دل کا شکوہ، دیکھو جُرم کس کا ہے؟ — نہ کھینچو گر تم اپنے کو، کشاکش درمیاں کیوں ہو؟ — ص۲۰۰

جذبِ محبّت: ہوں کشمکشِ نزع میں، ہاں جذبِ محبّت! — کچھ کہہ نہ سکوں، پر وہ مرے پوچھنے کو آئے — ص۲۳۸

---

[1] جحیم : ایک بار [مرتّب]۔
[2] جدا : نو بار۔
جداجدا : ایک بار۔
[3] جداگانہ : ایک بار۔
[4] جدائی : تین بار [مرتّب]۔
[5] جدال : ایک بار [مرتّب]۔
[6] جدید : ایک بار [مرتّب]۔
[7] جذب : دو بار [مرتّب]۔

